[illegible]
قرآن مجید

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

هو للذين آمنوا هدى وشفاء

خوشنما عکسی

رحیمی خاص

١٣٧٩

١٩٦٠

ممتاز کمپنی دہلی

مطبع نعمانی ترکمان دروازہ دہلی

میر صلاح الدین حسام الدین تاجران کتب جامع مسجد دہلی

صدیق بکڈپو لکھنؤ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مقدمۃ القرآن

قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری آداب

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ قرآن شریف کی تلاوت کرنے والے کو مفصلہ ذیل باتوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اول باطہارت ہو کر عجز و انکساری کے ساتھ قبلہ کی طرف مُنہ کر کے بیٹھے اور قرآن شریف کسی اونچی چیز مثل رحل یا تکیہ پر رکھے دوم آہستہ آہستہ ترتیل کے ساتھ پڑھے۔ ہر لفظ اور آیت کے معنے میں غور اور تامل بسیار کرے سوچے سمجھے جلدی نہ کرے۔ اگر اثنائے تلاوت میں ضرورتاً کسی سے بات کرنی پڑے تو پھر بسم اللہ کہکر شروع کرے، بے وضو قرآن شریف کو ہاتھ نہ لگائے۔ اگر قرآن شریف جزدان یا غلاف میں ہو تو خیر مضائقہ نہیں۔ سوم قرآن شریف کی تلاوت میں خوف کے مقام پر روئے اگر رونا نہ آوے تو بالقصد اور بتکلف رونے کی صورت بنالے چہارم آیت کا حق ادا کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآن شریف پڑھتے تھے تو عذاب کی آیت پر خدا سے پناہ مانگتے تھے اور رحمت کی آیت پر عطائے الٰہی کے طالب ہوتے تھے۔

سجدہ کی آیت پر سجدہ کرنا واجب ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب کوئی شخص سجدہ تلاوت ادا کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا ایک کونے میں بیٹھ جاتا ہے اور بافسوس کہتا ہے کہ اے وائے اس شخص پر سجدہ کا حکم ہوا اور اس نے تعمیل حکم کی اور اے وائے خرابی میری کہ مجھ کو سجدہ کا حکم ہوا اور میں نے مخالفتِ حکم کی۔

قرآن مجید میں چودہ سجدے واجب ہیں جو مندرجہ ذیل سورتوں میں ہیں۔ اعراف۔ رعد۔ نحل۔ اسراء۔ مریم۔ حج میں پہلا سجدہ۔ فرقان نمل۔ تنزیل۔ ص۔ حم سجدہ۔ نجم۔ انشقاق۔ علق۔ پنجم اگر قرآن شریف آواز سے پڑھنے میں کچھ ریا کا شائبہ دل میں پایا جاتا ہو یا برابر میں کوئی دوسرا شخص نماز پڑھ رہا ہو اور اس کی نماز میں خلل آتا ہو تو آہستہ پڑھنا چاہئے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ آہستہ قرآن شریف پڑھنے کی فضیلت ایسی ہے جیسے صدقہ پوشیدہ دینے کی فضیلت علانیہ دینے پر ہے۔ اور اگر مندرجہ بالا باتوں کا ڈر نہ ہو تو بلند آواز سے پڑھنا چاہئے تاکہ اور لوگ بھی متمتع ہوں اور اس کو نشاط اور سرور زیادہ حاصل ہو اور شوق بڑھے۔ ایک قرآن شریف دیکھکر پڑھنے کا ثواب سات ختموں کے برابر ہے۔ ششم خوش آوازی سے پڑھنا چاہیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف خوش الحانی سے پڑھا کرو تاکہ سامعین پر اس کا اثر زیادہ ہو۔ حضور اقدسؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ قرآن شریف اہل عرب کے لحن پر پڑھو۔ اور اہل کتاب کی لحن اور طریقہ سے بچو۔ قرآن شریف بالترتیب پڑھنا چاہئے۔ اول سورۃ کو آخر اور آخر سورۃ کو مقدم کرنا درست نہیں۔

کلامِ پاک کی تلاوت کے باطنی آداب

دل میں سوچے اور سمجھے کہ یہ کس کا کلام ہمکلامی بخش رہا ہے! پھر خیال کرے کہ یہ اس خدائے برتر و توانا کا کلام ہے جس نے صرف دو حرف کُن سے ہژدہ ہزار عالم پیدا کیا اور وہی اسکے قیام و ثبات کا باعث ہے۔ یہ اس کا کلام قدیم ہے اس کی صفت ہے اور اس کی ذات سے قائم ہے ہماری زبان سے جو کچھ نکلتا ہے وہ الفاظ ہیں جو حروف سے مرکب ہیں اور جس طرح لفظ آتش زبان سے نکالدینا تو بہت آسان ہے مگر زبان پر اس کا رکھنا مشکل ہے۔ اسی طرح ان الفاظ کی اصل حقیقت اگر ظاہر ہو جائے تو آسمان و زمین اس کا تحمل نہ کر سکیں۔ اسی مضمون کو اللہ تعالیٰ نے یوں ارشاد فرمایا ہے لو انزلنا ھذا القرآن علیٰ جبل لرأیتہ خاشعاً متصدعاً من خشیۃ اللہ یعنی اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تو دیکھتا کہ وہ اللہ کے ڈر سے دب جاتا اور پھٹ جاتا مگر خدائے قادر و توانا نے اس کے جمال و عظمت کو حروف کے لباس میں پوشیدہ کر دیا ہے اس لئے کہ زبان و دل میں اس کی برداشت کی طاقت نہیں تھی اور سوائے اس کے کہ اس کو حروف کا جامہ اور لباس پہنا کر جلوہ گر کیا جائے کوئی صورت اور تھی بھی نہیں۔ بس ان خیالات کو پیش نظر رکھ کر خدا کی عظمت کو اپنے دل میں جگہ دے اور تلاوت کے وقت جانے کہ میں کس گراں کام کے لئے بیٹھا ہوں۔

اگر کوئی آیت پڑھے اور دوسری آیت کا خیال کرنے لگے اور اس کے معنے سمجھنے لگے تو گویا اس نے پہلی آیت کا حق ادا نہ کیا۔ ایسا نہ کرنا چاہئے جس طرح آیات کے معنے مختلف ہوتے ہیں اسی طرح خیال کو مختلف پہلوؤں سے بدلتا رہے یعنی جب خوف کی آیت آئے تو دل ترساں اور لرزاں اور ہراساں ہو اور جب رحمتِ باری تعالیٰ کی آیت آئے تو مسرت۔ خوشی۔ فرحت۔ انبساط کے آثار چہرہ پر نمایاں ہونے چاہئیں۔ اور جب ایزد متعال کی صفات کی آیتیں آئیں تو متواضع اور منکسر بن جائے۔ اور جب کفار کے اقوال جناب باری کی شان میں آئیں تو آواز کو نرم کرے اور شرم و حجاب کے آثار چہرہ پر ظاہر ہوں۔ اسی طرح مختلف مضامین کی آیتوں پر مختلف حالتیں المقتضا کے مضمونِ آیت بدلتا رہے تاکہ آیتوں کا حق ادا ہو اور اس کو اس انہماک میں لذتِ عظیم حاصل ہو۔

ملنے کا پتہ صلاح الدین مالک مطبع نعمانی ترکمان دروازہ دہلی

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بیانِ فضائلِ تعوذ

انسان ہر امر میں خواہ دینی ہو یا دنیوی بالکل محتاج ہے نہ کوئی نیکی کر سکتا ہے اور نہ بدی سے بچنے کی اسمیں طاقت ہے بدی سے بچنا اور نیکی کی طرف راغب ہونا محض تائید ایزدی پر موقوف ہے نیکیاں بیشمار ہیں اور بُرے کام بھی بے انتہا ہیں بس انسان کو لازم ہے کہ جسوقت کوئی کام کرے تو پہلے اللہ تعالیٰ سے پناہ چاہے کہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور نیکی کی توفیق اس کو عطا ہو۔ اللہ تعالیٰ سے پناہ چاہنا یہی ہے کہ ہر کام کی ابتدا میں اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، زبان سے کہے اور دل سے اسکی تصدیق کرے۔ جب تک کمال عجز و انکسار اور عزت و عظمت خداوند تعالیٰ کی دل نشین نہ ہوگی ان کلمات کا صرف زبان سے کہنا صحیح نہ ہوگا تعوذ کی عبارتیں کئی طرح پر کلام اللہ اور احادیث سے سمجھی جاتی ہیں۔ امام ابو حنیفہ اور امام شافعیؒ کے نزدیک یہ عبارت معین ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔

فضائلِ بسم اللہ شریف

حضرت عز سبحانہ وجل شانہ نے بسم اللہ میں تین نام ارشاد فرمائے ہیں اول اللہ، دوسرا رحمٰن، تیسرا رحیم۔ یہ اسلئے کہ بندہ ہر کام خواہ دین کا ہو یا دنیا کا ان ناموں سے شروع کرے۔ یہ تینوں اسمائے متبرکہ ہر کام کی درستی پر دلالت کرتے ہیں۔ لفظ اللہ اسم ذات ہے ہر کام کے حصول پر اور لفظ رحمٰن ذات باریتعالیٰ کے قیام پر اور لفظ رحیم اسکی فائدہ رسانی پر دال ہے لہٰذا ان تینوں ناموں کو ایک ساتھ تعلیم دینے سے یہ مراد ہے کہ ہر کام بندہ کا درست ہو اور برباد نہ ہو جائے۔ حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ تمام علوم توریت۔ زبور۔ انجیل اور فرقان میں مرقوم ہیں اور آخری کتاب چونکہ جامع جمیع مضامین کتب ماسبق ہوتی ہے اس لئے سب مطالب اگلی کتابوں کے فرقانِ حمید میں جمع ہیں اور تمام مطالب قرآن کے سورۂ فاتحہ میں ہیں اور حاصل مطلب سورۂ فاتحہ کا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور خلاصہ بسم اللہ کا حرف باء بسم اللہ میں ہے کیونکہ حرف بے کے معنے اتصال اور معیت کے ہیں اور غرض و غایت تمام علوم کی یہی ہے کہ بندہ کو اتصال بالواجب و معیتِ باری تعالیٰ حاصل ہو۔ بس ثمرہ و نتیجہ تمام علوم کا اس حرف سے سمجھا گیا۔

تلاوتِ قرآن کے فضائل

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من قرأ حرفاً من کتاب اللہ فلہ بہ حسنۃ والحسنۃ بعشر امثالہا لا اقول الٓمٓ حرف بل الف حرف ولام حرف ومیم حرف۔ حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی قرآن مجید کا ایک حرف پڑھیگا اس کو ایک نیکی ملے گی اور وہ نیکی برابر دس نیکیوں کے ہوگی۔ حرف سے میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ مقصود یہ ہے کہ الف ایک حرف ہے لٓ دوسرا حرف ہے مٓ تیسرا حرف ہے پس جو شخص الٓمٓ پڑھے گا اس کے نامۂ اعمال میں بعوض تین حروف کے تیس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (ترمذی)

قرآن شریف پڑھانے کی فضیلت

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور انورؐ نے فرمایا۔ تم میں سب سے اچھا وہ آدمی ہے جو قرآن شریف سیکھے اور سکھائے (رواہ ابوداؤد، بخاری، مسلم، ترمذی) ابو عبد الرحمٰن سلمی ایک جلیل القدر تابعی تھے۔ حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما نے ان سے قرآن شریف پڑھا تھا۔ جامع کوفہ میں قرآن شریف پڑھایا کرتے تھے۔ بڑے عالم و فاضل تھے اس حدیث کو سنکر فرمانے لگے کہ میں اسی وجہ سے جامع کوفہ میں بیٹھا ہوں اور درس قرآنی دیتا ہوں۔ آپ چالیس برس تک قرآن شریف پڑھاتے رہے۔ اس حدیث سے قرآن شریف پڑھانے کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اہل قرآن اہل اللہ اور خدا کے خاص بندے ہیں (رواہ ابن ماجہ، ترجمہ) حذیفہ اور ابو سعید سے مرفوعاً روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل کرنا چاہتا ہے مگر جب بچوں کو مکتب یا مسجد میں دیکھتا ہے کہ وہ الحمد للہ رب العالمین پڑھ رہے ہیں تو چالیس سال تک ان سے عذاب کو ہٹا لیتا ہے۔ (تفسیر ابن عادل)

قرآن مجید کتنے دنوں میں ختم کرنا چاہیئے

حضور انورؐ نے فرمایا جس نے تین دن سے کم میں قرآن مجید ختم کیا اُسنے کچھ نہ سمجھا اسلئے صحابہ کی ایک جماعت تین دن میں قرآن ختم کرتی تھی۔ حفاظ اور قاریوں کی اصطلاح میں اسکو منازل فمی کہتے ہیں۔ لفظ فمی میں تین حرف ہیں اول ف ہے دوسرا ی تیسرا ل۔ ان حروف سے سورتوں کے نام کے پہلے حرف مراد ہیں مثلاً ف سے سورۂ فاتحہ۔ ی سے سورۂ یونس۔ ل سے سورۂ لقمان تو مراد یہ ہوئی کہ سورۂ فاتحہ سے سورۂ یونس تک پہلی منزل اور سورۂ یونس سے اور سورۂ لقمان تک دوسری منزل اور سورۂ لقمان سے آخر کلام مجید تک تیسری منزل۔ فیل ہاتھی کو کہتے ہیں چونکہ اس میں ہر منزل کم و بیش دس پارہ کی ہوتی ہے بوجہ کلانی ان منازل کو اس نام سے موسوم کیا ہے۔ دوسرا طریق کو قاریوں کی اصطلاح میں فمی بشوق کہتے ہیں اس لفظ میں سات حروف ہیں اور مذکورہ بالا طور پر سورۂ فاتحہ سے سورۂ مائدہ تک پہلی منزل۔ مائدہ سے سورۂ یونس تک دوسری منزل۔ سورۂ یونس سے بنی اسرائیل تک تیسری منزل۔ بنی اسرائیل سے سورۂ شعراء تک چوتھی منزل۔ سورۂ شعراء سے سورۂ والصافات تک پانچویں منزل۔ والصافات سے سورۂ قٓ تک چھٹی منزل۔ سورۂ قٓ سے آخر تک ساتویں منزل۔ غرض جو شخص تین دن میں قرآن مجید ختم کرنا چاہے اسکو منازل فیل طے کرنی ہونگی۔ اور جو سات روز میں تلاوت کرنی چاہے اسے فمی بشوق کی منزلیں طے کرنی پڑیں گی۔ فمی بشوق کے معنے ہیں میرا مُنہ شوق میں۔ چونکہ منازل فیل کی نسبت اس میں سہولت ہے اور آسانی سے اسکی تلاوت ہوتی ہے اسلئے حفاظ کی اصطلاح میں فمی بشوق سے تعبیر کیا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجمل سوانحعمری

آپ کا نسب نامہ۔ محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔ یہاں تک نسب شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متفق علیہ ہے۔ اس پر سب کا اجماع ہے کہ آپ اولاد حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم علیہما السلام سے ہیں۔ عدنان سے حضرت آدم تک سلسلۂ نسب اس طرح ہے۔ عدنان بن اود بن ہمیسع بن سلامان بن نابت بن حمل بن قیدار بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن آزر بن شاروخ بن ارغو بن فالغ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح بن لمک بن متوشلخ بن اخنوخ بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام۔

والد شریف

حضرت کے والد ماجد کا نام عبد اللہ ہے صورت و شمائل میں نہایت حسین تھے۔ نور محمدی آپکی پیشانی نورانی سے جلوہ افروز تھا۔ پچیس سال کی عمر میں اور بقول بعضے تیس سال کی عمر تھی کہ انتقال فرمایا۔ حضور مادر شکم میں چند ماہ کے تھے۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

والدہ شریف کا کب انتقال ہوا آپکی والدہ مکرمہ کا اسم گرامی آمنہ بنت وہب بن ہاشم بن عبد مناف ہے۔ خوبی، صورت اور پاکیزگی طینت میں مشہور تھیں۔ حضور کی چھ سال کی عمر تھی کہ آپ نے وفات پائی۔

ولادت باسعادت بارھویں ربیع الاول عام الفیل کے پہلے برس یعنی ۲۲ اپریل ۵۷۱ء مطابق ۲۵ بیساکھ سمت ۶۲۸ بکرمی کو مکہ معظمہ میں بعداز صبح صادق و قبل طلوع آفتاب معرض شہود میں جلوہ آرا ہوئے۔ ساتویں دن قربانی ہوئی تمام قریش کو دعوت دی۔ لوگوں نے کہا بچہ کا نام کیا رکھا ہے۔ عبدالمطلب نے جواب دیا "محمدؐ" کہا گیا کہ آپ نے اپنے خاندان کے سب مروجہ ناموں کو چھوڑ کر یہ نام کیوں رکھا۔ کہا میں چاہتا ہوں کہ میرا بچہ دنیا بھر کی ستائش اور تعریف کا شایاں قرار پائے۔

ایام رضاعت آنحضرتؐ کو حلیمہ سعدیہ کے سپرد کر دیا گیا۔ دو برس کے بعد آپ کا دودھ چھڑایا گیا۔ دائی حلیمہ آپکو لیکر حضرت آمنہ کے پاس آئیں اور حضرت آمنہ نے پھر دائی حلیمہ کے ہی سپرد کر دیا۔ جب آپکی عمر آٹھ برس دس یوم کی ہوئی تو آپکے دادا عبدالمطلب نے چوراسی برس کی عمر میں وفات پائی۔

ابوطالب کی کفالت ابوطالب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے اب وہ آنحضرت کی نگرانی اور تربیت کے ذمہ دار بنے۔

تجارت جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم جوان ہوئے تو آپ کا خیال تجارت کی طرف مائل ہوا مگر روپیہ پاس نہ تھا۔ مکہ میں شریف خاندان کی ایک بیوہ عورت خدیجہ رضی اللہ عنہا تھیں وہ بہت مالدار تھیں انھوں نے آنحضرت کے اوصاف سنکر اور دیانتداری و سلیقہ شعاری کا حال معلوم کر کے خود درخواست کی کہ آپ ان کا مال لیکر تجارت کریں۔ آنحضرت نے منظور فرمایا اور مال لیکر تجارت کو گئے اس تجارت میں بہت نفع ہوا۔

حضرت خدیجہ سے نکاح اس سفر میں خدیجۃ الکبریٰ کا غلام میسرہ بھی آپ کے ہمراہ تھا اس نے واپس آکر آنحضرت کی ان تمام خوبیوں اور بزرگیوں کا ذکر حضرت خدیجہ کو سُنایا۔ ان اوصاف کو سُنکر حضرت خدیجہؓ نے آپ سے نکاح کر لیا۔ جب یہ نکاح ہوا تو آنحضرت کی عمر ۲۵ سال اور بی بی خدیجہ کی عمر ۴۰ سال کی تھی۔ آنحضرت کے نکاح میں وہ ۲۵ سال زندہ رہیں۔ اس شادی کے بعد آپ کا وقت خدا کی عبادت اور بنی آدم کی بہبودی اور خیر اندیشی میں صرف ہوا کرتا تھا۔

غار حرا حضور اکثر پانی اور ستو لیکر شہر سے کئی کوس پرے سنسان کوہ حرا کے غار میں جس کا طول ۴ گز عرض پونے دو گز تھا تشریف لیجایا کرتے تھے۔ اور عبادت الٰہی کیا کرتے تھے۔ جب تک پانی اور ستو ختم نہ ہو جاتے شہر میں واپس نہ آتے۔ اس حالت میں آپ کو خواب نظر آنے لگے اور وہ ایسے سچے ہوا کرتے تھے کہ جو کچھ رات کو خواب میں دیکھ لیتے دن میں ویسا ہی ظہور میں آجاتا۔

نبوت جب آنحضرت کی عمر چالیس سال ایک یوم کی ہوئی تو ۹ ربیع الاول ۴۱ میلادی بروز دوشنبہ (مطابق ۱۲ فروری ۶۱۰ء) کو روح الامین حکم نبوت لیکر آنحضرت کے پاس آئے۔ اسوقت آپ غار حرا میں تشریف فرما تھے۔ روح الامین نے کہا "بشارت ہو اے محمدؐ تم کو آپ اللہ کے رسول ہیں اور میں جبرئیل ہوں"! اس واقعہ کے بعد آپ گھر میں تشریف لائے اور لیٹ گئے اور بی بی خدیجہؓ سے فرمایا کہ مجھ کو کپڑا اُڑھا دو۔ جب ذرا طبیعت میں سکون ہوا تو فرمایا میں ایسے ایسے واقعات دیکھتا ہوں وہ آپ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔ آپ نے تمام واقعہ ان سے بیان کیا وہ سنکر بول اُٹھے "یہی وہ ناموس اکبر ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا"۔ کچھ دنوں بعد پھر روح الامین نازل ہوئے اور پہلی وحی جو آپ پر نازل ہوئی یہ ہے۔ اقرأ باسم ربك الذی خلق خلق الانسان من علق اقرأ و ربك الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم یعلم۔

نماز۔ روح الامین حضور کو دامن کوہ میں لائے خود وضو کیا اور آنحضرت صلعم نے بھی وضو کیا پھر دونوں نے ملکر نماز پڑھی، روح الامین نے پڑھائی۔

آغاز تبلیغ اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر پہنچکر تبلیغ شروع کر دی۔ حضرت بی بی خدیجہ رضؓ (زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم) حضرت علیؓ برادر عمزاد بعمر دس سال، حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت زید بن حارثہ پہلے ہی دن مسلمان ہو گئے۔ ان لوگوں کا ایمان لانا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اعلیٰ صداقت اور راستبازی کی قوی دلیل ہے۔

عام تبلیغ اب آنحضرت نے سب کو عام طور پر سمجھانا شروع کیا۔ ہر ایک مجلس عام، ہر ایک میلے، ہر ایک گلی کوچے میں جا جا کر لوگوں کو توحید کی خوبی بتلاتے۔ بتوں، پتھروں، درختوں کی پوجا سے روکتے۔ بیٹیوں کو مار ڈالنے سے منع کرتے۔ زنا اور جوا کھیلنے سے لوگوں کو روکتے۔

میلوں میں جاکر تبلیغ کرنا عرب میں عکاظ۔ مجنہ۔ اور ذی المجاز کے میلے بہت مشہور تھے اور دور دور سے لوگ وہاں آیا کرتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان مقامات پر جاتے اور میلے میں آئے ہوئے لوگوں کو اسلام اور توحید کی دعوت دیتے تھے۔ ان وعظوں کا اثر یہ ہوا کہ مسلمانوں کی ایک چھوٹی سی جماعت قائم ہو گئی۔

قریش کی مخالفت قریش یہ رنگ دیکھ کر بہت گھبرائے اور انھوں نے اب اس کا روکنا ضروری سمجھا پہلے معمولی روک ٹوک کی اور آخر جبر اور ایذا دہی پر اُتر آئے اور یہ کوشش کرنے لگے کہ جو مسلمان ہو گئے ہیں وہ پھر واپس اپنے دین میں آجائیں۔

حضرت بلالؓ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حبشی تھے۔ امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ جب اس کو معلوم ہوا کہ بلالؓ مسلمان ہو گئے ہیں تو گوناں گوں تکالیف ان کو دینی شروع کیں مگر اسلام کا وہ اثر تھا کہ حضرت بلال کو ان تکالیف کی کچھ پرواہ نہ تھی۔ وہ اَحد اَحد کے مستانے نعرے لگاتے تھے اور خوش تھے۔ آخر یہ حالت دیکھ کر حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے ان کو خرید لیا اور آزاد کر دیا۔

ہجرت حبشہ کفار نے مسلمانوں کو بیحد ستانا شروع کیا تو حضورؐ نے مسلمانوں کو اجازت دی کہ جو چاہے وہ اپنے بچاؤ کے لئے حبش کے عیسائی بادشاہ کے ملک میں چلا جائے۔ اس اجازت کے بعد ایک چھوٹا سا قافلہ بارہ مرد اور چار عورتوں کا رات کی تاریکی میں بندرگاہ جدہ سے جہاز میں سوار ہو کر حبش کو روانہ ہو گیا۔ حضرت عثمان بن عفان رضؓ مع اپنی بیوی سیدہ رقیہ (بنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم) اور حضرت جعفر طیار رضؓ اس قافلہ کے سالار تھے۔ قریش کو معلوم ہوا تو نجاشی کے دربار میں پہنچے اور بیان کیا کہ یہ لوگ ہماری قوم کے ہیں ملک سے بھاگ آئے ہیں ہمارے سپرد کر دئے جائیں۔ اسکے جواب میں جعفر طیار رضؓ نے کہا خدا نے ہمپر رحم کیا، ایک پیغمبر کو ہم میں مبعوث کیا جس نے ہمکو توحید کی دعوت دی، اس نے ہمکو بتایا کہ گناہوں سے دور رہیں برائیوں سے بچیں۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

نماز پڑھیں۔ صدقہ دیں۔ روزہ رکھیں۔ ہماری قوم ان باتوں سے بگڑ بیٹھی۔ جہاں تک ہو سکا ہم کو ستایا یہانتک کہ ہم اپنا عزیز وطن چھوڑ کر یہاں چلے آئے ہیں۔ بادشاہ نے یہ تقریر سن کر کہا مجھ کو قرآن سناؤ۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے سورۂ مریم سنائی۔ بادشاہ سنکر رونے لگا اور کہا "یہ محمد تو وہی رسول ہیں جن کی خبر حضرت یسوع مسیح علیہ السلام نے دی ہے خدا کا شکر ہے مجھے آپ کا زمانہ ملا"۔ القصہ کفار قریش کو یہاں ناکامی ہوئی اور وہ واپس چلے آئے۔

امیر حمزہ کا ایمان لانا ہجرت کے چھٹے برس نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن کوہ صفا پر تشریف فرما تھے اتفاقاً ابو جہل وہاں آ گیا آپ کو دیکھ کر سخت برہم ہوا۔ سخت وسست کہنے کے بعد ایک پتھر کھینچکر مارا جس کے صدمہ سے آپ کے سر سے خون جاری ہو گیا۔ امیر حمزہ کو خبر ہوئی۔ قرابت کے جوش میں ابو جہل کے پاس پہنچے اور اپنی کمان اس زور سے اس کے سر پر ماری کہ وہ زخمی ہو گیا۔ اس کے بعد آپ آنحضرت کے پاس آئے اور کہا "اے میرے بھائی کے بیٹے تم یہ سنکر خوش ہوگے کہ ابو جہل سے میں نے تمہارا بدلہ لے لیا ہے" آپنے فرمایا چچا جان! خوش میں اسوقت ہوں گا جب آپ ایمان لے آئینگے یہ سن کر جناب امیر حمزہ اسی وقت مسلمان ہو گئے۔

حضرت عمرؓ کا اسلام امیر حمزہ سے تین دن بعد عمر بن خطاب مسلمان ہوئے۔ اس شورش کے زمانہ میں آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا ارادہ کیا، ہتھیار لگائے اور گھر سے روانہ ہوئے۔ راستہ میں ان کو معلوم ہوا کہ بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو گئے ہیں۔ یہ سنکر بہنوئی کے مکان پر پہنچے۔ ان دونوں کو خوب مارا یہاں تک کہ بہنوئی کے سر سے خون بہنے لگا۔ ان کی بہن نے جوش میں آکر کہا عمر! ہم تو مسلمان ہو گئے جو تیرے دل میں آئے وہ کر لے۔ حضرت عمر نے کہا میرے آنے سے پہلے جو تم پڑھ رہے تھے مجھ کو بھی سناؤ۔ سورۂ طٰہٰ کا پہلا رکوع آپ کو سنایا گیا جسے سنکر آپ بہت روئے پھر آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کلمۂ شہادت پڑھا۔ مسلمانوں نے بڑے زور سے تکبیر کہی۔ کفار کے دل پر ہیبت چھا گئی۔ آپنے ظاہر ہو کر کعبہ میں مع مسلمانوں کے نماز پڑھی جس سے کفار از حد رنجیدہ ہوئے۔

ابوطالب اور حضرت خدیجہ کی وفات ۱۰ سنہ نبوی میں حضور کے چچا ابو طالب کا (جو علی مرتضیٰ کے والد تھے) انتقال ہو گیا جنہوں نے ان کے ظل حمایت میں پرورش پائی تھی اسی لئے آپ کو بہت رنج ہوا۔ ان کے بعد حضرت کی پیاری زوجہ خدیجہ الکبریٰ نے وفات پائی۔ ان بی بی نے اپنا سارا مال راہِ خدا میں صرف کر دیا تھا۔ سب سے پہلے ایمان لائی تھیں۔ فرشتے خدا کا سلام انکو پہنچایا کرتے تھے۔ حضرت احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ شافع محشر کو سخت صدمہ ہوا۔ اور اس سال کا نام عام الحزن رکھا گیا۔

طائف میں وعظ حضور نے زیادہ جوش سے اب تبلیغ کا کام شروع کیا۔ مکہ سے باہر وعظ کے لئے تشریف لے گئے۔ اس سفر میں زید بن حارثہ آپ کے ساتھ تھے مکہ اور طائف کے درمیان جتنے قبیلے تھے سب میں آپنے وعظ فرمایا۔

مدینہ کی سفارت میں وعظ ان ہی ایام میں ابو الحیشر انس بن رافع مکہ میں آیا اس کے ساتھ بنی عبد الاشہل کے بھی چند نوجوان تھے جن میں ایاس بن معاذ بھی تھا۔ یہ لوگ قریش کے ساتھ اپنی قوم خزرج کی طرف سے معاہدہ کرتے آئے تھے۔ حضور ان کے پاس تشریف لے گئے اور وعظ فرمایا۔ قرآن کریم پڑھ کر سنایا۔ ایاس بن معاذ سنتے ہی بولا۔ اے میری قوم یہ تمہارے لئے اس مقصد سے بہتر ہے جس کے لئے تم یہاں آئے ہو؟

معراج سنہ ۱۰ میں معراج ہوئی۔ اور اللہ تعالےٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملکوت السمٰوت والارض کی سیر کرائی۔ اول مسجد حرام سے بیت المقدس تک تشریف لے گئے وہاں سے جماعت انبیاء کے امام بنکر نماز پڑھائی۔ پھر آسمان کی سیر کرتے اور انبیاء علیہم السلام سے ان کے مقامات پر ملتے ہوئے سدرۃ المنتہیٰ اور بیت معمور تک پہنچے اور وہاں سے قرب حضوری حاصل ہوا۔

حضرت عمرؓ کی ہجرت حضرت عمر نے دلیرانہ اور بیباکانہ ہجرت کی۔ بیس سواروں کے ساتھ وہ عیاش بن ربیعہ کو لیکر روانہ ہوئے۔ روز روشن میں تمام قریش کے سامنے وہ مکہ سے نکلے اور بآواز بلند کہا جس کسی کو اپنی بیوی رانڈ کرانی اور اپنے بچے یتیم کرانے ہوں وہ مجھ سے اس پہاڑ کے پیچھے مل لے۔ مگر کسی کو جرات نہ ہوئی اور دم بخود ہو کر رہ گئے۔

ہجرت نبوی جب مسلمان مکہ میں گنتی کے رہ گئے اور جلیل القدر صحابہ میں سے صرف حضرت ابو بکر صدیق رضؓ اور حضرت علی باقی رہ گئے تو قریش نے کہا کہ اب محمدؐ کو قتل کرنے کا اچھا موقعہ ہے۔ تدابیر قتل پر غور کرنے کے لئے دار الندوہ میں ایک خفیہ جلسہ ہوا جس میں تمام اکابرین قریش شریک ہوئے۔ آخر ابو جہل کی مندرجہ ذیل تدابیر کو اہل جلسہ نے منظور کیا اور جلسہ برخاست ہوا۔ (۱) عرب کے مشہور قبائل سے ایک ایک جوانمرد انتخاب کیا جائے (۲) یہ سب رات کی تاریکی میں محمد کے گھر کو گھیر لیں (۳) جب محمد صبح کو نماز کے لئے باہر نکلیں اسوقت یہ سب اپنی تلواروں سے اس پر وار کریں اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں۔ ان تدابیر کا یہ فائدہ بتلایا گیا کہ جس قتل میں تمام قبیلے شامل ہونگے اس کا بدلہ کوئی نہیں لے سکے گا۔ "دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست" آپ کو بذریعہ وحی ان تدابیر کا علم ہو گیا۔ ادھر کفار نے آنحضرت کا مکان آکر گھیرا ادھر آپنے حضرت علی کو اپنے بستر پر سلایا اور خود سورۂ یٰسین پڑھتے ہوئے کفار کے حلقہ سے نکل گئے۔ آنحضرت حضرت ابو بکر صدیق رضؓ کے مکان پر پہنچے۔ یہ واقعہ ۲۷ صفر ۱۳ سنہ نبوت روز پنجشنبہ مطابق ۱۲ ستمبر ۶۲۲ء کا ہے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضؓ نے بہت جلد سفر کا سامان درست کیا۔ ابو بکر کی بیٹی اسماء نے اپنا کمر بند کاٹ کر ستوؤں کے تھیلے کا منہ باندھا۔ شب کی تاریکی میں دونوں بزرگوار چل نکلے۔ مکہ سے چار پانچ میل کے فاصلے پر کوہ ثور کے غار تک پہنچے۔ پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اندر جا کر غار کو صاف کیا اور اسکے سوراخ اپنے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر بند کر دئے۔ پھر آنحضرت کو اندر لے گئے۔ ادھر صبح ہوئی حضرت علی خواب سے بیدار ہوئے۔ قریش نے قریب جا کر ان کو پہچانا، پوچھا محمد کہاں ہیں۔ حضرت علی نے جواب دیا مجکو کیا خبر۔ قریش غصہ اور ندامت سے ان پر پل پڑے اور خانہ کعبہ تک پکڑ کر لائے مگر تھوڑی دیر بعد چھوڑ دیا۔

غار سے روانگی چوتھی شب حضرت ابو بکر صدیق رضؓ کے گھر سے دو اونٹنیاں آگئیں جن کو اس سفر کے لئے پہلے تیار کیا گیا تھا ایک پر حضور علیہ السلام اور حضرت ابو بکر صدیق رضؓ سوار ہوئے۔ اور دوسری پر عامر بن فہیرہ اور عبد اللہ بن اریقط (جسے بطور رہبر نوکر رکھا گیا تھا) سوار ہوئے۔ اور مدینہ کی جانب یکم ربیع الاول روز دوشنبہ مطابق ۱۶ ستمبر ۶۲۲ء کو روانہ ہوئے۔

مقام قبا میں پہنچنا ۸ ربیع الاول ۱۳ سنہ نبوت (سنہ ۱ھ) روز دوشنبہ (۲۳ ستمبر ۶۲۲ء) تھی کہ نبی علیہ السلام مقام قبا میں پہنچ گئے۔ اہل مدینہ نے جب سے یہ سنا تھا کہ آنحضرت صلعم نے مکہ چھوڑ دیا ہے۔ ہر روز صبح سے دوپہر تک آپکے انتظار میں بیٹھے رہتے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تھے۔ صبح کا وقت تھا کہ حضور اس مقام پر رونق افروز ہوئے۔ مسلمانوں نے اللہ اکبر کے نعروں سے حضور کا استقبال کیا۔ اور حضور کے گرد پروانوں کی طرح جمع ہو گئے۔ اکثر مسلمان ایسے تھے جنہوں نے ابتک حضور کی زیارت نہ کی تھی۔ وہ حضرت ابو بکر صدیق رضہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سمجھتے تھے۔ حضرت ابو بکر صدیق اس بات کو سمجھ گئے اور ایک کپڑا لیکر سر مبارک پر سایہ کرکے کھڑے ہو گئے جس سے سب کو واضح ہو گیا کہ آپ حضرت ابو بکر صدیق ہیں۔ پنجشنبہ تک آپ یہاں ٹھہرے۔ اور اس تین روز کے قیام میں پہلا کام آپنے یہ کیا کہ خدائے وحدہٗ لاشریک کی عبادت کے لئے مسجد کی بنیاد رکھی۔ ۱۲ ربیع الاول جمعہ کا دن تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبا سے سوار ہو کر بنی سالم کے گھروں تک پہنچے۔ یہاں جمعہ کی نماز پڑھی اسلام میں یہ پہلا جمعہ تھا۔

انھیں دونوں میں شیر خدا علی مرتضےٰ پیادہ پا سفر کرتے ہوئے حضور کی خدمت میں پہونچے۔ وہ حسب الارشاد نبوی مکہ میں چند روز اسلئے ٹھہر گئے تھے کہ حضور کے گھر میں جو لوگوں کی امانتیں رکھی تھیں وہ ان کو واپس کردیں۔

حضرت عائشہؓ سے نکاح عبداللہ بن اریقط مکہ میں واپس آیا اور عبداللہ بن ابی بکر کو حضور کے بخیریت پہونچ جانے کی اطلاع دی وہ یہ خوشخبری سن کر مع اپنی بہن حضرت عائشہ اور ان کی ماں ام رومان اور طلحہ بن عبداللہ کے مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ منورہ پہونچے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ سے نکاح کیا۔ اور ان ہی ایام میں بامر الٰہی آپ نے مہاجرین اور انصار میں بھائی چارہ کرایا۔

تحویل قبلہ تحویل قبلہ شعبان کے مہینہ میں ہوئی ہے۔ اس سے پیشتر مسلمان بیت المقدس کی طرف نماز پڑھا کرتے تھے۔ حکم تحویل قبلہ حالت نماز میں نازل ہوا آپ دو رکعتیں پڑھ چکے تھے۔ تیسری رکعت میں تحویل قبلہ کی آیت نازل ہوئی تو آپ کعبہ کی طرف پھر گئے اور مسلمانوں نے بھی آپکی اقتدا کی۔

غزوہ بدر ماہ رمضان سنہ ۲ھ میں ابو جہل نے مکہ میں مشہور کیا کہ ہمارا قافلہ زر و مال سے لدا پھندا ملک شام سے مکہ کو واپس آرہا ہے اور راستہ میں مدینہ پڑتا ہے۔ مسلمان اسکو لوٹنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس شہرت سے اسکا مقصود یہ تھا کہ جن لوگوں کا مال تجارت میں لگا ہوا ہے اور جن کے اقربا قافلہ میں ہیں اور وہ لوگ جو مسلمانوں سے نفرت رکھتے ہیں بالاتفاق مسلمانوں سے بدگمان ہو کر جنگ کے لئے آمادہ ہو جائیں چنانچہ وہ اس تدبیر میں کامیاب ہوا۔ ایک ہزار جانباز قریش کی فوج جن کی سواری میں سات سو اونٹ اور تین سو گھوڑے تھے لیکر ابو جہل آگے بڑھا۔ جب قافلہ کی حفاظت کا بہانہ کرکے یہ فوجی اجتماع ہوا تھا وہ تو دوسرے راستہ سے مکہ پہنچ گیا۔ مگر ابو جہل اس فوج کو لئے ہوئے برابر مدینہ کی جانب بڑھا چلا آیا۔ اب مسلمانوں کو شک نہ رہا کہ قافلہ کی حفاظت کا تو بہانہ تھا یہ چڑھائی صرف غریب مسلمانوں پر ہے۔

نبی علیہ السلام نے اس معاملہ میں صحابہ سے مشورہ لیا مہاجرین نے قابل اطمینان جواب دیا۔ سعد بن معاذ نے عرض کیا۔ شاید حضور نے یہ سمجھا ہے کہ انصار شہر سے باہر نکل کر حضور کی اعانت کرنا اپنا فرض نہیں سمجھتے ہیں ہم تو حضور کی مرضی کے تابع ہیں جیسا حکم ہوگا بجا لائینگے۔ ۱۷ رمضان کو جمعہ کے دن جنگ ہوئی۔ نصرت و تائید الٰہی سے کفار قریش کو شکست ہوئی۔ ان کے ستر مشہور آدمی گرفتار ہوئے۔ ابو جہل معہ بہت سے مشہور سرداروں کے قتل ہوا۔

اس زمانہ کے قانون جنگ اور مسلمانوں کے جوش انتقام نیز جنگی رعب قائم کرنے کے لئے نہایت ضروری تھا کہ جو لوگ گرفتار ہوئے تھے سب قتل کردئے جاتے۔ حضرت عمر کی بھی رائے تھی مگر نبی علیہ السلام نے جو رحمۃ للعالمین تھے سب کو فدیہ لیکر چھوڑ دیا۔

غزوہ اُحد قریش پھر مدینہ پر حملہ آور ہوئے اب کی مرتبہ بڑی تیاری کی تھی۔ عام چندہ جمع کیا تھا۔ ابو عزہ شاعر نے گشت لگا کر بنو کنانہ کو قریش کی مدد پر آمادہ کر دیا تھا۔ تجارت شام کا پچاس ہزار مثقال سونا، ایک ہزار اونٹ جو ابھی تقسیم نہ ہوئے تھے چندہ میں شامل کر دیئے۔ الغرض پانچ ہزار کا لشکر جس میں تین ہزار شتر سوار، دو سو اسپ اور سات سو زرہ پوش پیادہ تھے مدینہ کی طرف بڑھا۔

نبی علیہ السلام کی رائے تھی کہ مدینہ میں محصور ہو کر مدافعت کی جائے۔ مگر کثرت رائے سے مسلمانوں نے اُحد پہاڑ کے قریب جو مدینے سے چار کوس ہے باہر نکل کر مقابلہ کیا۔ مسلمان تعداد میں ایک ہزار تھے۔ ابتدا میں مسلمانوں نے دشمن کو شکست دی۔ لیکن مسلمان تیراندازوں نے اس گھاٹی کو چھوڑ دیا جہاں حضور نے ان کو متعین کیا تھا۔ خالد بن ولید نے یہ دیکھ کر چکر کاٹ کر اس گھاٹی پر قبضہ کرلیا اور مسلمانوں کو بیچ میں لے لیا۔ اسوقت مسلمانوں کا سخت نقصان ہوا ستر صحابی شہید ہوئے۔ لشکر کا بڑا حصہ تتر بتر ہو گیا۔ میدان جنگ میں صرف ستر صحابہ نے پامردی کی اور دشمن کے مقابلہ پر قائم رہے۔

جنگ کے نقصانات میں بڑا بھاری نقصان یہ ہوا کہ حضرت امیر حمزہ عم رسول اللہ شہید ہوئے اور مصعب بن عمیر بھی شہید ہوئے۔ انس بن نضر نے جام شہادت پیا۔ طلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے سپر کا کام لیا اور آنحضرت کی جانب آنے والے تیر اپنے ہاتھ پر روکے۔ آنحضرت کی شہادت کی خبر نے مسلمانوں کو سخت شکستہ خاطر کر دیا تھا۔ اس اثناء میں کعب بن مالک شاعر کی نظر آنحضرت کے جمال جہاں آرا پر پڑی اور انھوں نے پکار کر کہا مسلمانو! خوش ہو جاؤ حضور یہ موجود ہیں۔ آنحضرت نے ان کو خاموش کیا۔ یہ آواز سنکر صحابہ آپکے پاس آکر جمع ہو گئے اور آپ معہ صحابہ کے پہاڑ کی بلندی پر چڑھ گئے۔ ابو سفیان نے نیچے سے پکار کر کہا کیا اس جماعت میں محمدؐ، ابو بکر و عمر موجود ہیں؟ حضرت نے فرمایا جواب نہ دو۔ ابو سفیان نے مکرر سہ کرر یہی سوال کیا اور جواب نہ ملنے پر خوش ہو کر کہنے لگا۔ اے ہبل تو بلند ہو جا۔ تب حضرت نے فرمایا جواب دو۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ یہ تینوں شخص تیرے ذلیل کرنے کو زندہ ہیں۔ ابو سفیان نے آگے بڑھ کر کہا۔ الحرب سجل یوم اُحد بیوم بدر اعل ہبل (لڑائی ختم ہوئی یوم اُحد یوم بدر کے برابر ہو گیا اے ہبل بلند ہو جا) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے حضرت عمر نے جواب دیا۔ ہو بیننا و بینکم۔ (ہماری تمہاری یہی میعاد ہے) موعدکم العام القابل (آئندہ سال پھر لڑائی کا وعدہ ہے)۔ اس جواب و سوال کے بعد مشرکین مکہ کو واپس آئے۔

واقعہ حدیبیہ اور بیعت الرضوان نبی علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ آپ مکہ تشریف لے گئے ہیں اور عمرہ ادا کیا ہے اصحاب سے بیان کیا تو سب سنکر شوق سے بیقرار ہو گئے اور تیاری سفر مکہ کی کردی۔ حضرت سب کو ہمراہ لیکر مکہ کے قریب پہونچ گئے۔ قریش کو خبر ہوئی تو سب نے متفق ہو کر کہا کہ ہم ہرگز نہ آنے دینگے۔ آپنے وہاں سے پیچھے ہٹ کر مقام حدیبیہ میں مقام کیا۔ حدیبیہ ایک کنوئیں کا نام ہے اور اسکے پاس ایک میدان وسیع ہے اس جگہ صحابہ کو پانی کی قلت سے بہت تکلیف ہوئی۔ ایک ظرف میں تھوڑا سا پانی تھا وہ آپکے سامنے لاکر رکھدیا کہ سوائے اسکے اور پانی نہیں ہے۔ آپنے اس میں اپنا دست مبارک رکھدیا۔ پانی انگلیوں سے چشمہ کی مانند نکلنے لگا۔ تمام لشکر سیراب ہو گیا اور لوگوں نے اپنے اپنے ظرف بھر لئے اور وضو کرلیا۔ یہ روایت حضرت جابر کی ہے۔ لوگوں نے ان سے پوچھا کہ تم کتنے آدمی تھے۔ انھوں نے جواب دیا کہ ہماری تعداد پندرہ سو تھی پانی اسقدر تھا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

کہ اگر لاکھوں بھی ہوتے تو سیراب ہو جاتے ۔

اس کے بعد قریش اور آنحضرت میں نامہ و پیام شروع ہوئے ۔ بدیل بن ورقا خزاعی آپ کے لشکر میں آیا۔ قریش کا آمادۂ جنگ ہونا بیان کیا۔ آپ نے فرمایا ہمیں لڑنا منظور نہیں ہے ہم صرف عمرہ کرنے آئے ہیں اور اگر قریش چاہیں تو اس وقت ایک مدت معینہ کے لئے صلح کر لیں اس نے واپس جاکر قریش سے سارا حال بیان کیا اور کہا محمدؐ لڑنے کے واسطے نہیں آئے ہیں ان کا مقصود صرف عمرہ کرنا ہے ان کو روکنا مناسب نہیں ہے۔ مگر قریش نے نہ مانا اور رو براہ نہ ہوئے۔ پھر عروہ بن مسعود ثقفی آپ کے حضور میں آیا اور اس بارہ میں گفتگو ہونے لگی۔ حضرت صدیق سے نوبت سخت کلامی تک پہنچی مگر کوئی بات طے نہیں ہوئی۔ عروہ واپس گیا۔ اور قریش سے کہا میں نے بادشاہوں کے دربار دیکھے ہیں مگر جیسا محمدؐ کے اصحاب کو جان نثار اور تابعدار پایا کسی بادشاہ کے نمک خوار خیر خواہ کو ایسا نہیں دیکھا۔ وضو کا پانی اس طرح تبرکاً لیتے ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے اسپر آپس میں لڑائی ہو جائے گی۔

نبی علیہ السلام نے چاہا کہ اپنی جانب سے کسی کو قریش کے پاس بطور سفارت بھیجیں۔ لہذا حضرت عثمان کا بھیجنا قرار پایا کہ ان کے قرابت دار اور حمایتی قریش میں بہت تھے۔ حضرت عثمان قریش میں پہنچے اور حضرت کا پیغام قریش کو پہنچایا۔ وہ ان سے باخلاق پیش آئے مگر آنحضرت کو مکہ میں آنے دینے پر راضی نہ ہوئے یہاں مسلمانوں کے لشکر میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ حضرت عثمان کو کفار نے شہید کر دیا۔ حضور یہ خبر سنکر بہت مغموم ہوئے اور ایک کیکر کے درخت کے نیچے آپ نے تمام اصحاب سے بیعت لی کہ جب تک ان میں جان ہے قریش سے لڑ کر عثمان کے خون کا بدلہ لیں گے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ یہ خبر غلط ہے۔ قریش میں سے ایک شخص بن عمر حضور اقدس میں حاضر ہوا اور بہت قیل و قال کے بعد ان شرائط پر صلح قرار پائی۔ (۱) امسال حضور بغیر عمرہ کئے واپس جائیں سال آئندہ آکر عمرہ کریں (۲) تین دن سے زیادہ نہ ٹھہریں (۳) دس برس مدت صلح قرار پائی (۴) جو حلیف حضور کا ہو اس سے قریش نہیں لڑینگے اور قریش کے حلیف سے حضور نہ لڑیں (۵) قریش میں سے جو کوئی مسلمان ہو کر جاوے آپ اس کو واپس کر دیں۔ اور جو کوئی مسلمان مرتد ہو کر قریش میں آجائے واپس نہ دیا جائے گا۔

یہ آخری شرط غیرت مند مسلمانوں کو سخت ناگوار ہوئی۔ حضرت عمرؓ کو بہت طیش آیا اور کہا یا رسول اللہ بہت حقارت آمیز شرط ہے۔ آپ نے مسکرا کر فرمایا ہماری طرف کا جو مرتد ہو کر ان میں جاملے گا وہ ہمارے کس کام کا ہے۔ اور ان کا جو ہم میں آئے گا اگر ہم اس کو واپس کر دیں گے تو خدا اس کی کوئی اور صورت بہتری کی کر دے گا۔ غرض بڑی مشکل سے یہ صلحنامہ مرتب ہوا۔ اور جانبین کی گواہیاں ہوئیں۔ آپ نے اونٹ ہدی کے یہیں قربان کر دیئے اور بال منڈوا دیئے۔

فِدک ۔ یہ ایک قلعہ خیبر سے ملحق ہے وہاں کے لوگوں نے آدھی زمین آپ کو دیکر صلح کر لی۔ آپ نے قبول فرمائی۔

مہاجرین حبشہ } آپ خیبر میں تشریف فرما تھے کہ حضرت جعفر بن ابی طالب مع مہاجرین حبشہ آپ سے ملاقی ہوئے حضور نے ان کا استقبال کیا حضرت جعفر سے معانقہ کیا۔ پیشانی چومی اور فرمایا میں نہیں کہہ سکتا کہ میں فتح خیبر سے زیادہ خوش ہوا یا جعفر کے آنے سے۔

فتح مکہ } مقام حدیبیہ پر کفار قریش سے دس برس کے لئے صلح ہو گئی تھی۔ مگر قریش نے عہد شکنی سے اس صلح کو توڑ دیا۔ آنحضرت نے لشکر کی تیاری کا حکم دیا۔ قریش نے پشیمان ہو کر ابوسفیان کو معذرت کے لئے بھیجا۔ اور چاہا کہ تجدید صلح ہو جائے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اور ابوسفیان شرمندہ ہو کر محروم مکہ کو واپس پھر گیا۔ حضور نے ام مکتوم کو مدینہ پر عامل مقرر کیا۔ دس ہزار کی سپاہ کی جمعیت سے مکہ کو روانہ ہوئے۔

ادھر حضرت عباس کے متعلقین مکہ معظمہ میں بہت تھے وہ چاہتے تھے کہ کسی طرح اہل مکہ کو خبر ہو جائے تاکہ وہ آن کر معافی چاہیں یا ایمان لائیں۔ اور لشکر کے ضرر سے محفوظ رہیں۔ اسلئے وہ آنحضرت کے خچر پر سوار ہو کر لشکر سے نکلے تھے۔ ابوسفیان سے ملاقات ہوئی اس کو سمجھایا۔ صورت حالات بیان کی۔ اور امان دیکر حضور کی خدمت میں لائے۔ اسوقت وہ ذرا تذبذب کے ساتھ مسلمان ہو گیا۔ حضرت عباس نے عرض کی کہ ابوسفیان سردار قریش ہے اس کے ساتھ خاص رعایت فرمائیے تاکہ قریش میں اس کا امتیاز قائم رہے۔ آپنے ارشاد کیا جو شخص اسکے گھر میں پناہ لیگا محفوظ رہیگا۔

الغرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بکمال احتشام بلا خونریزی مکہ معظمہ میں داخل ہوئے۔ صرف خالد بن ولید جس راہ سے داخل ہوئے تھے عکرمہ ابن ابوجہل ان سے مقابل ہوئے، آپس میں شمشیر زنی ہونے لگی۔ آنحضرت کو اطلاع ہوئی تو آپنے روکدیا۔ بیس پچیس آدمی قتل ہوئے اور امن و امان ہو گیا پھر آنحضرت بیت الحرام میں داخل ہوئے۔ تین سو ساٹھ بت کعبہ کے گردو پیش تھے۔ آپ ایک لکڑی سے بتوں کی طرف اشارہ کرتے تھے قل جاء الحق وزھق الباطل بت خود بخود ہی سرنگوں ہو کر گر جاتے تھے۔

حجۃ الوداع ۱۰ھ } اس سال آنحضرت صلعم نے حج کا ارادہ کیا۔ اور تمام اطراف میں اس ارادہ کو مشتہر کرا دیا۔ اس اعلان سے کثیر ہجوم مدینہ طیبہ میں جمع ہو گیا۔ ہر درجہ اور ہر طبقہ کے لوگ تھے۔ آپ ان سب کو ہمراہ لیکر مکہ معظمہ روانہ ہوئے۔ ذی الحلیفہ پہنچکر آپنے احرام باندھا اور نہایت جاہ و جلال کے ساتھ مکہ میں داخل ہو کر کعبۃ اللہ کا طواف کیا۔ نویں ذی الحجہ کو طلوع آفتاب کے بعد وادی نمرہ میں نزول فرمایا۔ اس وادی کے ایک جانب عرفات اور دوسری جانب مزدلفہ ہے۔ دن ڈھلنے کے بعد یہاں سے روانہ ہو کر عرفات میں تشریف لائے۔ تمام میدان سر تا سر لوگوں سے بھرا ہوا تھا۔ اور ہر شخص تکبیر و تہلیل و تقدیس میں مصروف تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قصویٰ اونٹنی پر سوار ہو کر خطبہ فرمایا۔ یوم النحر کو ۶۳ - اونٹ بدست خود اور ۳۷ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نحر کرائے۔ یہ قربانی منیٰ میں کی گئی تھی۔ اس سے فارغ ہو کر کعبۃ اللہ میں آئے۔ اور طواف افاضہ کیا اور مسرور و بہیج مدینہ طیبہ کی طرف معاودت فرمائی۔ چونکہ اس حج میں آپنے آخری تبلیغ فرمائی تھی اس لئے اس کا نام حجۃ البلاغ بھی ہے۔ اور اس حج میں آپ نے کلمات تودیع زبان مبارک سے ارشاد فرمائے تھے اس لئے حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

خطبہ خم غدیر } واپسی کے وقت راہ میں بریدہ اسلمی نے حضرتؐ سے کچھ شکایات جناب علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ کے بارے میں کیں جن کا تعلق حکومت یمن کے زمانہ میں تقسیم غنائم وغیرہ سے تھا۔ چونکہ یہ شکایات بالکل بے بنیاد اور لغو تھیں اسلئے حضور نے مقام خم غدیر پر ایک فصیح و بلیغ خطبہ پڑھا۔ اس خطبہ میں اہل بیت رضوان اللہ علیہم کی شان و مرتبت کا اظہار فرمایا۔ اور حضرت علی کا ہاتھ اپنے دست مبارک میں لیکر فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ (جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولا ہے) حضرت عمر فاروق نے اس شرف کی مبارکباد حضرت علیؓ کو دی۔ اور بریدہ رضی اللہ عنہ نے تائب ہو کر تمام عمر محبت و رفاقت علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ میں بسر کی۔ آپ جنگ جمل میں شہید ہوئے۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وفات ۱۱ھ

یہ وہ سال ہے جس میں خدا کے رسول نے حقِ رسالت ادا کرنے کے بعد اپنے بھیجنے والے کی طرف معاودت فرمائی۔ فتح مکہ کے بعد عام عرب ایمان لے آئے۔ ایکدن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ پڑھا اور یہ آیت تلاوت فرمائی۔ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔ پھر فرمایا" ایک شخص کو اللہ تعالےٰ نے دنیا کے رہنے اور مرنے کا اختیار دیا اس نے عالمِ عقبیٰ کو اختیار کیا"۔ حضرت ابوبکر صدیق سُن کر رونے لگے اور سمجھے کہ جب دین کی تکمیل ہو چکی تو حضرت کو دنیائے دنی سے کیا کام رہا۔ وفات سے ایک مہینہ پہلے آپ اصحاب کو اس طرح نصیحت کرتے تھے کہ ان کو خیال گذرتا تھا کہ آپ ہمکو وداع کرتے ہیں۔

چودہ دن آپ بیمار رہے۔ گیارہ دن تک خود نماز پڑھاتے رہے۔ تین دن بسبب زیادتی ضعف جسمانی جماعت میں شامل نہ ہوسکے اور فرمایا کہ ابوبکر امامت کریں۔ جب ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصلےٰ پر جا کر کھڑے ہوئے تو ان پر اور صحابہ پر ایسی رقت طاری ہوئی کہ رونے لگے اور رونےکی آواز آپ کے گوشِ مبارک تک پہنچی۔ اسوقت طبیعت میں کچھ سکون تھا اسلئے مسجد میں تشریف لائے اور ابوبکرؓ کے برابر بائیں ہاتھ بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ نماز کے بعد فرمایا:-

دو مسلمانو! میں تمکو خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ خدا کی پناہ۔ نگہداشت۔ نصرت کے حوالے کرتا ہوں۔ بس میں دنیا سے علیحدہ ہونے والا اور اسے چھوڑ دینے والا ہوں"۔ آخری دن صبح کے وقت حجرۂ مبارک کا پردہ اُٹھایا جو مسجد کی جانب پڑا ہوا تھا۔ مسلمانوں کو نماز میں مصروف اور صفیں درست دیکھ کر چہرہ مبارک پر بشاشت کے آثار نمایاں ہوئے اور مسکرائے پھر حضور آگے بڑھے اور صبح کی نماز ابوبکر صدیق کا مقتدی بنکر ادا فرمائی۔ اس نماز کے بعد پھر دنیا میں آنحضرت پر دوسری نماز فرض کا وقت نہیں آیا۔ (رواہ بخاری عن عائشہ صفحہ ۶۲) گھر میں تشریف لے جانے کے بعد نزع کی حالت آپ پر طاری ہوئی۔ ایک پانی کا بھرا پیالہ آپ کے سرہانے رکھا تھا۔ آپ اس میں ہاتھ تر کرتے تھے اور منہ پر پھیرتے تھے۔

حضرت فاطمہ یہ حالت دیکھ کر رونے لگیں۔ آپ نے ان کے آنسو پونچھے۔ حضرت امام حسن رضؓ وامام حسین رضؓ کو بلایا۔ دونوں کو پیار کیا اور ان کے احترام کے بارے میں وصیت فرمائی۔ ازواجِ مطہرات کو بُلایا اور نصائح فرمائیں۔ حضرت علی کو طلب فرمایا اور ان سے باتیں کرتے رہے۔ سب کو نماز اور لونڈی غلام کے حقوق کے بارے میں تاکید فرمائی۔ پھر فرمایا۔ اللھم الرفیق الاعلیٰ " اے خدا برترین رفیق" حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں۔ پھر آنکھ کی پُتلی پھر گئی۔ اور ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ روز دوشنبہ بعمر ۶۳ سال ۴ دن بحساب قمری بوقت چاشت روح انور نے جسم اطہر سے پرواز کی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللھم صل علی محمدٍ وعلیٰ اٰل محمد وبارک وسلم۔

تنبیہ

تمام کلام اللہ میں سترہ مقام ایسے ہیں کہ زیر کی جگہ اگر پیش یا زبر پڑھے اور پیش کی جگہ زیر یا زبر پڑھے اور زیر کی جگہ پر پیش یا زبر پڑھو تو کفر کا خوف ہے۔ نعوذ باللہ من ذلک۔ اس لئے ان مقاموں کی تفصیل لکھی جاتی ہے تاکہ تلاوت کرنے والے اس بلائے عظیم سے بچیں۔

(۱) سورۂ فاتحہ میں اگر اَنْعَمْتَ کی تا پر پیش پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۲) پارہ الم سورۂ بقر کے ۱۵ رکوع میں اگر وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ کی با پر زبر پڑھے تو کافر ہو جاوے۔

(۳) پارہ سیقول سورۂ بقر کے ۳۲ رکوع میں اگر قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ کی دال ثانی پر پیش کی جگہ زیر پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۴) پارہ تلک الرسل سورۂ بقر کے ۳۶ رکوع میں اگر وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ کے عین پر زبر پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۵) پارۂ لایحب اللہ سورۂ نساء کے ۲۳ رکوع میں اگر رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ کی ذال پر زبر پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۶) پارۂ واعلموا سورۂ توبہ کے پہلے رکوع میں اگر اَنَّ اللّٰهَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ کی لام پر زبر پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۷) پارہ سُبحان الذی سورۂ بنی اسرائیل کے ۲ رکوع میں وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ کی ذال پر زبر پڑھنے سے کافر ہو جاوے۔

(۸) پارۂ سولہ سورۂ طٰہٰ کے ۶ رکوع میں اگر وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ کی با پر پیش پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۹) پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کے ۶ رکوع میں اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کی تا پر زبر پڑھنے سے کافر ہووے۔

(۱۰) پارۂ ۱۹ سورۂ شعراء کے ۱۱ رکوع میں اگر لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ کی ذال پر زبر پڑھے تو کافر ہووے۔

(۱۱) پارہ ۲۲ سورۂ فاطر کے ۴ رکوع میں اگر اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا لفظ اللہ کی ہا پر پیش پڑھے تو کافر ہو جائے۔

(۱۲) پارہ ۲۳ سورۂ صافات کے دوسرے رکوع میں وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ کی ذال پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

(۱۳) پارہ ۲۸ سورہ حشر کے ۳ رکوع میں اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ کی واؤ پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

(۱۴) پارہ ۲۹ سورۂ الحاقہ کے پہلے رکوع میں لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ کی ہمزۂ ثانی پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

(۱۵) پارہ ۲۹ سورہ مزمل کے پہلے رکوع میں فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ کی نون پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

(۱۶) پارہ ۲۹ سورہ والمرسلات کے دوسرے رکوع میں فِیْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ کی ظا پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

(۱۷) پارہ ۳۰ سورہ والنازعات کے دوسرے رکوع میں اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا کی ذال پر زبر پڑھنا کفر ہے۔

قرآن شریف کے پڑھنے والوں کو اس کا جاننا اور پڑھتے وقت اسپر عمل کرنا نہایت ضروری ہے۔

از خادم العلماء محمد سعید الدین عفی

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریمؐ

تعبیر خواب ۔ ایک مشکل فن ہے اور یہ ہر شخص کے حصہ میں نہیں آیا۔ یہ الہام کی ایک شاخ ہے جبتک عقل رسا، خیال پاکیزہ، طبیعت صاف اور پابندی شریعت حاصل نہ ہو کوئی شخص نہ خواب کی تعبیر دیسکتا ہے اور نہ صحیح خواب دیکھ سکتا ہے۔ کیونکہ جبتک پاکیزگی نفس حاصل نہ ہو اور عالم غیب اسپر منکشف نہیں ہوسکتے اور نہ تجلیات عالم بالا اسپر پرتو فگن ہوسکتی ہیں۔ پس سب سے پہلے انسان کا نیک نفس پاک طینت ہونا ضروری ہے۔ لوگ رات کو خواب دیکھتے ہیں صبح اٹھکر ہر کس و ناکس سے اس کی تعبیر پوچھتے پھرتے ہیں یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اول تو ہر ایک شخص کا خواب قابل اعتبار نہیں ہوسکتا۔ خیالات پریشان و تفکرات لاطائل کو اسمیں بڑا دخل ہے۔ دوسرے ہر شخص تعبیر نہیں دیسکتا کیونکہ ناواقف اشخاص کا ذہن خواب کی تعبیر تک نہیں پہنچ سکتا۔ علماء نے اس فن کے بھی اصول و قواعد مرتب کئے ہیں اور جب تک اُن سے واقف نہ ہو صحیح واقعہ تک ذہن کی رسائی ناممکن ہے۔ اسلئے ہمنے عوام کی سہولت کو مد نظر رکھ کر مستند علماء کی تحریروں سے خواب کی تعبیر اخذ کر کے لکھی ہیں اور مقدمہ کلام مجید میں اضافہ کی ہیں تاکہ عوام کو فائدہ پہنچے۔ وہ ہر ایک جاہل اور نافہم شخص سے خواب کی تعبیر نہ پوچھتے پھریں۔

خواب کی تعبیر میں مدارج اور مراتب کا بھی ضرور خیال رکھنا چاہئے۔ ایک امیر کبیر اور ایک مفلس و محتاج کا خواب برابر نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح پابند شریعت نیک چلن آدمی کا خواب اکثر سچا ہوتا ہے۔ برعکس اسکے بدکار، فاسق، جھوٹ بولنے والا، خدا ناترس، ظالم اور عورتوں کے خواب اکثر جھوٹے ہوتے ہیں ان کا کچھ اعتبار نہیں۔ مرد کا خواب عورت کی نسبت سچا ہوتا ہے۔ آزاد کا خواب غلام سے، ہشیار آدمی کا خواب مست و مدہوش سے، عالم کا خواب جاہل سے ہر صورت میں قابل ترجیح ہے۔

خواب اور خوابوں کی تعبیر اسی پر اور خوابوں کو قیاس کرنا چاہیئے

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
بہتا پانی دیکھنا	مشکل کام بخیر و خوبی و حسن انتظام انجام پذیر ہونگے۔	مینھ برستا دیکھنا	اگر تمام شہر میں مینھ برستا دیکھے خوشی حاصل ہو جو صرف اپنے ہی گھر میں دیکھے فساد بیماری ہو۔
بند پانی دیکھنا	فائدہ ہوگا۔ فساد کا اندیشہ جاتا رہے گا۔	باغ کا دیکھنا	سرسبز باغ دیکھے خوشی ہو، پژمردہ دیکھے رنج ہو۔
کھاری پانی دیکھنا	فکر و اندیشہ لاحق ہوگا۔	بال سر کے کٹے دیکھنا	قرض ادا ہو۔ امانت سے سبکدوشی ہو۔ بیٹا پیدا ہو۔
صاف پانی دیکھنا	درازی عمر و نعمت حاصل ہوگی۔	بال بڑھتے دیکھنا	جوان مرد و عورت کو درازی عمر ضعیف کو سفر آخرت۔
غلیظ پانی دیکھنا	عمر کوتاہ۔ بدخصلت عورت ملے گی۔	بالاخانہ دیکھنا	عالی مرتبہ پانا۔
آگ دیکھنا	مالدار عورت پائے۔	باتیں بہت کرنا	وکالت حاصل ہو۔
آسمان کی طرف اڑنا	سفر درپیش ہو۔ کامیابی حاصل ہو۔	بچھو کا دیکھنا	نقصان پہنچے۔ تکلیف ہو۔
آفتاب پر ابر دیکھنا	فکر و غمگین ہوگا۔ فضول تفکرات پیدا ہونگے۔	بوڑھا آدمی دیکھنا	سفر سے بخیریت مراجعت ہو۔
آگ ہاتھ میں اٹھانا	مال حرام پائے۔ بیہودہ خرچ ہو۔	بہرا دیکھنا	خبر بد سے حیران ہو۔
آئینہ دیکھنا	دوست یا رفیق خدمتگار ملے تمنائے دلی بر آئے۔	بیمار یا مردے کو گود میں دیکھنا	علامت صحت یا تندرستی کی ہے۔ خوش حال ہو۔
ازار بند دیکھنا	خدمتگار فرمانبردار یا نیک بخت عورت ملے۔	بھونرا دیکھنا	خوشی ہو۔ رنج و فکر دور ہو۔
اشرفی ملتے دیکھنا	فرزند نصیبہ ور پیدا ہو۔ مال و دولت بڑھے۔	بیگن دیکھنا	اگر موسم ہو تو اندیشہ ملال ہو بے موسم ہو تو انجام نیک ہے۔
انار پانا	نیک خصلت اولاد پیدا ہو۔	چشمہ یا تالاب کا پانی دیکھنا	بیشمار مال و دولت حاصل ہو۔
اندھو کو خواب میں دیکھنا	فائدہ سے محروم ہو سفر کو جائے تو نامراد واپس آئے۔	سارے دریا کا پانی پی جانا	مالدار ہو۔ اپنی قوم میں ذی وقار ہو۔
انگشتری دیکھنا	بیٹا پیدا ہو۔ مویشی ہاتھ آئیں۔ حکومت پائے۔	پائجامہ زرین دیکھنا	عیش دوست عورت ملے۔
انگوٹھی سے نگینہ گرنا	سرداری میں خلل آئے۔	پیسہ پانا	عیش کی نشانی ہے۔ خیانت سے مال ہاتھ لگے۔
انجیر کا پتہ کھانا	اندیشہ اور بیماری کی علامت ہے۔	تابوت اپنا دیکھنا	جس دشمن کا خوف ہو اسپر فتح پائے۔
انگور سفید دیکھنا	فائدہ کثیر حاصل ہو۔ صاحب تدبیر ہو۔	تانبہ دیکھنا	بادشاہ یا امیر سے نفع ہو توقیر حاصل ہو۔
انگور سیاہ دیکھنا	پریشانی و اضطراب حاصل ہو۔	تربوز کھانا	نعمت ملے۔ ہمچشموں میں آبرو ہو۔
انسان کا گوشت کھانا	مال حرام ہاتھ آئے۔ خدا بچائے آمین۔	ترنج دیکھنا	کثرت سے مال ملے نیک نام رہے۔
ادرک کھانا	شیریں بیان مقبول عام ہو۔	تکیہ دیکھنا	بزرگی ملے۔ بلند مرتبہ پائے۔
اونٹ پر سوار ہونا	سفر درپیش ہو۔ فائدہ بہت ہو۔	تیمم کرنا	خوشی حاصل ہو غم دور ہو جائے۔
اولے کا پانی دیکھنا	خوش حال فارغ البال ہو۔	تیر نشانہ پر لگانا	مقصد حاصل ہوگا۔
اپنے آپکو خود ہلاک کرنا	گناہوں سے تائب ہوکر افعال نیک کی طرف راغب ہو۔	تالاب میں نہانا	آلائش دنیا سے پاک ہو۔
اپنے کو قتل کرتے دیکھنا	درازی عمر کی علامت ہے۔	تار دیکھنا	رشتہ حیات مضبوط ہو۔
بادام دیکھنا	ترقی دولت کی دلیل ہے۔	پابندی دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے فسق و فجور سے باز رہے۔
بادشاہ کو دیکھنا	دولت و عزت پائے حکومت ملے۔	ہنسی ٹھٹھا کرنا	دنیا میں بے اعتبار ہو۔ دین میں خرابی آئے۔
بادشاہ کو ہنستا دیکھنا	عزت و توقیر حاصل ہو۔ بدبختی دور ہو۔	جنگل دیکھنا	رنج دفع ہو جائے دشمن پر فتحیاب ہو۔
بادشاہ کو بجزہ ترشرو دیکھنا	نقصان ہو صدقہ دے۔ رد بلا ہو۔	جھرنے کا پانی دیکھنا	صاحب وقار ہو دوست دشمن ہو۔
بادشاہ کو مردہ دیکھنا	ضوابط و قوانین نئے جاری ہوں۔		

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

خواب	تعبیر
جہاد کرنا	دنیا میں ذی وقار ہو۔ قوم کا سردار ہو۔
چاندی دیکھنا	دولت مند ہو۔ مال سے گھر بھر جائے۔
چاندی پانا	رنج و غم دور ہو۔ آرام حاصل ہو۔
چراغ روشن دیکھنا	عمر دراز ہو۔ اگر جھلملاتا دیکھے تو برعکس ہے۔
چشمہ دیکھنا	خیر و برکت۔ حصول نعمت ہو۔
چغند دیکھنا	علو مرتبہ ہو۔ شوکت زیادہ ہو۔
قضدر دیکھنا	خیر و برکت۔ تجارت میں منفعت ہو۔
چلتے ہوئے اذان دینا	حج نصیب ہو۔ مصیبت سے پاک ہو۔
چائے پینا	صحت کامل ہو۔ امید بر آئے۔
حمام میں غسل کرنا	غم و اندیشہ جاتا رہے۔ ہوس سے گمراہ ہو۔
جانور کا حلال کرنا	خیر و برکت زیادہ ہو۔ حاکم سے فائدہ پائے۔
خربوزہ کا کھانا دیکھنا	ہمت بلند اولاد سعادت مند ہو۔
خط پڑھنا	خوشخبری پائے۔ مال و اسباب جمع کرے۔

خواب	تعبیر
خلال کرنا	خویش و اقربا سے خصومت ہو یا کسی کام میں ذلت ہو۔
خوشبو لگانا	علم دین حاصل ہو۔ نیک نام ہو۔ یا فائدہ کثیر ہو۔
خون کرنا	تندرستی و امن سے بسر ہو دین و دنیا سے بیخبر ہو۔
بچھونا زمین پر بچھانا	عمر دراز ہو راحت ملے۔
بطیخ دیکھنا	حاکم وقت یا سردار سے نفع حاصل ہو۔
بکریاں چرانا	سرداری قوم حاصل ہو۔ فرزند یا عزیز کی مخالفت سے نقصان ہو۔
بلی دیکھنا	چور یا دشمن سے مقابلہ ہو۔
بوسہ دینا یا مصافحہ کرنا	مطلب دلی حاصل ہو۔ اعمال نیک کی طرف رغبت ہو۔
دشمن سے مصافحہ کرنا	آپس کی عداوت دور ہو۔
خرما کھانا	روزی حلال میسر ہو۔ اچھی بات سنے۔
خربوزہ کھانا	نفع کثیر ہو۔ روزی فراخ غیب سے ملے۔
خشت خام دیکھنا	جتنی دیکھے ہر ایک کے بدلے ہزار درم پائے مفت دولت ہاتھ آئے۔

ان تعبیروں کو خیال میں رکھے اور انھیں پر دوسری باتوں کو سوچکر عمل کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فالنامہ قرآنی

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

جو شخص فرقان حمید سے فال نکالنا چاہے تو اول وضو یا تیمم کرے پھر درود شریف اور سورۂ فاتحہ آیۃ الکرسی ایک ایکبار اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اسکے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَتَفَاءَلْتُ بِکِتَابِکَ فَاَرِنِیْ مَا ھُوَ الْمَکْتُوْمُ مِنْ سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِیْ عِلْمِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ اَنْزَلْتَ الْحَقَّ بِحَقِّ مُحَمَّدِنِ الْحَقِّ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سچے دل پاک اعتقاد کے ساتھ۔ اگر اول دن کا ہو تو اول کلام مجید اگر درمیان دن کا ہو تو درمیان قرآن شریف اور اگر آخری حصہ دن کا ہو تو آخر قرآن پاک کھولے اور سات ورق شمار کرے پھر ساتویں ورق کی ساتویں سطر پہ نظر ڈالے اور دیکھے شروع سطر میں کونسا حرف ہے اس حرف سے اس فالنامہ کے حروف میں سے جو نیچے درج کئے گئے ہیں اپنا جواب نکال لے اگر قرآن شریف میں نہ دیکھے تو مندرجہ ذیل نقش پر درود شریف پڑھکر اور آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت رکھے جونسے حرف پر انگلی رکھی جائے اسی حرف سے جوابات میں اپنا جواب تلاش کرے نقش یہ ہے:۔

ا	ب	ت	ث	ج	ح
خ	د	ذ	ر	ز	س
ش	ص	ض	ط	ظ	ع
غ	ف	ق	ک	ل	م
ن	و	ہ	لا	ء	ی

(الف) قولہ تعالیٰ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ
خوشی اور فیروزی کی علامت ہے غم و اندوہ سے رہائی ہو۔ درود بر و صلعم

(ب) قولہ تعالیٰ۔ بَرَاءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖٓ اِلَی الَّذِیْنَ عٰھَدْتُّمْ
تمام مشکل کام تیرے آسان ہونگے۔ درود بر و صلعم

(ت) قولہ تعالیٰ۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا
اس ارادہ میں چند روز صبر کرنا چاہیئے۔ سب کام بخیر انجام ہونگے۔

(ث) قولہ تعالیٰ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا
تمام کام انجام ہو کر خوشی و شادمانی حاصل ہوگی۔ درود بر و صلعم۔

(ج) قولہ تعالیٰ۔ فَلَمَّآ اَضَاءَتْ مَا حَوْلَہٗ ذَھَبَ اللّٰہُ بِنُوْرِھِمْ
فیروزی، سعادت، اور دولت پر دلالت کرتا ہے۔ درود بر و صلعم

(ح) قولہ تعالیٰ۔ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ
خوشی اور فیروزی کی شے ہے۔ غائب بسلامت پیش آئیگا۔

(خ) قولہ تعالیٰ۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ سخاوت کر صدقہ حسب مقدور دے۔

(د) قولہ تعالیٰ۔ اِنَّا جَعَلْنٰکَ خَلِیْفَۃً فِی الْاَرْضِ فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ
جمعیت دل اور کشادگی کار حاصل ہوگی۔ درود بر سید عالم صلعم

(ذ) قولہ تعالیٰ۔ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْھَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا
عیش و عشرت حاصل ہوگی۔ جس چیز کی طلب ہے دستیاب ہو جائے گی۔

(ر) قولہ تعالیٰ۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰھِدِیْنَ ۝
دولت و سعادتمندی حاصل ہوگی کچھ اندیشہ نہ کر۔ تمام کام حسب دلخواہ ہوں۔

(ز) قولہ تعالیٰ۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّہٗ
یہ تنگی رفع ہو جائیگی صبر کرو۔ تمام کام حسب دلخواہ ہو جائیں گے۔

(س) قولہ تعالیٰ۔ یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۝ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ
تمام حاجتیں پوری ہونگی جو ارادہ دل میں ہے بر آویگا۔ کاہلی نہ کرو۔

(ش) قولہ تعالیٰ۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ
شقاوت پریشانی پستگی۔ سرگردانی حاصل ہوگی۔

(ص) قولہ تعالیٰ۔ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا ۝
کہیں سے مال ملیگا۔ گم شدہ ہاتھ آئیگا۔ صبر کر مراد حاصل ہوگی۔

(ض) قولہ تعالیٰ۔ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْکِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ
خوشی اور دولت کی بشارت ہے۔ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

(ط) قولہ تعالیٰ۔ طٰہٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی ۝
کشایش حاصل ہوگی۔ لیکن نماز میں سستی نہ کرو۔ درود بر و صلعم

(ظ) قولہ تعالیٰ۔ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا
خوشی کی بشارت ہے۔ بیمار صحت پائے گا۔ کہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

(ع) قولہ تعالیٰ۔ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ
فتح اور نصرت کی دلالت ہے ایک بزرگ سے راحت ہوگی۔ درود پڑھو

(غ) قولہ تعالیٰ۔ اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ
نکاح کرنا چاہئے فائدہ ہوگا۔ مشکل کام آسان ہونگے۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

(ف) قولہ تعالیٰ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا
خوشی ہو۔ غائب واپس آئے گا۔ بیمار شفا پائے گا۔

(ق) قولہ تعالیٰ۔ قٓ وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَٰذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ
خلق میں مقبولیت ہوگی

(ک) قولہ تعالیٰ۔ كَذَٰلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ ط
اس نیت سے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ دشمنی کسی سے اچھی نہیں۔ درود پڑھو۔

(ل) قولہ تعالیٰ۔ اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ
تمام کام حسب دلخواہ ہونگے۔ نصیبہ قوت پکڑ گیا ہے۔

(م) قولہ تعالیٰ۔ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ
شیخ بصری رح فرماتے ہیں۔ خصومت نہ کرو۔ صبر کرو راحت پاؤگے

(ن) قولہ تعالیٰ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ
جو ارادہ دل میں ہے مبارک ہے سرانجام ہوگا۔

(و) قولہ تعالیٰ۔ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ
بے نیازی ہوگی۔ امام رازی رح فرماتے ہیں بلا سے بیخوفی حاصل ہوگی۔

(ہ) قولہ تعالیٰ۔ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ
اس ارادہ سے درگذر نہ کرنی چاہیے۔ اپنی نیت کا ثمر مل جائے گا۔

(لا) قولہ تعالیٰ۔ لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ط
جس عمل اور شغل کے درپے ہو اس کو چھوڑ دو۔ حاصل نہ ہوگا۔

(ی) قولہ تعالیٰ۔ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔
اس ارادہ میں تمکو بہت خوشی حاصل ہوگی۔

خواص القرآن و اعمال القرآن وغیرہ مع نقش مربع و مثلث تمام سورہائے قرآن مجید از سورۂ فاتحہ تا والناس

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴

۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۳۶
۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۴۱
۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۱
۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۸

۱۰۳۰۸۶	۱۰۳۱۸	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۰۹۳
۱۰۳۰۹۷	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۸۷	۱۰۳۰۹۹
۱۰۳۰۹۱	۱۰۳۰۹۴	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۸۸
۱۰۳۱۰۱	۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۹۵

سورۂ فاتحہ۔ لوگوں کے دلوں میں رعب حاجت براری دفعہ دردسر، بخار کیلئے، بچھو کے کاٹے، دعا کے قبول ہونے کیلئے موت کے سوا ہر چیز کی دوا۔ اہل و عیال کو ہر بلا سے جمعہ آئندہ تک محفوظ رکھنے کا عمل حصول روزی ہر مرض اور ہر کام کیلئے۔ اس سورت کے اعداد (۹۴۶۱) اور نقش معظم یہ ہے۔

۲۳۵۷	۲۳۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵
۲۳۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۳۷۰
۲۳۶۳	۲۳۶۶	۲۳۵۳	۲۳۵۹
۲۳۷۲	۲۳۶۰	۲۳۶۲	۲۳۶۷

۵ ف صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام اسی طرح عورت یعنی ہر صاحب دوسرے صاحب کے برابر ہے ہر غلام دوسرے غلام کے برابر ہے اشراف اور کم ذات کا فرق نہیں ہے دولت مند اور فقیر کا فرق نہیں جیسے کفر میں معمول ہو رہا تھا۔ فائدہ جس کو معاف ہوا یعنی مقتول کے وارث اگر قصاص موقوف کر کر مال پر راضی ہوں تو قاتل کو چاہیے کہ انکو راضی کرے اور منت انکا کر خون بہا پہنچاوے فائدہ یہ آسانی ہوئی یعنی اگلی امت پر قصاص ہی مقرر تھا اس امت پر معاف کرنا اور مال پر صلح کرنی بھی ہجری ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۨالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

موت اگر کچھ مال چھوڑے کہ دلوا مرے ماں باپ کو اور ناتے والوں کو دستور سے

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

ضرور ہے پرہیزگاروں کو پھر جو کوئی اس کو بدلے بعد اس کے کہ سن چکا تو اس کا گناہ انہی پر جنہوں نے

يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

بدلا بیشک اللہ ہے سنتا جانتا پھر جو کوئی ڈرا دلوانے والے کی طرفداری سے یا گناہ سے

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

پھر ان میں صلح کروا دے تو اس پر گناہ نہیں البتہ اللہ بخشنے والا ہے مہربان اے ایمان

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

والو حکم ہوا تم پر روزے کا جیسے حکم ہوا تھا تم سے اگلوں پر شاید تم پرہیزگار

تَتَّقُوْنَ ۝ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ

ہو جاؤ گنتی کے دن ہیں پھر جو کوئی تم میں بیمار ہو یا سفر میں

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ

تو گنتی چاہیے اور دنوں سے اور جن کو طاقت ہے تو بدلہ چاہیے ایک فقیر کا کھانا

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

پھر جو کوئی شوق سے کرے نیکی تو اس کو بہتر ہے اور روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم سمجھ

تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ

رکھتے ہو مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن ہدایت واسطے لوگوں کے اور

بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ

کھلی نشانیاں راہ کی اور فیصلہ پھر جو کوئی پاوے تم میں یہ مہینہ تو اس کو روزہ رکھے

وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ

اور جو کوئی ہو بیمار یا سفر میں تو گنتی چاہیے اور دنوں سے اللہ چاہتا ہے تم پر

الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي

آسانی اور نہیں چاہتا تم پر مشکل اور اس واسطے کہ پوری کرو گنتی اور بڑائی کرو اللہ کی اس پر

مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ

کہ تم کو راہ بتائی اور شاید تم احسان مانو اور جب تجھ سے پوچھیں بندے میرے مجھ کو تو میں

قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ

نزدیک ہوں پہنچتا ہوں پکارنے والے کی پکار کو جس وقت مجھ کو پکارتا ہے تو چاہیے کہ حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھ پر

منافع القرآن

ف اس رکوع سے معلوم ہوا کہ رمضان کا مہینہ اسی سے بڑا ہے کہ اس میں اترا قرآن پس قرآن کی خدمت اس مہینے میں دل چاہیے اسی سبب سے رسول خدا نے تقید کیا تراویح کا اور آپ چند روز جماعت کر کے پھر نہ کرائی کہ قرآن میں اشارات ہیں صریح فرض نہ ہو جاوے ۔ ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۝ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ

شاید نیک راہ پر آویں ‌ ف۱ حلال ہوا تم کو روزے کی رات میں بے پردہ ہونا اپنی عورتوں سے

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ

وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم پوشاک ہو ان کی اللہ نے معلوم کیا کہ تم اپنی چوری کرتے تھے

أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ

سو معاف کیا تم کو اور درگذر کی تم سے پھر اب ملو ان سے اور چاہو جو لکھ دیا

اللَّهُ لَكُمْ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ

اللہ نے تم کو اور کھاؤ اور پیو جب تک کہ صاف نظر آوے تم کو دھاری سفید جدا دھاری

الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ

سیاہ سے فجر کی پھر پورا کرو روزہ رات تک اور نہ لگو ان سے جب

عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ

اعتکاف بیٹھے ہو مسجدوں میں یہ حدیں باندھی ہیں اللہ کی سو ان کے نزدیک نہ جاؤ اس طرح بیان کرتا ہے

اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ

اللہ اپنی آیتیں لوگوں کو شاید وہ بچتے رہیں ف۲ اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کے آپس میں ناحق

وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَ

اور نہ پہنچاؤ ان کو حاکموں تک کہ کھا جاؤ کاٹ کر لوگوں کے مال میں سے مارے گناہ کے اور

أَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ

تم کو معلوم ہے تجھ سے پوچھتے ہیں چاند کا نکلنا تو کہہ یہ وقت ٹھہرے ہیں واسطے لوگوں کے

وَالْحَجِّ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِن ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ

اور واسطے حج کے اور نیکی یہ نہیں کہ گھروں میں آؤ چھت پر سے لیکن نیکی وہی جو کوئی

اتَّقَىٰ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ وَقَاتِلُوا

بچتا رہے اور گھروں میں آؤ دروازوں سے اور اللہ سے ڈرتے رہو شاید تم مراد کو پہنچو اور لڑو

فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

اللہ کی راہ میں ان سے جو لڑتے ہیں تم سے اور زیادتی مت کرو اللہ نہیں چاہتا زیادتی

الْمُعْتَدِينَ ۝ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ

والوں کو اور مار ڈالو ان کو جس جگہ پاؤ اور نکال دو ان کو جہاں سے انہوں نے

أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ الْمَسْجِدِ

تم کو نکالا اور دین سے بچلانا مارنے سے زیادہ ہے اور نہ لڑو ان سے مسجد حرام

موضح القرآن

ف۱ پہلی آیت میں فرمایا کہ بڑائی کرو اللہ کی یعنی عید کے دن جو تکبیر کہتے ہیں سو آواز بلند اس واسطے دوسری آیت میں فرمایا کہ اللہ دور نہیں اور بلند آواز اور فائدے کے واسطے ہر ایک شخص نے حضرت سے یہی پوچھا کہ ہمارا رب دور ہے تو ہم اس کو پکاریں یا نزدیک تو ہم آہستہ بات کہیں اس پر یہ آیت اتری ۱۲ منہ رح

ف۲ جب روزہ فرض ہوا تو مسلمان سارے رمضان میں عورت کے پاس نہ جاتے اور پہلی امت کی طرح رات کو سو کر پھر نہ کھاتے اس بیچ میں بعضے شخص نہ رہ سکے پھر حضرت کے پاس عرض کیا تب یہ آیت اتری یعنی تم اپنی چوری کرتے تھے اللہ نے منع نہیں کیا اور کھانا صبح تک رخصت ہے جب دھاری سفید چمکے وہی صبح صادق ہے اور جب تک روشنی

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ

پاس جب تک وہ نہ لڑیں تم سے اس جگہ پھر اگر وہ لڑیں تو ان کو مارو یہی سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ○ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا

منکروں کی پھر اگر وہ باز آویں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور لڑو ان سے جب تک نہ

تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى

باقی رہے فساد اور حکم رہے اللہ کا پھر اگر وہ باز آویں تو زیادتی نہیں مگر

الظّٰلِمِيْنَ ○ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ

بے انصافوں پر ۔ حرمت کا مہینہ مقابل حرمت کے مہینہ کے اور ادب رکھنے میں بدلہ ہے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَ

پھر جس نے تم پر زیادتی کی تو تم اس پر زیادتی کرو جیسے اس نے زیادتی کی تم پر اور

اتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ○ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا

ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ ساتھ ہے پرہیزگاروں کے ۔ اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں اور نہ

تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ ۖ وَاَحْسِنُوْا ۛ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○

ڈالو اپنی جان کو ہلاکت میں اور نیکی کرو اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کے واسطے پھر اگر تم روکے گئے تو جو میسر ہو قربانی بھیجو

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ

اور حجامت نہ کرو سر کی جب تک پہنچ نہ چکے قربانی اپنے ٹھکانہ پر پھر جو کوئی تم میں

مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ

مریض ہو یا اس کو دکھ دیا ہو اس کے سر نے تو بدلہ دیوے روزے یا خیرات

اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ٝ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ

یا ذبح کرنا پھر جب تم کو خاطر جمع ہو تو جو کوئی فائدہ لیوے عمرہ ملا کر حج کے ساتھ تو جو میسر ہو قربانی

الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ

پہنچاوے پھر جس کو پیدا نہ ہو روزے تین دن کے حج کے وقت میں اور سات دن جب پھر کر جاؤ

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

یہ دس پورے ہوئے یہ اس کو ہے جس کے گھر والے نہ ہوں رہتے مسجد حرام پاس

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٤ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے حج کے کئی مہینے ہیں معلوم

موضح القرآن

ف یعنی لڑائی کافروں سے اسی واسطے ہے کہ ظلم موقوف ہو اور دین کو گمراہ نہ کر سکیں اور حکم اللہ تعالیٰ کا جاری رہے اگر تابع ہو کر رہیں تو لڑائی کی حاجت نہیں اور ایمان تو دل پر موقوف ہے زور سے مسلمان کرنا کیا حاصل ۱۲ منہ رح

ف یعنے اگر کوئی کافر ماہ حرام کو نہ مانے کہ اس مہینے میں تم سے نہ لڑے تو تم بھی اس سے نہ لڑو اور مکہ کے لوگ اسی مہینے میں ظلم کرتے رہے مسلمانوں پر پھر مسلمان ان سے کیوں قصور کریں بلکہ سفر حدیبیہ میں ماہ ذیقعدہ تھا عمرے کو حضرت گئے اور کافر لڑنے کو موجود ہوئے یہ آیت اس واسطے اتری کہ مسلمان خطرہ کرتے تھے کہ اگر ماہ حرام میں کافر لگیں لڑنے تو ہم کیا کریں ۱۲

ف یعنے ۲۴ چھوڑ کر جہاد ... میں تمہارا ہلاک ہے

ع ۱

ع ۸

عند المتقدمین ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ

پھر جس نے لازم کر لیا ان میں حج تو بے پردہ ہونا نہیں عورت سے اور نہ گناہ کرنا اور نہ جھگڑا کرنا حج میں

وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ

اور جو کچھ تم کرو گے نیکی اللہ کو معلوم ہوگی اور خرچ راہ لیا کرو کہ خرچ راہ میں بہتر ہے گناہ سے بچنا

وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ

اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو نہیں تم پر کچھ گناہ کہ تلاش کرو فضل اپنے

رَبِّكُمْ فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

رب کا پھر جب طواف کو چلو عرفات سے تو یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر حرام کے

وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِنْ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ثُمَّ

اور اس کو یاد کرو جس طرح تم کو سکھایا اور تم تھے اس سے پہلے راہ بھولے پھر

أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ چلیں اور گناہ بخشواؤ اللہ سے اللہ ہے بخشنے والا

رَحِيمٌ فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ

مہربان پھر جب پورے کر چکو اپنے حج کے کام تو یاد کرو اللہ کو جیسے یاد کرتے تھے اپنے باپ داداؤں کو

أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي

بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد پھر کوئی آدمی کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دنیا میں اور اس کو

الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَ

آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور کوئی ان میں کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دنیا میں خوبی اور

فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ أُولَٰئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِمَّا كَسَبُوا

آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو عذاب سے دوزخ کے یہ لوگ ان ہی کو ہے کچھ حصہ اپنی کمائی سے

وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي

اور اللہ جلد لیتا ہے حساب اور یاد کرو اللہ کو کئی دن گنتی کے پھر جو کوئی جلدی چلا گیا

يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ لِمَنِ اتَّقَىٰ وَاتَّقُوا اللَّهَ

دو دن میں اس پر نہیں گناہ اور جو کوئی رہ گیا اس پر نہیں گناہ جو کوئی ڈرتا ہے اور ڈرتے رہو اللہ سے

وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي

اور جان رکھو کہ تم اسی پاس جمع ہوگے ف اور بعضا آدمی ہے کہ خوش آوے تجھ کو بات اس کی

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ وَإِذَا

دنیا کی زندگی میں اور گواہ پکڑتا ہے اللہ کو اپنے دل کی بات پر اور وہ سخت جھگڑالو ہے اور جب

ف ان آیتوں میں یہ فرمایا کہ کفر کے وقت دستور تھا حج سے فارغ ہو کر تین روز عید کے بعد خوشی کرتے اور بازار لگاتے اور اپنے باپ دادوں کے سلوک بیان کرتے اب اللہ صاحب نے اسکے بدلے تین دن ٹھہرنا مقرر کیے اللہ تعالیٰ کو یاد کرو ان دنوں میں منیٰ میں پھر کر کنکر پھینکتے ہیں اور ہر نماز کے بعد تکبیر کہتے ہیں اور سوائے نماز ہر وقت ہو اگر کوئی چاہے تو دو ہی دن رہکر رخصت ہو اور تین دن رہے تو بہتر اور یہ فرمایا کہ جن کو رغبت نری دنیا پر ہے وہ آخرت سے محروم رہیں اب حج کا مذکور ہو چکا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰهُ لَا

پیٹھ پھیرے دوڑتا پھرے ملک میں کہ اس میں ویرانی کرے اور ہلاک کرے کھیتیاں اور جانیں اور اللہ خوش نہیں

يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ

رکھتا فساد کرنا اور جب کہیے اس کو اللہ سے ڈر تو کھینچ لاوے اس کو غرور گناہ پر سو بس ہے اس کو

جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ

دوزخ اور بری تیاری ہے ف اور کوئی آدمی ہے کہ بیچتا ہے اپنی جان تلاش کرتا خوشی

اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَاۗفَّةً

اللہ کی اور اللہ شفقت رکھتا ہے بندوں پر ف اے ایمان والو داخل ہو مسلمانی میں پورے

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ

اور مت چلو قدموں پر شیطان کے وہ تمہارا صریح دشمن ہے پھر اگر ڈگنے لگو

بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

بعد اس کے کہ پہنچے تم کو صاف حکم تو جان رکھو کہ اللہ زبردست ہے حکمت والا کیا لوگ یہی انتظار رکھتے ہیں

اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ

کہ آوے اللہ ان پر ابر کے سائبانوں میں اور فرشتے اور فیصل ہووے کام

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰھُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ

اور اللہ ہی کی طرف رجوع ہیں سب کام ف پوچھ بنی اسرائیل سے کتنی دیں ہم نے ان کو آیتیں

بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

واضح اور جو کوئی بدل ڈالے اللہ کی نعمت بعد اس کے کہ پہنچ چکی اس کو تو اللہ کی مار

الْعِقَابِ ۝ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ

سخت ہے رجھایا ہے منکروں کو دنیا کی زندگی پر اور ہنستے ہیں ایمان والوں سے

وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اور پرہیزگار ان سے اوپر ہوں گے قیامت کے دن اور اللہ روزی دیوے جس کو چاہے بے شمار

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۣ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠

تھا لوگوں کا دین ایک پھر بھیجے اللہ نے نبی خوشی اور ڈر سنانے

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ

اور اتاری ان کے ساتھ کتاب سچی کہ فیصلہ کرے لوگوں میں جس بات میں جھگڑا کریں

وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا

اور کتاب میں جھگڑا ڈالا نہیں مگر انہوں نے جن کو ملی تھی بعد اس کے کہ ان کو پہنچ چکے صاف حکم آپس کی

تفسیر القرآن

ف یہ حال ہے منافق کا کہ ظاہر میں خوشامد کرے اور اللہ کو گواہ کرے کہ میرے دل میں تمہاری محبت ہے اور جھگڑے کے وقت کچھ کمی نہ کرے اور قابو پاوے تو لوٹ اور مار مچاوے اور منع کرنے سے اور ضد چڑھے زیادہ گناہ کرے ایک شخص اخنس ابن شریق تھا اس نے حضرت ... ۲۵ ع ۹ ۱۲ منہ رح

یہ حال ہے صاحب ایمان کا کہ اللہ کی رضا پر اپنی جان دیوے ۱۲

ف یعنی پیغمبر اور قرآن پر یقین نہیں لاتے تو اب منتظر ہیں کہ خدا آپ ہی آوے اور ہر کسی سے اس کے عمل کے موافق جزا دیوے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ

ضد سے پھر اب راہ دی اللہ نے ایمان والوں کو اس سچی بات کی جس میں وہ جھگڑ رہے تھے اپنے حکم سے

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا

اور اللہ چلاوے جس کو چاہے سیدھی راہ کیا تم کو خیال ہے کہ جنت میں

الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ

چلے جاؤ گے اور ابھی تم پر آئے نہیں احوال ان کے جو ہو چکے تم سے پہنچی ان کو سختی

وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ

اور تکلیف اور جھڑجھڑائے گئے یہاں تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے کب آوے گی مدد

اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۭ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

اللہ کی سن رکھو مدد اللہ کی نزدیک ہے تجھ سے پوچھتے ہیں کیا چیز خرچ کریں تو کہہ جو چیز خرچ کرو

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ

فائدے کی سو ماں باپ کو اور نزدیک کے ناتے والوں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافر کو

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ

اور جو کرو گے بھلائی سو وہ اللہ کو معلوم ہے ف۱ حکم ہوا تم پر لڑائی کا اور وہ

كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْــــًٔـا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا

بری لگتی ہے تم کو اور شاید تم کو بری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تم کو اور شاید تم کو خوش لگے

شَـيْــــًٔـا وَّھُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ

ایک چیز اور وہ بری ہو تم کو اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے تجھ سے پوچھتے ہیں

الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ

حرام کے مہینہ کو اس میں لڑائی کرنی تو کہہ اس میں لڑائی بڑا گناہ ہے اور روکنا اللہ کی

اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

راہ سے اور اس کو نہ ماننا اور مسجد حرام سے روکنا اور نکال دینا اس کے لوگوں کو وہاں سے اس سے زیادہ گناہ ہے اللہ کے ہاں

وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ

اور دین سے بچلانا مار ڈالنے سے زیادہ اور وہ تو لگے ہی رہتے ہیں تم سے لڑنے کو یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں تمہارے

دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَھُوَ

دین سے اگر مقدور پاویں اور جو کوئی پھرے گا تم میں اپنے دین سے پھر مر جاوے گا

كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

کفر ہی پر تو ایسوں کے ضائع ہوئے عمل دنیا اور آخرت میں اور وہ لوگ آگ والے

نصف القرآن

ف۱ لوگوں نے پوچھا تھا کہ مالوں میں سے کس مال کا خرچ کرنا بہت ثواب ہے جواب فرمایا کہ مال کوئی ہو لیکن جس قدر ٹھکانہ پر خرچ ہو ثواب زیادہ ہو ۱۲ منہ رح

ع ۲۶ / ۶ / ۱۰

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

ہیں وہ اسی میں رہ پڑے جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور لڑے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ يَسْأَلُونَكَ

اللہ کی راہ میں وہ امیدوار ہیں اللہ کی رحمت کے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے تجھ سے پوچھتے ہیں

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ

حکم شراب کا اور جوئے کا تو کہہ ان میں گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہیں لوگوں کو اور ان کا گناہ فائدہ سے بڑا

مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ ۖ قُلِ الْعَفْوَ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں تو کہہ جو افزود ہو اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ○ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ

تمہارے واسطے حکم شاید تم دھیان کرو دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور پوچھتے ہیں تجھ سے

الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ

یتیموں کا حکم تو کہہ سنوارنا ان کا بہتر ہے اور اگر خرچ ملا رکھو ان کا تو تمہارے بھائی ہیں اور اللہ کو معلوم ہے

الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ وَلَا

خرابی کرنے والا اور سنوارنے والا اور اگر چاہتا اللہ تم پر مشکل ڈالتا اللہ زبردست ہے تدبیر والا اور

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ ۚ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ

نکاح میں نہ لاؤ شرک والی عورتیں جب تک کہ ایمان نہ لاویں اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے کسی شرک والی سے اگرچہ

أَعْجَبَتْكُمْ ۗ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا ۚ وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ

تم کو خوش آوے اور نکاح نہ کر دو شرک والوں کو جب تک ایمان نہ لاویں اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہے کسی

مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ ۗ أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ ۖ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ

شرک والے سے اگرچہ تم کو خوش آوے وہ لوگ بلاتے ہیں دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کی طرف

وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ ۖ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤﴾ وَ

اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے اور بتاتا ہے اپنے حکم لوگوں کو شاید وہ چوکس ہو جاویں اور

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ ۖ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ ۖ وَلَا

پوچھتے ہیں تجھ سے حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہے سو تم پرے رہو عورتوں سے حیض کے وقت اور

تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ ۖ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ

نزدیک نہ ہو ان سے جب تک پاک نہ ہو ویں پھر جب ستھرائی کر لیں تو جاؤ ان پاس جہاں سے حکم دیا تم کو

اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ○ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ

اللہ نے اللہ کو خوش آتے ہیں توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہیں ستھرائی والے عورتیں تمہاری کھیتی ہیں

موضح القرآن

ف شراب اور جوئے کے حق میں کئی آیتیں اتریں ہر ایک میں ان کی برائی ہے آخر سورہ مائدہ کی آیت اتری کہ صاف حرام ہو گئی جو چیز نشہ کرے سب حرام ہے اور جو شرط بدی جاوے اس پر مال لیا جاوے سب حرام ہے اور پوچھا لوگوں نے مال کس قدر خرچ کریں حکم ہوا کہ اپنی حاجت سے افزود ہو تب خرچ کرو جیسا کہ آخرت کا فکر ضرور ہے دنیا کا فکر بھی ضرور ہے سارا مال اٹھا ڈالو تو دنیا کی حاجت میں عاجز رہو

ع ۲۷ ۵ ۱۱

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا
تمہاری سو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو اور آگے کی تدبیر کرو اپنے واسطے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو

أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلَا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ
کہ تم کو اس سے ملنا ہے اور خوشخبری سنا ایمان والوں کو ف۱ اور نہ ٹھیراؤ اللہ کو ہتہ کھنڈا اپنی قسمیں کھانے کا

أَن تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝
کہ سلوک نہ کرو اور پرہیزگاری اور صلح درمیان لوگوں کے اور اللہ سنتا ہے جانتا ف۲

لَّا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ
نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری ناکاری قسموں پر لیکن پکڑتا ہے اس کام پر جو کرتے ہیں

قُلُوبُكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ۝ لِّلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ
دل تمہارے اور اللہ بخشنا ہے تحمل والا ف۳ جو لوگ قسم کھا رہتے ہیں اپنی عورتوں سے ان کو فرصت ہے

أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ
چار مہینے پھر اگر مل گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر ٹھیرایا رخصت کرنا

فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ
تو اللہ سنتا ہے جانتا ف۴ اور طلاق والی عورتیں انتظار کروائیں اپنے تئیں تین حیض تک

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَن يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِن كُنَّ يُؤْمِنَّ
اور ان کو حلال نہیں کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا اللہ نے ان کے پیٹ میں اگر ایمان رکھتی ہیں

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَٰلِكَ إِنْ أَرَادُوا
اللہ پر اور پچھلے دن پر اور ان کے خاوندوں کو پہنچتا ہے پھیر لینا ان کا اتنی دیر میں اگر چاہیں

إِصْلَاحًا وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ
صلح کرنی اور عورتوں کا بھی حق ہے جیسا ان پر حق ہے موافق دستور کے اور مردوں کو ان پر

دَرَجَةٌ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ
درجہ ہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا طلاق ہے دو بار تک پھر رکھنا موافق دستور کے

أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَن تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا
یا رخصت کرنا نیکی سے اور تم کو روا نہیں کہ لے لو کچھ اپنا دیا ہوا عورتوں کو

إِلَّا أَن يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ
مگر کہ وہ دونوں ڈریں کہ ٹھیک نہ رکھیں گے قاعدے اللہ کے پھر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ ٹھیک نہ رکھیں گے قاعدے اللہ کے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا وَمَن
تو نہیں گناہ دونوں پر جو بدلہ دے کر چھوٹے عورت یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے سو ان سے آگے مت بڑھو اور جو کوئی

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس راہ سے چاہو جاؤ کھیتی اپنی میں لیکن کھیتی وہی جہاں تخم ڈالے تو اگے اور آگے کی تدبیر کرو یعنی اس صحبت میں نیت چاہیئے اولاد کی تا ثواب ملے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی خدا کی قسم اچھا کام چھوڑنے پر نہ کھایئے مثلاً ماں باپ سے نہ بولوں گا یا اس فقیر کو نہ دونگا اور اگر کھا بیٹھے تو قسم توڑے اور کفارہ دے ۱۲ منہ

ف۳ ناکاری قسم وہ جو منہ سے نکلے اور دل کو خبر نہ ہو ۱۲ رح

ف۴ یعنے جس نے قسم کھائی کہ وہ اپنی عورت پاس نہ جاوے تو چار مہینے میں جاوے اور قسم کی کفارت دے نہیں تو طلاق ٹھیرا ۱۲ منہ رح

ع ۲۸ ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يَتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ
بڑھ چلے اللہ کے قاعدوں سے سو وہی لوگ ہیں گنہگار ف پھر اگر اس کو طلاق دی تو اب حلال نہیں اسکو

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ
وہ عورت اس کے بعد جب تک نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اسکے سوائے پھر اگر وہ شخص اس کو طلاق دیدے تب گناہ نہیں ان دونوں پر کہ

يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا
پھر مل جاویں اگر خیال کریں کہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے اور یہ دستور باندھے ہوئے ہیں اللہ کے بیان کرتا ہے

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ
واسطے جاننے والوں کے اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک تو رکھ لو ان کو

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ
دستور سے یا رخصت کر دو ان کو دستور سے اور مت بند کرو ان کو ستانے کو تا زیادتی کرو

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا
اور جو کوئی یہ کام کرے اس نے برا کیا اپنا اور مت ٹھیراؤ حکم اللہ کے ہنسی

وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ
اور یاد کرو احسان اللہ کا جو تم پر ہے اور وہ جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتیں

يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ
کہ تم کو سمجھاوے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ سب چیز جانتا ہے اور جب طلاق دی تم نے

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ
عورتوں کو پھر پہنچ چکیں اپنی عدت تک تو اب نہ روکو ان کو کہ نکاح کریں اپنے خاوندوں سے

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ
جب راضی ہو جاویں آپس میں موافق دستور کے یہ نصیحت ملتی ہے اس کو جو کوئی تم میں یقین

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ
رکھتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر اسی میں سنوار زیادہ ہے تم کو اور ستھرائی اور اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ
نہیں جانتے اور لڑکے والیاں دودھ پلاویں اپنے لڑکوں کو دو برس پورے جو کوئی

اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت اور لڑکے والے پر ہے کھانا اور پہننا ان کا موافق دستور کے

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ
تکلیف نہیں کسی شخص کو مگر جو اس کی گنجائش ہے نہ ضرر پاوے ماں اپنی اولاد کا اور نہ لڑکے والا

موضح القرآن

ف یعنی عدت تک مرد چاہے تو عورت کو پھیر رکھے یہ بات پہلی طلاق میں ہے اور دوسری میں بعد اس کے نہ پھیر سکے گی تو موافق شرع اس کے حق ادا کر سکے تو رکھے کہ پھر قضیہ نہ ہو اور نہ رکھ سکے تو رخصت کرو

ع ٢٩ ١٣

اس نیت سے نہ اٹکا دے کہ عاجز ہو کر جو میں نے دیا تھا وہ پھیر جاوے یہ جب روا ہے کہ ناچار ہو اور کسی طرح دونوں کی خو نہ ملے اور مرد کی طرف سے ادائے حق میں قصور نہ ہو اسوقت سب لوگ مل کر عورت سے پھروا دیں اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِوَلَدِهٖ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا

اپنی اولاد کا اور وارث پر بھی یہی ذمہ ہے پھر اگر دونوں چاہیں دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا

اور مشاورت سے تو ان کو نہیں گناہ اور اگر تم مرد چاہو کہ دودھ پلواؤ اپنی اولاد کو تو تم پر نہیں

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

گناہ جب حوالے کر دیا جو تم نے دینا ٹھیرایا تھا موافق دستور کے اور ڈرو اللہ سے اور جان رکھو کہ

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے ول اور جو لوگ مر جاویں تم میں اور چھوڑ جاویں عورتیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا

وہ انتظار کروا دیں اپنے تئیں چار مہینے اور دس دن پھر جب پہنچ چکیں اپنی عدت کو تو تم پر گناہ

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

نہیں جو وہ اپنے حق میں کریں موافق دستور کے اور اللہ کو تمہارے کام کی

خَبِيْرٌ ۝ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ

خبر ہے ول اور گناہ نہیں تم پر جو پردے میں کہو پیغام نکاح کا عورت کو یا چھپا رکھو

فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا

اپنے دل میں معلوم ہے اللہ کو کہ تم البتہ ان کا دھیان کروگے لیکن وعدہ نہ کر رکھو ان سے چھپ کر مگر

اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ڛ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ

یہی کہ کہدو ایک بات جس کا رواج ہے اور نہ باندھو گرہ نکاح کی جب تک پہنچے

الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا

حکم اللہ کا اپنی مدت کو اور جان رکھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو تمہارے دل میں ہے تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو

اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ

کہ اللہ بخشتا ہے تحمل والا ہے ول گناہ نہیں تم پر اگر طلاق دو عورتوں کو جب تک ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو

اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ښ وَّمَتِّعُوْهُنَّ عَلَي الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَي

یا مقرر کیا ہو ان کا کچھ حق اور ان کو خرچ دو وسعت والے پر اس کے موافق ہے اور تنگی والے پر

الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ

اس کے موافق جو خرچ دستور ہے لازم ہے نیکی والوں پر اور اگر طلاق دو

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ

ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے اور ٹھیرا چکے ہو ان کا حق تو لازم ہوا آدھا جو ٹھیرا چکے تھے

موضح القرآن
ف یعنی اگر مرد اور عورت میں طلاق ہوئی اور لڑکا رہا دودھ پیتا تو ماں دو برس بند ہے اسکے دودھ پلانے کو اور باپ پر اسکا خرچ اٹھانا اور اگر باپ مر گیا تو لڑکے کے وارث اسکا خرچ اٹھاویں اور جو دو برس سے کم میں چھڑاویں اپنی خوشی سے تو بھی روا ہے اور باپ کسی اور سے پلاوے ماں کو بند نہ کیجے تو بھی روا ہے لیکن اسکے بدلے میں کا پہلا حق نہ کاٹ رکھیے ف طلاق کی عدت بیان ہو چکی فرمائی اور موت کی عدت چار مہینے دس دن ہے دونوں جب ہیں کہ حمل معلوم نہ ہو اور اگر حمل معلوم ہو تو حمل تک ۱۲ منہ ف یعنی عورت کا ایک خاوند مر گیا اسے چھوٹی ہے اور عدت میں ہے تو کسی اور کو روا نہیں کہ اس سے نکاح باندھ لے یا صاف وعدہ کر رکھے لیکن نیت رکھنے کہ یہ فارغ ہوگی تو میں نکاح کروں گا یا اسکو
(باقی آئندہ)

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِلَّا أَن يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَا الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَن تَعْفُوا أَقْرَبُ
مگر یہ کہ درگزر کریں عورتیں یا درگزر کرے جس کے ہاتھ گرہ ہے نکاح کی اور تم مرد درگزر کرو تو قریب ہے

لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ ف
پرہیزگاری سے اور نہ بھلا دو بڑائی رکھنی آپس میں تحقیق اللہ جو کرتے ہو سو دیکھتا ہے

حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝ فَإِنْ
خبردار رہو نمازوں سے اور بیچ والی نماز سے اور کھڑے رہو اللہ کے آگے ادب سے پھر اگر تم کو

خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ
ڈر ہو تو پیادہ پڑھ لو یا سوار پھر جس وقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو جیسا تم کو سکھایا ہے جو تم

تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً
نہ جانتے تھے اور جو لوگ تم میں مر جاویں اور چھوڑ جاویں عورتیں وصیت کر دیں

لِّأَزْوَاجِهِم مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ ۚ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
اپنی عورتوں کے واسطے خرچ دینا ایک برس نہ نکال دینا پھر اگر وہ نکل جاویں تو گناہ نہیں تم پر

فِي مَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ مِن مَّعْرُوفٍ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلِلْمُطَلَّقَاتِ
جو کچھ کریں اپنے حق میں دستور کی بات اور اللہ زبردست ہے حکمت والا اور طلاق والیوں کو

مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ
خرچ دینا ہے موافق دستور کے لازم ہے پرہیزگاروں پر اس طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے اپنی آیتیں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَهُمْ
شاید تم بوجھ رکھو تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جو نکلے اپنے گھروں سے اور وہ

أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ
ہزاروں تھے موت کے ڈر سے پھر کہا ان کو اللہ نے مر جاؤ پیچھے ان کو جلا دیا بے شک اللہ

لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ۝ وَ
تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر اور لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے اور

قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ مَّن ذَا الَّذِي
لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ اللہ سنتا ہے جانتا کون شخص ہے

يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً ۚ وَ
ایسا کہ قرض دے اللہ کو اچھا قرض کہ وہ اس کو دونا کر دے کئے برابر اور

اللَّهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِن
اللہ تنگی کرتا ہے اور کشائش اور اسی کے پاس الٹے جاؤ گے تو نے نہ دیکھی ایک جماعت

(بقیہ صفحہ ۳۵) پردے میں سنا دیجئے تاکہ اس سے پہلے کوئی اور نہ کہہ بیٹھے پردہ یہ کہ ایک بات کہہ دی مرجع سی مثلاً عورت کو کہے کہ تجھ کو بہت سے عزیز کریگا یا یہ کہ مجھکو ارادہ ہے نکاح کا ۱۲ منہ

موضح القرآن صفحہ ھذا

ف یعنی اگر مہر ٹھہر چکا تھا پھر بن ہاتھ لگائے طلاق دی تو آدھا مہر لازم ہے مگر عورتیں درگذر کریں کہ بالکل چھوڑ دیں یا مرد درگذر کرے جو مختار تھا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا کہ پورا مہر حوالہ کرے پھر فرمایا کہ مرد درگذر کرے تو بہتر ہے کیونکہ اللہ نے بڑائی دی ہے مرد کیطرف کو اور اسکو مختار کیا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا تو اپنی بڑائی رکھے۔ فائدہ چار صورتیں ہو سکتی ہیں یہاں دو کا حکم فرمایا ایک یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے اور (باقی آئندہ)

ع ۳۱ ۱۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بَنِي إِسْرَاءِيلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَى إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ لَنَا

بنی اسرائیل میں موسیٰ کے بعد جب کہا اپنے نبی کو کہ مقرر کر دے ہم کو

مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ

ایک بادشاہ کہ ہم لڑائی کریں اللہ کی راہ میں وہ بولا یہ بھی توقع ہے تم سے کہ اگر حکم ہو

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا قَالُوا وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ

تم کو لڑائی کا تب نہ لڑو بولے ہم کو کیا ہوا کہ ہم نہ لڑیں اللہ کی راہ میں

اللَّهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَأَبْنَائِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ

اور ہم کو نکال دیا ہے ہمارے گھروں سے اور بیٹوں سے پھر جب حکم ہوا ان کو

الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

لڑائی کا پھر گئے مگر تھوڑے سے ان میں اور اللہ کو معلوم ہیں گنہگار

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوا

اور کہا ان کو ان کے نبی نے اللہ نے کھڑا کر دیا تم کو طالوت بادشاہ بولے

أَنَّى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ

کہاں ہوگی اس کو سلطنت ہمارے اوپر اور ہمارا حق زیادہ ہے سلطنت میں اس سے اور اس کو

يُؤْتَ سَعَةً مِنَ الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ

ملی نہیں کشائش مال کی کہا اللہ نے اس کو پسند کیا تم سے اور زیادہ

بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ

کشائش دی اسے عقل میں اور بدن میں اور اللہ دیتا ہے اپنی سلطنت جس کو چاہے اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ

کشائش والا ہے سب جانتا اور کہا ان کو ان کے نبی نے نشان اس کی سلطنت کا یہ ہے کہ آوے تم کو

التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِمَّا تَرَكَ آلُ

صندوق جس میں ہے دل جمعی تمہارے رب کی طرف سے اور کچھ بچی چیزیں جو چھوڑ گئے

مُوسَى وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً

موسیٰ اور ہارون کی اولاد اٹھا لاویں اس کو فرشتے اس میں نشانی پوری ہے

لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ

تم کو اگر یقین رکھتے ہو پھر جب باہر ہوا طالوت فوجیں لے کر

قَالَ إِنَّ اللَّهَ مُبْتَلِيكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي

کہا اللہ تعالیٰ تم کو آزماتا ہے ایک نہر سے پھر جس نے پانی پیا اس کا وہ میرا نہیں

(تفسیر) دوسری یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر جس سے پہلے طلاق دے اور دو صورتیں باقی رہیں ایک یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورۃ نساء میں مذکور ہے دوسری یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے اس میں مہر مثل پورا دینا چاہیے یعنی جو اس عورت کی قوم میں معمول ہے اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتھ لگایا ۱۲ سندہ موضح القرآن

ف بعد حضرت موسیٰ کے ایک مدت بنی اسرائیل کا کام بنا رہا پھر جب ان کی نیت بری ہوئی ان پر غنیم مسلط ہوا جالوت بادشاہ کافر نے ان کے اطراف کے شہر چھین لئے اور لوٹا اور بندی پکڑ لے گیا داں سے بھاگے لوگ ۳۲ شہر بیت المقدس میں جمع ہوئے حضرت شمویل پیغمبر سے چاہا کوئی بادشاہ باقبال مقرر کر دو کہ بغیر

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهٗ

اور جس نے اس کو نہ چکھا وہ ہے میرا

مِنِّىٓ إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا

مگر جو کوئی بھرے ایک چلو اپنے ہاتھ سے پھر پی گئے اس کا پانی مگر

قَلِيلًا مِّنْهُمْ ۚ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهٗ قَالُوا

تھوڑے ان میں پھر جب پار ہوا وہ اور ایمان والے ساتھ اس کے کہنے لگے

لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهٖ ۚ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ

قوت نہیں ہم کو آج جالوت کی اور اس کے لشکروں کی بولے جن کو خیال تھا

أَنَّهُمْ مُّلَاقُوا اللّٰهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةًۢ

کہ ان کو ملنا ہے اللہ سے بہت جگہ جماعت تھوڑی غالب ہوئی ہے جماعت بہت پر

بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِينَ ۝ وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ

اللہ کے حکم سے اور اللہ ساتھ ہے ٹھیرنے والوں کے اور جب سامنے ہوئے جالوت کے

وَجُنُودِهٖ قَالُوا رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا

اور اس کی فوجوں کے بولے اے رب ہمارے ڈال دے ہم میں جتنی مضبوطی ہے اور ٹھیرا ہمارے پاؤں

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ ۝ فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَ

اور مدد کر ہماری اس کافر قوم پر پھر شکست دی ان کو اللہ کے حکم سے اور

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوتَ وَآتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ

مارا داؤد نے جالوت کو اور دی اس کو اللہ نے سلطنت اور تدبیر اور سکھایا

مِمَّا يَشَآءُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ

اس کو جو چاہا اور اگر دفع نہ کروا دے اللہ لوگوں کو ایک کو ایک سے تو خراب

الْأَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى

ہو جاوے ملک لیکن اللہ فضل رکھتا ہے جہان پر

الْعٰلَمِينَ ۝ تِلْكَ آيٰتُ اللّٰهِ

لوگوں پر یہ آیتیں اللہ کی ہیں

نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَ

ہم تجھ کو سناتے ہیں تحقیق اور

إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ

بیشک تو رسولوں میں ہے

موضح القرآن
ف تین سو تیرہ آدمیوں میں حضرت داؤدؑ کا باپ اور یہ اور ان کے چھ بھائی تھے ان کو راہ میں تین پتھر ملے اور بولے کہ ہمکو اٹھا لے جالوت کو ہم ماریں گے جب مقابلہ ہوا جالوت خود باہر نکلا اور کہا تم سب کو میں کفایت ہوں میرے سامنے آتے جاؤ پیغمبر نے حضرت داؤد کے باپ کو بلایا کہ اپنے بیٹے مجھ کو دکھا اس نے چھ بیٹے دکھائے جو قد آور تھے حضرت داؤد کو نہ دکھایا وہ قد آور نہ تھے اور بکریاں چراتے تھے پیغمبر نے انکو بلوایا اور پوچھا کہ تو جالوت کو مارے گا انہوں نے کہا ماروں گا پھر اس کے سامنے گئے وہ تین پتھر فلاخن میں رکھ کر مارے اس کا ماتھا کھلا تھا اور تمام بدن لوہے میں غرق تھا ماتھے پر لگے اور پیچھے سے نکل گئے ۱۲
فائدہ بعد اس کے طالوت نے اپنی بیٹی ان کو نکاح کر دی بعد طالوت کے یہ بادشاہ ہوئے ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ
یہ سب رسول بڑائی دی ہم نے ان میں ایک کو ایک سے

مِّنْهُم مَّن كَلَّمَ اللَّهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ
کوئی ہے کہ کلام کیا اس سے اللہ نے اور بلند کئے بعضوں کے درجے اور دیں ہم نے عیسیٰ بیٹے مریم کے

مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلَ
کو نشانیاں صریح اور زور دیا اس کو روح پاک سے اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتے

الَّذِينَ مِن بَعْدِهِم مِّن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَلَٰكِنِ اخْتَلَفُوا
ان کے پچھلے بعد اس کے کہ پہنچے ان کو صاف حکم لیکن وہ پھٹ گئے

فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ وَمِنْهُم مَّن كَفَرَ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلُوا
پھر کوئی ان میں یقین لایا اور کوئی منکر ہوا اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا
لیکن اللہ کرتا ہے جو چاہے اے ایمان والو خرچ کرو کچھ

رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ
ہمارا دیا پہلے اس دن کے آنے سے جس میں نہ بکنا ہے اور نہ آشنائی ہے اور نہ سفارش

وَالْكَافِرُونَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ
اور جو منکر ہیں وہی ہیں گنہگار ف اللہ اس کے سوائے کسی کی بندگی نہیں جیتا ہے سب کا تھامنے والا

لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ
نہیں پکڑتی اس کو اونگھ اور نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے

مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ
کون ایسا ہے کہ سفارش کرے اس کے پاس مگر اس کے اذن سے جانتا ہے جو خلق کے روبرو ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ
اور پیٹھ پیچھے اور یہ نہیں گھیر سکتے اس کے علم میں سے کچھ مگر جو وہ چاہے گنجائش ہے

كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ
اس کی کرسی میں آسمان اور زمین کو اور تھکتا نہیں ان کے تھامنے سے اور وہی ہے اوپر سب سے

الْعَظِيمُ ۝ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَن
بڑا زبردستی نہیں دین کی بات میں کھل چکی ہے صلاحیت بے راہی سے اب جو کوئی

يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ
منکر ہو مفسد سے اور یقین لاوے اللہ پر اس نے پکڑ لی

موضح القرآن

ع ۳ ۵ ف ل یعنی عمل کا نیت وہی ہے کہ آخرت میں نہ عمل بکتا ہے نہ کوئی آشنائی سے دیتا ہے نہ کوئی سفارش سے چھوڑ سکتا ہے جب تک پکڑنے والا نہ چھوڑے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ
رکھ مضبوط جو ٹوٹنے والی نہیں اور اللہ سنتا ہے جانتا ہے اللہ

وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
کام بنانے والا ہے ایمان والوں کا نکالتا ہے ان کو اندھیروں سے اجالے میں اور وہ جو منکر ہیں

اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ
ان کے رفیق ہیں شیطان نکالتے ہیں ان کو اجالے سے اندھیروں میں وہ ہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ
دوزخ والے وہ اسی میں رہ پڑے ف۳ تو نے نہ دیکھا وہ شخص جو جھگڑا ابراہیم سے

رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ
اس کے رب پر واسطہ یہ کہ دی تھی اس کو اللہ نے سلطنت جب کہا ابراہیم نے میرا رب وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے

قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۗ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ
بولا میں بھی جلاتا اور مارتا کہا ابراہیم نے اللہ تو لاتا ہے سورج کو

الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي
مشرق سے پھر تو لے آ اس کو مغرب سے تب حیران رہ گیا وہ منکر اور اللہ نہیں راہ دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ○ اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ
بے انصاف لوگوں کو ف۳ یا جیسے وہ شخص کہ گزرا ایک شہر پر اور وہ گرا پڑا تھا اپنی چھتوں پر

قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۭ
بولا کہاں جلاوے گا اس کو اللہ مر گئے پیچھے پھر مار رکھا اس شخص کو اللہ نے سو برس پھر اٹھایا

قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۭ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ
کہا تو کتنی دیر رہا بولا میں رہا ایک دن یا دن سے کچھ کہا نہیں بلکہ تو رہا سو

عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ
برس اب دیکھ اپنا کھانا اور پینا سڑ نہیں گیا اور دیکھ اپنے گدھے کو اور

لِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا
تجھ کو ہم نمونہ کیا چاہیں لوگوں کے واسطے اور دیکھ ہڈیاں کس طرح ان کو ابھارتے ہیں پھر ان پر پہناتے ہیں

لَحْمًا ۭ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَ
گوشت پھر جب اس پر ظاہر ہوا بولا میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور

اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۭ قَالَ بَلٰى
جب کہا ابراہیم نے اے رب دکھا مجھ کو کیونکر جلاوے گا تو مردے فرمایا کیا تو نے یقین نہیں کیا کہا کیوں نہیں

فوائد القرآن

ف۱ یعنی جہاد کرنا یہ نہیں کہ زور سے اپنا دین قبول کرواتے ہیں بلکہ جس کام کو سب نیک کہتے ہیں اور کرتے نہیں یہی کرواتے ہیں ۱۲ منہ

ع ۳۴ ۲

ف۲ یعنی جہاد ہو کافروں کی ضد توڑنے کو اور ہدایت اللہ کرتا ہے جیسی قسمت میں رکھی ہے انکو شبہ آیا تو ساتھ ہی اسپر خبردار کر دیا

ف۳ ایک بادشاہ تھا وہ اپنے تئیں سجدہ کرواتا تھا سلطنت کے غرور سے حضرت ابراہیم ع نے اسکو سجدہ نہ کیا اس نے پوچھا انہوں نے کہا میں اپنے رب ہی کو سجدہ کرتا ہوں اسنے کہا رب تو میں ہوں انہوں نے کہا رب میں حاکم کو نہیں کہتا رب وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اسنے دو قیدی منگائے جس کو جلانا پہنچتا تھا مار ڈالا جسکو مارنا پہنچتا تھا

وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ

لیکن اس واسطے کہ تسکین ہو میرے دل کو فرمایا تو پکڑ چار جانور اوڑتے پھر ان کو ہلا اپنے ساتھ پھر

اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ

ڈال ہر پہاڑ پر ان کا ایک ایک ٹکڑا پھر ان کو پکار کہ آویں تیرے پاس دوڑتے اور جان لے

اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ

کہ اللہ زبردست ہے حکمت والا ف مثال ان کی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَ

جیسے ایک دانہ اس سے اگیں سات بالیں ہر بال میں سو سو دانے اور

اللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

اللہ بڑھاتا ہے جس کے واسطے چاہے اور اللہ کشایش والا ہے سب جانتا جو لوگ خرچ کرتے ہیں اپنے مال

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ

اللہ کی راہ میں پھر پیچھے خرچ کرکر نہ احسان رکھتے ہیں نہ ستاتے ہیں انہیں کو ہے ثواب

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ

ان کا اپنے رب کے ہاں اور نہ ڈر ہے اون پر اور نہ وہ غم کھاویں گے بات کہنی معقول اور

مَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَاۤ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا

درگذر کرنی بہتر اس خیرات سے جس کے پیچھے ستانا اور اللہ بے پرواہ ہے تحمل والا اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ

ایمان والو مت ضائع کرو اپنی خیرات احسان رکھہ کر اور ستا کر جیسے وہ خرچ کرتا ہے

مَالَهٗ رِئَاۤءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۗ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ

اپنا مال لوگوں کے دکھلانے کو اور یقین نہیں رکھتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر سو اس کی مثال جیسے صاف پتھر

عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۗ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا

اس پر پڑی ہے مٹی پھر اس پر برسا زور کا مینھ تو اس کو کر رکھا سخت کچھ ہاتھ نہیں لگتی ان کو اپنی

كَسَبُوْا ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ

کمائی اور اللہ راہ نہیں دیتا منکر لوگوں کو اور مثال ان کی جو خرچ کرتے ہیں مال اپنے

ابْتِغَاۤءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا

اللہ کی خوشی چاہ کر اور اپنا دل ثابت کر کر جیسے ایک باغ ہے بلندی پر اس پر پڑا

وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا

مینھ تو لایا اپنا پھل دونا پھر اگر نہ پڑا اس پر مینہ تو اوس ہی پڑی اور اللہ تمہارے

نصف

ف چار جانور لائے ایک مور ایک مرغ ایک کوا ایک کبوتر ان کو اپنے ساتھ ہلایا کہ پہچان رہے پھر ذبح کیا ایک پہاڑ پر چاروں کے سر رکھے ایک پر پر ایک پر دھڑ ایک پر پاؤں بیچ میں کھڑے ہو کر ایک ایک کو پکارا اس کا سر اٹھ کر ہوا میں کھڑا ہوا پھر دھڑ ملا پھر پر لگے پھر پاؤں وہ دوڑتا چلا آیا اسی طرح چاروں آئے ١٢ منہ رح

فائدہ یہ تین قصے فرمائے اس پر کہ اللہ آپ ہدایت کرنے والا ہے جس کو چاہے اگر شبہ پڑے تو ساتھ ہی جواب بھیجے اب آگے پھر جہاد کا ذکر ہے اور اللہ تعالے کی راہ میں مال خرچ کرنے کا ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تعملون بصير ۝ ايود احدكم ان تكون له جنة من نخيل واعناب

کام دیکھتا ہے بھلا خوش لگتا ہے تم میں کسی کو کہ ہووے اس کا ایک باغ کھجور اور انگور کا

تجري من تحتها الانهر له فيها من كل الثمرات واصابه الكبر وله

بہتی ہیں اس کے نیچے ندیاں اس کو وہاں حاصل سب طرح کا میوہ اور اس پر بوڑھاپا پڑا اور اس کے

ذرية ضعفاء فاصابها اعصار فيه نار فاحترقت كذلك يبين

اولاد ہیں ضعیف تب پڑا اس باغ پر بگولا جس میں آگ تھی تو وہ جل گیا یوں سمجھاتا ہے

الله لكم الايت لعلكم تتفكرون ۝ يايها الذين امنوا انفقوا من

اللہ تم کو آیتیں شاید تم دھیان کرو اے ایمان والو خرچ کرو

طيبت ما كسبتم ومما اخرجنا لكم من الارض ولا تيمموا الخبيث

ستھری چیزیں اپنی کمائی میں سے اور جو ہم نے نکالا تمہارے واسطے زمین میں سے اور نیت نہ رکھو گندی چیز پر

منه تنفقون ولستم باخذيه الا ان تغمضوا فيه واعلموا ان

کہ خرچ کرو اور تم آپ وہ نہ لو گے مگر جو آنکھیں موند لو اور جان رکھو کہ

الله غني حميد ۝ الشيطن يعدكم الفقر ويامركم بالفحشاء والله

اللہ بے پرواہ ہے خوبیوں والا شیطان وعدہ دیتا ہے تم کو تنگی کا اور حکم کرتا ہے بے حیائی کا اور اللہ

يعدكم مغفرة منه وفضلا والله واسع عليم ۝ يؤتي الحكمة

وعدہ دیتا ہے اپنی بخشش کا اور فضل کا اور اللہ کشائش والا ہے سب جانتا دیتا ہے سمجھ جس کو

من يشاء ومن يؤت الحكمة فقد اوتي خيرا كثيرا وما يذكر الا

چاہے اور جس کو سمجھ ملی بہت خوبی ملی اور وہی سمجھیں

اولوا الالباب ۝ وما انفقتم من نفقة او نذرتم من نذر فان الله

جن کو عقل ہے اور جو خرچ کرو گے کوئی خیرات یا قبول کرو گے کوئی منت سو اللہ کو

يعلمه وما للظلمين من انصار ۝ ان تبدوا الصدقت فنعما هي و

معلوم ہے اور گنہگاروں کا کوئی نہیں مددگار اگر کھلی دو خیرات تو کیا اچھی بات اور

ان تخفوها وتؤتوها الفقراء فهو خير لكم ويكفر عنكم من

اگر چھپاؤ اور فقیروں کو پہنچاؤ تو تم کو بہتر ہے اور اتارتا ہے کچھ

سياتكم والله بما تعملون خبير ۝ ليس عليك هديهم ولكن الله

گناہ تمہارے اور اللہ تمہارے کام سے واقف ہے تیرا ذمہ نہیں ان کو راہ پر لانا لیکن اللہ

يهدي من يشاء وما تنفقوا من خير فلانفسكم وما تنفقون الا

راہ پر لاوے جس کو چاہے اور جو خرچ کرو گے مال سو اپنے واسطے جب تک نہ خرچ کرو گے مگر

موضح القرآن

ف ایک مثال فرمائی احسان رکھنے والے کی جو ایسی خیرات اچھی کو ضائع کرے جیسے جوانی کے وقت باغ حاصل کیا اس توقع سے کہ بڑی عمر میں کام آوے عین کام کے وقت جل گیا ۱۲ منہ رح

ع ٣٦

ف یعنی خیرات قبول ہونے کی یہی شرط ہے کہ مال حلال کمایا ہو حرام نہ ہو اور بہتر چیز اللہ تعالے کی راہ میں دیوے یہ نہیں کہ بری چیز خیرات میں لگادے کہ لینے دینے میں آپ ایسی چیز قبول نہ کرے مگر آنکھ بند کر کے اللہ بے پرواہ ہے محتاج نہیں اور خوبیوں والا ہے خوب سے خوب پسند کرتا ہے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ○
اللہ کی خوشی چاہ کر اور جو خرچ کروگے خیرات پوری ملے گی تم کو اور تمہارا حق نہ رہے گا

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي
دینا ہے ان مفلسوں کو جو اٹک رہے ہیں اللہ کی راہ میں چل پھر نہیں سکتے

الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا
ملک میں سمجھے ان کو بے خبر محفوظ ان کے نہ مانگنے سے تو پہچانتا ہے ان کو ان کے چہرے سے

يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ○
نہیں مانگتے لوگوں سے لپٹ کر اور جو خرچ کروگے کام کی چیز وہ اللہ کو معلوم ہے

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ
جو لوگ خرچ کرتے ہیں اپنے مال اللہ کی راہ میں رات اور دن چھپے اور کھلے تو ان کو ہے مزدوری ان کی

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا
اپنے رب کے پاس اور نہ ڈر ہے ان پر نہ وہ غم کھاویں گے جو لوگ کھاتے ہیں سود نہ اٹھیں گے

لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ
قیامت کو مگر جس طرح اٹھتا ہے جس کے حواس کھو دیئے جن نے لپٹ کر

بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ فَمَنْ
اس واسطے کہ انہوں نے کہا سوداگری بھی تو ویسا ہی ہے جیسا سود لینا اور اللہ نے حلال کیا سودا اور حرام کیا سود پھر جس کو

جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ وَ
پہنچی نصیحت اپنے رب کی اور باز آیا تو اس کا ہے جو آگے ہو چکا اور اس کا حکم اللہ کے اختیار اور

مَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا
جو کوئی پھر کرے وہی ہیں دوزخ کے لوگ وہ اسی میں رہ پڑے مٹاتا ہے اللہ سود

وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
اور بڑھاتا ہے خیرات اور اللہ نہیں چاہتا کسی ناشکر گنہگار کو جو لوگ ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ
عمل نیک کئے اور قائم رکھی نماز اور دی زکوٰۃ ان کو ہے بدلہ ان کا اپنے

رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
رب کے پاس اور نہ ان پر ڈر ہے اور نہ وہ غم کھاویں گے اے ایمان والو ڈرو اللہ سے

وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا
اور چھوڑ دو جو رہ گیا سود اگر تم کو یقین ہے پھر اگر نہیں کرتے تو خبردار ہو جاؤ

نصف القرآن

ف۱ یعنی بڑا ثواب ہے ان کا دینا جو اللہ کی راہ میں اٹک گئے چل پھر نہیں سکتے اور

ع ربع ۳۷ ۵

حاجت ظاہر نہیں کرتے جیسے حضرت کے اصحاب تھے اہل صفہ گھربار چھوڑ کر حضرت کی صحبت پکڑی تھی علم سیکھنے کو اور جہاد کرنے کو اسی طرح اب بھی جو کوئی حفظ کرے قرآن کو یا علم دین میں مشغول ہو لوگوں کو لازم ہے کہ ان کی مدد کریں ۱۲ منہ رح

ف۲ یہاں تک خیرات کا بیان تھا آگے سود کو حرام فرمایا جب خیرات کا تقید ہو تو قرض دینا ادا ہی ہے قرض پر سود کھانے کو کیا چاہیے ۱۲ منہ رح رحمۃ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا

لڑنے کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اگر توبہ کرتے ہو تو تم کو پہنچتے ہیں اصل مال تمہارے نہ تم

تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ

کسی پر ظلم کرو اور نہ کوئی تم پر ف۱ اور اگر ایک شخص ہے تنگی والا تو فرصت دینی چاہیے جب تک کہ کشائش پاوے

وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ

اور اگر خیرات کر دو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم کو سمجھ ہو ف۲ اور ڈرتے رہو اس دن سے جس میں لوٹائے

فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

جاؤ گے اللہ کے پاس پھر پورا ملے گا ہر شخص کو جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ وَلْيَكْتُبْ

ایمان والو جس وقت معاملت کرو ادھار کی کسی وعدہ مقرر تک تو اس کو لکھ لو اور چاہیے کہ لکھ دے

بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ

تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف سے اور نہ انکار کرے لکھنے والا اس سے کہ لکھ دیوے جیسا سکھایا اس کو اللہ نے سو اس کو چاہیے کہ لکھ دے

وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا

اور بتاتا جاوے وہ شخص کہ جس پر حق دینا ہے اور ڈرے اللہ سے جو رب ہے اس کا اور ناقص نہ کرے اس میں سے کچھ

فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ

پھر اگر وہ شخص کہ جس پر حق دینا آیا بے عقل ہے یا ضعیف ہے یا آپ نہیں بتا سکتا تو بتاوے

هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ

اس کا اختیار والا انصاف سے اور شاہد کرو دو شاہد اپنے مردوں میں سے پھر اگر

لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ

نہ ہوں دو مرد تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو پسند رکھتے ہو شاہدوں میں کہ

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَاۗءُ

بھول جاوے ایک عورت تو یاد دلاوے اس کو وہ دوسری اور انکار نہ کریں شاہد

اِذَا مَا دُعُوْا ۭ وَلَا تَسْــَٔـمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ

جس وقت بلائے جاویں اور کاہلی نہ کرو اس کے لکھنے سے چھوٹا ہو یا بڑا اس کے وعدہ تک

ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ

اس میں خوب انصاف ہے اللہ کے ہاں اور درست رہتی ہے گواہی اور لگتا ہے کہ تم کو شبہ نہ پڑے مگر ایسا کہ

تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا

سودا ہو روبرو کا پھر بدل کرتے ہو آپس میں تو گناہ نہیں تم پر کہ نہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی اگلا چڑھا ہوا سود لیا ہوا تمہارے اصل مال میں حساب کر لے تو تم پر ظلم ہے اور منع کے بعد اگلا چڑھا ہوا سود تم مانگو تو تمہارا ظلم ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی جب دیکھا سود موقوف ہوا اب لگو مفلس سے تقاضا کرنے یہ نہ چاہیے بلکہ فرصت دو اور اگر توفیق ہو تو بخش دو ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تَكْتُبُوْهَا ۖ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۖ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۖ
لکھو اس کو اور شاہد کر لو جب سودا کرو اور نقصان نہ کرے لکھنے والا نہ شاہد

وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ
اور اگر ایسا کرو تو یہ گناہ کی بات ہے تمہارے اندر اور ڈرتے رہو اللہ سے اور اللہ تم کو سکھاتا ہے اور اللہ سب

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۗ
چیز سے واقف ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور نہ پاؤ لکھنے والا تو گرو ہاتھ میں رکھنی

فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ
پھر اگر اعتبار کرے ایک دوسرے کا تو چاہیے کہ پورا کرے جس پر اعتبار کیا اپنے اعتبار کو اور ڈرتا رہے اللہ سے

رَبَّهٗ ۗ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۗ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا
جو رب ہے اس کا اور نہ چھپاؤ گواہی کو اور جو کوئی وہ چھپاوے تو گنہگار ہے دل اس کا اور اللہ تمہارے

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ
کام سے واقف ہے اللہ کا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے اور اگر تم کھولو اپنے

اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۗ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ
جی کی بات یا چھپاوے تم سے اللہ حساب لے گا پھر بخشے گا جس کو چاہے اور عذاب کرے گا

مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ
جس کو چاہے اور اللہ سب چیز پر قادر ہے مانا رسول نے جو کچھ اترا اس کو اس کے

مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۗ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۗ
رب کی طرف سے اور مسلمانوں نے سب نے مانا اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور کتابوں کو اور رسولوں کو

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۗ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
ہم جدا نہیں کرتے کسی کو اس کے رسولوں میں اور بولے ہم نے سنا اور قبول کیا تیری بخشش چاہیے اے رب ہمارے

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۗ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
اور تجھی تک رجوع ہے اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی شخص کو مگر جو اس کی گنجائش ہے اسی کو ملتا ہے جو کمایا اور

عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا
اسی پر پڑتا ہے جو کیا اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا چوکیں اے رب ہمارے اور نہ

تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا
رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا رکھا تھا ہم سے اگلوں پر اے رب ہمارے اور نہ

تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟
اٹھوا ہم سے جس کی طاقت نہیں ہم کو اور درگذر کر ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر

موضح قرآن

ولا یضار آیت میں دو چیز کا تقید فرمایا ایک تو دوسرے کی معاملت کو لکھنا اس میں پھر تقصیہ نہ ہو اور اپنے وع حیں شبہ نہ پڑے اور شاہد کو کچھ کر یاد آوے دوسرے یہ کہ شاہد کو بغیر معاملت پردہ مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں جن کو ہر کوئی پسند رکھے اور تقید فرمایا کہ نویسندہ اور شاہد نقصان کسی کا نہ کریں جو حق واجبی ہے سو ہی ادا کریں اور لکھنے والے جو دینے والا اپنی زبان سے کہہ نہیں یا بس کا کوئی بزرگ ہے اگر اس کو عقل نہ ہو ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ٥
تو ہمارا صاحب ہے تو مدد کر ہماری قوم کافر پر

سورة آل عمران مدنية وهي مائتان وعشرون آية وعشرون ركوعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الٓمّٓ ١ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ٢ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
اللہ اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں جیتا ہے سب کا تھامنے والا اتاری تجھ پر کتاب

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ٣ مِنْ
تحقیق ثابت کرتی اگلی کتاب کو اور اتاری تھی توریت اور انجیل اس سے

قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ٤ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ
پہلے لوگوں کی ہدایت کو اور اتارا انصاف جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے

اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ٥ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى
ان کو سخت عذاب ہے اور اللہ زبردست ہے بدلہ لینے والا اللہ اس پر چھپی نہیں

عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ٦ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ
کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں وہی تمہارا نقشہ بناتا ہے ماں کے پیٹ میں

كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٧ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ
جس طرح چاہے کسی کی بندگی نہیں اسکے سوا زبردست ہے حکمت والا وہی ہے جس نے اتاری تجھ پر

الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا
کتاب اس میں بعضی آیتیں پکی ہیں سو جڑ ہے کتاب کی اور دوسری ہیں کئی طرف ملتی سو جن کے

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ
دل پھرے ہوئے ہیں وہ لگتے ہیں ان کے ڈھب والیوں سے تلاش کرتے ہیں گمراہی اور

ابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ
تلاش کرتے ہیں انکی کل بٹھانی اور ان کی کل کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ کے اور جو مضبوط علم والے ہیں سو کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ٨ رَبَّنَا لَا تُزِغْ
ہم اس پر یقین لائے سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے اور سمجھانے وہی سمجھتے ہیں جن کو عقل ہے اے رب ہمارے

قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ٩
دل نہ پھیر جب ہم کو ہدایت دیچکا اور دے ہم کو اپنے ہاں سے مہربانی تو ہی ہے سب دینے والا

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ١٠
اے رب تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو ایک دن جس میں شبہ نہیں بیشک اللہ خلاف نہیں کرتا وعدہ

آل عمران

ف اس آیت میں نصاریٰ کو سمجھانا منظور ہے کہ حضرت مریم کو خدا کی عورت کہتے اور حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا اور وہ بہکے تھے اس پر کہ اللہ کی مہربانی کے الفاظ ان کے حق میں سے تھے ایسے کہ بندوں سے زیادہ قربت چاہیں اسلئے اللہ صاحب فرماتا ہے کہ ہر کلام میں اللہ نے بعضی باتیں رکھی ہیں جنکے معنے صاف نہیں کھلتے تو جو گمراہ ہوا ان کے معنے عقل سے لگے پکڑنے اور جو مضبوط علم رکھے وہ انکے معنے اور آیتوں سے ملا کر سمجھے جو جڑ کتاب کی ہے اسکے موافق سمجھ پاوے اور اگر نہ پاوے تو اللہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ

جو لوگ منکر ہیں ہرگز کام نہ آویں گے ان کو ان کے مال نہ اولاد اللہ کے آگے کچھ

15

وَاُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

وہی ہیں چپٹیاں دوزخ کی جیسے دستور فرعون والوں کا اور جو ان سے پہلے تھے

كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝ قُلْ لِّلَّذِیْنَ

جھوٹ لاتے ہماری آیتیں پھر پکڑا ان کو اللہ نے ان کے گناہوں پر اور اللہ کی مار سخت ہے کہہ دے

كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰی جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ قَدْ كَانَ لَكُمْ

منکروں کو کہ اب تم مغلوب ہوگے اور ہانکے جاؤ گے دوزخ کو اور کیا بری تیاری ہے ابھی ہو چکا ہے تم کو

اٰیَةٌ فِیْ فِئَتَیْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰی كَافِرَةٌ

ایک نمونہ دو فوجوں میں جو بھڑی تھیں ایک فوج ہے کہ لڑتی ہے اللہ کی راہ میں اور دوسری منکر ہے

یَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَیْهِمْ رَاْیَ الْعَیْنِ ؕ وَاللّٰهُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِیْ

یہ ان کو دیکھتے ہیں اپنے دو برابر صریح آنکھوں سے اور اللہ زور دیتا ہے اپنی مدد کا جس کو چاہے اسی میں

ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ۝ زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ

خبردار ہو جاویں جن کو آنکھ ہے ف۱ ریجھایا ہے لوگوں کو مزوں کی محبت پر عورتیں

وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ

اور بیٹے اور ڈھیر جوڑے ہوئے سونے کے اور روپے کے اور گھوڑے پلے ہوئے

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

اور مواشی اور کھیتی یہ برتنا ہے دنیا کی زندگی میں اور اللہ جو ہے اسی پاس ہے اچھا

الْمَاٰبِ ۝ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَیْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِیْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ

ٹھکانا تو کہہ میں بتاؤں تم کو اس سے بہتر پرہیزگاروں کو اپنے رب کے ہاں باغ ہیں

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ

جن کے نیچے بہتی ندیاں رہ پڑے انہیں میں اور عورتیں ہیں ستھری اور رضامندی اللہ کی

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ اَلَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

اور اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے وہ جو کہتے ہیں اے رب ہمارے ہم یقین لائے ہیں سو بخش ہم کو

16

ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَ

گناہ ہمارے اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے وہ محنت اٹھانے والے اور سچے اور بندگی میں لگے رہتے اور

الْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ

خرچ کرتے اور گناہ بخشواتے پچھلی رات کو اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا

نصف القرآن

ف۱ یعنی جنگ بدر میں جس کا قصہ سورۂ انفال میں ہے مسلمانوں سے کافر تین برابر تھے اللہ تعالیٰ وہی برابر دکھاتا تھا کہ خوف نہ کھاویں پھر اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں کو فتح دی اس سے چاہیے سب کافر عبرت پکڑیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
اور فرشتوں نے اور علم والوں نے وہی حاکم انصاف کا کسی کو بندگی نہیں سوا اس کے زبردست ہے حکمت والا

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا
دین جو ہے اللہ کے ہاں سو یہی مسلمانی حکم برداری اور مخالف نہیں ہوئے کتاب والے مگر جب

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ
ان کو معلوم ہو چکا آپس کی ضد سے اور جو کوئی منکر ہو اللہ کے حکموں سے تو

اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ
اللہ شتاب لینے والا ہے حساب پھر جو تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ میں نے تابع کیا اپنا منہ اللہ کے حکم پر اور جو کوئی

اتَّبَعَنِ ۭ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۭ فَاِنْ اَسْلَمُوْا
میرے ساتھ ہے اور کہہ دے کتاب والوں کو اور ان پڑھوں کو کہ تم بھی تابع ہوتے ہو پھر اگر تابع ہوئے

فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ ع
تو راہ پر آئے اور اگر ہٹ رہے تو تیرا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا اور اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّ
جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اور مار ڈالتے ہیں نبیوں کو ناحق اور

يَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ
مار ڈالتے ہیں جو کوئی کہے انصاف کو لوگوں میں سے سو ان کو خوشخبری سنا دکھ والی

اَلِيْمٍ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ
مار کی وہی ہیں جن کی محنت ضائع ہوئی دنیا میں اور آخرت میں اور کوئی نہیں ان کا

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ
مددگار تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جن کو ملا ہے کچھ ایک حصہ کتاب کا ان کو بلاتے ہیں

اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝
اللہ کی کتاب پر کہ ان میں حکم کرے پھر ہٹ رہتے ہیں بعضے ان میں تغافل کر کر

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۠ وَغَرَّهُمْ فِيْ
یہ اس واسطے کہ کہتے ہیں ہم کو ہرگز نہ لگے گی آگ مگر کئی دن گنتی کے اور بہکے ہیں اپنے

دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ
دین میں اپنی بنائی باتوں پر ف۲ پھر کیسا ہوگا جب ہم ان کو جمع کریں گے ایک دن جس میں شبہ نہیں

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ
اور پورا پاوے گا ہر کوئی اپنا کیا اور ان کا حق نہ رہے گا تو کہہ یا اللہ مالک سلطنت کے

ف۱ ان پر یہ کہتے تھے عرب کے لوگوں کو کہ ان پاس پہلے پیغمبروں کا علم نہ تھا ۱۲ منہ ف۲ یہ ذکر یہود کا ہے کہ لکھنے پڑھنے والے ہیں کتاب پر بھی عمل نہیں کرتے اور گناہ پر دلیر ہیں اس غرہ پر کہ انکے پہلے جھوٹ بنا کر کہہ گئے ہیں کہ ہم میں اگر کوئی بہت گنہگار ہوگا تو سات دن سے زیادہ عذاب نہ پاوے گا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۱ ۱۰

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَ

تو سلطنت دیوے جس کو چاہے اور سلطنت چھین لیوے جس سے چاہے اور عزت دیوے جس کو چاہے اور

تُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ تُولِجُ اللَّيْلَ

ذلیل کرے جس کو چاہے تیرے ہاتھ سب خوبی بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے تو لے آوے رات کو

فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ

دن میں اور تو لے آوے دن کو رات میں اور تو نکالے جیتا مردے سے اور تو نکالے مردہ

مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ

جیتے سے اور تو رزق دیوے جس کو چاہے بے شمار ف۱ نہ پکڑیں مسلمان کافروں کو

أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي

رفیق مسلمان چھوڑ کر اور جو کوئی یہ کام کرے وہ اللہ کا کوئی نہیں

شَيْءٍ إِلَّا أَنْ تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ وَإِلَى اللَّهِ

مگر یہ کہ تم پکڑا چاہو ان سے بچاؤ اور اللہ تم کو ڈراتا ہے آپ سے اور اللہ ہی تک

الْمَصِيرُ قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَيَعْلَمُ

پہنچنا ہے تو کہہ اگر تم چھپاؤ گے اپنے جی کی بات یا ظاہر کر دو گے وہ اللہ کو معلوم ہو گی اور اسکو معلوم ہے

مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ

جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے جس دن پاوے گا ہر

نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُحْضَرًا وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ

شخص جو کی ہے نیکی روبرو اور جو کی ہے برائی آرزو کرے گا کہ

بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ

مجھ میں اور اس میں فرق پڑ جاوے دور کا اور اللہ ڈراتا ہے تم کو آپ سے اور اللہ شفقت رکھتا ہے بندوں پر

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ

تو کہہ اگر تم محبت رکھتے ہو اللہ سے تو میری راہ چلو کہ اللہ تم کو چاہے اور بخشے گناہ تمہارے

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۲ تو کہہ حکم مانو اللہ کا اور رسول کا پھر اگر وہ ہٹ رہیں تو اللہ

لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ

نہیں چاہتا منکروں کو اللہ نے پسند کیا آدم کو اور نوح کو اور ابراہیم کے گھر کو اور عمران

عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

کے گھر کو سارے جہان سے کہ اولاد تھے ایک دوسرے کے اور اللہ سنتا جانتا ہے

ف۱ یعنی یہود جانتے تھے کہ جو دولت ہم میں بزرگی نبوت کی رہی ہمیشہ رہے گی اللہ کی قدرت سے غافل ہیں جس کو چاہے عزیز کرے اور سلطنت دیوے اور جس سے چاہے چھین لیوے اور ذلیل کرے اور جاہلوں میں سے کامل پیدا کرے اور کاملوں میں سے جاہل اور جس کو دیا چاہے رزق بے حساب دیوے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی کوئی کسی کی محبت کا دعویٰ کرے تو اسی طرح محبت کرے جس طرح محبوب چاہے نہ جس طرح اپنا جی چاہے اور اسی طرح چاہے تو محبوب اس کو چاہے اور اللہ تعالیٰ بندوں کو چاہے تو یہی کہ ان پر مہربان ہو اور گناہ پر نہ پکڑے اور خیالات عبث ہیں ۱۲ منہ

ع ۱۱

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

35

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَٰنَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ
جب بولی عورت عمران کی کہ اے رب میں نے نذر کیا تیرے جو کچھ میرے پیٹ میں ہے آزاد سو تو مجھ سے قبول کر

مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا
تو ہے اصل سنتا جانتا ف۲ پھر جب اس کو جنی بولی اے رب میں نے یہ لڑکی جنی

أُنثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنثَىٰ ۖ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا
اور اللہ کو بہتر معلوم ہے جو کچھ جنی اور بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی اور میں نے اس کا نام رکھا

مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا
مریم اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے ف۳ پھر قبول کیا اس کو

رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۖ كُلَّمَا دَخَلَ
اس کے رب نے اچھی طرح کا قبول اور بڑھایا اس کو اچھی طرح کا بڑھانا اور سپرد کی زکریا کو جس وقت آتا

عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقًا ۖ قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ
اس پاس زکریا حجرے میں پاتا اس پاس کچھ کھانا بولا اے مریم کہاں سے آیا تجھ کو یہ

قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝
کہنے لگی یہ اللہ کے پاس سے اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے قیاس

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۖ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ
وہیں دعا کی زکریا نے اپنے رب سے کہا اے رب میرے عطا کر مجھ کو اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ۝ فَنَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي
بیشک تو سننے والا ہے دعا پھر اس کو آواز دی فرشتوں نے جب وہ کھڑا تھا نماز میں

الْمِحْرَابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَسَيِّدًا
حجرے کے اندر کہ اللہ تجھ کو خوشخبری دیتا ہے یحییٰ کی جو گواہی دے گا اللہ کے ایک حکم کی اور سردار ہوگا

وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِّنَ الصَّالِحِينَ ۝ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ
اور عورت پاس نہ جاوے گا اور نبی ہوگا نیکوں میں بولا اے رب کہاں سے ہوگا مجھ کو لڑکا

وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ ۖ قَالَ كَذَٰلِكَ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۝
اور مجھ پر آیا بڑھاپا اور عورت میری بانجھ ہے فرمایا اسی طرح اللہ کرتا ہے جو چاہے

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّي آيَةً ۖ قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ
بولا اے رب مجھ کو دے کچھ نشانی کہا نشانی تیری یہ کہ نہ بات کرے تو لوگوں سے تین دن

إِلَّا رَمْزًا ۗ وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ۝ وَإِذْ
مگر اشارہ سے اور یاد کر اپنے رب کو بہت اور تسبیح کر شام اور صبح اور جب

ع ۱۱ ۴ ۱۲

ف۱ اس امت میں دستور تھا کہ بعضے لڑکوں کو ماں باپ اپنے حق سے آزاد کرتے اور اللہ کی نیاز کرتے پھر تمام عمر انکو دنیا کے کام میں نہ لگاتے اور ہمیشہ مسجد میں وہ عبادت کیا کرتے عمران کی عورت کو حمل تھا اس نے آگے سے یہی نذر کر رکھی ۱۲ منہ

ف۲ بیچ میں اللہ نے فرمایا کہ اللہ کو بہتر معلوم ہے اور بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی باقی اس کا کلام ہے وہ نا امید ہوئی کہ میری نذر پوری نہ پڑی کیونکہ دستور لڑکی نیاز کرنے کا نہ تھا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ

فرشتے بولے اے مریم اللہ نے تجھ کو پسند کیا اور ستھرا بنایا اور پسند کیا تجھ کو

عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ

سب جہان کی عورتوں سے اے مریم بندگی کر اپنے رب کی اور سجدہ کر اور رکوع کر ساتھ رکوع کرنیوالوں کے

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ

یہ خبریں غیب کی ہیں ہم بھیجتے ہیں تجھ کو اور تو نہ تھا ان کے پاس جب ڈالنے لگے

اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ اِذْ قَالَتِ

اپنے قلم کہ کون پالے مریم کو اور تو نہ تھا ان کے پاس جب وہ جھگڑتے تھے ف۱ جب کہا

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى

فرشتوں نے اے مریم اللہ تجھ کو بشارت دیتا ہے ایک اپنے حکم کی جس کا نام مسیح عیسیٰ بیٹے

ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ وَيُكَلِّمُ

مریم کا بیٹا مرتبے والا دنیا میں اور آخرت میں اور نزدیک والوں میں ف۲ اور باتیں کریگا

النَّاسَ فِى الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ

لوگوں سے جب ماں کی گود میں ہوگا اور جب پوری عمر کا ہوگا اور نیک بختوں میں ہے بولی اے رب کہاں سے ہوگا لڑکا اور مجھ کو

وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا

ہاتھ نہیں لگایا کسی آدمی نے کہا اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہے جب حکم کرتا ہے ایک کام کو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ

تو یہی کہتا ہے اس کو کہ ہو وہ ہو جاتا ہے اور سکھاوے گا اس کو کتاب اور کام کی باتیں اور توریت

وَالْاِنْجِيْلَ ۝ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّىْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

اور انجیل اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف کہ میں آیا ہوں تم پاس نشانی لے کر

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّىْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ

تمہارے رب کی کہ میں بنا دیتا ہوں تم کو مٹی کی صورت جانور کی پھر اس میں پھونک مارتا ہوں

فَيَكُوْنُ طَيْرًا ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْىِ الْمَوْتٰى

تو وہ ہو جاوے اڑتا جانور اللہ کے حکم سے اور چنگا کرتا ہوں جو اندھا پیدا ہو اور کوڑھی اور جلاتا ہوں مردے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِىْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِىْ

اللہ کے حکم سے اور بتا دیتا ہوں تم کو جو کھا کر آؤ اور جو رکھ آؤ اپنے گھروں میں

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ

اس میں نشانی پوری ہے تم کو اگر تم یقین رکھتے ہو اور سچ بتاتا ہوں توریت کو جو مجھ سے

قصۂ آل عمران

ف۱ مسجد کے بزرگوں نے جب حضرت مریم ع کی ماں کا خواب سنا تو سب لگے چاہنے کہ ہم پالیں مریم ع کو فیصلہ اس پر ہوا کہ ہر ایک نے اپنا قلم جس سے توریت لکھتے تھے پانی بہتے میں ڈالا سب قلم بہاؤ پر بہے اور حضرت زکریا ع کا قلم الٹا اوپر کو بہا تب انہیں کی طرف ان کا پالنا ٹھہرا ۱۲ منہ رح

ف۲ حضرت عیسیٰ ع کی بشارت پہلے نبیوں نے دی تھی کہ مسیح پیدا ہوگا جس سے بنی اسرائیل کا عروج ہوگا مسیح کے معنے جس کے ہاتھ لگانے سے بیمار اچھے ہوں یا جسکو کہیں ٹھہراؤ نہ ہو ہمیشہ سیاحی میں ہو سو حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے اور یہود ان کو نہیں مانتے جب یہود میں دجال پیدا ہوگا وہ آپکو مسیح کہے گا اور یہود اسکو مسیح

انہیں ۱۲ منہ

مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ حُرِّمَ عَلَیْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ
پہلے کی ہے اور اسی واسطے کہ حلال کردوں تم کو بعضی چیز جو حرام تھی تم پر اور آیا ہوں تم پاس نشانی لیکر
مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ
تمہارے رب کی سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بیشک اللہ ہے رب میرا اور رب تمہارا سو اس کی بندگی کرو
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ۝ فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِیْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ
یہ راہ سیدھی ہے ف۱ پھر جب معلوم کیا عیسیٰ نے بنی اسرائیل کا کفر بولا کون ہے
اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَ
کہ میری مدد کرے اللہ کی راہ میں کہا حواریوں نے ہم ہیں مدد کرنے والے اللہ کے ہم یقین لائے اللہ پر اور
اشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا
تو گواہ رہ کہ ہم نے حکم قبول کیا ف۲ اے رب ہم نے یقین کیا جو تو نے اتارا اور ہم تابع ہوئے رسول کے سو لکھ لے ہم کو
مَعَ الشّٰهِدِیْنَ ۝ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ ۝ؑ اِذْ قَالَ
ماننے والوں میں اور فریب کیا ان کافروں نے اور فریب کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے جس وقت کہا
اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤى اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا
اللہ نے اے عیسیٰ میں تجھ کو پھیر لوں گا اور اٹھالوں اپنی طرف اور پاک کردوں گا کافروں سے
وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۚ ثُمَّ
اور رکھوں گا تیرے تابعوں کو اوپر منکروں سے قیامت کے دن تک پھر
اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَیْنَكُمْ فِیْمَا كُنْتُمْ فِیْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِیْنَ
میری طرف ہے تم کو پھر آنا پھر فیصلہ کردوں گا تم میں جس بات میں تم جھگڑتے تھے سو وہ جو
كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِیْدًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ
کافر ہوئے ان کو عذاب کروں گا سخت عذاب دنیا میں اور آخرت میں اور کوئی نہیں ان کا
نّٰصِرِیْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُوَفِّیْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ
مددگار اور وہ جو یقین لائے اور عمل نیک کئے سو ان کو پورا دے گا ان کا حق اور اللہ
لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ۝ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَیْكَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ ۝
کو خوش نہیں آتے بے انصاف یہ پڑھ سناتے ہیں ہم تجھ کو آیتیں اور ذکر
اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ
تحقیق عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک جیسے مثال آدم کی بنایا اس کو مٹی سے پھر کہا اس کو
كُنْ فَیَكُوْنُ ۝ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ ۝ فَمَنْ
ہو جا وہ ہو گیا حق بات ہے تیرے رب کی طرف سے پھر تو مت رہ شک لانے والوں میں پھر جو

موضح القرآن
ف۱ حضرت عیسیٰ کے وقت توریت میں کئی حکم جو مشکل تھے تو موقوف ہوئے باقی وہی توریت کا حکم تھا ۱۲ منہ رح
ف۲ حضرت عیسیٰ کے بارہ یار کا خطاب تھا حواری حواری اصل میں کہتے ہیں دھوبی کو انہیں پہلے جو دو شخص انکے تابع ہوئے

ع ۱۴

دھوبی تھے حضرت عیسیٰ نے ان کو کہا کہ کپڑے کیا دھویا کرتے ہو آؤ تم لوگوں کے دل دھونے سکھا دوں وہ ان کے ساتھ ہوئے اسطرح سب کو یہی خطاب ٹھہر گیا ۱۲ منہ رح
فائدہ اس آیت کے معنی یہ کہ حضرت عیسیٰ اصل رسول تھے واسطے بنی اسرائیل کے جب معلوم کیا کہ یہ میرا دین قبول نہ کریں گے چاہا کہ اور کوئی میرے دین کو رواج دے حواریوں کے ہاتھ سے غیروں کو دین پہنچا اب تک بنی اسرائیل ان کے دین میں کم ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ

جھگڑا کرے تجھ سے اس بات میں بعد اس کے کہ پہنچ چکا تجھ کو علم تو تو کہہ آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹے اور

اَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ

تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جان اور تمہاری جان پھر دعا کریں اور لعنت

لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ○ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ

ڈالیں اللہ کی جھوٹوں پر یہ جو ہے سو یہی ہے بیان تحقیق اور کسی کی بندگی نہیں

اِلَّا اللّٰهُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ

سوائے اللہ کے اور اللہ جو ہے وہی ہے زبردست حکمت والا پھر اگر قبول نہ کریں تو اللہ کو معلوم ہیں

بِالْمُفْسِدِيْنَ ○ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَ

فساد کرنے والے تو کہہ اے کتاب والو آؤ ایک سیدھی بات پر ہمارے تمہارے

بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا

درمیان کی کہ بندگی نہ کریں مگر اللہ کو اور شریک نہ ٹھہراویں اس کا کوئی چیز اور نہ پکڑے آپس میں ایک ایک کو

اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ○ يٰٓاَهْلَ

رب سوائے اللہ کے پھر اگر وہ قبول نہ کریں تو کہہ دو شاہد رہو کہ ہم تو حکم کے تابع ہیں اے

الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ

کتاب والو کیوں جھگڑتے ہو ابراہیم پر اور تورات اور انجیل تو اتریں

بَعْدِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ

اس کے بعد کیا تم کو عقل نہیں سنتے ہو تم لوگ جھگڑ چکے جس بات میں تم کو خبر تھی اب کیوں

تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ مَا

جھگڑتے ہو جس بات میں تم کو خبر نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے نہ تھا

كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَمَا

ابراہیم یہودی اور نہ تھا نصرانی لیکن تھا ایک طرف کا حکم بردار اور نہ تھا

كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا

شرک والا لوگوں میں زیادہ مناسبت ابراہیم سے ان کو تھی جو ساتھ اس کے تھے اور اس

النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ

نبی کو اور ایمان والوں کو اور اللہ والی ہے مسلمانوں کا آرزو ہے بعض

اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○

کتاب والوں کو کسی طرح تم کو گمراہ کریں اور راہ بھلاتے نہیں مگر آپ کو اور نہیں سمجھتے

ربع آل عمران

ع ۶ / ۱۴

ف اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ نصاریٰ اس قدر سمجھانے پر بھی اگر نہ قائل ہوں تو انکے ساتھ قسم کرو یہی ایک صورت فیصلہ کی ہو کہ دونوں طرف اپنی جان سے اور اولاد سے حاضر ہوں اور بد دعا کریں کہ جو کوئی ہم میں جھوٹا ہے اس پر لعنت اور عذاب پڑے پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ اور حضرت فاطمہ اور حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین اور حضرت علی رضم کو لیکر گئے ان نصاریٰ میں جو دانا تھے انہوں نے مقابلہ نہ کیا اور جزیہ دینا قبول کیا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يٰاَهلَ الكِتٰبِ لِمَ تَكفُرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنتُم تَشهَدُونَ ۝ يٰاَهلَ

اے کتاب والو کیوں منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے اور تم قائل ہو اے

الكِتٰبِ لِمَ تَلبِسُونَ الحَقَّ بِالبَاطِلِ وَتَكتُمُونَ الحَقَّ وَاَنتُم تَعلَمُونَ ۝

کتاب والوں کیوں ملاتے ہو صحیح میں غلط اور چھپاتے ہو سچی بات جان کر

وَقَالَت طَّائِفَةٌ مِّن اَهلِ الكِتٰبِ اٰمِنُوا بِالَّذِي اُنزِلَ عَلَى الَّذِينَ اٰمَنُوا

اور کہا ایک گروہ نے اہل کتاب میں سے کہ مان لو جو کچھ اترا مسلمانوں پر

وَجهَ النَّهَارِ وَاكفُرُوا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُم يَرجِعُونَ ۝ وَلَا تُؤمِنُوا اِلَّا لِمَن

دن چڑھے اور منکر ہوجاؤ آخر دن شاید وہ پھر جاویں اور یقین نہ کریو مگر اسی کا

تَبِعَ دِينَكُم قُل اِنَّ الهُدٰى هُدَى اللّٰهِ اَن يُّؤتٰى اَحَدٌ مِّثلَ مَا اُوتِيتُم

جو چلے تمہارے دین پر تو کہہ ہدایت وہی جو اللہ ہدایت کرے اسواسطے کہ کسی کو ملا جیسا کچھ تم کو ملا تھا

اَو يُحَاجُّوكُم عِندَ رَبِّكُم قُل اِنَّ الفَضلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤتِيهِ مَن يَّشَاءُ

یا مقابلہ کیا تم سے تمہارے رب کے آگے تو کہہ بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے دیتا ہے جس کو چاہے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يَّختَصُّ بِرَحمَتِهٖ مَن يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ

اور اللہ گنجائش والا ہے خبردار خاص کرتا ہے اپنی مہربانی جس پر چاہے اور اللہ کا فضل

العَظِيمِ ۝ وَمِن اَهلِ الكِتٰبِ مَن اِن تَاْمَنهُ بِقِنطَارٍ يُّؤَدِّهٖ اِلَيكَ وَ

بڑا ہے ف۲ اور بعضے اہل کتاب میں سے وہ ہیں کہ اگر تو ان پاس امانت رکھے ڈھیر مال کا ادا کریں تجھ کو اور

مِنهُم مَّن اِن تَاْمَنهُ بِدِينَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖ اِلَيكَ اِلَّا مَا دُمتَ عَلَيهِ قَائِمًا

بعضے ان میں وہ ہیں کہ اگر تو ان کے پاس امانت رکھے ایک اشرفی ادا نہ کریں تجھ کو مگر جب تک تو رہے اسکے سر پر کھڑا

ذٰلِكَ بِاَنَّهُم قَالُوا لَيسَ عَلَينَا فِي الاُمِّيّٖنَ سَبِيلٌ وَيَقُولُونَ عَلَى

یہ اس واسطے کہ انہوں نے کہہ رکھا ہے نہیں ہم پر جاہلوں کے حق کا گناہ اور جھوٹ بولتے ہیں

اللّٰهِ الكَذِبَ وَهُم يَعلَمُونَ ۝ بَلٰى مَن اَوفٰى بِعَهدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ

اللہ پر جانتے کیوں نہیں جو کوئی پورا کرے اپنا اقرار اور پرہیزگار ہے تو اللہ چاہتا ہے

يُحِبُّ المُتَّقِينَ ۝ اِنَّ الَّذِينَ يَشتَرُونَ بِعَهدِ اللّٰهِ وَاَيمَانِهِم ثَمَنًا

پرہیزگاروں کو جو لوگ خرید کرتے ہیں اللہ کے اقرار پر اور اپنی قسموں پر

قَلِيلًا اُولٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُم فِي الاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنظُرُ

تھوڑا مول ان کو کچھ حصہ نہیں آخرت میں اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ اور نہ نگاہ کرے گا

اِلَيهِم يَومَ القِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِم وَلَهُم عَذَابٌ اَلِيمٌ ۝ وَاِنَّ مِنهُم

ان کی طرف قیامت کے دن اور نہ سنوارے گا ان کو اور ان کو دکھ کی مار ہے اور ان میں ایک

ف۱ یعنی یہود ع ۸ یہود نے آپس میں مشورت کی کہ تم صبح کو جاکر ظاہر میں مسلمان ہوجاؤ اور شام کو پھر جاؤ تو تمام مسلمان پھر جاویں وہ جانیں کہ یہ لوگ منصف تھے کہ اپنا دین چھوڑ کر ہمارے دین میں آئے تھے پھر کچھ ایسی ہی غلطی پائی کہ پھر گئے اور آپس میں کہا دل سے ہرگز یقین نہ کریو مگر اپنے دین والوں کی بات تا کسی کے دل میں رجوع اسلام نہ آجاوے سو اللہ تعالی نے ان کا فریب کھول دیا فرمایا تو کہہ ہدایت وہی جو اللہ دے تمہارے فریب سے کوئی گمراہ نہ ہو گا تم حسد کرتے ہو کہ ہمیشہ نبوت اور بزرگی بنی اسرائیل میں تھی اب اور فرقہ میں کیوں ہوئی یا دین کی مددگاری میں ہمارے مقابل اور کوئی کیوں ہو سو یہ اللہ کا فضل ہے جسکو چاہا دیا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ
لوگ ہیں کہ زبان مروڑ کر پڑھتے ہیں کتاب کہ تم جانو وہ کتاب میں ہے اور وہ نہیں کتاب میں

الْكِتٰبِ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُوْنَ
اور کہتے ہیں وہ اللہ کا کہا ہے اور وہ نہیں اللہ کا کہا اور

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ
اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں جان کر ۔ کسی بشر کا کام نہیں کہ اس کو دیوے اللہ کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اور حکم اور پیغمبر کرے پھر وہ کہے لوگوں کو کہ تم میرے بندے ہو جاؤ اللہ کو چھوڑ کر

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ
لیکن تم مربی ہو جاؤ جیسے تھے تم کتاب سکھاتے اور جیسے تھے تم پڑھتے

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا اَيَاْمُرُكُمْ
اور نہ یہ کہے تم کو کہ ٹھیراؤ فرشتوں کو اور نبیوں کو رب کیا تم کو

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ
کفر سکھاوے گا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ف۳ اور جب لیا اللہ نے اقرار نبیوں کا

لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ
کہ جو کچھ میں نے تم کو دیا کتاب اور علم پھر آوے تم پاس کوئی رسول کہ سچ بتاوے

لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ
تمہارے پاس والی کو تو اس پر ایمان لاؤ گے اور اس کی مدد کرو گے فرمایا کہ تم نے اقرار کیا اور اس شرط پر

عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ
لیا میرا ذمہ بولے ہم نے اقرار کیا فرمایا تو اب شاہد رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ

الشّٰهِدِيْنَ ۝ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝
شاہد ہوں ف۳ پھر جو کوئی پھر جاوے اس کے بعد تو وہی لوگ ہیں بے حکم

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
اب کچھ اور دین ڈھونڈتے ہیں سوائے دین اللہ کے اور اسی کے حکم میں ہے جو کوئی آسمان اور زمین میں ہے

طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
خوشی سے یا زور سے اور اسی کی طرف پھر جاویں گے تو کہہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو کچھ اترا ہم پر

وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ
اور جو کچھ اترا ابراہیم پر اور اسمٰعیل پر اور اسحٰق پر اور یعقوب پر اور اس کی اولاد پر

آل عمران

ف۱ یعنی بن پڑھ ہوں کو دغا دیتے ہیں اپنی عبارت بنا کر قرآن کی طرح پڑھنے لگتے کہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے ۱۲

ف۲ یہود مسلمانوں کو کہتے کہ تمہارا نبی ہم کو کہتا ہے کہ بندگی کرو اللہ کی ہم تو آگے سے اسی کی بندگی کرتے ہیں مگر وہ چاہتا ہے کہ میری بندگی کرو سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس کو اللہ نبی کرے اور وہ لوگوں کو کفر سے نکال کر مسلمانی میں لاوے پھر کیونکر ان کو کفر سکھاوے مگر تم کو یہ کہتا ہے کہ تم میں جو آگے دینداری تھی کتاب کا پڑھنا اور سکھانا وہ نہیں رہی اب میری صحبت میں پھر وہی کمال حاصل کرو ۱۲ منہ

ع ۹ ۱۶

ف۳ اللہ تعالیٰ نے اقرار لیا نبیوں کا یعنے نبیوں کے مقید میں بنی اسرائیل سے اقرار لیا ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

اور جو ملا موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور سب نبیوں کو اپنے رب کی طرف سے ہم جدا نہیں کرتے

أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُۥ مُسْلِمُونَ ۝ وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ ٱلْإِسْلَٰمِ

ان میں کسی کو اور ہم اسی کے حکم پر ہیں اور جو کوئی چاہے سوا حکم برداری کے

دِينًا فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِى ٱلْءَاخِرَةِ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ۝ كَيْفَ

اور دین سو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں خراب ہے کیونکر

يَهْدِى ٱللَّهُ قَوْمًا كَفَرُوا۟ بَعْدَ إِيمَٰنِهِمْ وَشَهِدُوٓا۟ أَنَّ ٱلرَّسُولَ

راہ دے گا اللہ ایسے لوگوں کو کہ منکر ہوگئے مان کر اور بتا چکے کہ رسول

حَقٌّ وَجَآءَهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ ۚ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ ۝

سچا ہے اور پہنچ چکے ان کو نشان اور اللہ نہیں راہ دیتا بے انصاف لوگوں کو

أُو۟لَٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ ٱللَّهِ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلنَّاسِ

ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر لعنت اللہ کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی

أَجْمَعِينَ ۝ خَٰلِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ ٱلْعَذَابُ وَلَا هُمْ

سب کی پڑے رہیں اس میں نہ ہلکا ہو ان سے عذاب اور نہ ان کو

يُنظَرُونَ ۝ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا۟ فَإِنَّ

فرصت ملے مگر جنہوں نے توبہ کی اس کے بعد اور سنوار پکڑی تو البتہ

ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بَعْدَ إِيمَٰنِهِمْ ثُمَّ

اللہ بخشنے والا مہربان ہے جو لوگ منکر ہوئے مان کر پھر

ٱزْدَادُوا۟ كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلضَّآلُّونَ ۝

بڑھتے رہے انکار میں ہرگز قبول نہ ہوگی ان کی توبہ اور وہی ہیں راہ بھولے ف۱

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَمَاتُوا۟ وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ

جو لوگ منکر ہوئے اور مر گئے منکر ہی تو ہرگز قبول نہ ہوگا

أَحَدِهِم مِّلْءُ ٱلْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ ٱفْتَدَىٰ بِهِۦٓ ۗ أُو۟لَٰٓئِكَ

ایسے کسی سے زمین بھر کر سونا اگرچہ بدلا دیوے یہ بھی ان کو

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُم

دکھ کی مار ہے اور کوئی نہیں

مِّن نَّٰصِرِينَ ۝

ان کا مددگار

موضح القرآن

ف۱ یعنے یہود پہلے اقرار کرتے تھے کہ یہ نبی تحقیق ہے جب ان سے مقابلہ ہوا تو منکر ہو گئے اور بڑھتے گئے انکار میں یعنی لڑائی کو مستعد ہوئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی یعنی ان کو توبہ کرنا ہی نصیب نہ ہوگا کہ قبول ہو ۱۲ صفحہ ۲۶

ع ۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۥ وَمَا
ہرگز نہ پہنچو گے نیکی کی حد کو جب تک نہ خرچ کرو کچھ ایک چیز جس سے محبت رکھتے ہو اور جو

تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا
چیز خرچ کرو گے سو اللہ کو معلوم ہے سب کھانے کی چیزیں حلال تھیں

لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ
بنی اسرائیل کو مگر جو حرام کر لی تھی اسرائیل نے اپنی جان پر توریت

تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝
نازل ہونے سے پہلے تو کہہ لاؤ توریت اور پڑھو اگر تم سچے ہو

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝
پھر جو کوئی باندھے اللہ پر جھوٹ اس کے بعد تو وہی ہیں بے انصاف ف۱

قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۣ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ
تو کہہ سچ فرمایا اللہ نے اب تابع ہو جاؤ دین ابراہیم کے جو ایک طرف کا تھا اور نہ تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا
شرک کرنے والا تحقیق پہلا گھر جو مقرر ہوا لوگوں کے واسطے یہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا

وَّھُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ڬ وَمَنْ
اور راہ نیک جہان کے لوگوں کو اس میں نشانیاں ظاہر ہیں کھڑے ہونے کی جگہ ابراہیم کی اور جو

دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۭ وَلِلّٰهِ عَلَي النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ
اس کے اندر آیا اس کو امن ملا اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا جو کوئی پاوے اس تک

سَبِيْلًا ۭ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ
راہ اور جو کوئی منکر ہوا تو اللہ پروا نہیں رکھتا جہان کے لوگوں کی تو کہہ اے اہل کتاب

لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ڰ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَھْلَ
کیوں منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے اور اللہ کے روبرو ہے جو کرتے ہو تو کہہ اے اہل

الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّ
کتاب کیوں روکتے ہو اللہ کی راہ سے ایمان لانے والے کو ڈھونڈتے ہو اس میں عیب اور

اَنْتُمْ شُهَدَاۗءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
تم خبر رکھتے ہو اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کام سے اے ایمان والو

اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ
اگر تم کہا مانو گے بعضے اہل کتاب کی بات تو پھیر کر دیں گے تم کو ایمان لائے پیچھے

الجزء ۴

وقف جبرئیل علیہ السلام

موضح القرآن

ف۱ یہود کہتے کہ تم کہتے ہو ہم ابراہیم کے دین پر ہیں اور ابراہیم کے گھرانے میں جو چیزیں حرام تھیں سو کھاتے ہو جیسے اونٹ کا گوشت اور دودھ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حقیقی چیزیں اب لوگ کھاتے ہیں سب ابراہیم کے وقت میں حلال تھیں جب تک توریت نازل ہوئی توریت میں خاص بنی اسرائیل پر حرام ہوئی ہیں مگر ایک اونٹ توریت سے پہلے حضرت یعقوب نے اسکے کھانے سے قسم کھائی تھی انکی تبعیت سے انکی اولاد نے بھی چھوڑ دیا تھا اس قسم کا سبب یہ تھا کہ انکو ایک مرض ہوا تھا انہوں نے نذر کی کہ اگر میں صحت پاؤں تو جو چیز بہت بہاوت کی چیز ہو دے وہ چھوڑ دوں انکو یہی بہت بہاتا تھا سو نذر کے سبب چھوڑ دیا

كٰفِرِيْنَ ○ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ
منکر ۔ اور تم کس طرح منکر ہوگے اور تم پر پڑھی جاتی ہیں آیتیں اللہ کی اور تم میں اس کا رسول ہے

وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور جو کوئی مضبوط پکڑے اللہ کو وہ پہنچا سیدھی راہ پر ۔ اے

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○
ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے جیسا چاہیے اس سے ڈرنا اور نہ مریو مگر مسلمان

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی سب مل کر اور پھوٹ نہ ڈالو اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر

اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا
جب تھے تم آپس میں دشمن پھر الفت دی تمہارے دلوں میں اب ہوگئے اس کے فضل سے بھائی

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ
اور تم تھے کنارے پر ایک آگ کے گڑھے کے پھر تم کو خلاصی کیا اس سے اسی طرح کھولتا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ
اللہ تم پر نشانیاں اپنی شاید تم راہ پاؤ ۔ اور چاہیے کہ رہے تم میں ایک جماعت بلاتی نیک کام کی طرف

اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ
اور حکم کرتی رہے پسند بات کو اور منع کرتی رہے ناپسند کو اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ
پہنچے مراد کو ۔ اور مت ہو ان کی طرح جو پھوٹ گئے اور اختلاف کرنے لگے بعد

مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ يَّوْمَ تَبْيَضُّ
اس کے کہ پہنچ چکے ان کو صاف حکم اور ان کو بڑا عذاب ہے ۔ جس دن سفید ہونگے

وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ
بعضے منہ اور سیاہ ہوں گے بعضے منہ سو وہ جو سیاہ ہوئے ان کے منہ کیا تم کافر ہوگئے

اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ
ایمان میں آکر اب چکھو عذاب بدلا اس کفر کرنے کا ۔ اور وہ جو سفید ہوئے

وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا
منہ ان کے سو رحمت میں ہیں اللہ کی وہ اسی میں رہ پڑے ۔ یہ حکم ہیں اللہ کے ہم سناتے ہیں

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
تجھ کو تحقیق ۔ اور اللہ نہیں چاہتا ظلم جہان والوں پر ۔ اور اللہ کا مال ہے جو کچھ ہے آسمان اور

موضح القرآن
ف اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کے شبہوں کا جواب دے کر مسلمانوں کو فرمایا کہ ان کی بات مت سنو یہی علاج ہے نہیں تو سنتے سنتے بے راہ سے نکل جاؤ گے ایسے مسلمانوں کو چاہیے کہ شبہ والوں کی بات نہ سنیں آپس میں دین کی سلامتی ہے اور جھگڑنے سے شبہے پڑتے ہیں ف ۱۲ ایک مجلس میں مسلمان تھے اور یہود تھے یہود نے مسلمانوں کو آپس میں لڑا دیا اور قریب ہوا کہ شمشیر چلے حضرت آپ وہاں پہنچے اور صلح کر دی لڑا دیا اس طرح کہ مدینے کے لوگ دو فرقے تھے اسلام سے پہلے آپس میں لڑ چکے تھے اور دونوں طرف بہت لوگ مر چکے تھے سو عداوت یہود نے دونوں کو وہی لڑائی یاد دلا کر غصہ چڑھایا اور فرمایا حق تعالیٰ مسلمانوں کو خبر کرتا ہے کہ نہ بہکو اور آپس کا اتفاق نعمت سمجھو اور یہود کی طرح پھوٹ کر

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَا فِي الْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ
زمین میں اور اللہ تک رجوع ہے ہر کام کی تم ہو بہتر سب امتوں سے جو بھیجا ہوئی ہیں

لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ
لوگوں میں حکم کرتے ہو پسند بات پر منع کرتے ہو ناپسند سے اور ایمان لاتے ہو

ف اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اور رسم راہوں سے بھی بنائے رکھے یہی نفاق ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ
اللہ کو خوش نہیں آتا بری بات کا پکارنا
اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ
مگر جس پر ظلم ہوا ہو اور اللہ ہے سنتا جانتا اگر تم کھل کر کرو کچھ بھلائی یا اس کو چھپاؤ
اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ
یا معاف کرو برائی کو تو اللہ بھی معاف کرنے والا ہے مقدور رکھتا جو لوگ
يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ
منکر ہیں اللہ سے اور اس کے رسولوں سے اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں اللہ میں اور اس کے رسولوں میں
وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا
اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعضوں کو اور نہیں مانتے بعضوں کو اور چاہتے ہیں کہ نکالیں
بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا
بیچ میں ایک راہ ایسے لوگ وہی ہیں اصل کافر اور ہم نے تیار رکھی ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا
منکروں کے واسطے ذلت کی مار اور جو لوگ یقین لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر اور جدا نہ کیا
بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
کسی کو ان میں ان کو دے گا ان کے ثواب اور اللہ ہے بخشنے والا
رَّحِيْمًا ۝ يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ
مہربان تجھ سے مانگتے ہیں کتاب والے کہ تو ان پر اتار لاوے کتاب آسمان سے
فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ
سو مانگ چکے ہیں موسیٰ سے اس سے بڑی چیز بولے ہم کو دکھا دے اللہ سامنے پھر ان کو پکڑا
الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ
بجلی نے ان کے گناہ پر پھر بنا لیا بچھڑا پیچھے پہنچے نشانیاں پھر ہم نے وہ بھی
فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ
معاف کیا اور دیا موسیٰ کو غلبہ صریح اور ہم نے اٹھایا ان پر
الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا
پہاڑ ان کے قول لینے میں اور ہم نے کہا داخل ہو دروازے میں سجدہ کر کر اور ہم نے کہا ان کو زیادتی
تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ
مت کرو ہفتہ کے دن میں اور ان سے لیا قول گاڑھا سو ان کے قول

ف یعنی کسی میں عیب دین یا دنیا معلوم کرو تو اس کو مشہور نہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ سنتا جانتا ہے وہ ہر کسی کو جزا دے گا اسی کو غیبت کہتے ہیں اگر مظلوم کو روا ہے کہ ظالم کا ظلم بیان کرے اسی طرح اور بھی کئی مقام میں غیبت روا ہے
۲۱
ع
۱۱
یہ حکم بیان
شاید پیغمبر فرمایا کہ منافق کا نام مشہور نہ کرے جیسے حضرت نے مشہور نہیں کیا کہ اس کا دل زیادہ بگڑ جائے مبہم نصیحت کرے منافق آپ سمجھ لیگا اس میں شاید ہدایت پاوے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

توڑنے پر اور منکر ہونے پر اللہ کی آیتوں سے اور خون کرنے پر پیغمبروں کا ناحق اور اس کہنے پر

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۠

کہ ہمارے دل پر غلاف ہے کوئی نہیں پر اللہ نے مہر کی ہے ان پر مارے کفر کے سو یقین نہیں لاتے مگر کم

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰي مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ۙ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا

اور ان کے کفر پر اور مریم پر بڑا طوفان بولنے پر اور اس کہنے پر کہ ہم نے مارا

الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ

مسیح عیسیٰ مریم کے بیٹے کو جو رسول تھا اللہ کا اور نہ اس کو مارا ہے اور نہ سولی پر چڑھایا ہے ولیکن

شُبِّهَ لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ مَا لَهُمْ بِهٖ

وہی صورت بن گئی ان کے آگے اور جو لوگ اس میں کئی باتیں نکالتے ہیں وہ اس جگہ شبہ میں پڑے ہیں کچھ نہیں ان کو

مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًۢا ۙ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ

اس کی خبر مگر اٹکل پر چلنا اور اس کو مارا نہیں بے شک بلکہ اس کو اٹھا لیا اللہ نے اپنی طرف

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۠ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ

اور ہے اللہ زبردست حکمت والا اور جو فرقہ ہے کتاب والوں میں سو اس پر یقین

قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ

لاویں گے اس کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن ہوگا ان کا بتانے والا ف سو یہود کے گناہ سے

هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ

ہم نے حرام کیں ان پر کتنی پاک چیزیں جو ان کو حلال تھیں اور اس سے کہ اٹکتے تھے اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ

بہت اور ان کے سود لینے پر اور ان کو اس سے منع ہو چکا ہے اور لوگوں کے مال کھانے پر

بِالْبَاطِلِ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِـيْمًا ۠ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ

ناحق اور تیار رکھی ہے ہم نے منکروں کے واسطے دکھ کی مار لیکن جو ثابت ہیں

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

علم پر ان میں اور ایمان والے سو مانتے ہیں جو اترا تجھ پر اور جو اترا

مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

تجھ سے پہلے اور آفرین نماز پر قائم رہنے والوں کو اور دینے والے زکوٰۃ کے اور یقین رکھنے والے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ۧ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

اللہ پر اور پچھلے دن پر ایسوں کو ہم دیں گے بڑا ثواب ہم نے وحی بھیجی تیری طرف

ع ٢٢ ٢

موضح القرآن

ف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی آسمان پر زندہ ہیں جب یہود میں دجال پیدا ہوگا تب اس جہان میں اتر کر اس کو ماریں گے اور یہود اور نصاریٰ سب ان پر ایمان لاویں گے کہ یہ نہ مرے تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
جیسے وحی بھیجی نوح کو اور نبیوں کو اس کے بعد اور وحی بھیجی ابراہیم کو اور اسمٰعیل کو

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ
اور اسحٰق کو اور یعقوب کو اور اس کی اولاد کو اور عیسےٰ کو اور ایوب کو اور یونس کو اور ہارون کو

وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۚ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ
اور سلیمان کو اور ہم نے دی داؤد کو زبور اور کتنے رسول جن کا احوال سنایا ہم نے تجھ کو

قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۚ رُسُلًا
آگے اور کتنے رسول جن کا احوال نہیں سنایا تجھ کو اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے بول کر کتنے رسول

مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ
خوشی اور ڈر سنانے والے تا نہ رہے لوگوں کو اللہ پر الزام کی جگہ رسولوں کے بعد

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ
اور اللہ ہے زبردست حکمت والا ف لیکن اللہ شاہد ہے اس پر جو تجھ کو نازل کیا کہ یہ نازل کیا ہے

بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ
اپنے علم کے ساتھ اور فرشتے گواہ ہیں اور اللہ بس ہے حق ظاہر کرنے والا ف جو لوگ

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ
منکر ہوئے اور اٹکے اللہ کی راہ سے وہ دور پڑے ہیں بھول کر جو لوگ

كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝ اِلَّا
منکر ہوئے اور حق دبا رکھا ہرگز اللہ بخشنے والا نہیں ان کو اور نہ ان کو ملا دے راہ مگر

طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا
راہ دوزخ کی پڑے رہیں اس میں ہمیشہ اور یہ اللہ پر آسان ہے اے

النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَ
لوگو تم پاس رسول آچکا ٹھیک بات لے کر تمہارے رب کی سو مانو کہ بھلا ہو تمہارا اور

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝
اگر نہ مانوگے تو اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور اللہ سب خبر رکھتا ہے حکمت والا

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ اِنَّمَا
اے کتاب والو مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں اور مت بولو اللہ کے حق میں مگر بات تحقیق

الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰي مَرْيَمَ وَ
مسیح جو ہے عیسےٰ مریم کا بیٹا رسول ہے اللہ کا اور اس کا کلام جو ڈال دیا مریم کی طرف اور

موضح القرآن

ف یعنی عذر کی جگہ نہ رہے کہ ہم کو تیری مرضی ظاہر معلوم ہوتی تو اس پہ چلتے یہ اللہ کی حکمت اور تدبیر ہے اور اگر زبردستی کرے تو اس کی حاجت نہیں ۱۲ منہ رح

ف یعنی وحی ہر پیغمبر کو آتی رہی ہے کچھ نیا کام نہیں یہ اس کلام میں اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ تعالیٰ اس حق کو ظاہر کر دیگا چنانچہ ظاہر ہوا کہ جسقدر ہدایت اس نبی سے ہوئی اور کسی سے نہ ہوئی۔ ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

رُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ

روح ہے اس کے ہاں کی سو مانو اللہ کو اور اس کے رسولوں کو اور مت بتاؤ اس کو تین یہ بات چھوڑو کہ بھلا ہو تمہارا

اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اللہ جو ہے سو ایک معبود ہے اس لائق نہیں کہ اس کے اولاد ہو اسی کا ہے جو کچھ آسمان

وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ

و زمین میں ہے اور اللہ بس ہے کام بنانے والا مسیح ہرگز برا نہ مانے اس سے کہ بندہ

عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ

ہو اللہ کا اور نہ فرشتے نزدیک والے اور جو کوئی کنیائے اللہ کی بندگی سے اور

يَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تکبر کرے سو وہ جمع کرے ان سب کو اپنے پاس اکٹھا پھر جو لوگ ایمان لائے ہیں اور عمل کئے نیک

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَ

ان کو پورا دے گا ان کا ثواب اور بڑھتی دے گا اپنے فضل سے اور جو کنیائے اور

اسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تکبر کیا سو ان کو مارے گا دکھ کی مار اور نہ پاویں گے اپنے واسطے اللہ کے سوائے کوئی

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ

حمایتی اور نہ مددگار اے لوگو تم پاس پہنچ چکی تمہارے رب کی طرف سے سند اور اتاری ہم نے

اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

تم پر روشنی واضح سو جو یقین لائے اللہ پر اور اس کو مضبوط پکڑا تو ان کو داخل کریگا

فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ يَسْتَفْتُوْنَكَ

اپنی مہر میں اور فضل میں اور پہنچاوے گا اپنی طرف سیدھی راہ حکم پوچھتے ہیں تجھ سے

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ

تو کہہ کہ اللہ حکم بتاتا ہے تم کو کلالہ کا اگر ایک مرد مر گیا کہ اس کو بیٹا نہیں اور اس کو ایک بہن ہے

فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ فَاِنْ كَانَتَا

تو اس کو پہنچے آدھا جو چھوڑ مرا اور وہ بھائی وارث ہے اس بہن کا اگر نہ رہے اس کو بیٹا پھر اگر بہنیں

اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ

دو ہوں تو ان کو پہنچے دو تہائی جو کچھ چھوڑ مرا اور اگر کئی شخص ہیں اس ناتے کے مرد اور عورتیں تو مرد کو

مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ع ٢٤

دو برابر حصہ عورت کا بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے کہ نہ بھٹکو اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے

یہ خطاب ہے نصاریٰ کو کہ اللہ کو تین جگہ بتلاتے ہیں باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں مبالغہ عیب ہے ایک شخص پر اعتقاد ہو تو اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھیے جتنی بات تحقیق ہو وہی کہیے اور فرمایا کہ حضرت مسیح نے یہ اللہ تعالیٰ کو لائق نہیں اور بیٹا کرے تو اس کو پیش کار کی حاجت نہیں وہ بس ہے کام بنانے والا۔ ١٢ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

سورۃ المآئدۃ مدنیۃ وھی | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | مائۃ وعشرون آیۃ وستۃ عشر رکوعا

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا

اے ایمان والو پورا کرو قرار حلال ہوئے تم کو چوپائے مویشی اور

مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ

اس کے سوائے جو تم کو سنا دیں گے مگر حلال نہ جانو شکار کو اپنے احرام میں اللہ حکم کرتا ہے جو چاہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ

اے ایمان والو حلال نہ سمجھو اللہ کے نام کی چیزیں اور نہ ادب والا مہینہ اور نہ نیاز کے جانور جو کعبہ کو جاویں

وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ

اور نہ گلے میں پٹکے والیاں اور نہ آنے والوں کو ادب والے گھر کی طرف ڈھونڈتے ہیں فضل اپنے رب کا

وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ۭ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَـنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ

اور خوشی اور جب احرام سے نکلو تو شکار کرو اور باعث نہ ہو تم کو ایک قوم کی دشمنی کہ

صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَي الْبِرِّ وَ

تم کو روکتے تھے ادب والی مسجد سے اس پر کہ زیادتی کرو اور آپس میں مدد کرو نیک کام پر اور

التَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

پرہیزگاری پر اور مدد نہ کرو گناہ پر اور زیادتی پر اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ کا عذاب

الْعِقَابِ ۔ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

سخت ہے حرام ہوا تم پر مردہ اور لہو اور گوشت سور کا اور جس چیز پر نام پکارا اللہ کے

اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

سوا کا اور جو مر گیا گلا گھٹ کر یا چوٹ سے یا گر کر یا سینگ مارنے سے اور جس کو کھایا

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَي النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ

پھاڑنے والے نے مگر جو تم نے ذبح کر لیا اور جو ذبح ہوا کسی تھان پر اور یہ کہ بانٹا کرو پانسے ڈال کر

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

یہ گناہ کا کام ہے آج ناامید ہوئے کافر تمہارے دین سے سو ان سے مت ڈرو

وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ

اور مجھ سے ڈرو آج میں پورا دے چکا تم کو دین تمہارا اور پورا کیا تم پر میں نے احسان اپنا اور

رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ

پسند کیا میں نے تمہارے واسطے دین مسلمانی پھر جو کوئی ناچار ہو گیا بھوک میں لیکن گناہ پر نہیں

المنزل الثانی ٢

ع المائدة

ف۱ یعنی جب آدمی مسلمان ہوا تو سب حکم اللہ کے قبول کرنے ٹھہرا چکا اب آگے حکم فرماتے ان کو قبول کرو ۱۲ منہ

ف۲ یہ جانور ہیں جن کو لوگ پالتے ہیں کھانے کو جیسے گائے بکری بھیڑ نیل کے ہرن اور ... وغیرہ اسی میں داخل ہیں کوئی شرط ہے ان کو حرام کے وقت اللہ اسی طرح حرم کے شکار بھی حرام فرمایا اس کے ساتھ حرم سے آدمی بھی فرمایا ہے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لِاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ قُلْ اُحِلَّ

گناہ پر تو اللہ بخشنے والا ہے مہربان ف تجھ سے پوچھتے ہیں کہ ان کو کیا حلال ہے تو کہہ تم کو حلال ہیں

لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا

ستھری چیزیں اور جو سدھاؤ شکاری جانور دوڑانے کو ان کو سکھاتے ہو کچھ

عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُوا

ایک جو اللہ نے تم کو سکھایا ہے سو کھاؤ اس میں سے کہ رکھ چھوڑیں تمہارے واسطے اور اللہ کا نام لو اس پر اور ڈرتے رہو

اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ

اللہ سے اللہ شتاب لینے والا ہے حساب آج حلال ہوئیں تم کو سب چیزیں ستھری اور کتاب والوں کا

اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ

کھانا تم کو حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کو حلال ہے اور قید والی عورتیں مسلمان

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

اور قید والی عورتیں کتاب والوں کی پہلے جب دو ان کو

اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ وَ

٤ مہران کے قید میں لانے کو نہ مستی نکالنے کو اور نہ چھپی آشنائی کرنے کو اور

مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

جو کوئی منکر ہوا ایمان سے اس کی محنت ضائع ہوئی اور آخرت میں وہ ہارنے والوں میں سے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ

اے ایمان والو جب تم اٹھو نماز کو تو دھو لو اپنے منہ اور ہاتھ

اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ وَاِنْ كُنْتُمْ

کہنیوں تک اور مل لو اپنے سر کو اور پاؤں ٹخنوں تک اور اگر تم کو

جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ

جنابت ہو تو خوب طرح پاک ہو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا ایک شخص تم میں آیا ہے

الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا

جائے ضرور سے یا لگے ہو عورتوں سے پھر نہ پاؤ پانی تو قصد کرو زمین پاک کا

فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ

اور مل لو اپنے منہ اور ہاتھ وہاں سے اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کچھ

حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

مشکل رکھے لیکن چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے اور اپنا احسان پورا کیا چاہے تم پر کہ شاید تم احسان مانو

موضح القرآن

ف موتیں میں سے یہ چیزیں حرام فرمائیں سو اور ہر چیز کا ہو اور آپسے مرا یا کسیطرح بغیر ذبح کے اور جو خدا کے سوا کسی کے نام پر ذبح کیا اور جو کسی مکان کی تعظیم پر ذبح کریں سوائے خانہ خدا کے مگر یہ چیزیں مضطر کو معاف ہیں اور پانسا ڈالنا یا پاسوں سے کا نذر کرنا ایک جوا تھا اسکے شرط بدکر ایک جانور دس شخص نے خرید ا اور ذبح کیا اور دس حصے کیے کسی پر لکھا دو کسی پر ایک کسی پر پاؤ کم زیادہ کوئی خالی پھر بانٹنے کی تدبیر ایک کے نام پر جو پانسا آیا وہی حصہ اس کو ملا یا خالی نکل گیا شرط بدنی تمام حرام ہے یہ بھی اسی میں داخل ہے
ع ٥ ٥

فائدہ ۱۵ سے معلوم ہوا کہ غیر خدا کے نام پر جو جانور ذبح ہو یا غیر خدا کی تعظیم پر وہ حرام ہے
فائدہ ۱۲ سے یہ جو فرمایا آج پورا دین تمہارا ہو چکا یہ آیت آخر کو اتری کہ سب احکام

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا
اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر اور عہد اس کا جو تم سے ٹھہرایا جب تم نے کہا ہم نے سنا

وَأَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۞ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
اور مانا اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ جانتا ہے جیوں کی بات ف۱ اے ایمان

آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ
والو کھڑے ہو جایا کرو اللہ کے واسطے گواہی دینے کو انصاف کی اور ایک قوم کی دشمنی کے باعث

عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ
عدل نہ چھوڑو عدل کرو یہی بات لگتی ہے تقوے سے اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ کو خبر ہے

بِمَا تَعْمَلُونَ ۞ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَ
جو کرتے ہو ف۲ وعدہ دیا اللہ نے ایمان والوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں کہ ان کو بخشنا ہے اور

أَجْرٌ عَظِيمٌ ۞ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ
بڑا ثواب ہے اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری آیتیں وہ ہیں دوزخ والے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَنْ يَبْسُطُوا
اے ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب قصد کیا لوگوں نے کہ تم پر ہاتھ

إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
چلاویں پھر روک دئے تم سے ان کے ہاتھ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور اللہ پر چاہیے بھروسہ

الْمُؤْمِنُونَ ۞ وَلَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ
ایمان والوں کو اور لے چکا اللہ عہد بنی اسرائیل کا اور اٹھائے ہم نے ان میں

عَشَرَ نَقِيبًا وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّي مَعَكُمْ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ
بارہ سردار اور کہا اللہ نے میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم کھڑی رکھو گے نماز اور دیتے رہو گے زکوٰۃ

وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ
اور یقین لاؤ گے میرے رسولوں پر اور ان کو مدد کرو گے اور قرض دو گے اللہ کو اچھی طرح کا قرض تو میں اتاروں گا تم سے

عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ فَمَنْ
برائیاں تمہاری اور داخل کروں گا تم کو باغوں میں کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں پھر جو

كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۞ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ
کوئی منکر رہا تم میں اس کے بعد وہ بے شک بھولا سیدھی راہ سو ان کے عہد توڑنے پر

لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ وَ
ہم نے ان کو لعنت کی اور کر دیئے ان کے دل سیاہ بدلتے ہیں کلام کو اپنے ٹھکانے سے اور

موضح القرآن
ف۱ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کو یاد دلایا کہ تم سے عہد پر قائم رہو اسی طرح ہم کو تقید فرمایا کہ عہد یاد رکھو وہ عہد یہ ہو کہ جب لوگ مسلمان ہوتے تو حضرت سے بیعت کرتے یعنی ہاتھ پکڑ کر قول دیتے بہت چیزیں کرنے کا جیسے پانچ نمازیں اور روزہ رمضان اور زکوٰۃ اور حج اور خیر خواہی ہر مسلمان کی اور بہت چیزیں نہ چھوڑنے پر جیسے خون اور زنا اور چوری اور تہمت لگانی گناہ کو اور اللہ اور رسول سے مخالفت کرنی اسی عہد پر فرمایا کہ قائم رہو ۱۲ منہ
ف۲ اکثر کافر لوگ مسلمانوں سے بڑی دشمنی کی تھی پیچھے مسلمان ہوئے تو فرمایا ایمان کو وہ دشمنی نہ کھو اور ہر حکم پر حکم ہے حق بات میں دوست اور دشمن برابر ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

نَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِّنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا
بھول گئے ایک فائدہ لینا اس نصیحت سے جو ان کو کی تھی اور ہمیشہ تو خبر پاتا ہے ان کی ایک دغا کی مگر تھوڑے

مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَمِنَ الَّذِينَ
لوگ ان میں سو معاف کر اور درگذر ان سے اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو اور وہ جو

قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا
کہتے ہیں آپ کو نصاریٰ ان سے بھی لیا تھا ہم نے عہد ان کا پھر بھول گئے ایک فائدہ لینا اس نصیحت سے جو ان کو کی تھی

بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ بِمَا
پھر ہم نے لگا دی آپس میں دشمنی اور کینہ قیامت کے دن تک اور آخر جتا دے گا ان کو اللہ جو کچھ

كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا
کرتے تھے ف اے کتاب والو آیا ہے تم پاس رسول ہمارا کھولتا ہے تم پر بہت چیزیں

مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَاءَكُم مِّنَ اللَّهِ
جو تم چھپاتے تھے کتاب کی اور درگذر کرتا ہے بہت چیزوں سے تم پاس آئی ہے اللہ کی طرف سے

نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ ۝ يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلَامِ
روشنی اور کتاب بیان کرتی جس سے اللہ راہ پر لاتا ہے جو کوئی تابع ہوا اس کی رضا کا بچاؤ کی راہ پر

وَيُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ
اور ان کو نکالتا ہے اندھیروں سے روشنی میں اپنے حکم سے اور ان کو چلاتا ہے سیدھی

مُّسْتَقِيمٍ ۝ لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قُلْ
راہ بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا تو کہہ

فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ
پھر کس کا کچھ چلتا ہے اللہ سے اگر وہ چاہے کہ کھپا دے مسیح مریم کے بیٹے کو اور اس کی ماں کو

وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ
اور جتنے لوگ ہیں زمین میں سارے اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان اور زمین کی اور جو دونوں کے بیچ ہے

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ
بناتا ہے جو چاہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ف۲ اور کہتے ہیں یہود و نصاریٰ

نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۖ بَلْ أَنتُم
ہم بیٹے ہیں اللہ کے اور اس کے پیارے تو کہہ پھر کیوں عذاب کرتا ہے تم کو تمہارے گناہوں پر کوئی نہیں تم بھی

بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۚ وَلِلَّهِ مُلْكُ
ایک انسان ہو اس کی پیدائش میں بخشے جس کو چاہے اور عذاب کرے جس کو چاہے اور اللہ کو ہے سلطنت

موضح القرآن

ف اس سے معلوم ہوا کہ جب اللہ تعالیٰ کے کلام سے اثر پکڑنا اور حکم شرع پر محبت سے قایم رہنا چھوٹ جاوے اور فقط مذہب کا جھگڑا اور حجت رہ جاوے تو راہ سے بہکے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ اللہ صاحب کسی جگہ نبیوں کے حق میں ایسی بات فرماتے ہیں تا ان کی امت ان کو بندگی کی حد سے زیادہ نہ چڑھاویں و الابنی اس کا ہی کلہے کو ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ
آسمان اور زمین کی اور جو دونوں کے بیچ ہے اور اسی کی طرف رجوع ہے اے کتاب والو

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا
آیا ہے تم پاس رسول ہمارا بیان کرتا ہے تم سے تو ڑا پڑے پیچھے رسولوں کا کبھی تم کہو کہ ہم پاس نہ آیا کوئی

مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
خوشی یا ڈر سنانے والا سو آچکا تمہارے پاس خوشی اور ڈر سنانیوالا اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ
قادر ہے ف۱ اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو اے قوم یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب پیدا کیے

فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝
تم میں نبی اور کر دیا تم کو بادشاہ اور دیا تم کو جو نہیں دیا کسی کو جہان میں

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓي
اے قوم داخل ہو زمین پاک میں جو لکھ دی ہے اللہ نے تم کو اور الٹے نہ جاؤ اپنی

اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۤ
پیٹھ پر پھر جا پڑو گے نقصان میں بولے اے موسیٰ وہاں ایک لوگ ہیں زبردست

وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝
اور ہم ہرگز وہاں نہ جاویں گے جب تک وہ نکل چکیں وہاں سے پھر اگر وہ نکلیں وہاں سے تو ہم داخل ہوں

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ
کہا دو مردوں نے ڈر والوں میں سے خدا کی نوازش تھی ان دو پر بیٹھ جاؤ ان پر حملہ کر کر

الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ڬ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ
دروازے میں پھر جب تم اس میں پیٹھو تو تم غالب ہو اور اللہ پر بھروسا کرو اگر یقین

مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ
رکھتے ہو بولے اے موسیٰ ہم ہرگز نہ جاویں ساری عمر جب تک وہ رہیں گے اس میں سو تو جا

اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا
اور تیرا رب دونوں لڑو ہم یہاں ہی بیٹھے ہیں بولا اے رب میرے اختیار میں نہیں مگر

نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّهَا
میری جان اور میرا بھائی سو فرق کر تو ہم میں اور بے حکم قوم میں کہا تو وہ ان سے

مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ
بند ہوئی چالیس برس سر مارتے پھریں گے ملک میں سو تو افسوس نہ کر بے حکم

ع ۳ … القرآن

ف۱ حضرت عیسےٰ کے بعد کوئی رسول نہ آیا تھا سو فرمایا کہ تم افسوس کرتے کہ ہم رسولوں کے وقت میں نہ ہوئے کہ تربیت ان کی پاتے اب بعد مدت تم کو رسول نبی میسر ہوئی غنیمت جانو اور اللہ قادر ہے اگر تم نہ قبول کروگے اور خلق کھڑی کردے گا تم سے بہتر جیسے حضرت موسےٰ کے ساتھ جہاد کرنا قبول نہ کیا ان کی قوم نے اللہ نے ان کو محروم کردیا۔ اوروں کے ہاتھ ملک شام فتح کرادیا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ
لوگوں پر اور سنا ان کو احوال تحقیق آدم کے دو بیٹوں کا جب نیاز کی دونوں نے کچھ نیاز پھر قبول ہوئی

مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ
ایک سے اور نہ قبول ہوئی دوسرے سے کہا میں تجھ کو مار ڈالوں گا وہ بولا کہ اللہ قبول کرتا ہے

مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ
سو ادب والوں سے اگر تو ہاتھ چلاوے گا مجھ پر مارنے کو میں نہ ہاتھ چلاؤں گا

اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓءَاْ
تجھ پر مارنے کو میں ڈرتا ہوں اللہ سے جو صاحب ہے سب جہان کا میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ
میرا گناہ اور اپنا گناہ پھر ہو دوزخ والوں میں اور یہی ہے سزا بے انصافوں کی پھر اس کو راضی کیا

لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ
اس کے نفس نے خون پر اپنے بھائی کے پھر اس کو مار ڈالا تو ہو گیا زیان والوں میں پھر بھیجا اللہ نے

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى
ایک کوا کریدتا زمین کو کہ اس کو دکھاوے کس طرح چھپاتا ہے عیب اپنے بھائی کا بولا اے خرابی

اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ
مجھ سے نہ ہو سکا کہ ہوں برابر اس کوے کے کہ میں چھپاؤں عیب اپنے بھائی کا پھر لگا

مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۝ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ړ كَتَبْنَا عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ
پچھتانے اسی سبب سے لکھا ہم نے بنی اسرائیل پر کہ جو کوئی

قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ
مار ڈالے ایک جان سوائے بدلے جان کے یا فساد کرنے پر ملک میں تو گویا مار ڈالا سب لوگوں کو

وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا
اور جس نے جلایا ایک جان کو تو گویا جلایا سب لوگوں کو اور لا چکے ہیں ان پاس رسول ہمارے

بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝
صاف حکم پھر بہت لوگ ان میں اس پر بھی ملک میں دست درازی کرتے ہیں

اِنَّمَا جَزٰۗؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ
یہی سزا ہے ان کی جو لڑائی کرتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور دوڑتے ہیں ملک میں

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ
فساد کرنے کو ان کو قتل کریئے یا سولی چڑھایئے یا کاٹیے ان کے ہاتھ اور پاؤں مقابل کا

موضح القرآن

ف حضرت آدم کی اولاد ہونے لگی ایک پیٹ میں بیٹا اور بیٹی اس وقت میں بہن بھائی کا نکاح روا تھا مگر حضرت آدم تو بھی احتیاط کرتے ایک حمل کے بھائی بہن نہ ملاتے ایک بیٹی حضرت آدم ہابیل کو دینے لگے اسی کو قابیل لگا مانگنے انہوں نے دونوں کی خاطر رکھی کہا تم دونوں اللہ کی نیاز کرو ہابیل جو نبی کے حکم پر تھا اس کی نیاز غیب سے آگ آکر جلا گئی یعنی قبول ہوئی قابیل کی نیاز چھوڑ گئی قابیل نے حسد سے چاہا کہ ہابیل کو مار ڈالے آخر مار ڈالا اب تک جہاں خون ناحق ہو تو اس میں ایک وبال قابیل پر ہے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

موضح القرآن

أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ

یا دور کر دیجئے اس ملک سے یہ ان کی رسوائی ہے دنیا میں اور ان کو آخرت میں

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا

بڑی مار ہے مگر جنہوں نے توبہ کی تمہارے ہاتھ پڑنے سے پہلے تو جان لو

أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ

کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے ع اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور ڈھونڈو اس تک

الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

وسیلہ اور لڑائی کرو اس کی راہ میں شاید تمہارا بھلا ہو ف۳ جو کافر ہیں

لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ

اگر ان کے پاس ہو جتنا کچھ زمین میں ہے سارا اور اس کے ساتھ اتنا اور کہ چھڑوائی میں دیں اپنی

يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا

قیامت کے عذاب سے وہ ان سے قبول نہ ہو اور ان کو دکھ کی مار ہے چاہیں گے کہ نکل جاویں

مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝ وَالسَّارِقُ

آگ سے اور وہ نکلنے والے نہیں اور ان کو عذاب دائم ہے اور جو کوئی چور ہو مرد

وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ

یا عورت تو کاٹ ڈالو ان کے ہاتھ سزا ان کی کمائی کی تنبیہ اللہ کی طرف سے اور اللہ

عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ

زور آور ہے حکمت والا پھر جس نے توبہ کی اپنی تقصیر کے پیچھے اور سنوار پکڑا تو اللہ اس کو معاف

عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَ

کرتا ہے بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے تو نے معلوم نہیں کیا کہ اللہ کو ہے سلطنت آسمان اور

الْأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

زمین کی عذاب کرے جس کو چاہے اور بخشے جس کو چاہے اور اللہ سب چیز پر

قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ مِنَ

قادر ہے اے رسول تو غم نہ کھا ان کا جو دوڑ کر گرتے ہیں منکر ہونے میں ف۲ وہ

الَّذِينَ قَالُوا آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِينَ هَادُوا ۛ

جو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں اپنے منہ سے اور ان کے دل مسلمان نہیں اور وہ جو یہودی ہیں

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ

جاسوسی کرتے ہیں جھوٹ بولنے کو اور جاسوس ہیں دوسری جماعت کے جو تجھ تک نہیں آئے بے اسلوب کرتے ہیں بات کو

ف۱ اول فرمایا کہ خون کرنا گناہ ہے پھر بیان فساد کی سزا میں اس کا بیان کیا کہ جو کوئی لڑائی کرے اللہ اور رسول سے یعنی حاکم کے مخالف ہو کر ملک کو غارت کرے وہ ہاتھ لگے تو سولی پر چڑھا کر ماریے یا قتل کریے یا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹیے یا قید میں ڈال دیجیے جیسی خطا ہو ویسی سزا ۱۲ منہ

ف۲ اگر ایک شخص سے راہ لوٹنا تھا اب اس نے موقوف کیا اور اسباب اس کام کا دور کیا تو اس پر حد نہیں آتی ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی رسول کی اطاعت میں جو نیکی کرو وہ قبول ہے اور بغیر اس کے اگر عقل سے کرو سو قبول نہیں ۱۲ منہ رح

ع ۵ ۹ ۴ مع ۳

مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ
اس کا ٹھکانہ چھوڑ کر کہتے ہیں اگر تم کو یہ ملے تو لو اور اگر یہ نہ
تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ
ملے تو بچتے رہو اور جس کو اللہ نے بچلانا چاہا سو تو اس کا کچھ نہیں کرسکتا اللہ کے
شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا
ہاں وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے نہ چاہا کہ دل پاک کرے ان کو دنیا میں
خِزْىٌ ۖۚ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ
ذلت ہے اور ان کو آخرت میں بڑی مار ہے بڑے جاسوس جھوٹ کہنے کو اور بڑے حرام کھانے
لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ
والے سو اگر آویں تجھ پاس تو حکم کردے ان میں یا تغافل کر ان سے اور اگر تو تغافل
عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ
کرے گا تو تیرا کچھ نہ بگاڑیں گے اور اگر حکم کرے تو حکم کر ان میں انصاف کا اللہ
اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا
چاہتا ہے انصاف والوں کو ف اور کس طرح تجھ کو منصف کریں گے اور ان کے پاس توریت ہے جس میں
حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝
حکم اللہ کا پھر اس پیچھے پھرے جاتے ہیں اور وہ ماننے والے نہیں
اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ
ہم نے اتاری توریت اس میں ہدایت اور روشنی اس پر حکم کرتے رہے پیغمبر جو
اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ
حکم بردار تھے یہود کو اور درویش اور عالم اس واسطے کہ نگہبان ٹھہرائے تھے
كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا
اللہ کی کتاب پر اور اس کی خبرداری پر تھے سو تم نہ ڈرو لوگوں سے اور مجھ سے ڈرو اور مت
تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
خرید کرو میری آیتوں پر مول تھوڑا اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اتارے پر سو وہی لوگ ہیں
الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ
منکر اور لکھ دیا ہم نے ان پر اس کتاب میں کہ جی کے بدلے جی اور آنکھ کے بدلے آنکھ
وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ
اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بدلا

نصف القرآن

ف حضرت کے دل میں تردد تھا کہ ان کے مقدمہ میں نہ بولوں تو ناخوش ہوں اور یا اگر اپنے دین پر فیصل کردوں تو نہ قبول کریں اور اگر ان کا معمول جاری رکھوں تو عند اللہ غلط ہے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اختیار ہے یا تغافل کرو تو ان کی ناخوشی کا خطرہ نہیں یا حکم کرو تو اپنے دین کے موافق کرو پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی حکم فرمایا ان کو قائل کرکر ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۹ / ۱۰

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ

برابر پھر جس نے بخش دیا تو اس سے وہ پاک ہوا اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اتارے پر

اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

سو وہی لوگ ہیں بے انصاف ف۱ اور پیچھے بھیجا ہم نے انہی کے قدموں پر عیسیٰ مریم کا بیٹا

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى

سچ بتاتا توریت کو جو آگے سے تھی اور اس کو دی ہم نے انجیل جس میں ہدایت

وَّنُوْرٌ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً

اور روشنی اور سچا کرتی اپنی اگلی توریت کو اور راہ بتاتی اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ وَمَنْ لَّمْ

ڈر والوں کو اور چاہیئے کہ حکم کریں انجیل والے اس پر جو اتارا اللہ نے اس میں اور جو کوئی

يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

حکم نہ کرے اللہ کے اتارے پر سو وہی لوگ ہیں بے حکم ف۲ اور تجھ پر اتاری ہم نے کتاب

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ

تحقیق سچا کرتی اگلی کتابوں کو اور سب پر شامل سو تو حکم کر

بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ

ان میں جو اتارا اللہ نے اور ان کی خوشی پر مت چل چھوڑ کر حق راہ جو تیرے پاس آئی ہر ایک کو

جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

دیا ہم نے تم میں ایک دستور اور راہ اور اللہ چاہتا تو تم کو ایک دین پر کرتا

وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ

لیکن تم کو آزمانا چاہتا ہے اپنے دیے حکموں میں سو تم بڑھ کر لو خوبیاں اللہ کے پاس تم سب کو

جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ

پہنچنا ہے پھر جتادے گا جس بات میں تم کو اختلاف تھا اور یہ فرمایا کہ حکم کر ان میں جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ

اللہ نے اتارا اور مت چل ان کی خوشی پر اور بچتا رہ ان سے کہ تجھ کو بہکا نہ دیں کسی حکم سے

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ

جو اللہ نے اتارا تجھ پر پھر اگر نہ مانیں تو جان لے کہ اللہ نے یہی چاہا ہے کہ پہنچاوے ان کو

بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝ اَفَحُكْمَ

کچھ سزا ان کے گناہوں کی اور لوگوں میں بہت ہیں بے حکم اب کیا حکم چاہتے ہیں

فوائد

ف۱ یہودیوں کی شرارتوں کا بیان فرما کر اب نصاریٰ کا اپنی کتاب سے انحراف کرنا اور کجروی میں منہمک ہو جانا بیان کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انجیل کی مدح بھی ارشاد ہوئی ہے تاکہ ان کے انحراف کی قباحت اور بھی زیادہ ظاہر ہو جائے نصاریٰ کا انجیل سے انحراف کرنا چونکہ بہت ظاہر تھا اور دوسرے مقامات پر اس کو بیان ہوا ہے اس لئے اس کا یہاں ذکر نہیں فرمایا باوجود اس کے کہ حضور کی بشارت انجیل میں تھی نصاریٰ تصدیق سے پھرے ہوئے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ ارشاد ہوتا ہے کہ اہل انجیل کو انجیل کا اتباع چاہیے مقصود یہ ہے کہ اس میں نبی کریم کی بشارت جو مذکور ہے اس پر عمل کریں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝ ع
کفر کے وقت کا اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا یقین رکھنے والوں کو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ
اے ایمان والو مت پکڑو یہود اور نصاریٰ کو رفیق وہ آپس میں رفیق ہیں

بَعْضٍ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝
ایک دوسرے کے اور جو کوئی تم میں ان کی رفاقت کرے وہ ان ہی میں ہے اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو

فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ
اب تو دیکھے گا جن کے دل میں آزار ہے دوڑ کر ملتے جاتے ہیں ان میں کہتے ہیں کہ ہم کو ڈر ہے

أَن تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ ۚ فَعَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ
کہ نہ آجاوے ہم پر گردش سو شاید اللہ جلد بھیجے فیصلہ یا کچھ حکم اپنے پاس سے

فَيُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا فِي أَنفُسِهِمْ نَادِمِينَ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا
تو فجر کو لگیں اپنے جی کی چھپی بات پر پچھتانے ف۱ اور کہتے ہیں مسلمان

أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ
کہ یہ وہی لوگ ہیں کہ قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید سے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں خراب گئے

أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ
ان کے عمل پھر رہ گئے نقصان میں اے ایمان والو جو کوئی تم میں پھرے گا

عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى
اپنے دین سے تو اللہ آگے لاویگا ایک لوگ کہ ان کو چاہتا ہے اور وہ اس کو چاہتے ہیں نرم دل ہیں

الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا
مسلمانوں پر اور زبردست ہیں کافروں پر لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں اور

يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ
ڈرتے نہیں کسی کے الزام سے یہ فضل ہے اللہ کا دیگا جس کو چاہے اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ
کشایش والا ہے خبردار تمہارا رفیق وہی اللہ ہے اور اس کا رسول اور ایمان والے جو قائم ہیں

الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ
نماز پر اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ نوے ہیں اور جو کوئی رفاقت پکڑے اللہ کی اور اسکے رسول کی

وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ ۝ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ ع ۱۲
اور ایمان والوں کی تو اللہ کی جماعت وہی ہوں گے غالب اے ایمان

ف۱ یعنی منافق کافروں سے دوستی لگائے جاتے ہیں کہ ہم پر گردش نہ آجاوے یعنے مسلمان مغلوب ہوجاویں تو ان کی دوستی ہمارے کام آوے سو اللہ تعالی نے فرمایا کہ اب قریب ہے کہ کافر ہلاک ہوں مسلمانوں کو ان پر فتح ہو یا کچھ اور حکم آوے یعنی کافر ملک سے ویران ہوں آخر یہود کو حکم فرمایا جلا وطن کرنے کا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

امنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزوا ولعبا من الذين
والو رفیق نہ پکڑو ان لوگوں کو جو ٹھہراتے ہیں تمہارا دین ہنسی اور کھیل وہ

اوتوا الكتب من قبلكم والكفار اولياء واتقوا الله ان كنتم
کتاب دیئے گئے تم سے پہلے اور وہ جو کافر ہیں اور ڈرو اللہ سے اگر

مؤمنين ۝ واذا ناديتم الى الصلوة اتخذوها هزوا ولعبا ذلك
یقین رکھتے ہو اور جب وقت پکارو نماز کو اس کو ٹھہراویں ہنسی اور کھیل یہ

بانهم قوم لا يعقلون ۝ قل يا هل الكتب هل تنقمون منا
اس واسطے کہ وہ لوگ بے عقل ہیں ف تو کہہ اے کتاب والو کیا بیر ہے تم کو ہم سے

الا ان امنا بالله وما انزل الينا وما انزل من قبل وان اكثركم
مگر یہی کہ ہم یقین لائے اللہ پر اور جو ہم کو اترا اور جو اترا پہلے اور یہی کہ تم میں اکثر

فسقون ۝ قل هل انبئكم بشر من ذلك مثوبة عند الله من
بے حکم ہیں تو کہہ میں تم کو بتاؤں ان میں کس کی بری جزا ہے اللہ کے ہاں وہی جس کو

لعنه الله وغضب عليه وجعل منهم القردة والخنازير وعبد
اللہ نے لعنت کی اور اس پر غضب ہوا اور بعضے ان میں بندر کیے اور سور اور پوجنے لگے

الطاغوت اولئك شر مكانا واضل عن سواء السبيل ۝ واذا
شیطان کو وہی بدتر ہیں درجہ میں اور بہت بہکے سیدھی راہ سے اور جب تم

جاءوكم قالوا امنا وقد دخلوا بالكفر وهم قد خرجوا به والله
پاس آویں کہیں ہم یقین لائے اور منکر ہی آئے تھے اور اسی طرح نکلے اور اللہ

اعلم بما كانوا يكتمون ۝ وترى كثيرا منهم يسارعون في الاثم
خوب جانتا ہے جو چھپا رہے تھے ف اور تو دیکھے بہت ان میں دوڑتے ہیں گناہ پر

والعدوان واكلهم السحت لبئس ما كانوا يعملون ۝ لولا ينهىهم
اور زیادتی پر اور حرام کھانے پر کیا برے کام ہیں جو کر رہے ہیں کیوں نہیں منع کرتے

الربانيون والاحبار عن قولهم الاثم واكلهم السحت لبئس
ان کے درویش اور ملا گناہ کی بات کہنے سے اور حرام کھانے سے کیا برے عمل ہیں

ما كانوا يصنعون ۝ وقالت اليهود يد الله مغلولة غلت ايديهم
جو کر رہے ہیں اور یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا انہی کے ہاتھ باندھے جاویں

ولعنوا بما قالوا بل يداه مبسوطتن ينفق كيف يشاء و
اور لعنت ہے ان کو اس کہنے پر بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں خرچ کرتا ہے جس طرح چاہے اور

ف بعضے یہود اور بعضے مشرک آذان کی آواز پر ہنستے یہ ان کی بے عقلی تھی اللہ تعالی کی بڑائی ہر دین میں بہتر ہے ۱۲ منہ رح

ف بعضے اہل کتاب بھی منافقانہ طور سے ایمان لاتے تھے یعنی جب مسلمانوں سے ملتے تو کہتے کہ ہم مسلمان ہیں اور جب اپنے کفار سے ملتے تو کہتے کہ ہم تو بطور نفاق کے ایسے کہتے ورنہ ہم کہیں اسلام کو قبول کرسکتے ہیں یہ خیال تمہارا بالکل غلط ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۚ وَ

اس حکم سے جو تجھ کو اترا تیرے رب کی طرف سے ان کو بڑھے گی شرارت اور انکار اور

أَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ كُلَّمَا أَوْقَدُوا

ہم نے ڈال رکھی ہے ان میں دشمنی اور بیر قیامت کے دن تک جب ایک آگ

نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ ۚ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ

سلگاتے ہیں لڑائی کے واسطے اللہ اس کو بجھا تا ہے اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرتے اور اللہ نہیں چاہتا

الْمُفْسِدِينَ ۝ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ

فساد کرنے والوں کو اور اگر کتاب والے ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم اتار دیتے ان کی

سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَ

برائیاں اور ان کو داخل کرتے نعمت کے باغوں میں اور اگر وہ قائم رکھتے توریت اور

الْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ

انجیل کو اور جو اترا انکو ان کے رب کی طرف سے تو کھاویں اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے

أَرْجُلِهِم ۚ مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَاءَ مَا يَعْمَلُونَ ۝

سے کچھ لوگ ان میں ہیں سیدھے اور بہت ان کے برے کام کر رہے ہیں

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا

اے رسول پہنچا جو تجھ کو اترا تیرے رب سے اور اگر یہ نہ کیا تو تو نے کچھ نہ

بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

پہنچایا اس کا پیغام اور اللہ تجھ کو بچا لے گا لوگوں سے اللہ راہ نہیں دیتا منکر

الْكَافِرِينَ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ حَتَّىٰ تُقِيمُوا التَّوْرَاةَ وَ

قوم کو تو کہہ اے کتاب والو تم کچھ راہ پر نہیں جب تک نہ قائم کرو توریت اور

الْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا

انجیل اور جو تم کو اتارا گیا تمہارے رب سے اور ان میں بہتوں کو بڑھے گی اس کلام سے جو

أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۖ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

تجھ کو اترا تیرے رب سے شرارت اور انکار سو تو افسوس نہ کہا اس قوم منکر پر

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ مَنْ آمَنَ

البتہ جو مسلمان ہیں اور جو یہود ہیں اور صابئین اور نصاریٰ جو کوئی ایمان

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور عمل کرے نیک نہ ان پر ڈر ہے نہ وہ غم کھاویں

ف یہ یہود میں بولنا رواج تھا کہ اللہ کا ہاتھ بند ہوا یعنی ہم پر روزی تنگ ہوئی یہ کفر کا لفظ ہے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ کبھی بند نہیں دونوں ہاتھ کھلے ہیں قہر کا اور مہر کا تم پر اب قہر کا ہاتھ کھلا مہر کا الٹا پڑا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اتفاق نہیں رکھا جب آگ سلگاتے ہیں لڑائی کو یعنے فتنہ انگیزی کرتے ہیں کہ آپس میں سبکو ملاکر مسلمانوں سے لڑیں وہ اللہ بجھا دیتا ہے آپس میں پھوٹ جاتے ہیں ۱۲ منہ رح

ع ۹ / ۱۰ / ۱۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لقد اخذنا ميثاق بني اسرآءيل وارسلنا اليهم رسلا ط

ہم نے لیا تھا قول بنی اسرائیل سے اور بھیجے ان کی طرف رسول

كلما جآءهم رسول بما لا تهوى انفسهم فريقا كذبوا و

جب آیا ان پاس کوئی رسول جو نہ خوش آیا ان کے جی کو کتنوں کو جھٹلایا اور

فريقا يقتلون ﴿٧٠﴾ وحسبوا الا تكون فتنة فعموا وصموا ثم

کتنوں کا خون کرنے لگے اور خیال کیا کہ کچھ خرابی نہ ہوگی سو اندھے ہو گئے اور بہرے پھر

تاب الله عليهم ثم عموا وصموا كثير منهم ط والله بصير بما

اللہ متوجہ ہوا ان پر پھر اندھے اور بہرے ہوئے ان میں بہت اور اللہ دیکھتا ہے جو

يعملون ﴿٧١﴾ لقد كفر الذين قالوا ان الله هو المسيح ابن مريم ط

کرتے ہیں بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا

وقال المسيح يبني اسرآءيل اعبدوا الله ربي وربكم ط انه

اور مسیح نے کہا ہے کہ اے بنی اسرائیل بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمہارا مقرر

من يشرك بالله فقد حرم الله عليه الجنة وماوىه النار ط وما

جس نے شریک ٹھہرایا اللہ کا سو حرام کی اللہ نے اس پر جنت اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی

للظلمين من انصار ﴿٧٢﴾ لقد كفر الذين قالوا ان الله ثالث

نہیں گنہگاروں کی مدد کرنے والا بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا اللہ ہے تین میں کا

ثلثة م وما من اله الا اله واحد ط وان لم ينتهوا عما يقولون

ایک اور بندگی کسی کو نہیں مگر ایک معبود کو اور اگر نہ چھوڑیں گے جو بات کہتے ہیں

ليمسن الذين كفروا منهم عذاب اليم ﴿٧٣﴾ افلا يتوبون الى

البتہ جو ان میں منکر ہیں پاویں گے دکھ کی مار کیوں نہیں توبہ کرتے

الله ويستغفرونه ط والله غفور رحيم ﴿٧٤﴾ ما المسيح ابن مريم

اللہ پاس اور گناہ بخشواتے اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور کچھ نہیں مسیح مریم کا بیٹا

الا رسول ج قد خلت من قبله الرسل ط وامه صديقة ط كانا

مگر رسول ہے گذر چکے اس سے پہلے بہت رسول اور اس کی ماں ولی ہے دونوں

ياكلن الطعام ط انظر كيف نبين لهم الايت ثم انظر انى يؤفكون ﴿٧٥﴾

کھاتے تھے کھانا دیکھ ہم کیسی بتاتے ہیں ان کو نشانیاں پھر دیکھ وہ کہاں اوندھے جاتے ہیں

قل اتعبدون من دون الله ما لا يملك لكم ضرا ولا نفعا ط

تو کہہ کیا تم ایسی چیز پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جو مالک نہیں تمہارے برے کی نہ بھلے کی

ف نصاریٰ میں دو قول ہیں بعضے کہتے ہیں اللہ یہی تھا جو صورت مسیح میں آیا اور بعضے کہتے ہیں تین تھے ہو گیا ایک اللہ رہا ایک روح القدس ایک مسیح یہ دونوں قول کفر ہیں کافر کے حق میں یہی بہتے ہوئے فرمایا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ
اور اللہ وہی ہے سنتا جانتا ۔ تو کہہ اے اہل کتاب مت مبالغہ کرو اپنے

دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ
دین کی بات میں ناحق کا اور مت چلو خیال پر ایک لوگوں کے جو بہک گئے ہیں آگے

وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۝ لُعِنَ الَّذِيْنَ
اور بہکا گئے بہتوں کو اور بھولے سیدھی راہ سے ۔ لعنت کھائی

كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ
منکروں نے بنی اسرائیل میں سے زبان پر داؤد کی اور عیسیٰ بیٹے

مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا
مریم کی یہ اس سے کہ گنہگار تھے اور حد پر نہ رہتے تھے ۔ آپس میں منع نہ

يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ تَرٰى
کرتے برے کام سے جو کر رہے تھے کیا برا کام ہے جو کرتے تھے ۔ تو دیکھے

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ
ان میں بہت لوگ رفیق ہوتے ہیں کافروں کے بری تیاری بھیجی ہے اپنے واسطے

اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝
کہ اللہ کا غضب ہوا ان پر اور ہمیشہ وہ عذاب میں ہیں

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ
اور اگر یقین رکھتے اللہ پر اور نبی پر اور جو اس پر اترا تو ان کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ
رفیق نہ ٹھہراتے پر ان میں بہت لوگ بے حکم ہیں ۔ تو پاوے گا سب لوگوں میں

عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ
زیادہ دشمنی مسلمانوں سے یہود کو اور شرک والوں کو اور تو پاوے گا

اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ
سب سے نزدیک محبت میں مسلمانوں کے وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں

ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّ
یہ اس واسطے کہ ان میں عالم ہیں اور درویش ہیں اور

اَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝
یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے

موضح القرآن

ع ۱۰ / ۱۱ / ۱۴

ف یہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے کے یہود کا حال ہے باوجودیکہ مسلمانوں میں اور ان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام تک نام نبیوں اور ان کی کتابوں میں اتفاق ہے اور مشرکین سے ہر طرح کی مخالفت ہے اس پر بھی مسلمانوں پر مشرکوں کو ترجیح دیتے ہیں کعب بن اشرف ایک مقتدر یہودی تھا وہ مشرکین کو مسلمانوں سے ہمیشہ لڑنے کی ترغیب دیا کرتا تھا حق سبحانہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ یہ اگر موسیٰ علیہ السلام پر سچا ایمان رکھتے تو بھی ایسا نہ کرتے مگر یہ کم بخت تو ان بدولوں سے ایمان ہی نہیں رکھتے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri.

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَى

اور جب سنیں جو اترا رسول پر تو دیکھے

أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ يَقُولُونَ

ان کی آنکھیں ابلتی ہیں آنسوؤں سے اس پر جو پہچانے بات حق کہتے ہیں

رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا

اے رب ہم نے یقین کیا سو تو لکھ ہم کو ماننے والوں کے ساتھ اور ہم کو کیا ہوا کہ یقین نہ لاویں اللہ پر اور جو پہنچا

مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَنْ يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝

ہم پاس حق اور ہم کو توقع ہے کہ داخل کرے ہم کو رب ہمارا ساتھ نیک بختوں کے

فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ

پھر ان کو بدلا دیا ان کے رب نے اس کہنے پر باغ نیچے ان کے بہتی نہریں رہا کریں

فِيهَا وَذَلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

ان میں اور یہ ہے بدلا نیکی والوں کا اور جو منکر ہوئے اور جھٹلانے لگے ہماری آیتیں

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ

وہ ہیں دوزخ کے لوگ اے ایمان والو مت حرام ٹھہراؤ ستھری چیزیں جو

اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَكُلُوا مِمَّا

اللہ نے تم کو حلال کیں اور حد سے نہ بڑھو اللہ نہیں چاہتا زیادتی والوں کو اور کھاؤ

رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝

اللہ کے دیے سے جو حلال ہو ستھرا اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پر یقین رکھتے ہو

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ

نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری بے فائدہ قسموں پر لیکن پکڑتا ہے جو قسم تم نے گرہ

الْأَيْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ

باندھی سو اس کا اتار کھلانا دس محتاجوں کو بیچ کا کھانا جو دیتے ہو

أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

اپنے گھر والوں کو یا ان کو کپڑا دینا یا ایک گردن آزاد کرنی پھر جس کو پیدا نہ ہو تو روزے

ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ذَلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ وَاحْفَظُوا أَيْمَانَكُمْ

تین دن کے یہ اتار ہے تمہاری قسموں کا جب قسم کھا بیٹھو اور نگہ رکھو اپنی قسمیں

كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

یوں بتاتا ہے تم کو اللہ اپنے حکم شاید تم احسان مانو اے ایمان والو

موضح القرآن: مکے میں کافروں نے جب مسلمانوں پر ظلم کیا تو حضرت نے ان کو اذن دیا کہ اور ملک میں نکل جاؤ قریب اسی آدمی مسلمان بعضے تنہا بعضے گھر سمیت ملک حبشہ میں جا بسے وہاں کا بادشاہ خوب منصف تھا پھر مکے کے کافروں نے اس کو بہکایا کہ اس قوم کو رہنے نہ دو حضرت عیسیٰ کو غلام کہتے ہیں تب بادشاہ نے مسلمانوں کو بلا کر پوچھا اور قرآن پڑھوا کر سنا وہ اور اس کے علماء بہت روئے اور کہا حضرت عیسیٰ کی زبان سے ہم کو اسی کے موافق پہنچا ہے اور ہم کو خبر دی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہ میرے بعد پیش از قیامت ایک نبی آوے گا محمد یہی نبی ہے وہ بادشاہ خفیہ مسلمان ہوا

ع ۱۱ ۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ

ایمان والو یہ جو ہے شراب اور جوا اور بت اور پانسے گندے

عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ

کام ہیں شیطان کے سو ان سے بچتے رہو شاید تمہارا بھلا ہو شیطان یہی چاہتا ہے

اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ

کہ ڈالے تم میں دشمنی اور بیر شراب سے اور جوئے سے اور روکے تم کو

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا

اللہ کی یاد سے اور نماز سے پھر اب بھی تم باز آؤ گے اور حکم مانو

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى

اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور بچتے رہو پھر اگر تم پھرو گے تو جان لو کہ ہمارے

رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

رسول کا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا کھول کر جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کیے

جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا

ان پر نہیں گناہ جو کچھ پہلے کھا چکے جب آگے کو ڈرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کیے پھر ڈرے

وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور یقین کیا پھر ڈرے اور نیکی کی اور اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو اے

اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

ایمان والو البتہ تم کو آزماوے گا اللہ ایک شکار سے جس پر پہنچیں ہاتھ تمہارے اور نیزے

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

کہ معلوم کرے اللہ کون اس سے ڈرتا ہے بن دیکھے پھر جس نے زیادتی کی اس کے بعد تو اس کو

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ وَ

دکھ کی مار ہے اے ایمان والو نہ مارو شکار جس وقت تم ہو احرام میں اور

مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ

جو کوئی تم میں اس کو مارے جان کر تو بدلا ہے اس مارے کے برابر مواشی میں سے وہ ٹھہراویں

ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ

دو معتبر تمہارے کہ نیاز پہنچاوے کعبہ تک یا گناہ کا اتارا ہے کئی محتاج کا کھانا

اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ

یا اس کے برابر روزے کہ چکھے سزا اپنے کام کی اللہ نے معاف کیا جو ہو چکا

(بقیہ صفحہ گزشتہ) موضح القرآن
ف جو بات پر قصد کرکے قسم کھاوے آئندہ کو پھر اس کے خلاف ہوا تو تین باتوں میں سے ایک کرے جو چاہے یا دس محتاج کو کھلانا یعنی ہر ایک کو اناج دیناوہ سیر گیہوں یا چار سیر جو یا ان کو کپڑا دینا جس میں بدن کم کہلا رہے یا ایک بردہ آزاد کرنا ان تین میں سے کسی کو مقدور نہ ہو تو تین روزے اور اپنی قسم کو چاہیے تھامنا ۱۲ ع یعنی قسم کا مقصد نہ بھلائے اور زبان کو بے تاب نہ کرے ۱۲ منہ
ف یعنی کفر کی حالت میں اگر حرام چیز کھائی تھی پھر مسلمان ہوا اور ڈر کر اور منع پہنچا تو اس کو مانا ڈر کر چھوڑ دیا پھر آگے نیکی پر رہا ڈر کر ایمان کے اعمال پر قائم رہا تو ان تین سبب کے آگے وہ گناہ نہ رہا ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ اُحِلَّ لَكُمْ

اور جو کوئی پھر کرے گا اس سے بدلہ لے گا اللہ اور اللہ زبردست ہے بدلہ لینے والا حلال ہوا تم کو

صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ

دریا کا شکار اور اس کا کھانا فائدہ کو تمہارے اور مسافروں کے اور حرام ہوا تم پر شکار

الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ جَعَلَ اللّٰهُ

جنگل کا جب تک رہو احرام میں اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پاس جمع ہوگے اللہ نے کیا ہے

الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ۗ

کعبہ جو گھر ہے بزرگی کا قیام لوگوں کے واسطے اور مہینہ بزرگی کا اور قربانی نیاز کی اور گلے میں پٹکے ڈالیاں

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ

یہ اس واسطے کہ تم سمجھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں اور اللہ

بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

ہر چیز سے واقف ہے جان رکھو کہ اللہ کی مار سخت ہے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝

مہربان ہے رسول پر ذمہ نہیں مگر پہنچا دینا اور اللہ کو معلوم ہے جو ظاہر میں کروگے اور جو چھپا کر

قُلْ لَّا يَسْتَوِی الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا

تو کہہ برابر نہیں گندا اور پاک اگرچہ تجھ کو خوش لگے گندے کی بہتایت سو ڈرتے رہو

اللّٰهَ يٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا

اللہ سے اے عقلمندو شاید تمہارا بھلا ہو اے ایمان والو مت پوچھو

عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ

بہت چیزیں کہ اگر تم پر کھولی جاویں تو تم کو بری لگیں اور اگر پوچھوگے جس وقت قرآن

الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ۗ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ

اترتا ہے تو کھولی جاویں گی اللہ نے ان سے درگذری ہے اور اللہ بخشتا ہے تحمل والا ایسی باتیں پوچھ چکے ہیں

مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ۝ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا

ایک لوگ تم سے پہلے پھر ہو گئے ان سے منکر ہوئے نہیں ٹھہرایا اللہ نے بحیرہ اور نہ

سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حامی اور لیکن کافر باندھتے ہیں اللہ پر

الْكَذِبَ ۗ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ

جھوٹ اور ان میں بہتوں کو عقل نہیں اور جب کہیے ان کو آؤ اس طرف جو اللہ نے نازل کیا

موضح القرآن
ف یعنی یہ حکم شرع جو ہاتھ لگے وہ پاک ہو تھوڑا ہی بہتر اور خلاف شرع جو ہاتھ لگے وہ ناپاک ہے بہتایت پر نظر نہ کرے بکری کا گوشت ایک سیر بہتر ہے خنزیر کے ایک من سے ۱۲
ف یعنی آپ سے نہ پوچھو کہ یہ چیز روا ہے یا نہیں یہ کام کریں یا نہ کریں بلکہ جو فرمایا اس پر عمل کرو جو نہ فرمایا سکوت جانو اس میں دین آسان ہے اور جو ہر بات کا جواب آئے تو دین تنگ ہو جاوے پھر عمل نہ کر سکو جیسے لکھا نہ کر سکے پھر کفر کی رسمیں تھیں کہ پوچھنے کی حاجت نہیں جو اللہ تعالے نے نہ فرمایا وہ بے اصل ہے اور اسی طرح بے فائدہ باتیں پوچھیں کسی نے پوچھا میرا باپ کون تھا یا بری عورت کے لڑکوں طرح ہے اگر بغیر جواب دے تو شاید برا ہو ۱۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اللّٰهِ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ

اور رسول کی طرف کہیں ہم کو کفایت ہے جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادوں کو بھلا اگر ان کے باپ

لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ

نہ علم رکھتے ہوں کچھ اور نہ راہ جانتے تو بھی اے ایمان والو تم پر لازم ہے فکر اپنی جان کی

لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ

تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہوئے راہ پر اللہ پاس پھر جانا ہے تم سب کو پھر وہ جتا دیگا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ

جو کچھ تم کرتے تھے اے ایمان والو گواہ تمہارے اندر جب پہنچے کسی کو تم میں

الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ

موت جب لگے وصیت کرنے دو شخص معتبر چاہئیں تم میں سے یا دو اور ہوں تمہارے سوائے

اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ

اگر تم نے سفر کیا ہو ملک میں پھر پہنچے تم پر مصیبت موت کی دونوں کو کھڑا کرو

بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ

بعد نماز کے وہ قسم کہاویں اللہ کی اگر تم کو شبہہ پڑے کہیں ہم نہیں بیچتے قسم مال پر اگرچہ کسی کو ہم سے

ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى

قرابت ہو اور ہم نہیں چھپاتے اللہ کی گواہی نہیں تو ہم گنہگار ہیں ف۱ پھر اگر خبر ہو جاوے

اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ

کہ وہ دونوں حق دبا گئے گناہ سے تو دو اور کھڑے ہوں ان کی جگہ کہ جن کا حق دبا ہے ان میں جو بہت

الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ

نزدیک ہیں پھر قسم کہاویں اللہ کی کہ ہماری گواہی تحقیق ہے ان کی گواہی سے اور ہم نے زیادہ نہیں کیا

اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ

نہیں تو ہم بے انصاف ہیں اس میں لگتا ہے کہ شہادت ادا کریں راہ پر

اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

یا ڈریں کہ الٹی پڑے گی قسم ہماری ان کی قسم کے بعد اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سن رکھو اور اللہ راہ نہیں دیتا

الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا

بے حکم لوگوں کو جسدن اللہ جمع کرے گا رسول پھر کہے گا تم کو کیا جواب دیا بولیں گے ہمکو خبر

عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ

نہیں تو ہی ہے چھپی بات جانتا جب کہے گا اللہ اے عیسےٰ مریم کے بیٹے یاد کر

موضح القرآن

ف۱ یعنی مسلمان مرتے وقت کسی کو اپنے مال کا کام حوالے کرے تو بہتر ہے کہ دو مسلمان معتبر کو حوالے کرے پھر اگر وارثوں کو شبہ پڑے کہ ان شخصوں نے کچھ مال چھپایا اور وارث دعویٰ کریں اور شاہد نہیں تو دونوں شخص قسم کہاویں کہ ہم نے نہیں چھپایا اگر سفر میں لگا مرنے وہاں مسلمان پیدا نہ ہوئے تو دو کافر بھی روا ہیں اور قسم دیں بعد نماز عصر کے اس وقت کی دعا نیک و بد زیادہ قبول ہے شاید ڈر کر جھوٹی قسم نہ کہاویں

ع ۱۴

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي
میرا احسان اپنے اوپر اور اپنی ماں پر جب مدد کی میں نے تجھ کو روح پاک سے تو کلام کرتا لوگوں سے

الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ وَإِذْ
گود میں اور بڑی عمر میں اور جب سکھائی میں نے تجھ کو کتاب اور پکی باتیں اور توریت اور انجیل اور جب

تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي
تو بناتا مٹی سے جانور کی صورت میرے حکم سے پھر دم مارتا اس میں تو ہو جاتا جانور میرے حکم سے

وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي وَإِذْ كَفَفْتُ
اور چنگا کرتا ماں کے پیٹ کا اندھا اور کوڑھی کو میرے حکم سے اور جب نکال کھڑے کرتا مردے میرے حکم سے اور جب روکا میں نے

بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ
بنی اسرائیل کو تجھ سے جب تو لایا ان پاس نشانیاں تو کہنے لگے جو کافر تھے ان میں اور

هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي
کچھ نہیں یہ جادو ہے صریح ف۱ اور جب میں نے دل میں ڈالا حواریوں کے کہ یقین لاؤ مجھ پر اور میرے رسول پر

قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ۝ إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ
بولے ہم یقین لائے اور تو گواہ رہ کہ ہم حکمبردار ہیں جب کہا حواریوں نے اے عیسے مریم کے بیٹے

هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ
تیرے رب سے ہو سکے کہ اتارے ہم پر خوان بھرا آسمان سے بولا ڈرو اللہ سے

إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ قَالُوا نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَ
اگر تم کو یقین ہے ف۲ بولے ہم چاہتے ہیں کہ کھاویں اس میں سے اور چین پاویں ہمارے دل اور

نَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ قَالَ عِيسَى ابْنُ
ہم جانیں کہ تو نے ہم کو سچ بتایا اور رہیں ہم اس پر گواہ ف۳ بولا عیسے بیٹا مریم

مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا
کا اے اللہ اے رب ہمارے اتار ہم پر خوان بھرا آسمان سے کہ وہ دن عید رہے ہمارے پہلوں

وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ ۖ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ قَالَ اللَّهُ إِنِّي
اور پچھلوں کو اور نشانی تیری طرف سے اور روزی دے ہم کو اور تو ہے بہتر روزی دینے والا کہا اللہ نے میں اتاروں گا

مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ فَمَن يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَّا أُعَذِّبُهُ
وہ خوان تم پر پھر جو کوئی تم میں اس پیچھے ناشکری کرے تو میں اس کو وہ عذاب کروں گا جو نہ کروں گا

أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ۝ وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ
کسی کو جہان میں اور جب کہے گا اللہ اے عیسے مریم کے بیٹے تو نے کہا لوگوں کو

نصف

ف۱ بنی اسرائیل کو روکا تجھ سے یعنی قتل کرنے نہ دیا ۱۲ منہ ر
ف۲ ہو سکے یہ معنی کہ ہمارے واسطے تمہاری دعا سے اس قدر خرق عادات کرے یا نہ کرے فرمایا کہ ڈرو اللہ سے یعنی بندہ کو چاہیے اللہ کو نہ آزمائے کہ میرا کہا مانتا ہے یا نہیں اگرچہ خاوند
ربع
بہتری مہربانی کرے ۱۲
ف۳ یعنی برکت کی امید رکھتے ہیں اور معجزہ ہمیشہ مشہور رہے آزمانے کو نہیں ۱۲ منہ ر

ع ۱۵ / ۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اَتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ
کہ ٹھہراؤ مجھ کو اور میری ماں کو دو معبود سوائے اللہ کے بولا تو پاک ہے مجھ کو نہیں بن آتا کہ

اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِیْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ
کہوں جو مجھ کو نہیں پہنچتا اگر میں نے یہ کہا ہوگا تو تجھ کو معلوم ہوگا تو جانتا ہے جو میرے جی میں ہے

وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ
اور میں نہیں جانتا جو تیرے جی میں ہے بے شک تو ہی ہے جانتا چھپی بات میں نے نہیں کہا ان کو مگر جو

اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ
تو نے حکم کیا کہ بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمہارا اور میں ان سے خبردار تھا جب تک

فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدٌ ۝
ان میں رہا پھر جب تو نے مجھے بھر لیا تو تو ہی تھا خبر رکھتا ان کی اور تو ہر چیز سے خبردار ہے

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ
اگر تو ان کو عذاب کرے تو وہ بندے تیرے ہیں اور اگر ان کو معاف کرے تو تو ہی ہے زبردست حکمت والا

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ
فرمایا اللہ نے یہ دن ہے کہ کام آوے گا سچوں کو ان کا سچ ان کو ہیں باغ جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ
بہتی نہریں رہا کریں ان میں ہمیشہ اللہ راضی ہوا ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے یہی ہے بڑی مراد

الْعَظِيْمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝
ملنی اللہ کو سلطنت ہے آسمان اور زمین کی اور جو ان کے بیچ ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

سورۃ الانعام مکیۃ وھی مائۃ وخمس وستون آیۃ وعشرون رکوعا — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۵
سب تعریف اللہ کو جس نے بنائے آسمان و زمین اور ٹھہرایا اندھیرا اور اجالا

ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ
پھر یہ منکر اپنے رب کے ساتھ کسی کو برابر کرتے ہیں وہی ہے جس نے بنایا تم کو مٹی سے

ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝ وَهُوَ اللّٰهُ
پھر ٹھہرا دیا ایک وعدہ اور ایک وعدہ ٹھہر رہا ہے اس کے پاس پھر بھی تم شک لاتے ہو اور وہی ہے اللہ

فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝
آسمان اور زمین میں جانتا ہے تمہارا چھپا اور کھلا اور جانتا ہے جو کماتے ہو

ف اندھیرا اور اجالا یعنی رات دن ہے اور اشارہ ہے کہ راہ غلط کو اندھیرا کہیے اور راہ صحیح کو اجالا سو راہ صحیح ایک ہے اور اس کے سوائے سب غلط ہیں وہ بہت ہیں ۱۲ منہ

ف وعدہ یعنی فنا کا وقت سو ایک اجل ہر شخص کی وہ نہیں جانتا پر فرشتے جانتے ہیں اور ایک اجل ہے سب خلق کی سو کوئی نہیں جانتا اس اجل سے قیاس کر لیا اس اجل کو اور شک نہ لائے ۱۲ منہ

ع ۶ / ۱۶ ر ۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَمَا تَأْتِيهِمْ مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوا

اور نہیں پہنچتی انکو کوئی نشانی ان کے رب کی نشانیوں میں سے مگر کرتے ہیں اس سے تغافل سو جھٹلا چکے

بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ أَلَمْ

حق بات کو جب ان تک پہنچی اب آگے آوے گی ان پر حقیقت اس بات کی جس پر ہنستے تھے کیا

يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ

دیکھتے نہیں کتنی ہلاک کیں ہم نے پہلے ان سے سنگتیں ان کو جمایا تھا ہم نے ملک میں جتنا تم کو نہیں جمایا

وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم

اور چھوڑ دیا ہم نے آسمان ان پر برساتا اور بنادیں نہریں بہتی ان کے نیچے پھر ہلاک کیا

بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا

ان کو ان کے گناہوں پر اور کھڑی کی ان کے پیچھے اور سنگت اور اگر اوتاریں ہم ان پر لکھا ہوا

فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ

کاغذ میں پھر ٹٹول لیں اس کو اپنے ہاتھ سے البتہ کہیں گے منکر یہ کچھ نہیں مگر جادو ہے

مُّبِينٌ ۝ وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ

صریح ف اور کہتے ہیں کیوں نہ اترا اس پر کوئی فرشتہ اور اگر ہم فرشتہ اتاریں تو فیصل ہو چکے کام پھر

لَا يُنظَرُونَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا

ان کو فرصت نہ ملے اور اگر ہم رسول کرتے کوئی فرشتہ تو وہ بھی صورت میں ایک مرد کرتے اور ان پر شبہ ڈالتے وہی

يَلْبِسُونَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا

شبہ جو لاتے ہیں ف اور ہنسی کرتے رہے ہیں رسولوں سے تیرے پہلے پھر الٹ پڑے ان سے ہنسنے والوں پر

مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انظُرُوا كَيْفَ

جس بات پر ہنسا کرتے تھے تو کہہ پھرو ملک میں تو دیکھو آخر کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُل لِّلَّهِ ۚ

ہوا جھٹلانے والوں کا پوچھ کہ کس کا ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں کہہ اللہ کا ہے

كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ الَّذِينَ

اس نے لکھی ہے اپنے ذمہ مہربانی البتہ تم کو جمع کریگا دن قیامت تک اس میں شک نہیں جنہوں نے

خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ

ہاری اپنی جان وہی نہیں مانتے اور اسی کا ہے جو بستا ہے رات میں اور دن میں اور وہی ہے

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ

سب سنتا جانتا تو کہہ کیا اور کوئی پکڑوں اپنا مددگار اللہ کے سوائے جو بنانے والا ہے آسمان و زمین کا اور وہ سب کو

ف ۱ یعنی جن کی قسمت میں ہدایت نہیں اس کا شبہ کبھی نہیں مٹتا ۱۲ منہ

ف ۲ کہتے تھے کہ ہم دیکھتے فرشتہ اترتے سو جب آدمی فرشتوں کو دیکھیں تو عالم غیب ظاہر ہووے پھر عمل کی جزا بھی غیب سے ظاہر میں آنے لگے ۱۲ منہ

ع ۱

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ إِنِّيٓ أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا تَكُونَنَّ
کھلاتا ہے اور اس کو کوئی نہیں کھلاتا کہہ مجھ کو حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے حکم مانوں اور تو نہ ہو

مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنِّيٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝
شریک پکڑنے والا تو کہہ میں ڈرتا ہوں اگر حکم نہ مانوں اپنے رب کا ایک بڑے دن کے عذاب سے

مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ ۚ وَذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝ وَإِنْ
جس پر سے وہ ٹلا اس دن اس پر رحم کیا اور یہی ہے بڑی مراد ملنی اور اگر

يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ
پہنچاوے تجھ کو اللہ کچھ سختی پھر اس کو کوئی نہ اٹھاوے سوائے اس کے اور اگر تجھ کو پہنچاوے بھلائی تو وہ ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ۝ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ
چیز پر قادر ہے ف۱ اور اسی کا زور پہنچتا ہے اپنے بندوں پر اور وہی ہے حکمت والا خبردار تو کہہ کس چیز کی

أَكْبَرُ شَهَادَةً ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ
بڑی گواہی کہہ اللہ گواہ میرے اور تمہارے بیچ اور اترا ہے مجھ کو یہ قرآن

لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ ۚ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ ۚ
کہ تم کو اس سے خبردار کردوں اور جس کو یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ معبود اور بھی ہیں

قُلْ لَا أَشْهَدُ ۚ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ ۝ الَّذِينَ
تو کہہ میں نہیں گواہی دونگا تو کہہ وہی ہے معبود ایک اور میں قبول نہیں رکھتا جو تم شریک کرتے ہو ف۲ جن کو

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ
ہم نے دی ہے کتاب اس کو پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو جنہوں نے ہاری اپنی جان

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ
وہی نہیں مانتے اور اس سے ظالم کون جو جھوٹھ باندھے اللہ پر یا جھٹلاوے

بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ۝ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ
اس کی آیتیں مقرر بھلا نہیں پاتے گنہگار اور جس دن ہم جمع کریں گے ان سب کو پھر کہیں گے

أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ
شریک والوں کو کہاں ہیں شریک تمہارے جن کا تم دعوے کرتے تھے پھر نہ رہے گی ان کی شرارت

إِلَّا أَنْ قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ۝ انْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ ۚ
مگر یہی کہ کہیں گے قسم اللہ کی اے رب ہمارے ہم شریک نہ کرتے تھے دیکھ تو کیسا جھوٹھ بولے اپنے اوپر

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۖ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ
اور کھوئی گئیں ان سے جو باتیں بناتے تھے اور بعضے ان میں کان رکھتے ہیں تیری طرف اور ہم نے ان کے

موضح القرآن

ف۱ معلوم ہوا کہ بھلائی پہنچایا چاہنا ہے ۱۲ منہ

ف۲ یہاں گواہی فرمایا قسم کو یعنی میں قسم کھاتا ہوں اللہ کی اس سے زیادہ کون سی قسم ہوگی ۱۲ منہ

وقف لازم ع ۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا وَإِن يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا

دلوں پر غلاف رکھے ہیں کہ اس کو نہ سمجھیں اور ان کے کانوں پر بوجھ اور اگر دیکھیں ساری نشانیاں یقین نہ لاویں

بِهَا حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ

ان پر جب تک نہ آویں تیرے پاس جھگڑنے کو تجھ سے کہتے ہیں وہ منکر یہ کچھ نہیں مگر نقلیں ہیں

الْأَوَّلِينَ ۝ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ وَإِن يُهْلِكُونَ إِلَّا

اگلوں کی اور وہ اس سے منع کرتے ہیں اور اس سے بھاگتے ہیں اور ہلاک کرتے نہیں مگر

أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ

آپ کو اور نہیں سمجھتے اور کبھی تو دیکھے جس وقت ان کو کھڑا کیا ہے آگ پر تو کہتے ہیں اے کاش کہ ہمکو پھر بھیجیں

وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا

اور ہم نہ جھٹلاویں اپنے رب کی آیتیں اور رہیں ایمان والوں میں کوئی نہیں بلکہ کھل گیا جو

يُخْفُونَ مِن قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ وَ

چھپاتے تھے پہلے اور اگر پھر بھیجے تو پھر کریں وہی جو منع ہوا تھا ان کو اور وہ جھوٹھ بولتے ہیں ف اور

قَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ۝ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا

کہتے ہیں ہم کو زندگی نہیں مگر یہی دنیا کی اور ہم کو پھر نہیں اٹھنا اور کبھی تو دیکھے جسوقت ان کو کھڑا کیا ہے

عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ

ان کے رب کے سامنے فرمایا اب یہ سچ نہیں بولے کیوں نہیں قسم ہمارے رب کی فرمایا تو چکھو عذاب بدلا

بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمُ

اپنے کفر کا خراب ہوئے جنہوں نے جھوٹھ جانا ملنا اللہ کا جب تک کہ آپہنچی ان پر

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا يَا حَسْرَتَنَا عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ

قیامت بے خبر کہنے لگے اے افسوس کیا ہم نے قصور کیا اس میں اور وہ اٹھاتے ہیں اپنے بوجھ

عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۚ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ۝ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ

اپنی پیٹھ پر سنتا ہے برا بوجھ ہے جو اٹھاتے ہیں اور کچھ نہیں دنیا کا جینا مگر کھیل اور جی بہلانا

وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ

اور پچھلا گھر جو ہے سو بہتر ہے ڈر والوں کو کیا تم کو سمجھ نہیں ہم جانتے ہیں کہ تجھ کو

لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ ۖ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ

غم دلاتی ہیں ان کی باتیں سو وہ تجھکو نہیں جھٹلاتے لیکن بے انصاف اللہ کے حکموں سے

يَجْحَدُونَ ۝ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَ

منکر ہوئے جاتے ہیں اور جھٹلائے ہیں بہت رسول تجھ سے پہلے پھر صبر کرتے رہے جھٹلانے پر اور

موضح القرآن

ف یعنی دوزخ کے کنارے پر پہنچ کر حکم ہوگا کہ ٹھیراؤ تو کافروں کو توقع ہوگی کہ شاید ہم کو پھر دنیا میں بھیجیں تو اب کی بار کفر نہ کریں ایمان لاویں سو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس واسطے انکو نہیں پھیرا بلکہ اس تدبیر سے ان کے منہ سے اقرار کروایا کہ ہم نے کفر کیا تھا حالانکہ پہلے منکر ہوئے تھے کہ ہم شریک نہ کرتے تھے اور پھر بھیجا ان کو عبث ہو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۳ ۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أُوذُوا حَتّٰى أَتٰهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ

ایذا پر جب تک پہنچی ان کو مدد ہماری اور کوئی بدلنے والا نہیں اللہ کی باتیں اور تجھ کو پہنچ چکا ہے کچھ

نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ

احوال رسولوں کا اور اگر تجھ پر بھاری ہے ان کا تغافل کرنا تو اگر تو سکے

اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ

ڈھونڈھ نکالنی کوئی سرنگ زمین میں یا کوئی سیڑھی آسمان میں پھر ان کو لاوے ایک نشانی اور اگر اللہ چاہتا

اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ

جمع کر لاتا سب کو راہ پر سو تو مت ہو نادانوں میں ول ماننے وہ ہیں

الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ○ وَقَالُوْا لَوْلَا

جو سنتے ہیں اور مردوں کو اٹھا دے گا اللہ پھر اس کی طرف جاویں گے اور کہتے ہیں کیوں نہیں

نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ

اتری اس پر کچھ نشانی اس کے رب سے تو کہہ اللہ کو قدرت ہے کہ اتارے کچھ نشانی ولیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ

ان بہتوں کو سمجھ نہیں اور کوئی ہلتا نہیں زمین میں نہ جانور ہے کہ اڑتا ہے دو پر سے

اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ○

مگر ایک امت ہے تمہاری طرح چھوڑی نہیں ہم نے لکھنے میں کوئی چیز پھر اپنے رب کی طرف اکٹھے ہوں گے

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَ

اور وہ جو جھٹلاتے ہیں ہماری آیتیں بہرے اور گونگے ہیں اندھیروں میں جس کو چاہے اللہ گمراہ کرے اور

مَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ

جس کو چاہے ڈال دے سیدھی راہ پر تو کہہ دیکھو تو اگر آوے تم پر عذاب اللہ کا

اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ بَلْ اِيَّاهُ

یا آوے تم پر قیامت کیا اللہ کے سوائے کسی کو پکارو گے بتاؤ اگر تم سچے ہو بلکہ اسی کو

تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ○ ٤

پکارتے ہو پھر کھول دیتا ہے جس پر پکارتے تھے اگر چاہتا ہے اور بھول جاتے ہو جن کو شریک کرتے تھے

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

اور ہم نے رسول بھیجے تھے بہت امتوں پر تجھ سے پہلے پھر ان کو پکڑا سختی میں اور تکلیف میں شاید وہ

يَتَضَرَّعُوْنَ ○ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ

گڑگڑاویں پھر کیوں نہ جب پہنچا ان پر عذاب ہمارا گڑگڑائے ہوتے اور لیکن سخت ہو گئے دل ان کے اور

موضح القرآن الصف وقف غفران

ف کافر مانگتے تھے کہ یہ نبی ہے تو اس کیساتھ ہمیشہ ایک نشانی رہے کہ ہر کوئی دیکھ کر اور یقین لاوے سو شاید حضرت کا دل بھی چاہا ہو اس واسطے یہ تربیت فرمائی کہ اللہ کے تابع رہو اس کو منظور ہوتا تو ہر نشانی ہی سب کے دل پھیرلاتا ایمان پر ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالی

ع ۱۱ ۴

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا
ان کو بھلے دکھائے شیطان نے جو کام کر رہے تھے پھر جب بھول گئے جو نصیحت کی تھی انکو کھول دیے

عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَیْءٍ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ
ہم نے ان پر دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ خوش ہوئے پائی ہوئی چیز سے پکڑا ہم نے ان کو بے خبر پھر تب ہی وہ

مُّبْلِسُوْنَ ۝ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
رہ گئے ناامید ف۱ پھر کٹ گئی جڑ ان ظالموں کی اور سب اچھے کام اللہ کا جو رب سارے جہان کا

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ
تو کہہ دیکھو تو اگر چھین لے اللہ تمہارے کان اور آنکھیں اور مہر کر دے تمہارے دل پر کون وہ

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ
رب ہے اللہ کے سوائے جو تم کو یہ لا دیوے دیکھ ہم کیسی پھیرتے ہیں باتیں پھر وہ کنارہ کرتے ہیں ف۲

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ
تو کہہ دیکھو تو اگر آوے تم پر عذاب اللہ کا بے خبر یا روبرو کوئی ہلاک ہوگا مگر وہی لوگ

الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ
جو گنہگار ہیں ف۳ اور ہم جو رسول بھیجتے ہیں مگر خوشی اور ڈر سنانے کو پھر جو کوئی یقین لایا

وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ
اور سنوار پکڑی تو نہ ڈر ہے ان پر نہ وہ غم کھاویں اور جنہوں نے جھٹلائیں ہماری آیتیں ان کو لگے گا

الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ
عذاب اس پر کہ بے حکمی کرتے تھے تو کہہ میں نہیں کہتا تم سے کہ مجھ پاس ہیں خزانے اللہ کے

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ
نہ میں جانوں غیب کی بات اور نہ میں کہوں تم سے کہ میں فرشتہ ہوں میں اسی پر چلتا ہوں جو مجھ کو حکم آتا ہے تو کہہ

هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ
کب برابر ہوسکے اندھا اور دیکھتا کیا تم دھیان نہیں کرتے اور خبردار کر دے اس قرآن سے

يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ
جن کو ڈر ہے کہ جمع ہوں گے اپنے رب کے پاس ان کا کوئی نہیں اس کے سوائے حمایتی نہ سفارش والا

لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ
شاید وہ بچتے رہیں اور نہ ہانک ان کو جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح اور شام

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ
چاہتے ہیں اس کا منہ تجھ پر نہیں ان کے حساب میں سے کچھ اور نہ تیرے حساب میں سے

ربع

ف۱ یعنی گنہگار کو اللہ تعالے تھوڑا سا پکڑتا ہے اگر وہ گڑگڑایا اور توبہ کی توبچ گیا اور اگر اتنی پکڑ نہ مانی تو پھر بھلا دیا اور خوبی کے دروازے کھولے جب خوب گناہ میں غرق ہوا تو بے خبر پکڑا گیا یہ ارشاد ہے کہ آدمی کو گناہ پر تنبیہ پہنچے تو شتاب توبہ کرے یہ راہ نہ دیکھے کہ اس سے زیادہ پہنچے تو یقین کروں ف۲ یعنی توبہ کو دیر نہ کرے جو کان اور آنکھ اور دل اوس وقت سے شاید پھر نہ رہے ۱۲ منہ رح ف۳ یعنی شاید اس دیر میں عذاب پہنچ جاوے تو اگر توبہ کر چکا ہو اس عذاب سے بچ رہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظّٰلِمِينَ ۝ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم
ان پر کچھ کہ تو ان کو ہانک دے پھر ہووے بے انصافوں میں ف۱ اور اسی طرح ہم نے آزمایا ہے ایک کو

بِبَعْضٍ لِّيَقُولُوا أَهٰؤُلَاءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا ۗ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَعْلَمَ
ایک سے کہ کہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل کیا ہم سب میں سے کیا اللہ کو معلوم نہیں

بِالشّٰكِرِينَ ۝ وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
حق ماننے والے ف۲ اور جب آویں تیرے پاس ہماری آیتیں ماننے والے تو کہہ سلام ہے تم پر

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنكُمْ سُوٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ
لکھی ہے تمہارے رب نے اپنے اوپر مہربانی کہ جو کوئی کرے تم میں برائی ناواقفی سے پھر اس کے

مِن بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَ
بعد توبہ کی اور سنوار پکڑی تو یوں ہے کہ وہ ہے بخشنے والا مہربان ف۳ اور اسی طرح ہم بیان کرتے ہیں آیتیں اور

لِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ ۝ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ
تو کھل جاوے راہ گنہگاروں کی تو کہہ مجھ کو منع ہوا ہے کہ پوجوں جن کو

تَدْعُونَ مِن دُونِ اللّٰهِ ۚ قُل لَّا أَتَّبِعُ أَهْوَاءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا
پکارتے ہو اللہ کے سوائے تو کہہ میں نہیں چلتا تمہاری خوشی پر تو تو میں بہک چکا اور نہ ہوا

مِنَ الْمُهْتَدِينَ ۝ قُلْ إِنِّي عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَكَذَّبْتُم بِهِ ۚ مَا عِندِي
راہ پانے والا تو کہہ مجھ کو شہادت پہنچی میرے رب کی اور تم نے اس کو جھٹلایا میرے پاس

مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ ۖ يَقُصُّ الْحَقَّ ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِينَ
نہیں جس کی شتابی کر رہے ہو حکم کسی کا نہیں سوائے اللہ کے کھولتا ہے حق بات اور وہ ہے بہتر چکانے والا

قُل لَّوْ أَنَّ عِندِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ لَقُضِيَ الْأَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ
تو کہہ اگر میرے پاس ہو جس کی شتابی کرتے ہو تو فیصل ہو چکے کام میرے تمہارے بیچ اور اللہ کو

أَعْلَمُ بِالظّٰلِمِينَ ۝ وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي
خوب معلوم ہیں بے انصاف اور اسی کے پاس کنجیاں ہیں غیب کی ان کو نہیں جانتا اس کے سوائے اور وہ جانتا ہے

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۚ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمٰتِ
جو جنگل اور دریا میں ہے اور نہیں جھڑتا کوئی پتا جو وہ نہیں جانتا اور نہ کوئی دانہ زمین کے اندھیروں میں

الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِينٍ ۝ وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفّٰكُم
اور نہ ہرا نہ سوکھا جو نہیں کھلی کتاب میں اور وہی ہے کہ تم کو بھر لیتا ہے

بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضٰى أَجَلٌ مُّسَمًّى
رات کو اور جانتا ہے جو کچھ کر چکے ہو دن کو پھر تم کو اٹھاتا ہے اس میں کہ پورا ہو وعدہ جو ٹھہرا دیا

موضح القرآن

ف۱ کافروں میں بعضے سرداروں نے حضرت سے کہا کہ تمہاری بات سننے کو ہمارا دل چاہتا ہے ع ۵/۱۲ لیکن تمہارے پاس بیٹھے ہیں رذال ہم ان کے برابر نہیں بیٹھ سکتے اس پر یہ آیت اتری یعنے خدا کے طالب اگرچہ غریب ہیں انہی کی خاطر مقدم ہے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی دولتمندوں کو غریبوں سے آزمایا ہے کہ ان کو ذلیل دیکھتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں کہ یہ کیا لائق ہیں اللہ کے فضل کے اور اللہ ان کے دل دیکھتا ہے کہ اللہ کا حق مانتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی غریب مسلمانوں کا دل بڑھاؤ اور خوشی سناؤ ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ
پھر اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے پھر جتادے گا جو کچھ تم کرتے ہو اور اسی کا حکم غالب ہے اپنے

عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ
بندوں پر اور بھیجتا ہے تم پر نگہبان یہاں تک کہ جب پہنچے تم میں کسی کو موت اس کو بھر لیویں

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ۝ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ
ہمارے بھیجے لوگ اور وہ قصور نہیں کرتے ف۱ پھر پہنچائے جاوینگے اللہ کی طرف جو مالک ان کا ہے تحقیق سن رکھو حکم اسی کا ہے

وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ۝ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ
اور وہ شتاب لیتا ہے حساب ف۲ تو کہہ کون تم کو بچا لاتا ہے جنگل کے اندھیروں سے اور دریا کے جسکو پکارتے ہو

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ
گڑگڑاتے اور چھپے اگر ہم کو بچا لیوے اس بلا سے تو البتہ ہم احسان مانیں تو کہہ

اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓي
اللہ تم کو بچاتا ہے ان سے اور ہر گھبراہٹ سے پھر تم شریک ٹھہراتے ہو تو کہہ اسی کو قدرت ہے

اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ
کہ بھیجے تم پر عذاب اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا بھڑاوے تم کو

شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ
کئی فرقے کر کر اور چکھاوے ایک کو لڑائی ایک کی دیکھ کس پھیر سے ہم کہتے ہیں باتیں شاید

يَفْقَهُوْنَ ۝ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۭ
وہ سمجھیں ف۳ اور اس کو جھوٹ بتایا تیری قوم نے اور یہ تحقیق ہے تو کہہ میں نہیں تم پر داروغہ

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ
ہر خبر کا ایک وقت ٹھہر رہا ہے اور آگے جان لوگے اور جب تو دیکھے وہ لوگ کہ بکتے ہیں ہماری آیتوں میں

اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰي يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ
تو ان سے کنارہ کر جب تک کہ بکنے لگیں کسی اور بات میں اور کبھی بھلاوے تجھ کو شیطان

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰي مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَمَا عَلَي الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ
تو نہ بیٹھ بعد نصیحت کے بے انصاف قوم کے ساتھ اور پرہیزگاروں پر نہیں

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰي لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ وَذَرِ الَّذِيْنَ
کچھ ان کا حساب لیکن نصیحت کرنی ہے شاید وہ ڈریں اور چھوڑ دے جنہوں نے

اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ
ٹھہرایا اپنا دین کھیل اور تماشا اور بہکے دنیا کی زندگی پر اور اس سے نصیحت دے اگر کوئی گرفتار نہ ہو جاوے

ع ۱۳ / ۵

ف۱ یعنی سوا کو حکم کے کسی کی خاطر نہیں کرتے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی ایک لحظہ میں آدمی کی عمر کی بھلائی برائی واضح کردے ۱۲ منہ رح

ف۳ قرآن میں بعد میں اکثر کافروں کو عذاب کا وعدہ دیا یہاں کہہ دیا کہ عذاب وہ بھی ہے جو اگلی امتوں پر آیا آسمان سے یا زمین سے اور یہ بھی ہے کہ آدمیوں کو آپس میں لڑاوے اور ان کو قتل یا قید یا ذلیل کرے حضرت نے سمجھ لیا کہ اس امت پر یہی ہوگا اکثر عذاب الیم اور عذاب مہین اور عذاب شدید اور عذاب عظیم انہیں باتوں کو فرمایا ہے اور آخرت کا عذاب بھی ہے ان پر جو کافر ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ وَاِنْ تَعْدِلْ
کوئی اپنے کئے میں کہ نہیں اس کو اللہ کے سوائے حمایتی نہ سفارش والا اور اگر بدلا دے سارے

كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا لَهُمْ شَرَابٌ
بدلے قبول نہ ہوں اس سے وہی ہیں جو گرفتار ہوئے اپنے کئے میں ان کو پینا ہے

مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ
گرم پانی اور مار ہے دکھ والی بدلا کفر کرنے کا تو کہہ کیا ہم پکاریں اللہ کے

اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي
سوائے جو نہ بھلا کرے ہمارا نہ برا اور پھر جاویں الٹے پاؤں جب اللہ ہم کو راہ دے چکا جیسے ایک

اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى
شخص کو بہکا دیا جنوں نے جنگل میں بھٹکتا اس کے رفیق پکارتے ہیں راہ کی طرف کہ آ ہمارے

ائْتِنَا ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ
پاس تو کہہ اللہ نے راہ بتائی سو وہی راہ ہے اور ہم کو حکم ہوا ہے کہ تابع رہیں جہان کے صاحب کے اور یہ کہ

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۗ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ
کھڑی رکھو نماز اور اس سے ڈرتے رہو اور وہی ہے جس پاس اکٹھے ہو گے اور وہی ہے جس نے ٹھیک بنائے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۗ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۗ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۗ وَلَهُ
آسمان اور زمین اور جس دن کہے گا ہو تو ہو جاویگا اسی کی بات سچ ہے اور اسی کی

الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۗ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۗ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝
سلطنت ہے جس دن پھونکا جاوے گا صور میں چھپا اور کھلا جاننے والا اور وہی ہے تدبیر والا خبردار

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ
اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر کو تو کیا پکڑتا ہے مورتوں کو خدا میں دیکھتا ہوں تو اور تیری قوم

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
صریح بہکے ہو اور اسی طرح ہم دکھانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمان و زمین کی اور

لِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ
تا اس کو یقین آوے پھر جب اندھیری آئی اس پر رات دیکھا ایک تارا بولا یہ ہے رب میرا

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ
پھر جب وہ غائب ہوا بولا مجھ کو خوش نہیں آتے چھپ جانے والے پھر جب دیکھا چاند چمکتا بولا یہ ہے رب میرا

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ۝
پھر جب وہ غائب ہوا بولا اگر نہ راہ دے مجھ کو رب میرا تو بیشک میں رہوں بہکے لوگوں میں

موضح القرآن

ف یعنی حشر میں ف اور یہ جو فرمایا کہ مسلمانوں کو چاہیے ۱۰ کافروں ۱۳ سے کہیں کہ ہم دیوانے کی طرح بہکتے پھریں نہیں اس پر آگے نقل فرمایا حضرت ابراہیم کا کہ جب اپنے نزدیک معبود برحق پالیا پھر قوم کے بہکانے نہ بہکے ۱۲ منہ رح

ف۳ حق تعالے کے کلام میں تا کے ساتھ اور آتا ہے یعنی اللہ کو ہر کام خود بھی مقصود ہے اور واسطے دوسرے کے بھی مقصود ہے یہ نہیں کہ واسطہ بغیر کام کر سکے مثلاً بندہ تخم ڈالے واسطے درخت ہونے کے اس بغیر درخت نہیں ہو سکتا اللہ کو اس بغیر بھی ہو سکتا ہے لیکن درخت بھی مقصود اور اسی طرح اگانا بھی مقصود ہے یہی معنے ہیں کہ اللہ کے فعل میں غرض نہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ

پھر جب دیکھا سورج جھلکتا بولا یہ ہے رب میرا یہ رب بڑا پھر جب وہ غائب ہوا بولا اے قوم میں

اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ○ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

بیزار ہوں ان سے جن کو تم شریک کرتے ہو میں نے اپنا منہ کیا اسی کی طرف جن نے بنائے آسمان و زمین

حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ

ایک طرف کا ہو کر اور میں نہیں شریک کرنے والا اور اس سے جھگڑی اس کی قوم بولا تم مجھ سے جھگڑتے ہو اللہ پر

وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ

اور وہ مجھ کو سوجھا چکا اور میں ڈرتا نہیں ان سے جن کو شریک ٹھہراتے ہو اس کا مگر کہ میرا رب کچھ چاہے سمائی ہے میرے رب کے

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ○ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ

علم میں سب چیز کو کیا تم دھیان نہیں کرتے ہو اور میں کیونکر ڈروں تمہارے شریکوں سے اور تم نہیں ڈرتے

اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ

کہ شریک ٹھہراتے ہو اللہ کے ساتھ جس پر نہیں اتاری اس نے تم کو کچھ سند اب دونوں فرقوں میں کس کو چاہیے

بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ

خاطر جمع کہو اگر سمجھ رکھتے ہو جو لوگ یقین لائے اور ملا نہیں اپنے یقین میں کچھ تقصیر

اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي

انہی کو ہے خاطر جمع اور وہی ہیں راہ پائے اور یہ ہماری دلیل ہے کہ ہم نے دی ابراہیم کو اس کی

قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ○ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

قوم کے مقابل درجے بلند کرتے ہیں ہم جس کو چاہیں تیرا رب تدبیر والا ہے خبردار اور اس کو بخشا ہم نے اسحق

وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَ

اور یعقوب سب کو ہدایت دی اور نوح کو ہدایت دی ان سب سے پہلے اور اس کی اولاد میں داؤد اور

سُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰي وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○

سلیمان کو اور ایوب اور یوسف کو اور موسی اور ہارون کو اور ہم یوں بدلا دیتے ہیں نیک کام والوں کو

وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ

اور زکریا اور یحیی اور عیسی اور الیاس کو سب ہیں نیک بختوں میں اور اسمعیل اور

الْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ○ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَ

الیسع کو اور یونس کو اور لوط کو اور سب کو ہم نے بزرگی دی سارے جہان والوں پر اور بعضوں کو ان کے باپ دادوں میں اور

ذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

اولاد میں اور بھائیوں میں اور ان کو ہم نے پسند کیا اور راہ سیدھی چلایا

موضح قرآن

ف حضرت ابراہیم لڑکے تھے قوم کو دیکھا کہ خالق آسمان و زمین کا اللہ کو کہتے ہیں اور اپنی حاجت اور مراد کے واسطے کوئی مورتیں پوجتا ہے کوئی تارا چاند سورج چاہا کہ میں بھی ایک کو اپنا رب ٹھہرا رکھوں شروع سے اول ہی ناخوش ہوئے پھر کوئی تارا ٹھہرایا پھر وہ غائب ہوا تو جانا کہ یہ ایک حال پر نہیں کوئی اور ہے اس پر حاکم آپ مستقل ہوتا تو اعلیٰ حال سے ادنیٰ حال میں نہ آتا پھر چاند سورج میں بھی عیب پایا سب کو چھوڑ کر اسی ایک کو پکڑا جس کو سب مانتے ہیں کہ سب سے بڑا ہے اور عقل صحیح چاہیے کہ جب ایک کو مانا اس سے کوئی سا کام نہیں ہو سکتا کہ دوسرا اللہ کا ہو ۱۲ منہ

منزل ۵ ف ۹ ع ۱۴ ۱۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ
یہ اللہ کی ہدایت ہے اس پر راہ دے جس کو چاہے اپنے بندوں میں اور اگر یہ لوگ شرک کرتے

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ
البتہ ضائع ہوتا جو کچھ کیا تھا وہ لوگ تھے جن کو دی ہم نے کتاب اور شریعت اور نبوت

فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ
پھر اگر ان باتوں کو نہ مانیں یہ لوگ تو ہم نے ان پر مقرر کئے ہیں وہ لوگ کہ وہ نہیں ان سے منکر وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ
جن کو ہدایت کی اللہ نے سو تو چل ان کی راہ تو کہہ میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کچھ مزدوری یہ تو

اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي
محض نصیحت ہے جہان کے لوگوں کو اور انہوں نے نہ جانچا اللہ کو پورا جانچنا جب کہنے لگے کہ اللہ نے اتارا نہیں کسی

خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ ع

خراب ہے اس میں نکلے سو ناقص یوں پھیر پھیر بتاتے ہیں ہم آیتیں حق ماننے والے لوگوں کو ف۳

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

ہم نے بھیجا نوح کو اس کی قوم کی طرف تو بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں

اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّىْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ

تمہارا صاحب اس کے سوائے میں ڈرتا ہوں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے بولے سردار اس کی

قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِىْ ضَلٰلَةٌ

قوم کے ہم دیکھتے ہیں تجھ کو صریح بہکا ہے بولا اے قوم میں کچھ بہکا نہیں

وَّلٰكِنِّىْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ

لیکن میں بھیجا ہوں جہان کے صاحب کا پہنچاتا ہوں تم کو پیغام اپنے رب کے اور نصیحت کرتا ہوں

وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ

اور جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے کیا تم کو تعجب ہوا کہ آئی تم کو نصیحت

رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

تمہارے رب کی طرف سے ایک مرد کے ہاتھ تمہارے بیچ میں سے کہ تم کو ڈر سنادے اور تم بچو اور شاید تم پر رحم ہو

موضح القرآن

ف۱ دعا میں بہتر ہے کہ چپکے مانگے تا اپنی نمود نہ ہو اور دل سے گڑگڑا کر نکلے اور حد سے نہ بڑھے یعنے اپنے منہ سے بری بات نہ مانگے ۱۲ شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ ف۲ سنوارے پیچھے زمین میں خرابی نہ مچاؤ یعنے اسلام میں رسوم کفر کے نہ داخل کرو اور پکارو ڈر اور توقع سے

ع ۵ ۱۴

یعنی اللہ پر دلیر بھی مت ہو اور نا امید بھی مت ہو ۱۲ منہ رح ف۳ یہ قدرت اپنی بیان فرمائی ہوائیں چلنی اور مینہ برسنا اور سبزہ نکلنا اسی طرح سمجھو مردوں کا نکلنا ایک تو مردوں کا نکلنا قیامت میں ہے اور ایک دنیا میں یعنی جاہل لوگوں میں نبی بھیجا علم دیا اور سب اور کیا پھر ستھری استعداد والے کمال کو پہنچے اور جن کی استعداد خراب تھی انکو بھی فائدہ پہنچ رہا تھوڑا سا ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَكَذَّبُوهُ فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا

پھر اس کو جھٹلایا پھر ہم نے بچالیا اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے کشتی میں اور غرق کئے جو جھٹلاتے تھے

بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا عَمِينَ ۝ وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا قَالَ

ہماری آیتیں وہ لوگ تھے اندھے اور عاد کی طرف بھیجا ان کا بھائی ہود بولا

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ قَالَ الْمَلَأُ

اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب اس کے سوائے کیا تم کو ڈر نہیں بولے سردار

الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ

جو منکر تھے اس کی قوم میں ہم تو دیکھتے ہیں تجھ کو عقل نہیں اور ہماری اٹکل میں تو

الْكَاذِبِينَ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ

جھوٹا ہے بولا اے قوم میں کچھ بے عقل نہیں لیکن میں بھیجا ہوں جہان کے

الْعَالَمِينَ ۝ أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِينٌ ۝ أَوَعَجِبْتُمْ أَن

صاحب کا ف۱ پہونچاتا ہوں تم کو پیغام اپنے رب کے اور میں تمہارا خیرخواہ ہوں معتبر کیا تم کو تعجب ہوا کہ آئی

جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَاذْكُرُوا إِذْ

تم کو نصیحت تمہارے رب کی ایک مرد کے ہاتھ تمہارے بیچ میں سے کہ تم کو ڈر سنا دے اور یاد کرو کہ

جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِن بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً

تم کو سردار کر دیا پیچھے قوم نوح کے اور زیادہ دیا تم کو بدن میں پھیلاؤ

فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ

سو یاد کرو احسان اللہ کا شاید تمہارا بھلا ہو بولے کیا تو اس واسطے ہمارے پاس کو بندگی کریں اکیلے اللہ کی

وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

اور چھوڑ دیں جن کو پوجتے رہے ہمارے باپ دادے تو لے آ جو وعدہ دیتا ہے ہم کو اگر تو سچا ہے

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَغَضَبٌ أَتُجَادِلُونَنِي فِي

کہا تم پر پڑ چکی ہے تمہارے رب کی طرف سے بلا اور غصہ کیوں جھگڑتے ہو مجھ سے

أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ

کئی ناموں پر کہ رکھ لئے ہیں تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے نہیں اتاری اللہ نے ان کی کچھ سند

فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ

سو راہ دیکھو میں بھی تمہارے ساتھ راہ دیکھتا ہوں پھر ہم نے بچا دیا اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَمَا كَانُوا مُؤْمِنِينَ

اپنی مہر سے اور کاٹی جڑ ان کی جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتیں اور نہ تھے ماننے والے

موضح القرآن

ف۱ یعنی نعوذ باللہ نہ توحید ہی صحیح مسئلہ ہے اور نہ ہی عذاب کا آنا صحیح ہے ۱۲ منہ ر ح

ف۲ انہوں نے مجھ کو تعلیم توحید اور انذار عذاب کا حکم کیا ہے اس لئے میں اپنا منصبی کام کرتا ہوں۔ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ
اور ثمود کی طرف بھیجا ان کا بھائی صالح بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب

غَيْرُهُ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا
سوا تم کو پہنچ چکی ہے دلیل تمہارے رب کی طرف سے یہ اونٹنی اللہ کی ہے تم کو نشانی سو اس کو چھوڑ دو

تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ
کھاوے اللہ کی زمین میں اور اس کو ہاتھ نہ لگاؤ بری طرح پھر تم کو پکڑے گی دکھ کی مار

وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ
اور وہ یاد کرو جب تم کو سردار کیا عاد کے پیچھے اور ٹھکانا دیا زمین میں

تَتَّخِذُونَ مِنْ سُهُولِهَا قُصُورًا وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا فَاذْكُرُوا
بناتے ہو نرم زمین میں محل اور تراشتے ہو پہاڑوں کے گھر سو یاد کرو

آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا
احسان اللہ کے اور مت مچاتے پھرو زمین میں فساد کہنے لگے سردار جو بڑائی رکھتے تھے

مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ
اس کی قوم میں سے غریب لوگوں کو جو ان میں یقین رکھتے تھے کیا تم کو معلوم ہے کہ

صَالِحًا مُرْسَلٌ مِنْ رَبِّهِ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ قَالَ
صالح بھیجا ہے اپنے رب کا بولے ہم کو جو اس کے ساتھ بھیجا یقین ہے کہنے لگے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ۝ فَعَقَرُوا
بڑائی والے جو تم نے یقین کیا سو ہم نہیں مانتے پھر کاٹ ڈالی

النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ
اونٹنی اور پھرے اپنے رب کے حکم سے اور بولے اے صالح لے آ ہم پر جو وعدہ دیتا ہے

كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ
اگر تو بھیجا ہے پھر پکڑا ان کو زلزلے نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھر میں

جَاثِمِينَ ۝ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي
اوندھے پڑے پھر الٹا پھرا ان سے اور بولا اے قوم میں پہنچا چکا تم کو پیغام اپنے رب کا

وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ۝ وَلُوطًا إِذْ قَالَ
اور بھلا چاہا تمہارا لیکن تم نہیں چاہتے بھلا چاہنے والوں کو اور لوط کو بھیجا جب کہا

لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْعَالَمِينَ
اپنی قوم کو کیا کرتے ہو بے حیائی تم سے پہلے نہیں کی یہ کسی نے جہان میں

ف جب قوم عاد کے کفار غرق ہو کر ہلاک ہو گئے تو قوم ثمود ان کی جانشین ہوئی اور حجاز اور شام کے بیچ آباد ہوئے اور میدانوں میں موسم گرما کے رہنے کو محل بنائے اور سرما گذارنے کو پہاڑوں کو تراش کر گھر بنائے ان کو طویل عمریں اور عیش و آرام کے سامان دیئے گئے تو خدا کو بھول گئے اور سرکشی اور بت پرستی اختیار کر بیٹھے اس وقت حضرت صالح نبی بنا کر بھیجے گئے چند ضعیف اور بظاہر ذلیل آدمی ایمان لائے سرداروں نے تکبر کیا اور جھٹلایا جب انہوں نے عذاب الٰہی سے ڈرایا لوگوں نے ان سے معجزہ طلب کیا کہ پتھر سے اونٹنی برآمد ہو انہوں نے نماز پڑھ کر دعا کی جب منشا کے مطابق پتھر سے اونٹنی برآمد ہوئی چند لوگ ایمان لے آئے باقی سب کافر رہے ١٢ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ

تم تو دوڑتے ہو مردوں پر شہوت کے مارے عورتیں چھوڑ کر بلکہ تم لوگ حد پر

مُسْرِفُونَ ۝ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ

نہیں رہتے اور کچھ جواب نہ دیا اس کی قوم نے مگر یہی کہا نکالو ان کو

مِنْ قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ

اپنے شہر سے یہ لوگ ہیں ستھرائی چاہتے پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور اس کے گھر والوں کو

إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ

مگر اس کی عورت رہ گئی رہنے والوں میں اور برسایا ان پر برسات

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ ۝ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ

پھر دیکھ آخر کیسا ہوا حال گنہگاروں کا اور مدین کو بھیجا

شُعَيْبًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُمْ

ان کا بھائی شعیب بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب اس کے سوا تم کو پہنچ چکی

بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ

دلیل تمہارے رب کی طرف سے سو پوری کرو ناپ اور تول اور مت گھٹا دو لوگوں کو

أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ

ان کی چیزیں اور مت خرابی ڈالو زمین میں اس کے سنوارے پیچھے یہ

خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ

بھلا ہے تمہارا اگر تم کو یقین ہے اور مت بیٹھو ہر راہ پر

تُوعِدُونَ وَتَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَتَبْغُونَهَا

ڈر دیتے اور روکتے اللہ کی راہ سے جو کوئی یقین لاوے اس پر اور ڈھونڈتے اس میں

عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوا إِذْ كُنْتُمْ قَلِيلًا فَكَثَّرَكُمْ ۖ وَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ

عیب اور وہ یاد کرو جب تھے تم تھوڑے پھر تم کو بہت کیا اور دیکھو آخر کیسا ہوا

عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَإِنْ كَانَ طَائِفَةٌ مِنْكُمْ آمَنُوا بِالَّذِي

حال بگاڑنے والوں کا اور اگر تم میں ایک فرقے نے مانا ہے جو

أُرْسِلْتُ بِهِ وَطَائِفَةٌ لَمْ يُؤْمِنُوا فَاصْبِرُوا حَتَّىٰ يَحْكُمَ اللَّهُ

میرے ہاتھ بھیجا اور ایک نے نہیں مانا تو صبر کرو جب تک اللہ فیصلہ کرے

بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ

ہمارے بیچ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا

ف۱ حضرت لوط علیہ السلام کے فرمانے پر ان لوگوں نے عمل نہیں کیا اور نہایت نخوت سے کہنے لگے کہ ان لوگوں کو یہاں سے نکال دو۔ کیونکہ یہ بڑے پاکیزہ بنتے ہیں۔ حضرت لوط حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ مسئلہ۔ اغلام شریعت اسلامیہ میں نہایت برا فعل سمجھا گیا ہے لیکن اس کی کوئی خاص سزا جیسے زنا وغیرہ کی مقرر نہیں بیان ہوئی۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسے شخص کو کسی بلند مقام سے گرا کر سنگسار کرنا چاہئے جیسا حضرت لوط کی قوم سے کیا گیا بعض علماء کے نزدیک اس کی سزا زنا کی مثل ہے بعض کے نزدیک صرف قتل کر دینا کافی ہے اسی طرح عورتوں کے ساتھ اس فعل کا کرنا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

بولے سردار جو بڑائی رکھتے تھے اس کی قوم کے

لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ

ہم نکال دیں گے اے شعیب تجھ کو اور جو یقین لائے ہیں تیرے ساتھ اپنے شہر سے یا تم پھر آؤ

فِيْ مِلَّتِنَا ۭ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ۝ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ

ہمارے دین میں بولا کیا ہم بیزار ہوں تو بھی ہم نے جھوٹ باندھا اللہ پر اگر

عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ۭ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ

پھر آویں تمہارے دین میں جب اللہ ہم کو خلاص کر چکا اس سے اور ہمارا کام نہیں کہ پھر آویں

فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ۭ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ عَلَى اللّٰهِ

اس میں مگر یہ کہ چاہے اللہ رب ہمارا ہمارے رب کی سمائی میں ہے سب چیز کی خبر اللہ پر

تَوَكَّلْنَا ۭ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۝

ہم نے بھروسا کیا ہے اے رب فیصلہ کر ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کا اور تو ہے بہتر فیصلہ کرنے والا

وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَىِٕنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ

اور بولے سردار جو منکر تھے اس کی قوم کے اگر چلے تم شعیب کی راہ بے شک

اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝

تم خراب ہوئے پھر پکڑا ان کو زلزلے نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھر میں اوندھے پڑے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا

جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو جیسے کبھی نہ بسے تھے وہاں جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو

كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ

وہی ہوئے خراب پھر الٹا پھرا ان سے اور بولا اے قوم پہنچا چکا تم کو پیغام

رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰي قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا

اپنے رب کے اور بھلا چاہا تمہارا اب کیا غم کھاؤں نہ ماننے والے لوگوں پر اور نہیں بھیجا ہم نے

فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ لَعَلَّهُمْ

کسی بستی میں کوئی نبی کہ نہ پکڑا وہاں کے لوگوں کو سختی اور تکلیف میں شاید وہ

يَضَّرَّعُوْنَ ۝ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰي عَفَوْا وَّ

گڑگڑاویں پھر بدل دی ہم نے برائی کی جگہ بھلائی یہاں تک کہ بڑھ گئے اور

قَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَاۗءَنَا الضَّرَّاۗءُ وَالسَّرَّاۗءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

کہنے لگے کہ پہنچتی رہی ہمارے باپ دادوں کو بھی تکلیف اور خوشی پھر پکڑا ہم نے ان کو ناگہاں اور وہ

ف۱ جب حضرت شعیب علیہ السلام اس عذاب کے بعد ان لوگوں کے مکانات پر گزرے اور دیکھا کہ وہ سب کے سب مرے پڑے ہیں جوان اور بوڑھے سب کے سب اوندھے پڑے ہیں تو نہایت حسرت سے ان کی طرف خطاب کر کے یہ ارشاد فرمایا کہ اے قوم میں نے تمہاری خیر خواہی کی پوری تم نے میرا کہنا نہ مانا اب جو تم کو بھگتنا پڑا ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم

خبر نہ رکھتے تھے اور اگر بستیوں والے یقین لاتے اور بچ چلتے تو ہم کھول دیتے ان پر

بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا

خوبیاں آسمان اور زمین سے لیکن جھٹلانے لگے تو پکڑا ہم نے ان کو بدلہ ان کی

يَكْسِبُونَ ۝ أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَن يَأْتِيَهُم بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ

کمائی کا اب کیا نڈر ہیں بستیوں والے کہ آ پہنچے ان پر آفت ہماری راتوں رات

نَائِمُونَ ۝ أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَن يَأْتِيَهُم بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ

جب سوتے ہوں یا نڈر ہیں بستیوں والے کہ آ پہنچے ان پر آفت ہماری دن چڑھے جب

يَلْعَبُونَ ۝ أَفَأَمِنُوا مَكْرَ اللَّهِ ۚ فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ

کھیلتے ہوں کیا نڈر ہو گئے اللہ کے داؤ سے سو نڈر نہیں اللہ کے داؤ سے مگر جو لوگ خراب ہوں گے

أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِينَ يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ أَهْلِهَا أَن لَّوْ نَشَاءُ

اور کیا سوجھ نہ آئی ان کو جو قائم ہوتے ہیں ملک پر پیچھے وہاں کے لوگ جا کر کہ ہم چاہیں تو

أَصَبْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝ تِلْكَ

ان کو پکڑ لیں ان کے گناہوں پر اور ہم مہر کرتے ہیں ان کے دل پر سو وہ نہیں سنتے یہ

الْقُرَىٰ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ

بستیاں ہیں کہ سناتے ہیں ہم تجھ کو کچھ احوال ان کا اور ان پاس پہنچ چکے ان کے رسول نشانیاں لے کر

فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا مِن قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ

پھر ہرگز نہ ہوا کہ یقین لاویں جو بات پہلے جھٹلا چکے یوں مہر کرتا ہے اللہ منکروں کے

الْكَافِرِينَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا لِأَكْثَرِهِم مِّنْ عَهْدٍ ۖ وَإِن وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ

دل پر اور نہ پایا ان کے اکثروں میں ہم نے نباہ اور اکثر ان میں پائے

لَفَاسِقِينَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ

بے حکم پھر بھیجا ہم نے ان کے پیچھے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور

مَلَئِهِ فَظَلَمُوا بِهَا ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَقَالَ

اس کے سرداروں پاس پھر زبردستی کی ان کے سامنے سو دیکھ آخر کیسا ہوا حال بگاڑنے والوں کا اور کہا

مُوسَىٰ يَا فِرْعَوْنُ إِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝ حَقِيقٌ عَلَىٰ

موسیٰ نے اے فرعون میں بھیجا ہوں جہان کے صاحب کا قائم ہوں اس پر

أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ قَدْ جِئْتُكُم بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ

کہ نہ کہوں اللہ کی طرف سے مگر جو سچ ہے کہ لایا ہوں تم پاس نشانی تمہارے رب کی سو رخصت کر میرے

مکر اللہ

ع ١٢ ٦

واسطے بندے کو دنیا میں گناہ کی سزا پہنچے تو امید ہے کہ توبہ کرے اور جب گناہ سے بات آ گیا تو یہ اللہ کا بھلاوا ہے پھر ڈر ہے ہلاک کا جیسے کسی نے زہر کھایا اور گل رہے تو امید ہے اور اگر بچ گیا تو کام آخر ہوا ١٢ منہ رحمہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَعِيَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۝ قَالَ إِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَأْتِ بِهَآ إِنْ كُنْتَ
ساتھ بنی اسرائیل کو بولا اگر تو آیا ہے کچھ نشان لے کر تو وہ لا اگر تو

مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝ فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ۝ وَّ
سچا ہے تب ڈالا اپنا عصا تو اسی وقت وہ ہوا اژدہا صریح اور

نَزَعَ يَدَهٗ فَإِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِينَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ
نکالا اپنا ہاتھ تو اسی وقت وہ سفید نظر آیا دیکھنے والوں کو بولے سردار فرعون کی قوم کے

ع ١٣

إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ۝ يُّرِيدُ أَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ أَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ۝
یہ بیشک کوئی پڑھا جادوگر ہے نکالا چاہتا ہے تم کو تمہارے ملک سے اب کیا مشورت دیتے ہو

قَالُوٓا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِينَ ۝ يَأْتُوكَ بِكُلِّ
بولے ڈھیل دے اس کو اور اس کے بھائی کو اور بھیج شہروں میں نقیب کہ لاویں تجھ پاس جو ہو

سٰحِرٍ عَلِيمٍ ۝ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوٓا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ
پڑھا جادوگر اور آئے جادوگر فرعون پاس بولے ہماری کچھ مزدوری ہے اگر ہم

الْغٰلِبِينَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ قَالُوا يٰمُوسٰىٓ إِمَّآ
غالب ہوئے بولا ہاں اور تم پاس رہا کرو گے بولے اے موسے

أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّآ أَنْ نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ۝ قَالَ أَلْقُوا ۚ فَلَمَّآ أَلْقَوْا
تو ڈال یا ہم ڈالتے ہیں کہا تم ڈالو پھر جب ڈالا

سَحَرُوٓا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَآءُو بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ۝ وَأَوْحَيْنَآ
باندھ دیں لوگوں کی آنکھیں اور ان کو ڈرا دیا اور کر لائے بڑا جادو اور ہم نے حکم بھیجا

إِلٰى مُوسٰىٓ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ
موسیٰ کو کہ ڈال اپنا عصا تب ہی وہ لگا نگلنے جو سانگ وہ بناتے تھے تب داو پڑا حق کا

وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِينَ ۝ وَ
اور غلط ہوا جو وہ کرتے تھے تب ہارے اس جگہ اور پھرے ذلیل ہو کر اور

أُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ۝ قَالُوٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ۝
ڈالے ساحر سجدے میں بولے ہم نے مانا جہان کے صاحب کو جو صاحب موسے اور ہارون کا

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ أَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ إِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ
بولا فرعون تم نے مان لیا اس کو ابھی میں نے حکم نہیں دیا تم کو یہ مکر ہے کہ باندھ لائے ہو

فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَآ أَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ
شہر میں کہ نکالو یہاں سے اس کے لوگ سو اب تم جان لوگے کہ میں کاٹوں گا تمہارے ہاتھ

ف یعنی حرم ملک اس غریب سے شہر کی ریاست لیا چاہتے جو فرعون نے اس تقریر سے لوگوں کو دشمن کیا ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ رب اغفر کاتبہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قَالُوا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا

اور دوسرے پاؤں پھر سولی چڑھاؤں گا تم سب کو بولے ہم کو اپنے رب کی طرف

مُنقَلِبُونَ ۝ وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاءَتْنَا ۚ رَبَّنَا

پھر جانا ہے اور تو ہم سے یہی بیر کرتا ہے کہ مانیں ہم نے اپنے رب کی نشانیاں جب ہم تک پہنچیں اے رب

أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ

دہانے کھول دے ہم پر صبر کے اور ہم کو مار مسلمان اور بولے سردار قوم فرعون کے

أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ ۚ قَالَ سَنُقَتِّلُ

کیوں چھوڑتا ہے موسیٰ کو اور اس کی قوم کو کہ دھوم اٹھاویں ملک میں اور موقوف کرے تجھ کو اور تیرے بتوں کو بولا اب ہم ماریں گے

أَبْنَاءَهُمْ وَنَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُونَ ۝ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ

ان کے بیٹے اور جیتی رکھیں گے ان کی عورتیں اور ان پر ہم زور کریں گے کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو

اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا ۖ إِنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ يُورِثُهَا مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ

مدد مانگو اللہ سے اور ثابت رہو زمین ہے اللہ کی اس کا وارث کرے جس کو چاہے اپنے بندوں میں

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ۝ قَالُوا أُوذِينَا مِن قَبْلِ أَن تَأْتِيَنَا وَمِن بَعْدِ

اور آخر بھلا ہے ڈر والوں کا وہ بولے ہم پر تکلیف رہی تیرے آنے سے پہلے اور جب تو ہم

مَا جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْأَرْضِ

میں آچکا کہا نزدیک ہے کہ رب تمہارا کھپاوے تمہارے دشمن کو اور نائب کرے تم کو ملک میں

فَيَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ۝ وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَ

پھر دیکھے تم کیسا کام کرتے ہو اور ہم نے پکڑا فرعون والوں کو قحطوں میں اور

نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا

میوؤں کے نقصان میں شاید وہ دھیان کریں پھر جب پہنچی ان کو بھلائی کہنے لگے

لَنَا هَٰذِهِ ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ ۗ أَلَا إِنَّمَا

یہ ہے ہمارے واسطے اور اگر پہنچی برائی شومی بتاتے موسیٰ کی اور اس کے ساتھ والوں کی سن لو

طَائِرُهُمْ عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ

شومی ان کی اللہ ہی پاس ہے پر اکثر لوگ نہیں جانتے اور کہنے لگے جو تو لاوے گا ہم پاس

مِنْ آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

نشانی کہ ہم کو اس سے جادو کرے سو ہم تجھ کو نہ مانیں گے پھر بھیجا ہم نے ان پر

الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُّفَصَّلَاتٍ

طوفان اور ٹڈی اور چچڑی اور مینڈک اور لہو کتنی نشانیاں جدی جدی

ف فرعون نے بت بنائے تھے کہ اپنی صورت بنا دیتا تھا لوگوں کو کہ اس کو پوجا کریں اور بیٹے مارنے اور بیٹیاں چھوڑنی یہ کام پہلے ہی کرتا تھا درمیان میں چھوڑ دیا تھا اب پھر قصد کیا ۱۲ منہ ؒ

ف زمین کا وارث کرے یعنے ملک کا حاکم کرے جو حق ہے ۱۵ ع حضرت آدم ع ۵ کا ۱۲ منہ ؒ

ف یہ کلام نقل فرمایا مسلمانوں کے سنانے کو یہ سوت لگی ہے اسوقت مسلمان بھی ایسے ہی مظلوم تھے پھر بشارت پہنچی پردے میں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى
پھر تکبر کرتے رہے اور تھے وہ لوگ گنہگار ف اور جب بار پڑا ان پر عذاب بولے اے موسیٰ

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ
پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا سکھا رکھا ہے تجھ کو اگر تو نے اٹھا دیا ہم سے یہ عذاب تو بے شک تجھ کو مانیں گے

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ
اور رخصت کریں گے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو پھر جب ہم نے اٹھا لیا ان سے عذاب ایک وعدے تک

هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ
کہ ان کو پہنچنا تھا تب ہی منکر ہو جاتے پھر ہم نے بدلا لیا ان سے پھر ڈبا دیا گہرے پانی میں

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ
اس پر کہ جھٹلائیں ہماری باتیں اور کر رہے ان سے تغافل اور وارث کیے ہم نے جو لوگ

كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۚ وَ
کمزور ہو رہے تھے اس زمین کے مشرق کے اور مغرب کے جس میں برکت رکھی ہے ہم نے اور

تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۵ بِمَا صَبَرُوْا ۚ وَدَمَّرْنَا
پورا ہوا نیکی کا وعدہ تیرے رب کا بنی اسرائیل پر اس پر کہ وہ ٹھہرے رہے اور خراب کیا ہم نے

مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ۝ وَجٰوَزْنَا
جو بنایا تھا فرعون اور اس کی قوم نے اور انگور چڑھاتے چھتریوں پر اور پار اتارا ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا
بنی اسرائیل کو دریا سے تو پہنچے ایک لوگوں پر کہ پوجنے میں لگ رہے تھے اپنے بتوں پر بولے

يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۚ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ اِنَّ
اے موسیٰ بنا دے ہم کو بھی ایک بت جیسے ان کے بت ہیں کہا تم لوگ جہل کرتے ہو یہ

هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ
لوگ جو ہیں تباہ ہونا ہے جس کام میں لگے ہیں اور غلط ہے جو کر رہے ہیں کہا کیا اللہ کے سوائے

اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ
لا دوں تم کو کوئی معبود اور اس نے تم کو بڑائی دی سب جہان پر اور وہ وقت یاد کرو جب بچا نکالا ہم نے تم کو

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ
فرعون والوں سے دیتے تھے تم کو بری مار مار ڈالتے تمہارے بیٹے اور جیتی رکھتے

نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ
تمہاری عورتیں اور اس میں احسان ہے تمہارے رب کا بڑا اور وعدہ ٹھہرایا ہم نے موسیٰ سے تیس

معانقہ

ف حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون سے چالیس برس مقابلہ رہا اس پر کہ بنی اسرائیل کو اپنے وطن جانے دیوے اس نے نہ مانا ان کی بد دعا سے یہ بلائیں پڑیں مینہ کے پانی سے نیل چڑھ گیا کھیت اور باغ اور گھر اس سے بہت تلف ہوئے اور ٹڈی سبزی کھا گئی اور آدمیوں کے بدن میں اور کپڑوں میں چچڑیاں پڑ گئیں اسی طرح ہر چیز میں مینڈک پھیل گئے اور ہر پانی لہو بن گیا آخر ہرگز نہ مانا ۱۲ منہ

رکوع ۱۶ ع ۱۲ ۶

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى
رات کا اور پورا کیا ان کو دس سے تب پوری ہوئی مدت تیرے رب کی چالیس رات اور کہا موسیٰ نے

لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ
اپنے بھائی ہارون کو میرا خلیفہ رہ میری قوم میں اور سنوار اور نہ چل بگاڑنے والوں کی راہ پر

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ
اور جب پہنچا موسیٰ ہمارے وقت پر اور کلام کیا اس سے اس کے رب نے بولا اے رب تو مجھ کو دکھا کہ میں تجھ کو دیکھوں

قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ
کہا تو مجھ کو ہرگز نہ دیکھے گا لیکن دیکھتا رہ پہاڑ کی طرف جو وہ ٹھہرا رہا اپنی جگہ تو آگے تو دیکھے گا

تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ اَفَاقَ
مجھ کو پھر جب نمود ہوا رب اس کا پہاڑ کی طرف کیا اس کو ڈھا کر برابر اور گر پڑا موسیٰ بیہوش ہو کر پھر جب ہوش میں آیا

قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنِّى
بولا تیری ذات پاک ہے میں نے توبہ کی تیرے پاس اور میں سب سے پہلے یقین لایا فرمایا اے موسیٰ میں نے

اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ فَخُذْ مَاۤ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ
امتیاز دیا تجھ کو لوگوں سے اپنے پیغام بھیجنے کا اور اپنے کلام کرنے کا سو لے جو میں نے تجھ کو دیا اور

الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا
رہ شکر گزار اور لکھ دی ہم نے اس کو تختیوں پر ہر قسم کی نصیحت اور بیان

لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۚ سَاُورِيْكُمْ
ہر چیز کا سو پکڑ لے ان کو زور سے اور کہہ اپنی قوم کو کہ پکڑے رہیں اس کی بہتر باتیں اب میں تم کو دکھاؤں گا

دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ
گھر بے حکم لوگوں کا میں پھیر دوں گا اپنی آیتوں سے ان کو جو بڑائی کرتے ہیں ملک میں

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ
ناحق اور اگر دیکھیں ساری نشانیاں یقین نہ کریں ان کو اور اگر دیکھیں راہ سنوار کی

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَىِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ ذٰلِكَ
وہ نہ ٹھہراویں اسے راہ اور اگر دیکھیں راہ گمراہی کی اس کو ٹھہراویں راہ یہ اس واسطے

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ
کہ انہوں نے جھوٹ جانیں ہماری آیتیں اور رہے ان سے بے خبر اور جنہوں نے جھوٹ جانیں ہماری آیتیں اور آخرت کی

الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَ
ملاقات ضائع ہوئیں ان کی محنتیں وہی بدلا پاویں گے جو کچھ عمل کرتے تھے اور

ف حق تعالیٰ نے وعدہ دیا حضرت موسیٰ کو کوہ طور پر کہ تیس رات خلوت کرو کہ تمہاری قوم کو توریت دوں اس مدت میں انہوں نے ایک دن مسواک کی فرشتوں کو ان کے منہ کی بو سے خوشی تھی وہ جاتی رہی اسکے بدل دس رات اور بڑھا کر مدت پوری کی ۱۲ منہ رح

ف ۲ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے بزرگی دی کہ فرشتے بغیر خود کلام کیا ان کو شوق آیا کہ دیدار بھی دیکھوں اس کی برداشت نہ ہوئی اسے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ کو دیکھنا ہو سکتا ہے کیونکہ نمود ہوا تو پہاڑ کی طرف لیکن دنیا کے وجود کو برداشت نہ ہوئی ۱۷ پہاڑ ٹوٹ گیا اور حضرت

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا
بنالیا موسیٰ کی قوم نے اس کے پیچھے اپنے زیور سے بچھڑا ایک دھڑ اس میں گائے کی آواز یہ نہ دیکھا

اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝148 وَلَمَّا
کہ وہ ان سے بات نہیں کرتا اور نہ دکھاوے راہ اس کو بنا لیا اور وہ تھے بے انصاف اور جب

سُقِطَ فِيْۤ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَ
پچھتائے اور سمجھے کہ ہم بہکے کہنے لگے اگر نہ رحم کرے ہم کو رب ہمارا اور

يَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝149 وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰۤى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ
نہ بخشے تو بیشک ہم خراب ہوں گے اور جب پھر آیا موسیٰ اپنی قوم میں غصے بھرا

اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى
افسوس کرتا بولا کیا بری جگہ رکھی تم نے میری بعد میرے کیوں جلدی کی اپنے رب کے حکم سے اور ڈال دیں

الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ
وہ تختیاں اور پکڑا سر اپنے بھائی کا لگا کھینچنے اپنی طرف وہ بولا کہ اے میری ماں کے جنے لوگوں نے مجھے بودا سمجھا

وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝150
اور نزدیک تھے کہ مجھ کو مار ڈالیں سو مت ہنسا مجھ پر دشمنوں کو اور نہ ملا مجھ کو گنہگار لوگوں میں

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝151
بولا اے رب معاف کر مجھ کو اور میرے بھائی کو اور ہم کو داخل کر اپنی رحمت میں اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ
البتہ جنہوں نے بچھڑا بنالیا ان کو پہنچے گا غضب ان کے رب کا اور ذلت دنیا کی

الدُّنْيَا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ۝152 وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا
زندگی میں اور یہی سزا دیتے ہیں ہم جھوٹ باندھنے والوں کو اور جنہوں نے کیے برے کام پھر بعد اس کے

مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْۤا ۫ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝153 وَلَمَّا سَكَتَ
توبہ کی اور یقین لائے تیرا رب اس کے پیچھے بخشنے والا مہربان اور جب چپ ہوا

عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ
موسیٰ سے غصہ اٹھا لیں تختیاں اور ان کی نقل جو لکھی اس میں راہ کی سوجھ ہے اور مہربانی ان کے واسطے

هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۝154 وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ
جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور چنے موسیٰ نے اپنی قوم میں سے ستر مرد لانے کو ہمارے وعدہ کے وقت

فَلَمَّاۤ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَ
پھر جب ان کو لرزے نے پکڑا بولا اے رب اگر تو چاہتا پہلے ہی ہلاک کرتا ان کو اور

ف۱ حضرت ہارون علیہ السلام اور ان کی اولاد حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت میں امام تھے لیکن جب ان کی جگہ خلیفہ ہوئے تو امامت حکم میں نہ رہی خلافت اور کی قسمت میں تھی خلیفہ وہ کہ امت کو دین اور دنیا کے بندوبست میں رکھے جس طرح پیغمبر سنوار گیا تا نصرت حق ان کے ساتھ رہے اور امام وہ کہ پیغمبر کا یادگار ہو جو خدمت اور نیاز پیغمبر سے منظور ہو وہ امت ان سے کرے تا برکت اور قبولیت کا درجہ قربت میں امام کے لازم دیکھئے تو معلوم ہو ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِيَّايَ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا ۖ إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا
مجکو کیا ہم کو ہلاک کریگا ایک کام پر جو کیا ہمارے احمقوں نے یہ سب تیرا آزمانا ہے بچلاوے اس میں

مَنْ تَشَاءُ وَتَهْدِي مَنْ تَشَاءُ ۖ أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۖ وَأَنْتَ
جس کو چاہے اور راہ دے جس کو چاہے تو ہی ہے ہمارا تھامنے والا سو بخش ہم کو اور مہر کر ہم پر اور تو

خَيْرُ الْغَافِرِينَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ إِنَّا
سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور لکھ دے ہمارے واسطے اس دنیا میں نیکی اور آخرت میں ہم

هُدْنَا إِلَيْكَ ۚ قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ ۖ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ
رجوع ہوئے تیری طرف فرمایا میرا عذاب جو ہے سو ڈالتا ہوں جس پر چاہوں اور میری مہر شامل ہے ہر

شَيْءٍ ۚ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا
چیز کو سو وہ لکھ دوں گا ان کو جو ڈر رکھتے ہیں اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور جو ہماری آیتیں

يُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ
یقین کرتے ہیں وہ جو تابعدار ہوتے ہیں اس رسول کے جو نبی ہے امی جس کو پاتے ہیں

مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ
لکھا ہوا اپنے پاس توریت اور انجیل میں بتاتا ہے ان کو نیک کام اور منع کرتا ہے

الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ
برے سے اور حلال کرتا ہے ان کے واسطے سب پاک چیزیں اور حرام کرتا ہے ان پر ناپاک اور اوتارتا ہے ان سے

إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَ
بوجھ ان کے اور پھانسیاں جو ان پر تھیں سو جو اس پر یقین لائے اور اس کی رفاقت کی اور

نَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ قُلْ
مدد کی اور تابع ہوئے اس نور کے جو اس کے ساتھ اترا ہے وہی پہنچے مراد کو تو کہہ

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَ
اے لوگو میں رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف جس کی حکومت ہے آسمان اور

الْأَرْضِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ
زمین میں کسی کی بندگی نہیں سوائے اس کے جلاتا ہے اور مارتا ہے سو مانو اللہ کو اور اس کے بھیجے نبی امی کو

الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَمِنْ قَوْمِ
جو یقین کرتا ہے اللہ پر اور اس کے سب کلام پر اور اس کے تابع ہو شاید تم راہ پاؤ اور موسیٰ کی

مُوسَىٰ أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ۝ وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ
قوم میں ایک فرقہ ہے راہ بتلاتے ہیں حق کی اور اسی پر انصاف کرتے ہیں اور بانٹ کر ان کو ہم نے کیا کئی فرقے بارہ

موضح القرآن

ف حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھ لے گئے ستر آدمی سردار اپنی قوم کے جب حق تعالیٰ نے کلام کیا تب کر کہنے لگے ہم جب تک نہ دیکھیں ہم کو یقین نہیں اس لئے ان پر بجلی گری اور کانپ کر مر گئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس طرح دعا کی آپ کو شامل کر کے تب بخشے گئے پھر زندہ ہوئے

ع ١٩

ف یہ فائدہ پچھلا پوچھنے سے پہلے تھا یا شاید پیچھے تھا۔ واللہ اعلم ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri.

أَسْبَاطًا أُمَمًا ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ

دادوں کے پوتے اور حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو جب پانی مانگا اس سے اس کی قوم نے کہ مار اپنی لاٹھی سے

الْحَجَرَ ۖ فَانبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۚ

پتھر کو تو پھوٹ نکلے اس سے بارہ چشمے پہچان لیا سب لوگوں نے اپنا گھاٹ

وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۚ كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ

اور سایہ کیا ہم نے ان پر ابر کا اور اوتارا ان پر من اور سلویٰ کھاؤ ستھری چیزیں

مَا رَزَقْنَاكُمْ ۚ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ وَإِذْ قِيلَ

جو ہم نے روزی دی تم کو اور ہمارا کچھ نہ بگاڑا لیکن اپنا برا کرتے رہے اور جب حکم ہوا

لَهُمُ اسْكُنُوا هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُوا حِطَّةٌ وَ

ان کو کہ بسو اس شہر میں اور کھاؤ اس میں جہاں سے چاہو اور کہو گناہ اوترے اور

ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيئَاتِكُمْ ۚ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ۝ فَبَدَّلَ

پیٹھو دروازے میں سجدہ کرتے تو بخشیں ہم تمہاری تقصیریں آگے اور دیں گے نیکی والوں کو سو بدل لیا

الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

بے انصافوں نے ان میں اور لفظ سوائے اس کے جو کہہ دیا تھا پھر بھیجا ہم نے ان پر عذاب

مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَظْلِمُونَ ۝ وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ

آسمان سے بدلا ان کی شرارت کا اور پوچھ ان سے احوال اس بستی کا کہ تھی

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيهِمْ حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ

کنارے دریا کے جب حد سے بڑھنے لگے ہفتے کے حکم میں جب آنے لگیں ان پاس مچھلیاں ہفتہ کے دن

شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَبْلُوهُم بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝

پانی کے اوپر اور جس دن ہفتہ نہ ہو نہ آویں ان کو یوں ہم آزمانے لگے اس واسطے کہ بے حکم تھے

وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ قَوْمًا ۙ اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جب بولا ایک فرقہ ان میں کیوں نصیحت کرتے ہو ایک لوگوں کو کہ اللہ چاہتا ہے ان کو ہلاک کرے یا ان کو عذاب کرے

شَدِيدًا ۖ قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ فَلَمَّا نَسُوا مَا

سخت بولے الزام اتارنے کو تمہارے رب کے آگے اور شاید وہ ڈریں پھر جب بھول گئے جو

ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا

انہیں سمجھایا تھا بچالیا ہم نے جو منع کرتے تھے برے کام سے اور پکڑا گنہگاروں کو برے

بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ

عذاب میں بدلا ان کی بے حکمی کا پھر جب بڑھنے لگے جس کام سے منع ہوا تھا

موضح القرآن

ف حضرت داؤد علیہ السلام کے عہد میں یہ قصہ ہوا ہے یہود پر ہفتے کے دن شکار کرنا منع تھا اللہ نے اس شہر والے بے حکم دیکھے لگا آزمانے ہفتے کے دن مچھلیاں اوپر پھرتیں اور دنوں غائب رہتیں انکا جی نہ رہ سکا آخر ہفتے کو شکار کیا اپنی دانست میں حیلہ کیا کہ کنارے دریا کے پانی کاٹ لائے کہ مچھلیاں ان میں بند ہو رہیں تو بھی مچھلیاں نہ ٹھہریں [illegible] ہفتہ کی شام کو نکل جاتیں آخر ہفتے کے دن راہ بند کر [illegible] بندی اتوار کو پکڑ لیں پھر وہ لوگ بندر ہو گئے اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو حلال روزی نہ ملے اور حرام چھوڑے تو اس کو آزمائش ہے آخر وہ روزی بحال ہوگی اور معلوم ہوا کہ حیلہ اللہ پاس کام نہیں آتا معذور

ع ٥ ١٠

وقف لازم

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ۝ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ
ہم نے حکم کیا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے ف اور وہ وقت یاد کر کہ خبر کر دی تیرے رب نے البتہ بھیجتا رہے گا یہود پر

إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَن يَسُومُهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ ۗ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ
قیامت کے دن تک کوئی شخص کہ دیا کرے ان کو بری مار تیرا رب شتاب سزا دیتا ہے

وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِّنْهُمُ الصَّالِحُونَ
اور وہ بخشتا ہے مہربان ف۲ اور متفرق کیا ہم نے ان کو ملک میں فرقے فرقے بعضے ان میں نیک

وَمِنْهُمْ دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَاهُم بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝
اور بعضے اور طرح کے اور آزمایا ان کو خوبیوں میں اور برائیوں میں شاید وہ پھر آویں

فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُوا الْكِتَابَ يَأْخُذُونَ عَرَضَ هَٰذَا الْأَدْنَىٰ
پھر ان کے پیچھے آئے ناخلف وارث کتاب کے لیتے اسباب اس ادنیٰ زندگانی کا

وَيَقُولُونَ سَيُغْفَرُ لَنَا وَإِن يَأْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهُ يَأْخُذُوهُ ۚ أَلَمْ يُؤْخَذْ
اور کہتے ہیں کہ ہم کو معاف ہوگا اور اگر ایسا ہی اسباب پھر آوے تو لے لیویں کیا ان پر عہد نہیں

عَلَيْهِم مِّيثَاقُ الْكِتَابِ أَن لَّا يَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوا مَا فِيهِ ۗ
لیا کتاب کے حق میں کہ نہ بولیں اللہ پر سوائے سچ کے اور پڑھا ہے جو لکھا ہے اس میں

وَالدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ
اور پچھلا گھر بہتر ہے ڈر والوں کو کیا تم کو بوجھ نہیں اور جو لوگ پکڑ رہتے ہیں

بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ۝ وَإِذْ نَتَقْنَا
کتاب اور قائم رکھتے ہیں نماز ہم نہ ضائع کریں گے ثواب نیکی والوں کا اور جس وقت اٹھایا ہم نے

الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم
پہاڑ ان کے اوپر جیسے سائبان اور ڈرے کہ وہ گرے گا ان پر پکڑو جو ہم نے دیا ہے تم کو

بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِن بَنِي
زور سے اور یاد کرتے رہو جو اس میں ہے شاید تم کو ڈر ہو اور جس وقت نکالی تیرے رب نے آدم کے

آدَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۖ
بیٹوں سے ان کی پیٹھ میں سے ان کی اولاد اور اقرار کرایا ان سے ان کی جان پر کیا میں نہیں ہوں رب تمہارا

قَالُوا بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَا ۛ أَن تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا غَافِلِينَ
بولے البتہ ہم قائل ہیں کبھی کہو قیامت کے دن ہم کو اس کی خبر نہ تھی

أَوْ تَقُولُوا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن بَعْدِهِمْ
یا کہو کہ شرک نکالا تو ہمارے باپ دادوں نے پہلے اور ہم ہوئے اولاد ان کے پیچھے

موضح القرآن

ف منع کرنے والوں نے شکار کرنے والوں سے ملنا چھوڑ دیا اور بیچ میں دیوار اٹھائی ایک دن صبح کو انہی دوسروں کی آواز نہ سنی دیوار پر سے دیکھا ہر گھر میں بندر وہ آدمیوں کو پہچان کر اپنے قرابت والوں کے پاؤں میں سر رکھنے لگے اور رونے لگے آخر اسی حال سے تین دن میں مر گئے ۱۲ منہ ر ف۲ توریت میں فرمایا تھا کہ جب حکم توریت چھوڑو گے تو تم پر اور بندے مسلط ہوں گے پھر قیامت تک تم ذلیل ہوگے اب یہود کو کہیں کی حکومت نہیں غیر کی رعیت ہیں ۱۲

ع ۹ ۱۱

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ
تو ہم کو کیوں ہلاک کرتا ہے ایک کام پر کیا ہے خطا والوں نے اور یوں ہم کھولتے ہیں باتیں شاید وہ لوگ پھر آویں

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ
اور سنا ان کو احوال اس شخص کا کہ ہم نے اس کو دی تھیں اپنی آیتیں پھر ان کو چھوڑ نکلا پھر پیچھے لگا اس کو شیطان

فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ
تو وہ ہوا گمراہوں سے اور ہم چاہتے تو اس کو اٹھا لیتے ان آیتوں سے لیکن وہ گر پڑا زمین پر

وَاتَّبَعَ هَوَاهُ ۚ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ
اور چلا اپنی چاہ پر تو اس کا حال جیسے کتا اس پر تو لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے

يَلْهَثْ ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ
تو ہانپے یہ مثال ہے ان لوگوں کی کہ جھٹلائیں ہماری آیتیں سو تو بیان کر احوال

لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝ سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنْفُسَهُمْ
شاید وہ دھیان کریں بری کہاوت ان لوگوں کی کہ جھٹلائیں ہماری آیتیں اور اپنا ہی

كَانُوا يَظْلِمُونَ ۝ مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ وَمَنْ يُضْلِلْ فَأُولَٰئِكَ
نقصان کرتے رہے جس کو اللہ راہ دے وہی پاوے راہ اور جس کو وہ بھٹکاوے سو وہی ہیں

هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ
زیاں میں اور ہم نے پھیلا رکھے دوزخ کے واسطے بہت جن اور آدمی

لَهُمْ قُلُوبٌ لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ
جن کو دل ہیں ان سے سمجھتے نہیں اور آنکھیں ہیں ان سے دیکھتے نہیں اور

آذَانٌ لَا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ
کان ہیں ان سے سنتے نہیں وہ جیسے چوپائے بلکہ ان سے زیادہ بے راہ وہی لوگ ہیں

الْغَافِلُونَ ۝ وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ
غافل اور اللہ کے ہیں سب نام خاصے سو اس کو پکارو وہی کہہ کر اور چھوڑ دو ان کو جو کج راہ چلتے ہیں

فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ
اس کے ناموں میں وہ بدلا پاویں گے اپنے کیے کا اور ہماری پیدائش میں سے ایک لوگ ہیں کہ راہ بتاتے ہیں

بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ
سچی اور اسی پر انصاف کرتے ہیں اور جنہوں نے جھٹلائیں ہماری آیتیں ان کو ہم سہج سہج پکڑیں گے جہاں سے

حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا
وہ نہ جانیں گے اور ان کو فرصت دوں گا میرا داؤ پکا ہے کیا دھیان نہیں کیا انہوں نے

ف اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی پیٹھ سے ان کی اولاد اور انہوں کی نکالی سب سے اقرار کروایا اپنی خدائی کا پھر پشت میں داخل کیا اس سے مدعا یہ کہ خدا کے ماننے میں ہر کوئی آپ کفایت ہے باپ کی تقلید نہیں اگر باپ شرک کرے بیٹا چاہیے راہ پر لاوے اگر کسی کو شبہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہیں رہا پھر کیا حاصل تو یوں سمجھے کہ اس کا نشان ہر کسی کے دل میں ظاہر اور زبان پر مشہور رہا ہے کہ سب کا خالق اللہ تعالیٰ ہے سارا جہان قائل ہے اور جو کوئی منکر ہو یا شرک کرتا ہے سو اپنی عقل ناقص

۲۲ ع

مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي

ان کے رفیق کو کچھ جنون نہیں وہ تو ڈرانے والا ہے صاف کیا نگاہ نہیں کی

مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن

سلطنت میں آسمان اور زمین کی اور جو اللہ نے بنائی ہے کوئی چیز اور یہ کہ شاید

يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ۝ مَن

نزدیک پہنچا ہو ان کا وعدہ سو اس کے پیچھے کس بات پر یقین لاویں گے جس کو

يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ ۚ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

بچلاوے اللہ اسے کوئی نہیں راہ دینے والا اور ان کو چھوڑ رکھتا ہے ان کی شرارت میں بھٹکتے

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ

تجھ سے پوچھتے ہیں قیامت کس وقت ہے اس کا ٹھراؤ تو کہہ اس کی خبر تو ہے میرے رب ہی پاس

لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ

وہی کھول دکھاویگا اس کو اپنے وقت پر بھاری بات ہے آسمان اور زمین میں تم پر آوے گی

إِلَّا بَغْتَةً ۗ يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ

تو بے خبر آوے گی تجھ سے پوچھنے لگتے ہیں گویا کہ تو اس کا تلاشی ہے تو کہہ اس کی خبر ہے خاص اللہ پاس

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا

لیکن اکثر لوگ سمجھ نہیں رکھتے تو کہہ میں مالک نہیں اپنی جان کے بھلے کا اور نہ برے کا

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ وَلَوْ كُنتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا

مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں جانا کرتا غیب کی بات تو بہت خوبیاں لیتا اور مجھ کو

مَسَّنِيَ السُّوءُ ۚ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ هُوَ الَّذِي

برائی کبھی نہ پہنچتی میں تو یہی ہوں ڈر اور خوشی سنانے والا ماننے لوگوں کو وہی ہے

خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا ۖ

جس نے تم کو بنایا ایک جان سے اور اسی سے بنایا اس کا جوڑا کہ اس پاس آرام پکڑے

فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ ۖ فَلَمَّا أَثْقَلَت دَّعَوَا اللَّهَ

پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا حمل رہا ہلکا سا پھر چلتی گئی اس سے پھر جب بوجھل ہوئی دونوں نے پکارا اللہ کو

رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحًا

اپنے رب کو اگر تو ہم کو بخشے چنگا بھلا تو ہم تیرا شکر کریں پھر جب دیا ان کو چنگا بھلا

جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا آتَاهُمَا ۚ فَتَعَالَى اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ أَيُشْرِكُونَ

ٹھہرانے لگے اس کے شریک اس کی بخشی چیز میں سو اللہ اوپر ہے ان کے شریک بتانے سے کیا شریک بتاتے ہیں

موضح القرآن
ف۱ بعضے کہتے ہیں حضرت آدم اور حوا پر یہ گذرا اول جو حمل ہوا ابلیس ایک نیک مرد کی صورت میں آیا اور ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں شاید کچھ بلا ہے جب دونوں دعا کرنے لگے تب یہ کہا کہ میری دعا سے یہ بلا بدل کر بیٹا پیدا ہوگا اس کا نام رکھیو عبدالحارث حارث شیطان کا نام تھا وہی کیا اس قصے میں پیغمبروں سے شرک ثابت ہوتا ہے یا یہ قصہ غلط ہے اس آیت میں مرد اور عورت کو فرمایا ہے آدم اور حوا کو نہیں گو اول ذکر ان کا ہو چکا یا یوں کہئے کہ جو کچھ انسانوں میں عقیدہ تھا وہ حضرت آدم میں اول ظہور پکڑ گیا ہیں وہ نمونہ تقدیر تھے اولاد کے گناہ ان میں نظر آئے جیسے آئینے میں صورت چنانچہ نفس کی

مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ
جو پیدا نہ کریں ایک چیز اور آپ پیدا ہوئے ہیں اور نہ کر سکتے ہیں ان کو مدد اور نہ

اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ سَوَآءٌ
اپنی مدد کریں اور اگر ان کو پکارو راہ پر نہ چلیں تمہاری پکار پر برابر ہے

عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صٰمِتُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ
تم کو کہ ان کو پکارو یا چپکے رہو جن کو تم پکارتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
اللہ کے سوائے بندے ہیں تم سے بھلا پکارو ان کو تو چاہیئے قبول کریں تمہارا پکارنا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ۝ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ
سچے کیا ان کو پاؤں ہیں جن سے چلتے ہیں یا ان کو ہاتھ ہیں جن سے پکڑتے ہیں یا

لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا قُلِ ادْعُوْا
ان کو آنکھیں ہیں جن سے دیکھتے ہیں یا ان کو کان ہیں جن سے سنتے ہیں تو کہہ پکارو اپنے

شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ
شریکوں کو پھر برا کرو میرے حق میں اور مجھ کو ڈھیل نہ دو میرا حمایتی اللہ ہے جس نے اتاری

الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا
کتاب اور وہ حمایت کرتا ہے نیک بندوں کی اور جن کو تم پکارتے ہو اس کے سوا نہیں

يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى
کر سکتے تمہاری مدد اور نہ اپنی جان بچا سکیں اور اگر ان کو پکارو راہ

الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ
کی طرف کچھ نہ سنیں اور تو دیکھے کہ تکتے ہیں تیری طرف اور کچھ نہیں دیکھتے

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ
خو کر معاف کرنا اور کہہ نیک کام کو اور کنارہ کر جاہلوں سے اور کبھی ابھار دے تجھ کو

مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ
شیطان کی چھیڑ تو پناہ پکڑ اللہ کی وہی ہے سنتا جانتا ف جو لوگ

اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰۗىِٕفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ
ڈر رکھتے ہیں جہاں پڑ گیا ان پر شیطان کا گذر چونک گئے پھر تب ہی ان کو سوجھ آ گئی

وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ۝ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ
اور جو شیطانوں کے بھائی ہیں وہ ان کو کھینچتے جاتے ہیں غلطی میں پھر وہ کمی نہیں کرتے اور جب تو نہ لے جاوے ان پاس کوئی

نصف القرآن

ف یعنی نیک کام کو کہیے اور جاہلوں سے پرے رہیے لڑئیے نہ کیونکہ پھر آپ بھی جاہل بنا اور کار رحمٰن میں کار شیطان آیا اور اگر ایک وقت شیطان چھیڑ کر دیوے تو جب یاد آوے شتاب پناہ پکڑے اللہ کی اور سنبھل جاوے اپنی جہل میں چلا نہ جاوے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا

آیت کہیں کچھ چھانٹ کیوں نہ لایا تو کہہ میں چلتا ہوں اسی پر جو حکم آوے مجھ کو میرے رب سے یہ

بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ

سوجھ کی باتیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور راہ اور مہر ہے ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں اور جب قرآن

الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ

پڑھا جاوے تو اس طرف کان رکھو اور چپ رہو شاید تم پر رحم ہو اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو

نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ

دل میں گڑگڑاتا اور ڈرتا اور پکارنے سے کم آواز بولنے میں صبح اور

الْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ

شام کے وقتوں میں اور مت رہ بے خبر جو لوگ پاس ہیں تیرے رب کے

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝ ۴

بڑائی نہیں رکھتے اس کی بندگی سے اور یاد کرتے ہیں اس کی پاک ذات کو اور اسی کو سجدہ دیتے ہیں ف

سورة الانفال مدنية	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	وهى خمس وسبعون آية وعشر ركوعات

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

تجھ سے پوچھتے ہیں حکم غنیمت کا تو کہہ مال غنیمت اللہ کا ہے اور رسول کا سو ڈرو اللہ سے اور

اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

صلح کرو آپس میں اور حکم میں چلو اللہ کے اور اس کے رسول کے اگر ایمان رکھتے ہو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ

ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آوے اللہ کا ڈر جاویں دل ان کے اور جب پڑھیے

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

ان پر اس کے کلام زیادہ ہووے ان کو ایمان اور اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہیں جو کھڑی رکھتے ہیں

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ

نماز اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں وہی ہیں سچے ایمان والے

لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ

ان کو درجے ہیں اپنے رب کے پاس اور معافی اور روزی آبرو کی جیسے نکالا تجھ کو تیرے رب نے تیرے

مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝

گھر سے درست کام پر اور ایک جماعت ایمان والی نہ راضی تھی

ف یعنی جب کوئی قرآن پڑھے اور دوں پر یہ ادب واجب ہے کہ باتیں نہ کریں سیاق سے سنیں تا دل میں ہدایت پہنچے اور یا اگر پڑھنے والا کو کی مجلس میں پڑھے لگے پکار کر تو ...

ف یعنی مقرب فرشتے بھی اس کی یاد سے غافل نہیں تو انسان کو اور بھی ضرور ہے اور اسکے سوا کسی کو سجدہ نہ کریئے اس جگہ پر سجدہ آتا ہے سب قرآن میں چودہ جگہ سجدہ ضرور ہے سب کا ایک حکم ہے۔ حنفی مذہب میں واجب ہے اور شافعی میں سنت ہے رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ

تجھ سے جھگڑتے ہیں درست بات میں واضح ہو چکے پیچھے گویا ان کو ہانکتے ہیں موت کی طرف آنکھوں

يَنظُرُونَ ۝ وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللَّهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ

دیکھتے اور جس وقت وعدہ دیتا ہے اللہ تم کو ان دو جماعتوں میں سے ایک کہ تم کو ہاتھ لگے گی

أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ

اور تم چاہتے تھے کہ جس میں کانٹا نہ لگے وہ ملے تم کو اور اللہ چاہتا تھا کہ سچا کرے سچ کو اپنے کلاموں سے

وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ ۝ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ

اور کاٹے پیچھا کافروں کا ف۱ تاکہ سچا کرے سچ کو اور جھوٹا کرے جھوٹ کو اور اگرچہ نہ راضی ہوں

الْمُجْرِمُونَ ۝ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ

گنہگار جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے تو پہنچا تمہاری پکار کو کہ میں مدد بھیجوں گا تمہاری

مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ

ہزار فرشتے جن کے پیچھے لگے آویں اور یہ تو دی اللہ نے فقط خوش خبری اور تا چین پکڑیں

قُلُوبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ إِذْ يُغَشِّيكُمُ

دل تمہارے اور مدد نہیں مگر اللہ سے اللہ زور آور ہے حکمت والا جس وقت ڈال دی تم پر

النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَ

اونگھ اپنی طرف سے تسکین کو اور اتارا تم پر آسمان سے پانی کہ اس سے تم کو پاک کرے اور

يُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ

دور کرے تم سے شیطان کی نجاست اور محکم کر دے تمہارے دل پر اور ثابت کرے ساتھ اس کے

الْأَقْدَامَ ۝ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا

تمہارے قدم جب حکم بھیجا تیرے رب نے فرشتوں کو کہ میں ساتھ ہوں تمہارے سو تم دل ثابت کرو مسلمانوں کے

سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ

میں ڈال دوں گا دل میں کافروں کے دہشت سو مارو اوپر گردنوں کے

وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن

اور مارو ان کی پور پور ف۲ یہ اس واسطے کہ وہ مخالف ہوئے اللہ کے اور اس کے رسول کے اور جو کوئی

يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَ

مخالف ہو اللہ کا اور اس کے رسول کا تو اللہ کی مار سخت ہے یہ تو تم چکھ لو اور جان رکھو

أَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ

کہ منکروں کو ہے عذاب دوزخ کا اے ایمان والو جب بھڑو تم

ف۱ حضرت نے فرمایا تھا کہ یا قافلہ یا مدد ہمارے ہاتھ لگے گا لوگ چاہنے لگے کہ قافلہ ہاتھ لگے اور بہتر ہو یہی کہ کفر کا زور ٹوٹا ۱۲ منہ رح

ع ۱ ۱۵

ف۲ کافروں کے دل کے قابل نہیں۔ فرشتوں کے الہام سے سو رعب ڈالا اپنی طرف لیا اور مسلمانوں کے دل ثابت کرنے کو حکم فرمایا اور بعضی جنگ میں فرشتے انہوں نے بھی کرے ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ۝ وَمَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ
کافروں سے میدان جنگ میں تو مت دو ان کو پیٹھ اور جو کوئی ان کو پھیر دیوے پیٹھ اس دن

إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ
مگر یہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو فوج میں سو وہ لے پھرا غضب اللہ کا

وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ
اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا بری جگہ جا پھرا سو تم نے ان کو نہیں مارا لیکن اللہ نے مارا

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ
اور تو نے نہیں پھینکی مٹھی خاک جس وقت پھینکی تھی لیکن اللہ نے پھینکی اور کیا چاہتا تھا ایمان والوں پر اپنی طرف سے

بَلَاءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ ذَٰلِكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ مُوهِنُ كَيْدِ
خوب احسان تحقیق اللہ ہے سنتا جانتا یہ تو ہو چکا اور جان رکھو کہ اللہ سست کرنے والا ہے تدبیر

الْكَافِرِينَ ۝ إِنْ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ ۖ وَإِنْ تَنْتَهُوا فَهُوَ
کافروں کی اگر تم چاہتے ہو فیصلہ سو پہنچ چکا تم کو فیصلہ اور اگر باز آؤ تو تمہارا

خَيْرٌ لَكُمْ ۖ وَإِنْ تَعُودُوا نَعُدْ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَلَوْ
بھلا ہے اور اگر پھر کرو گے تو ہم بھی پھر کریں گے اور کام نہ آوے گا تم کو تمہارا جتھا کچھ اگرچہ بہت

كَثُرَتْ وَأَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ
ہوں اور جانو کہ اللہ ہے ساتھ ایمان والوں کے اے ایمان والو حکم پر چلو اللہ کے

وَرَسُولَهُ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَأَنْتُمْ تَسْمَعُونَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ
اور اس کے رسول کے اور اس سے مت پھرو سن کر اور ویسے مت ہو جنہوں نے

قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللَّهِ الصُّمُّ
کہا کہ ہم نے سنا اور وہ سنتے نہیں بدتر سب جانداروں میں اللہ کے پاس وہی بہرے

الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَأَسْمَعَهُمْ
گونگے ہیں جو نہیں بوجھتے اور اگر اللہ جانتا ان میں کچھ بھلائی تو ان کو سناتا

وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَهُمْ مُعْرِضُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا
اور جو ان کو اب سنا دے تو الٹے بھاگیں منہ پھیر کر اے ایمان والو مانو حکم

لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ۖ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ
اللہ کا اور رسول کا جس وقت بلاوے تم کو ایک کام پر جس میں تمہاری زندگی ہے اور جان لو کہ اللہ روک لیتا ہے

الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَا تُصِيبَنَّ
آدمی سے اس کے دل کو اور یہ کہ اسی پاس تم جمع ہو گے اور بچتے رہو اس فساد سے کہ نہ پڑے گا

ف یعنی کئی جگہ قرآن میں ہر جگہ کافروں کا کلام نقل فرمایا کہ ہر گھڑی کہتے ہیں کہ یہ فتح یعنی کب ہوگا یہ فیصلہ سو جواب فرمایا کہ فیصلہ آ پہنچا ۱۲ منہ ر

ف یعنی جیسے یہود نے حکم تورات سے نور آوری سے قبول کیا اور دل سے نا قبول کیا ویسے منافق زبان سے حکم بردار ہیں دل سے نہیں ۱۲ منہ ر

ف یعنی جانوروں سے بھی بدتر ہیں وہ آدمی کہ دین حق کو نہ سمجھیں ۱۲ منہ ر

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝
تم میں سے ظالموں پر چن کر اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے

وَاذْكُرُوا إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ
اور یاد کرو جس وقت تم تھوڑے تھے مغلوب پڑے ہوئے ملک میں ڈرتے تھے

أَن يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم مِّنَ
کہ اچک لیں تم کو لوگ پھر اس نے تم کو جگہ دی اور زور دیا اپنی مدد سے اور روزی دی تم کو ستھری

الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَ
چیزیں شاید تم حق مانو اے ایمان والو چوری نہ کرو اللہ سے اور

الرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ
رسول سے یا چوری کرو آپس کی امانتوں میں جان کر اور جان لو کہ تمہارے مال

وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَأَنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
اور اولاد جو ہیں خراب کرنے والے ہیں اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے اے ایمان

آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ
والو اگر ڈرتے رہو گے اللہ سے تو کر دے گا تم میں فیصلہ اور اتار دے گا تم سے تمہارے گناہ اور تم کو بخشے گا

وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ
اور اللہ کا فضل بڑا ہے اور جب فریب بنانے لگے کافر کہ تجھ کو بٹھا دیں

أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ ۖ وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ۝
یا مار ڈالیں یا نکال دیں اور وہ بھی فریب کرتے تھے اور اللہ بھی فریب کرتا تھا اور اللہ کا فریب سب سے بہتر

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُوا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هَٰذَا
اور جب کوئی پڑھے ان پر ہماری آیتیں کہیں ہم سن چکے ہم چاہیں تو کہہ لیں ایسا یہ

إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَإِذْ قَالُوا اللَّهُمَّ إِن كَانَ هَٰذَا
کچھ نہیں مگر احوال ہیں پہلوں کے ف اور جب وہ کہنے لگے کہ یا اللہ اگر یہی دین

هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا
حق ہے تیرے پاس سے تو ہم پر برسا پتھر آسمان سے یا لا ہم پر

بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنتَ فِيهِمْ ۚ وَمَا كَانَ
دکھ کی مار ف اور اللہ ہرگز نہ عذاب کرتا ان کو جب تک تو تھا ان میں اور اللہ

اللَّهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللَّهُ
نہ عذاب کرے گا ان کو جب تک بخشواتے رہیں ع اور ان میں کیا ہے کہ عذاب نہ کرے ان کو اللہ

نصف القرآن

ف یعنی ہمیشہ یہ کہتے تھے اب تو دیکھ لیا کہ قصے نہ تھے وعدہ عذاب تم پر بھی آیا جیسے پہلوں پر آیا تھا ١٢ منہ

ع ٩ ١٧

ف ابوجہل جب مکہ سے نکلنے لگا تو یہی دعا کی کعبہ کے سامنے وہی پیش آئی۔ ١٢ منہ رح

ف یعنی مکہ میں حضرت کے قدم سے عذاب رکا تھا جب نکلے عذاب آیا یا یہ کہ جب تک گنہگار نادم رہے اور توبہ کرتا رہے تو پکڑا نہیں جاتا اگرچہ بڑے سے بڑا گناہ ہو حضرت نے فرمایا کہ گنہگاروں کو دو چیز پناہ ہیں ایک میرا وجود دوسرے استغفار ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوا أَوْلِيَاءَهُ ۚ إِنْ

اور وہ روکتے ہیں مسجد حرام سے اور وہ اس کے اختیار والے نہیں اس کے

أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُونَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا

اختیار والے وہی جو پرہیزگار ہیں لیکن وہ اکثر خبر نہیں رکھتے اور ان کی

كَانَ صَلَاتُهُمْ عِندَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً ۚ فَذُوقُوا

نماز کچھ نہ تھی کعبہ کے پاس مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں سو چکھو

الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنفِقُونَ

عذاب بدلا اپنے کفر کا جو لوگ کافر ہیں خرچ کرتے ہیں

أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ

اپنے مال کہ روکیں اللہ کی راہ سے سو ابھی اور خرچ کریں گے پھر آخر ہوگا

عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ

ان پر پچھتاوا اور آخر مغلوب ہوں گے اور جو کافر رہیں گے دوزخ کو

يُحْشَرُونَ ۝ لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ

ہانکے جائیں گے تا جدا کرے اللہ ناپاک کو پاک سے اور دھرے

الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ

ناپاک کو ایک پر ایک پھر اس کو ڈھیر کرے سارا پھر ڈالے اس کو دوزخ میں

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَنتَهُوا

وہی لوگ ہیں نقصان پانے والے وا تو کہہ دے کافروں کو اگر باز آویں

يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِن يَعُودُوا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ

تو معاف ہو ان کو جو ہو چکا اور اگر پھر وہی کریں گے تو پڑ چکی ہے راہ

الْأَوَّلِينَ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ

اگلوں کی اور لڑتے رہو ان سے جب تک نہ رہے فساد اور ہو جاوے حکم

كُلُّهُ لِلَّهِ ۚ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَإِن

سب اللہ کا پھر اگر وہ باز آویں تو اللہ ان کے کام دیکھتا ہے اور اگر

تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَوْلَاكُمْ ۚ نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَ

وہ نہ مانیں تو جان لو کہ اللہ حمایتی تمہارا کیا خوب حمایتی ہے اور

نِعْمَ النَّصِيرُ ۝

کیا خوب مددگار

نصف القرآن

ول یعنی آہستہ آہستہ اللہ تعالیٰ اسلام کو غالب کریگا اس بیچ میں کافر اپنا زور جان اور مال کا خرچ کرلیں گے تا نیک و بد جدا ہو جاوے یعنے جن کی قسمت میں اسلام لکھا ہے وہ سب مسلمان ہو چکیں اور جن کو کفر پر مرنا ہے وہی اکٹھے دوزخ میں جاویں ۱۲ منہ رحمہ

ول لڑو جب تک فساد نہ رہے یعنے کافروں کا زور نہ رہے کہ ایمان سے روک سکیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

ع ٩ ١٨ ٤

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ
اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاؤ کچھ چیز سو اللہ کے واسطے ہے اس میں سے پانچواں حصہ اور

لِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ
رسول کے اور قرابت والے کے اور یتیم کے اور محتاج کے اور مسافر کے

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ
اگر تم یقین لائے ہو اللہ پر اور اس چیز پر جو ہم نے اتاری اپنے بندے پر جس دن فیصلہ ہوا جس دن

الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَ
بھڑ گئیں دو فوجیں اور اللہ سب چیز پر قادر ہے جس وقت تم تھے ورلے ناکے پر اور

هُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ
وہ پرلے ناکے پر اور قافلہ نیچے اتر گیا تم سے اور اگر تم آپس میں وعدہ کرتے

لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ
تو نہ پہونچتے وعدے پر لیکن اللہ کو کر ڈالنا تھا ایک کام کا جو ہو چکا تھا

لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ
تا مرے جو مرے سوجھ کر اور جیئے جو جیتا ہے سوجھ کر اور اللہ

لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا
سنتا ہے جانتا ہے جب اللہ نے وہ دکھائے تیرے خواب میں تھوڑے اور اگر تجھ کو دکھاتا بہت

لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
تو تم لوگ نامردی کرتے اور جھگڑا ڈالتے کام میں لیکن اللہ نے بچا لیا اس کو معلوم ہے جو بات ہے

الصُّدُوْرِ ۝ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّ
دلوں میں اور جب تم کو دکھائی وہ فوج وقت ملاقات کے تمہاری آنکھوں میں تھوڑی اور

يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ
تم کو تھوڑا دکھایا ان کی آنکھوں میں تا کر ڈالے اللہ ایک کام جو ہو چکا تھا اور اللہ تک

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا
پہنچتا ہے ہر کام اے ایمان والو جب بھڑو کسی فوج سے تو ثابت رہو

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ
اور اللہ کو بہت یاد کرو شاید تم مراد پاؤ اور حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا اور

لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ
آپس میں نہ جھگڑو پھر نامرد ہو جاؤ گے اور جاتی رہے گی تمہاری ہوا اور ٹھہرے رہو اللہ ساتھ ہے

ف یعنی اللہ نے اپنے رسول پر فتح و نصرت اتاری جس سے تم غالب ہوئے اور اللہ قادر ہے کہ آگے اور فتحیں دیوے جو مال کافروں سے لڑکر لیویں وہ غنیمت ہے اس میں پانچواں حصہ نیاز اللہ کی ہے واسطے خرچ رسول کے کہ رسول کو خرچ ہو اپنی ذات کا اور قرابت والوں کا اور حاجتمند مسلمانوں کا اور بعد حضرت کے بھی خرچ ہونے ہیں سردار کو اور جو مال صلح سے ہاتھ آوے
ع ۵
سو سارا خرچ اسلام کا پھر غنیمت میں چار حصے رہے سو لشکر کو تقسیم کرنا سوار کو دو حصے پیادے کو ایک ۱۲ منہ

الصّٰبِرِينَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ
صبر کرنے والوں کے ف اور مت ہو جیسے وہ لوگ کہ نکلے اپنے گھروں سے اتراتے اور

النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝
لوگوں کو دکھاتے اور روکتے اللہ کی راہ سے اور اللہ کے قابو میں ہے جو کرتے ہیں ف

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ
اور جس وقت سنوارنے لگا شیطان ان کی نظر میں ان کے کام اور بولا کوئی غالب نہ ہوگا تم پر آج کے دن

مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ
اور میں رفیق ہوں تمہارا پھر جب سامنے ہوئیں دو فوجیں الٹا پھرا یعنی

عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ
ایڑیوں پر اور بولا میں تمہارے ساتھ نہیں میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے میں ڈرتا ہوں

اللَّهَ ۚ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
اللہ سے اور اللہ کا عذاب سخت ہے جب کہنے لگے منافق لوگ اور جن کے دلوں میں

مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ
آزار ہے مغرور ہیں یہ لوگ اپنے دین پر اور جو کوئی بھروسا کرے اللہ پر تو اللہ زبردست ہے

حَكِيمٌ ۝ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ
حکمت والا ف اور کبھی تو دیکھے جس وقت جان لیتے ہیں کافروں کی فرشتے مارتے ہیں

وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ
ان کے منہ پر اور پیچھے اور چکھو عذاب جلنے کا یہ بدلا ہے اسی کا جو تم نے آگے بھیجا

أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ
اپنے ہاتھوں اور اس واسطے کہ اللہ ظلم نہیں کرتا بندوں پر جیسے دستور فرعون والوں کا

وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ
اور جو ان سے پہلے تھے منکر ہوئے اللہ کی باتوں سے سو پکڑا ان کو اللہ نے ان کے گناہوں پر

إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً
اللہ زور آور ہے سخت عذاب کرنے والا یہ اس پر کہا کہ اللہ بدلنے والا نہیں نعمت کا

أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝
جو دی تھی ایک قوم کو جب تک وہ نہ بدلیں اپنے جیوں کی بات اور اللہ سنتا ہے جانتا

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم
جیسے دستور فرعون والوں کا اور جو ان سے پہلے تھے جھٹلائیں باتیں اپنے رب کی پھر کھپا دیا ہم نے ان کو

موضح القرآن

ف ہوا چلتی ہے کی یعنی اقبال سے اور آدھے کام ۱۲

ف جہاد عبادت ہے عبادت کو پر اتراوے یا دکھاوے کو کرے تو قبول نہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف مسلمانوں کی دلیری دیکھ کر منافق اس طرح طعن کرنے لگے تھے سو اللہ نے فرمایا کہ یہ غرور نہیں یہ توکل ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُوا ظَالِمِينَ ○ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ

ان کے گناہوں پر اور ڈوبا دیا فرعون والوں کو اور سارے ظالم تھے بدتر سب جانداروں میں

عِنْدَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ الَّذِينَ عَاهَدْتَ مِنْهُمْ

اللہ کے ہاں وہ ہیں جو منکر ہوئے پھر وہ نہیں مانتے جن سے تو نے اقرار کیا ہے ان میں سے

ثُمَّ يَنْقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ○ فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ

پھر وہ توڑتے ہیں اپنا اقرار ہر بار اور ڈر نہیں رکھتے سو اگر کبھی تو پاوے ان کو

فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ○ وَإِمَّا تَخَافَنَّ

لڑائی میں تو ایسی سزا دے کہ دیکھ کر بھاگیں ان کے پچھلے شاید وہ عبرت پکڑیں اور اگر تجھ کو ڈر ہو

مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَى سَوَاءٍ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ع

ایک قوم کی دغا کا تو جواب دے ان کو برابر کے برابر اللہ کو خوش نہیں آتے دغاباز ف۱

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ○ وَأَعِدُّوا

اور یہ نہ سمجھیں منکر لوگ کہ وہ بھاگ نکلے وہ تھکا نہ سکیں گے اور سرانجام کرو

لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ

ان کی لڑائی کو جو پیدا کر سکو زور اور گھوڑے پالنے کہ اس سے دھاک پڑے اللہ کے

اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ

دشمنوں پر اور تمہارے دشمنوں پر اور ایک اور لوگوں پر سوائے ان کے جن کو تم نہیں جانتے اللہ ان کو جانتا ہے ف۲

وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ○

اور جو خرچ کرو گے اللہ کی راہ میں پورا ملے گا تم کو اور تمہارا حق نہ رہے گا

وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ

اور اگر وہ جھکیں صلح کو تو تو بھی جھک اسی طرف اور بھروسا کر اللہ پر بیشک وہی ہے سنتا

الْعَلِيمُ ○ وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ هُوَ الَّذِي

جانتا اور اگر وہ چاہیں کہ تجھ کو دغا دیں تو تجھ کو بس ہے اللہ اسی نے تجھ کو

أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ○ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ

زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا اور الفت ڈالی ان کے دل میں اگر تو خرچ کرتا

مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ

جو سارے ملک میں ہے تمام نہ الفت دے سکتا ان کے دل میں لیکن اللہ نے الفت ڈالی ان میں

إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

وہ زور آور ہے حکمت والا ف۳ اے نبی کفایت ہے تجھ کو اللہ اور جتنے تیرے ساتھ ہوئے ہیں

نفع القرآن

ف۱ اگر ایک قوم نے کافروں سے صلح کی ہو پھر ان کی طرف سے دغا ہو چکی اب ان کو بے خبر ملیے اور جو دغا نہیں ہوئی لیکن اندیشہ ہے۔ تو خبردار کر کے جواب دیجئے برابر کے برابر یعنی جو سرانجام صلح سے پہلے کر سکتے سو اب بھی کر سکتے ہو لڑائی کا اس میں کچھ بدقولی نہیں۔ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ۔

ع ۴/۳

ف۲ یعنی اگر دل میں دغا رکھیں گے اللہ کو معلوم ہے اس کی سزا دے گا۔ ۱۲

ف۳ عرب کی قوم میں آگے ہمیشہ بیر رکھتے تھے اور ایک دوسرے کے خون کا پیاسا پھر حضرت کے سبب سے سب متفق اور دوست ہو گئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْمُؤْمِنِينَ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِن يَكُن

مسلمان — اے نبی — شوق دلا — مسلمانوں کو — لڑائی کا — اگر ہوں

مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُم

تم میں — بیس شخص — ثابت — غالب ہوں دو سو پر — اور اگر ہوں — تم میں

مِّائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ۝

سو شخص — غالب ہوں — ہزار — کافروں پر — اس واسطے کہ وہ لوگ — سمجھ نہیں رکھتے

الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم

اب بوجھ ہلکا کیا — اللہ نے تم پر — اور جانا کہ — تم میں سستی ہے — سو اگر ہوں — تم میں

مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا

سو شخص — ثابت — غالب ہوں — دو سو پر — اور — اگر ہوں — تم میں — ہزار شخص — غالب ہوں

أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ

دو ہزار پر — اللہ کے حکم سے — اور اللہ ساتھ ہے ثابت رہنے والوں کے — نہیں چاہیے نبی کو — کہ اس کے ہاں

لَهُ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ

قیدی آویں — جب تک نہ خون کرے — ملک میں — تم چاہتے ہو — جنس — دنیا کی — اور اللہ

يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ لَّوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ

چاہتا ہے — آخرت — اور اللہ زور آور ہے حکمت والا — اگر نہ ہوتی — ایک بات کہ لکھ چکا اللہ آگے سے — تو تم کو پڑتا

فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا

اس لینے میں — بڑا عذاب — سو کھاؤ جو — غنیمت لاؤ — حلال ستھری — اور ڈرتے رہو

اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّمَن فِي أَيْدِيكُم

اللہ سے — اللہ ہے بخشنے والا — مہربان — اے نبی — کہہ دے انکو — جو تمہارے ہاتھ میں ہیں

مِّنَ الْأَسْرَىٰ إِن يَعْلَمِ اللَّهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّا

قیدی — اگر جانے گا — اللہ — تمہارے دل میں کچھ نیکی — تو دے گا تم کو — بہتر — اس سے

أُخِذَ مِنكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَإِن يُرِيدُوا

جو تم سے چھن گیا — اور تم کو بخشے گا — اور اللہ ہے بخشنے والا — مہربان — اور اگر چاہیں گے

خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

تجھ سے دغا کرنی — سو دغا کر چکے ہیں — اللہ سے — پہلے — پھر اس نے پکڑوا دیے — اور اللہ سب جانتا ہے

حَكِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ

حکمت والا — جو لوگ — ایمان لائے — اور گھر چھوڑا — اور لڑے — اپنے مال — اور جان سے

ف۱ اول کے مسلمان یقین میں کامل تھے ان پر حکم ہوا تھا کہ آپ سے دس برابر کافروں پر جہاد کریں پیچھے مسلمان ایک قدم کم تھے تب یہی حکم ہوا کہ دو دو گنے برابر جہاد کریں یہی حکم اب بھی باقی ہے لیکن اگر دونوں سے زیادہ پر حملہ کریں تو بڑا اجر ہے ۹ حضرت ع۵ کے وقت میں ہزار مسلمان [illegible] قیدی لوگوں میں بہتوں کی قسمت تھی مسلمان ہونا [illegible]

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰوَوا وَّنَصَرُوا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ

اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں

وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى

اور جو ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا تم کو ان کی رفاقت سے کچھ کام نہیں جب تک

يُهَاجِرُوا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى

گھر نہ چھوڑ آویں اور اگر تم سے مدد چاہیں دین میں تو تم کو لازم ہے مدد کرنی مگر مقابلہ میں

قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيثَاقٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ

ایسوں کے جن میں اور تم میں عہد ہے اور اللہ جو کرتے ہو وہ دیکھتا ہے اور جو لوگ

كَفَرُوا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ اِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ

کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں اگر تم یوں نہ کروگے تو دھوم مچے گی ملک میں

وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ

اور بڑی خرابی ہوگی اور جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑے اور لڑے اللہ کی

اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰوَوا وَّنَصَرُوا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ

راہ میں اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی وہی ہیں تحقیق مسلمان ان کو

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوا

بخشش ہے اور روزی عزت کی اور جو ایمان لائے پیچھے اور گھر چھوڑ آئے

وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ

اور لڑے تمہارے ساتھ ہو کر سو وہ تمہیں میں ہیں اور ناتے والے آپس میں حق دار

اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِي كِتٰبِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

زیادہ ہیں ایک دوسرے کے حکم میں اللہ کے تحقیق اللہ ہر چیز سے خبردار ہے ف۱

سورة التوبة مدنية وهي مائة وتسع وعشرون اٰية وست عشرة ركوعا

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهٖٓ اِلَى الَّذِينَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

ف۲ جواب ہے اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول سے ان مشرکوں کو جن سے تم کو عہد تھا

فَسِيحُوا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ

سو پھر لو اس ملک میں چار مہینے اور جان لو کہ تم نہ تھکا سکوگے اللہ کو

وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِينَ ۝ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهٖٓ اِلَى

اور یہ کہ اللہ رسوا کرتا ہے منکروں کو اور سنا دینا ہے اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول سے

نصف

ف۱ یعنی مہاجرین میں جتنے ملتے جاویں سب شریک ہیں اور ناتے دار اگرچہ پیچھے مسلمان ہوا یا ہجرت کر آیا پہلے ناتے والے مسلمان مہاجر کا حقدار ہے یعنی میراث وہی لے گا اگرچہ رفاقت قدیم اوروں سے ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ سورة براءة۔ حضرت نے بیان نہیں فرمایا کہ جدا سورت ہے اور سورتوں میں کی آیتیں ہیں سورت کا نشان تھا بسم اللہ نازل نہ ہوئی اس واسطے اس پر بسم اللہ نہیں اور کسی سورت میں داخل بھی نہیں ۱۲ منہ رح

ع ۱۰ ربع ۶

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ۙ وَرَسُولُهُ ۚ

لوگوں کو دن بڑے حج کے کہ اللہ الگ ہے مشرکوں سے اور اس کا رسول

فَإِن تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي

سو اگر تم توبہ کرو تو تم کو بھلا ہے اور اگر نہ مانو تو جان لو کہ تم نہ تھکا سکو گے

اللَّهِ ۗ وَبَشِّرِ الَّذِينَ كَفَرُوا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّم مِّنَ

اللہ کو اور خوشخبری دے منکروں کو دکھ والی مار کی مگر جن مشرکوں سے تم نے

الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنقُصُوكُمْ شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوا

عہد کیا تھا پھر کچھ قصور نہ کیا تمہارے ساتھ اور مدد نہ کی تمہارے مقابلہ میں کسی کو سو ان سے

إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝ فَإِذَا انسَلَخَ

پورا پہنچاؤ عہد ان کے وعدہ تک اللہ کو خوش آتے ہیں احتیاط والے پھر جب گذر جاویں

الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ

مہینے پناہ کے تو مارو مشرکوں کو جہاں پاؤ اور پکڑو

وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ

اور گھیرو اور بیٹھو ہر جگہ ان کی تاک پر پھر اگر وہ توبہ کریں اور کھڑی رکھیں نماز

وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ

اور دیا کریں زکوٰۃ تو چھوڑ دو ان کی راہ اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور اگر کوئی

الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ۚ

مشرک تجھ سے پناہ مانگے تو اس کو پناہ دے جب تک وہ سن لے کلام اللہ کا پھر پہنچا دے اس کو جہاں وہ نڈر ہو

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُونَ ۝ كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ

یہ اس واسطے کہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے ۔ کیونکر ہووے مشرکوں کو عہد

عِندَ اللَّهِ وَعِندَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ

اللہ پاس اور اس کے رسول پاس مگر جن سے تم نے عہد کیا پاس مسجد حرام

فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝ كَيْفَ

سو جب تک تم سے سیدھے رہیں تم ان سے سیدھے رہو اللہ کو خوش آتے ہیں احتیاط والے ۔ کیونکر صلح رہے

وَإِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُونَكُم بِأَفْوَاهِهِمْ

اور اگر وہ تم پر ہاتھ پاویں نہ لحاظ کریں تمہاری دینداری کا نہ عہد کا تم کو راضی کر دیتے ہیں اپنے منہ کی بات سے

وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ ۝ اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا

اور ان کے دل نہیں مانتے اور بہت ان میں بے حکم ہیں بیچے انہوں نے حکم اللہ کے تھوڑی

موضح القرآن

ف یعنی ایسے امان کا مضائقہ نہیں کہ کچھ پوچھا سنا چاہے ف۲ سن لے پھر جہاں وہ نڈر ہو وہاں تک پہنچا دینا بعد اس کے سب کافروں کے برابر ہے ۱۲ منہ رح ف۳ صلح والے تین قسم کے تھے ایک جن سے مدت نہیں ٹھہری ان کو جواب دیا مگر جو مکے کی صلح میں شامل تھے جب تک وہ دغا نہ کریں یہ ادب ہے مکہ کا اور تیسرے جن سے مدت ٹھہری وہ صلح قائم رہی لیکن آخر سب مشرک عرب کے ایمان لائے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۱/۶

قَلِيلًا فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ لَا يَرْقُبُونَ
قیمت پر پھر اٹکے اس کی راہ سے وہ لوگ برے کام ہیں جو کر رہے ہیں نہ لحاظ کریں

فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ○ فَإِنْ تَابُوا
کسی مسلمان کے حق میں دینداری کا نہ عہد کا اور وہی ہیں زیادتی پر سو اگر توبہ کریں اور

وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۗ وَنُفَصِّلُ الْآيٰتِ
کھڑی رکھیں نماز اور دیتے رہیں زکوٰۃ تو تمہارے بھائی ہیں حکم شرع میں اور ہم کھولتے ہیں بیتے

لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○ وَإِنْ نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوا
ایک جاننے والے لوگوں کو ف۱ اور اگر توڑیں اپنی قسمیں عہد کئے پیچھے اور عیب دیویں

فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُونَ ○
تمہارے دین میں تو لڑو کفر کے سرداروں سے ان کی قسمیں کچھ نہیں شاید وہ باز آویں ف۲

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُمْ بَدَءُوكُمْ
کیوں نہ لڑو ایسے لوگوں سے کہ توڑیں اپنی قسمیں اور فکر میں رہیں کہ رسول کو نکال دیں اور انہوں نے چھیڑی تم سے

أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ○
پہلی کیا ان سے ڈرتے ہو سو اللہ کا ڈر چاہیے تم کو زیادہ اگر تم ایمان رکھتے ہو

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ
لڑو ان سے تا عذاب کرے اللہ ان کو تمہارے ہاتھوں اور رسوا کرے اور تم کو ان پر غالب کرے اور ٹھنڈے کرے

صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ ○ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ
دل کتنے مسلمان لوگوں کے اور نکالے ان کے دل کی جلن اور توبہ دے گا اللہ جس کو

مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ○ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ
چاہے گا اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا کیا جانتے ہو کہ چھوٹ جاؤ گے اور ابھی معلوم نہیں کئے

اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ
اللہ نے تم میں سے جو لوگ لڑے ہیں اور نہیں پکڑا انہوں نے سوائے اللہ کے اور اس کے رسول کے

ع ۱۰

وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ○ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ
اور مسلمانوں کے کسی کو بھیدی اور اللہ کو سب خبر ہے تمہارے کام کی مشرکوں کا کام نہیں

أَنْ يَعْمُرُوا مَسٰجِدَ اللَّهِ شٰهِدِينَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۚ أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ
کہ آباد کریں اللہ کی مسجدیں اور مانتے جاویں اپنے اوپر کفر کو وہ لوگ خراب گئے

أَعْمَالُهُمْ ۚ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُونَ ○ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ
ان کے کئے اور آگ میں رہیں گے وہ ہمیشہ وہی آباد کرے مسجدیں اللہ کی جو یقین لایا

منع موالات

ف۱ یعنی یہ جو فرمایا کہ بھائی ہیں حکم شرع میں اس سے سمجھ لیں کہ جو شخص قرائن سے معلوم ہو کہ ظاہری مسلمان ہے دل سے یقین نہیں رکھتا اس کو حکم ظاہری میں مسلمان گنیں اور معتمد اور دوست نہ پکڑیں ۱۲ منہ رح

ف۲ اگر ثابت ہو کہ ایک کافر عیب دیتا ہے ہمارے دین کو وہ ذمی نہ رہا ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ

اللہ پر اور دن پچھلے پر اور کھڑی کی نماز اور دی زکوٰۃ اور نہ ڈرا سوائے اللہ کے کسی سے

فَعَسٰۤى اُولٰۤىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاۤجِّ

سو امیدوار ہیں وہ لوگ کہ ہو ویں ہدایت والوں میں کیا تم نے ٹھہرایا حاجیوں کا پانی پلانا

وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ

اور مسجد حرام کا بسانا برابر اس کے جو یقین لایا اللہ پر اور پچھلے دن پر اور لڑا اللہ کی

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۗ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

راہ میں نہیں برابر اللہ کے پاس اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ

جو یقین لائے اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے

اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاُولٰۤىِٕكَ هُمُ الْفَاۤىِٕزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ

ان کو بڑا درجہ ہے اللہ کے پاس اور وہی پہنچے مراد کو خوشخبری دیتا ہے ان کو پروردگار ان کا

بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ

اپنی طرف سے مہربانی کی اور رضامندی کی اور باغوں کی جن میں ان کو آرام ہے ہمیشہ کا رہا کریں

فِيْهَاۤ اَبَدًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا

ان میں مدام اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے اے ایمان والو نہ پکڑو اپنے

اٰبَاۤءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَاۤءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۗ وَمَنْ

باپوں کو اور بھائیوں کو رفیق اگر وہ عزیز رکھیں کفر کو ایمان سے اور جو

يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۤىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۤؤُكُمْ وَ

تم میں ان کی رفاقت کرے سو وہی لوگ ہیں گنہگار ف تو کہہ اگر تمہارے باپ اور

اَبْنَاۤؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا

بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور برادری اور مال جو کمائے ہیں

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَاۤ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ

اور سوداگری جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور حویلیاں جو پسند رکھتے ہو تم کو عزیز ہیں

اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۗ وَ

اللہ سے اور اس کے رسول سے اور لڑنے سے اس کی راہ میں تو راہ دیکھو جب تک بھیجے اللہ حکم اپنا اور

اللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ

اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ف مدد کر چکا ہے اللہ تم کو بہت میدانوں میں

ف یعنے بعض شخص دل سے مسلمان ہیں لیکن برادری سے توڑ نہیں سکتے کہ ظاہر مسلمان ہو جاویں ان کا حال یہاں سے سمجھو ۱۲ منہ رح

ف آخر حکم بھیجا کہ اس ملک سے کافر باہر ہوں تب اکثر کافر مسلمان ہوئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

كَثِيرَةٍ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَ

اور دن حنین کے جب اترائے تم اپنی زیادتی پر پھر وہ کچھ کام نہ آئی تمہارے اور

ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِينَ ۝ ثُمَّ أَنْزَلَ

تنگ ہوگئی تم پر زمین ساتھ اپنی فراخی کے پھر ہٹے تم پیٹھ دے کر پھر اتاری

اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنْزَلَ جُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا

اللہ نے تسکین اپنی طرف سے اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر اور اتاریں فوجیں جو تم نے نہیں دیکھیں

وَعَذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝ ثُمَّ يَتُوبُ اللَّهُ مِنْ

اور مار دی کافروں کو اور یہی سزا ہے منکروں کی پھر توبہ دے گا اللہ اس کے

بَعْدِ ذَٰلِكَ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

بعد جس کو چاہے اور اللہ بخشتا ہے مہربان اے ایمان والو

إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَٰذَا وَ

مشرک جو ہیں سو پلید ہیں سو نزدیک نہ آویں مسجد حرام کے اس برس کے بعد اور

إِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ إِنْ شَاءَ إِنَّ اللَّهَ

اگر تم ڈرتے ہو مفلسی سے تو آگے غنی کرے گا تم کو اللہ اپنے فضل سے اگر چاہے اللہ ہے

عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا

سب جانتا حکمت والا لڑو ان لوگوں سے جو یقین نہیں رکھتے اللہ پر اور نہ پچھلے دن پر

يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ

حرام جانیں جو حرام کیا اللہ نے اور اس کے رسول نے اور نہ قبول کریں دین سچا وہ جو

أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ ۝ ٤ وَقَالَتِ

کتاب والے ہیں جب تک دیویں جزیہ سب ایک ہاتھ سے اور وہ بے قدر ہوں اور

الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللَّهِ ذَٰلِكَ قَوْلُهُمْ

یہود نے کہا عزیر بیٹا اللہ کا اور نصاریٰ نے کہا مسیح بیٹا اللہ کا یہ باتیں کہتے ہیں

بِأَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ

اپنے منہ سے ریس کرنے لگے اگلے منکروں کی بات کی مارے ان کو اللہ

أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝ اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ

کہاں سے پھرے جاتے ہیں ٹھہرائے ہیں اپنے عالم اور درویش خدا اللہ کو چھوڑ کر

وَالْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا إِلَٰهًا وَاحِدًا لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ

اور مسیح بیٹا مریم کا اور یہی حکم ہوا تھا کہ بندگی کریں ایک صاحب کی کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا

والا مسجد حرام میں مشرک کو جانا منع ہے بلکہ سارے حرم میں اور مسجد میں معاف ہے اور پلیدی انکے دل میں ہے بدن پر نہیں اور فقر سے ڈرتے ہو یعنی آمد و رفت موقوف ہوگی مشرکوں کی تو معاملات سوداگری بند ہوں گے سو اللہ تعالیٰ نے سارا ملک مسلمانوں کو دیا سب کاروبار جاری ہوا ١٢ منہ

ع ٥/١٠

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

سُبۡحٰنَهٗ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يُّطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰهِ بِاَفۡوَاهِهِمۡ وَيَاۡبَى

وہ پاک ہے ان کے شریک بتانے سے چاہیں کہ بجھا دیں روشنی اللہ کی اپنے منہ سے اور

اللّٰهُ اِلَّاۤ اَنۡ يُّتِمَّ نُوۡرَهٗ وَلَوۡ كَرِهَ الۡكٰفِرُوۡنَ ۝ هُوَ الَّذِىۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ

اللہ نہ رہے بغیر پوری کیے اپنی روشنی اور پڑے برا مانیں منکر ف۱ اسی نے بھیجا اپنا رسول

بِالۡهُدٰى وَدِيۡنِ الۡحَـقِّ لِيُظۡهِرَهٗ عَلَى الدِّيۡنِ كُلِّهٖۙ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ ۝

ہدایت دے کر اور دین سچا تا اس کو اوپر کرے ہر دین سے اور پڑے برا مانیں مشرک ف۲

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ الۡاَحۡبَارِ وَالرُّهۡبَانِ لَيَاۡكُلُوۡنَ

اے ایمان والو بہت عالم اور درویش اہل کتاب کے کھاتے ہیں

اَمۡوَالَ النَّاسِ بِالۡبَاطِلِ وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ

مال لوگوں کے ناحق اور اٹکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور جو لوگ

يَكۡنِزُوۡنَ الذَّهَبَ وَالۡفِضَّةَ وَلَا يُنۡفِقُوۡنَهَا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرۡهُمۡ

گاڑ رکھتے ہیں سونا اور روپا اور خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں سو ان کو خوش خبری سنا

بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍۙ‏ ۝ يَّوۡمَ يُحۡمٰى عَلَيۡهَا فِىۡ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكۡوٰى بِهَا جِبَاهُهُمۡ وَ

دکھ والی مار کی ف۳ جس دن آگ دہکاویں گے اس پر دوزخ کی پھر داغیں گے اس سے ان کے ماتھے اور

جُنُوۡبُهُمۡ وَظُهُوۡرُهُمۡ ؕ هٰذَا مَا كَنَزۡتُمۡ لِاَنۡفُسِكُمۡ فَذُوۡقُوۡا مَا كُنۡتُمۡ

کروٹیں اور پیٹھیں یہ ہے جو تم گاڑتے تھے اپنے واسطے اب چکھو مزہ اپنے

تَكۡنِزُوۡنَ ۝ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوۡرِ عِنۡدَ اللّٰهِ اثۡنَا عَشَرَ شَهۡرًا فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ

گاڑنے کا مہینوں کی گنتی اللہ پاس بارہ مہینے ہیں اللہ کے حکم میں

يَوۡمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ مِنۡهَاۤ اَرۡبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ

جس دن پیدا کیے آسمان اور زمین ان میں چار ہیں ادب کے یہی ہے سیدھا دین

فَلَا تَظۡلِمُوۡا فِيۡهِنَّ اَنۡفُسَكُمۡ ‌ۚ وَقَاتِلُوا الۡمُشۡرِكِيۡنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوۡنَكُمۡ

سو ان میں ظلم نہ کرو اپنے اوپر اور لڑو مشرکوں سے ہر حال جیسے وہ لڑتے ہیں تم سے

كَآفَّةً ‌ؕ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُتَّقِيۡنَ ۝ اِنَّمَا النَّسِىۡٓءُ زِيَادَةٌ فِى

ہر حال اور جانو کہ اللہ ساتھ ہے ڈر والوں کے یہ جو مہینا ہٹا دینا ہے سو بڑھائی بات ہے

الۡـكُفۡرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يُحِلُّوۡنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوۡنَهٗ عَامًا

کفر کے عہد میں گمراہی میں پڑتے ہیں اس سے کافر حلال گنتے ہیں اس کو ایک برس اور ادب کا گنتے ہیں ایک برس کہ

لِّيُوَاطِـُٔوۡا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوۡا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمۡ سُوۡۤءُ

پوری کریں گنتی جو اللہ نے رکھی ادب کی پھر حلال کرتے ہیں جو منع کیا اللہ نے بھلے دکھائے ہیں ان کو

موضح القرآن

ف۱ یعنی جیسا کوئی پھونک سے چراغ بجھا دے وہ چاہتے ہیں کہ اپنی جھوٹی باتوں سے دین اسلام کو نہ پھیلنے دیں ۱۲ منہ

ف۲ یہ دین سب سے اوپر ہو عقل کے نزدیک اور خدا کے نزدیک یعنی جو اس سے قریب ہے اللہ کا سو اور سے نہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا یہ کہ زکوٰۃ اور قرض اور حقدار کا حق دیتا رہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَعْمَالِهِمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ ع ۱۱ ۵
ان کے کام اور اللہ راہ نہیں دیتا منکر قوم کو ف۱ اے ایمان والو کیا ہوا ہے تم کو

إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُمْ
جب کہیے کوچ کرو اللہ کی راہ میں ڈھیے جاتے ہو زمین پر کیا راضی ہو گئے

بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ
دنیا کی زندگی پر آخرت چھوڑ کر سو کچھ نہیں دنیا کا برتنا آخرت کے حساب میں

إِلَّا قَلِيلٌ ۝ إِلَّا تَنْفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا
مگر تھوڑا اگر نہ نکلوگے تم کو دیگا دکھ کی مار اور بدل لاویگا اور لوگ

غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ إِلَّا تَنْصُرُوهُ
تمہارے سوا اور کچھ نہ بگاڑوگے اس کا اور اللہ سب چیز پر قادر ہے اگر تم نہ مدد کروگے

فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ
رسول کی تو اس کی مدد کی ہے اللہ نے جس وقت اس کو نکالا کافروں نے دو جان سے جب وہ دونوں تھے غار میں

إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا ۖ فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ
جب کہنے لگا اپنے رفیق کو ف۲ تو غم نہ کھا اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر اللہ نے اوتاری اپنی طرف سے تسکین اس پر

وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَىٰ ۗ وَ
اور مدد کی اس کی ہو فوجیں وہ فوجیں کہ تم نے نہیں دیکھیں اور نیچے ڈالی بات کافروں کی اور

كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَ
بات اللہ کی ہمیشہ اوپر ہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا نکلو ہلکے اور بوجھل اور

جَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ
لڑو اپنے مال سے اور جان سے اللہ کی راہ میں یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم کو

تَعْلَمُونَ ۝ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا لَاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِنْ
سمجھ ہے اگر کچھ مال ہوتا نزدیک اور سفر ہلکا تو تیرے ساتھ چلتے لیکن

بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ
دور نظر آئی ان کو طرف اور اب قسمیں کھاویں گے اللہ کی کہ ہم مقدور رکھتے تو نکلتے تمہارے ساتھ

يُهْلِكُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ عَفَا اللَّهُ عَنْكَ لِمَ ع ۱۲ ۶
وبال میں ڈالتے ہیں اپنی جان اور اللہ جانتا ہے وہ جھوٹے ہیں اللہ بخشے تجھ کو کیوں رخصت

أَذِنْتَ لَهُمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَتَعْلَمَ الْكَاذِبِينَ ۝
دی تو نے ان کو جب تک معلوم ہوتے تجھ پر جنہوں نے سچ کہا اور جانتا تو جھوٹوں کو

ف۱ کافروں کی ایک گمراہی بتائی تھی کہ جس مہینے لڑتے اس میں آجاتا ماہ حرام اس کو ہٹا دیتے کہتے اب کے برس صفر پہلے آیا محرم پیچھے آویگا تو ماہ محرم میں لڑتے اس حیلے سے اس پر حق تعالیٰ نے یہ فرمایا ۱۲ منہ

ف۲ رفیق تھا ابوبکر صدیق رضہ ہیں۔ فقط یہی تھے ہجرت میں حضرت کے ساتھ اور صحابہ بعضے پہلے نکل گئے تھے بعضے پیچھے نکل آئے تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا
نہیں رخصت مانگتے تجھ سے جو لوگ یقین رکھتے ہیں اللہ پر اور پچھلے دن پر اس سے کہ لڑیں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ
اپنے مال اور جان سے اور اللہ خوب جانتا ہے ڈر والوں کو رخصت وہی مانگتے ہیں تجھ سے جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ
نہیں یقین رکھتے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور شک میں پڑے ہیں دل ان کے سو وہ اپنے شک ہی میں

يَتَرَدَّدُوْنَ ۝ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ
بھٹکتے ہیں اور اگر چاہتے نکلنا تو تیار کرتے کچھ اسباب اس کا اور لیکن خوش نہ ہوا اللہ

انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ
ان کا اٹھنا سو بوجھل کر دیا ان کو اور حکم ہوا کہ بیٹھو ساتھ بیٹھنے والوں کے اگر نکلتے تم میں کچھ نہ بڑھاتے

مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ
تمہارا مگر خرابی اور گھوڑے دوڑاتے تمہارے اندر بگاڑ کروانے کی تلاش کو اور تم میں

سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَ
بعضے جاسوس ہیں ان کے اور اللہ خوب جانتا ہے بے انصافوں کو کرتے رہے ہیں تلاش بگاڑ کی آگے سے اور

قَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ وَ
الٹتے رہے ہیں تیرے کام جب تک کہ آ پہنچا سچا وعدہ اور غالب ہوا حکم اللہ کا اور وہ ناخوش ہی رہے اور

مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَ
بعضے ان میں کہتے ہیں مجھ کو رخصت دے اور گمراہی میں نہ ڈال سنتا ہے وہ تو گمراہی میں پڑ چکے ہیں اور

اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ
دوزخ گھیر رہی ہے منکروں کو اگر تجھ کو پہنچے کچھ خوبی وہ بری لگے ان کو اور اگر

تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ
پہنچے تجھ کو سختی کہیں ہم نے سنبھال لیا تھا اپنا کام آگے ہی اور پھر کر جاویں

فَرِحُوْنَ ۝ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ
خوشیاں کرتے تو کہہ ہم کو ہرگز نہ پہنچے گا مگر وہی جو لکھ دیا اللہ نے ہم کو وہی ہے صاحب ہمارا اور اللہ ہی پر چاہیے

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ
بھروسہ کریں مسلمان تو کہہ تم کیا منتظر ہو ہمارے حق میں مگر دو خوبیوں میں سے ایک کے

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ڮ
اور ہم امیدوار ہیں تمہارے حق میں کہ ڈالے تم پر اللہ کچھ عذاب اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھوں

ف ۱ ایک منافق جد بن قیس نے بہانا بنایا کہ روم کی عورتیں خوبصورت ہیں میں اس ملک میں جا کر بدی میں گرفتار ہوں گا مجھے رخصت دو کہ سفر میں نہ جاؤں لیکن مدد خرچ کروں گا مال سے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

رب اغفر لکاتبہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ

سو منتظر رہو ہم بھی تمہارے ساتھ منتظر ہیں تو کہہ مال خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہ ہوگا

مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ

تم سے تحقیق تم ہوئے ہو لوگ بے حکم ف۱ اور موقوف نہیں ہوا قبول ہونا ان کے

نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا

خرچ کا مگر اسی پر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے اور نہیں آتے نماز کو مگر

وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ

جی ہارے اور خرچ نہیں کرتے مگر برے دل سے سو تو تعجب نہ کر ان کے مال

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ

اور اولاد سے یہی چاہتا ہے اللہ کہ ان کو عذاب کرے ان چیزوں سے دنیا کے جیتے اور نکلے ان کی

اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ

جان جب تک وہ کافر ہی رہیں ف۲ اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی کہ وہ بیشک تم میں ہیں اور وہ تم میں نہیں

وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ۝ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا

ولیکن وہ لوگ ڈرتے ہیں اگر پاویں کہیں بچاؤ یا کوئی گڑھا یا سر گھسانے کو جگہ تو الٹے بھاگیں

اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ

اسی طرف رسیاں توڑاتے اور بعضے ان میں ہیں کہ تجھ کو طعنہ دیتے ہیں زکوٰۃ بانٹنے میں سو اگر

اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ

ان کو ملے اس میں سے تو راضی ہوں اور اگر نہ ملے تبھی وہ ناخوش ہو جاویں اور کیا خوب تھا

رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ

اگر وہ راضی ہوتے جو دیا ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے اور کہتے بس ہے ہم کو اللہ دے رہیگا ہم کو اپنے

فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ۝ ع اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ

فضل سے اور اس کا رسول ہم کو اللہ ہی چاہیئے زکوٰۃ جو ہے سو حق ہے مفلسوں کا

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَ

اور محتاجوں کا اور اس کام پر جانے والوں کا اور جن کا دل پرچانا ہے اور گردن چھڑانے میں اور

الْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

جو تاوان بھریں اور اللہ کی راہ میں اور راہ کے مسافر کو ٹھہرا دیا ہے اللہ کا اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ

سب جانتا ہے حکمت والا اور بعضے ان میں بدگوئی کرتے ہیں نبی کی اور کہتے ہیں یہ شخص کان ہے

[illegible] القرآن

ف۱ وہ جو کہ خرچ دینے لگا تھا سو جواب ملا کہ بے اعتقاد کا مال قبول نہیں ۱۲ منہ

ف۲ یعنی یہ تعجب نہ کر کہ بے دینوں کو اللہ نے نعمت کیوں دی یہ ان کے حق میں وبال اور رنج و وبال ہے کہ ان کے پیچھے دل پریشان ہے اور ان کی فکر سے چھوٹنے نہ پاوے مرتے دم تک تا توبہ کرے یا نیکی پکڑے ۱۲ منہ

ع ۱۷ ۱۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ
تو کہہ کان ہے تمہارے بھلے کو یقین لاتا ہے اللہ پر اور یقین کرتا ہے بات مسلمانوں کی اور رحمت ہے ایمان والوں کے

آمَنُوا مِنكُمْ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝
حق میں تم میں سے اور جو لوگ بدگوئی کرتے ہیں اللہ کے رسول کی ان کو ہے عذاب دردناک ف۱

يَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَحَقُّ أَن يُرْضُوهُ إِن
قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی تمہارے آگے کہ تم کو راضی کریں اور اللہ کو اور اس کے رسول کو بہت ضرور ہے راضی کرنا اگر

كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ
وہ ایمان رکھتے ہیں ف۲ کیا وہ جان نہیں چکے کہ جو کوئی مقابلہ کرے اللہ سے اور اس کے رسول سے تو اس کو ہے

لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝ يَحْذَرُ الْمُنَافِقُونَ
دوزخ کی آگ پڑا رہے اس میں یہی ہے بڑی رسوائی ڈرا کرتے ہیں منافق

أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُم بِمَا فِي قُلُوبِهِمْ قُلِ اسْتَهْزِئُوا
کہ نازل ہو ان پر کوئی سورۃ کہ جتا دے ان کو جو ان کے دل میں ہے تو کہہ ٹھٹھے کرتے رہو

إِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا
اللہ کھولنے والا ہے جس چیز کا تم کو ڈر ہے اور جو تو ان سے پوچھے تو کہیں ہم تو بول چال

نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللّٰهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ
کرتے تھے اور کھیل تو کہہ کیا اللہ سے اور اس کے کلام سے اور اس کے رسول سے ٹھٹھے کرتے تھے

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ
بہانے مت بناؤ تم کافر ہو گئے ایمان لاکر اگر ہم معاف کریں گے تم میں بعضوں کو

نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ
البتہ مار بھی دیں گے بعضوں کو اس پر کہ وہ گنہگار تھے منافق مرد اور عورتیں

بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ
سب کی ایک چال ہے سکھاویں بات بری اور چھڑاویں بھلی

وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ
اور بند رکھیں اپنی مٹھی بھول گئے اللہ کو سو وہ بھول گیا ان کو تحقیق منافق وہی ہیں بے حکم

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا
وعدہ دیا اللہ نے منافق مرد اور عورتوں کو اور منکروں کو دوزخ کی آگ پڑے رہیں اس میں

هِيَ حَسْبُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝ كَالَّذِينَ مِن
وہی بس ہے ان کو اور اللہ نے ان کو پھٹکارا اور ان کو ہے عذاب برقرار جس طرح

موضح القرآن

ف۱ منافق حضرت کو طعن کرتے کہ یہ شخص کان ہی کان ہی رکھتا ہے حضرت اپنے وقار سے جھوٹے کا جھوٹ پہچان کر بھی نہ پکڑتے تغافل کرتے وہ بیوقوف جانتے کہ انہوں نے سمجھا نہیں سو اللہ نے فرمایا کہ یہ خوبی کی بات ہے حق میں بہتر ہے نہیں تو اول تم پکڑے جاؤ ۱۲ منہ رح

ف۲ کسی تحقیق حضرت انکی دغابازی کو مسلمانوں کے روبرو قسمیں کھاتے کہ ہمارے دل میں بری نیت نہ تھی ان کو راضی کر اپنی طرف کریں نہ جانا کہ یہ فریب بازی خدا اور رسول کے ساتھ کام نہیں آتی ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا

تم سے اگلے زیادہ تھے زور میں اور بہت رکھتے تھے مال اور اولاد پھر برت گئے

بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اپنا حصہ پھر تم نے برت لیا اپنا حصہ جیسے برت گئے تم سے اگلے

بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي

اپنا حصہ اور تم نے قدم ڈالے ہیں جیسے انہوں نے قدم ڈالے تھے وہ لوگ مٹ گئے ان کے کیے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ

دنیا میں اور آخرت میں اور وہی لوگ پڑے ہیں زیان میں ف۱ کیا پہنچا نہیں ان کو احوال

مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڏ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ

اگلوں کا قوم نوح کا اور عاد کا اور ثمود کا اور قوم ابراہیم کا اور مدین

مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

والوں کا اور الٹی بستیوں کا پہنچے ان کو رسول ان کے لے کر حکم صاف پھر اللہ نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ

ولیکن وہ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے تھے اور ایمان والے مرد اور عورتیں ایک

اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

دوسرے کی مدد ہیں سکھاتے ہیں نیک بات اور منع کرتے ہیں بری سے اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ

کھڑی رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور حکم میں چلتے ہیں اللہ کے اور اس کے رسول کے

اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ

وہ لوگ ان پر رحم کرے گا اللہ البتہ اللہ زبردست ہے حکمت والا وعدہ دیا اللہ نے ایمان والے مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ

اور عورتوں کو باغ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں رہا کریں ان میں اور مکان

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

ستھرے رہنے کے باغوں میں اور رضامندی اللہ کی سب سے بڑی یہی ہے بڑی مراد

الْعَظِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ

ملنی اے نبی لڑائی کر کافروں سے اور منافقوں سے اور تندخوئی کر ان پر

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ

اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ پہنچے قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی ہم نے نہیں کہا اور بے شک

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس طرح اگلے کافر دنیا کے چند روزہ فائدے حاصل کر گئے اور ان کا سب کیا کرایا اکارت ہوا اور انجام کار ہنسی اور ٹھٹھے کی سزا میں جہنم رسید ہوئے بس اسی طرح تمہارا بھی یہی حال ہونا ہے ۱۲ منہ رح

وقف لازم

ع ۹ ۔ ۱۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا
کہا ہے لفظ کفر کا اور منکر ہو گئے ہیں مسلمان ہو کر اور فکر کیا تھا جو نہ ملا

وَمَا نَقَمُوا إِلَّا أَنْ أَغْنَاهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ مِنْ فَضْلِهِ فَإِنْ يَتُوبُوا
اور یہ سب کرتے ہیں بدلہ اس کا کہ دولتمند کر دیا ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے سو اگر توبہ کریں

يَكُ خَيْرًا لَهُمْ وَإِنْ يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ عَذَابًا أَلِيمًا فِي الدُّنْيَا
تو بھلا ہے ان کے حق میں اور اگر نہ مانیں گے تو مار دیگا ان کو اللہ دکھ کی مار دنیا

وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ○ وَمِنْهُمْ مَنْ
اور آخرت میں اور نہیں ان کا روئے زمین میں کوئی حمایتی اور نہ مددگار اور بعضے ان میں وہ ہیں

عَاهَدَ اللَّهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ
کہ عہد کیا تھا اللہ سے اگر دیوے ہم کو اپنے فضل سے تو ہم خیرات کریں اور ہو رہیں ہم

الصَّالِحِينَ ○ فَلَمَّا آتَاهُمْ مِنْ فَضْلِهِ بَخِلُوا بِهِ وَتَوَلَّوْا وَهُمْ
نیکی والوں میں پھر جب دیا ان کو اپنے فضل سے اس میں بخل کیا اور پھر گئے

مُعْرِضُونَ ○ فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا
ٹلا کر پھر اس کا اثر رکھا نفاق ان کے دل میں جس دن تک اس سے ملیں گے اس پر

أَخْلَفُوا اللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ○ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
کہ خلاف کیا اللہ سے جو وعدہ دیا اور اس پر کہ بولتے تھے جھوٹ جان نہیں چکے کہ اللہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللَّهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ○ الَّذِينَ
جانتا ہے ان کا بھید اور مشورہ اور یہ کہ اللہ جاننے والا ہے ہر چھپے کا وہ جو

يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ
طعن کرتے ہیں دل کھول کر خیرات کرنے والے مسلمانوں کو اور ان پر

لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللَّهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ
جو نہیں رکھتے مگر اپنی محنت کا پھر ان پر ٹھٹھے کرتے ہیں اللہ نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے اور ان کو

عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ
دکھ کی مار ہے ف۱ تو ان کے حق میں بخشش مانگ یا نہ مانگ اگر انکے واسطے ستر بار بخشش

سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَ
مانگے تو بھی ہرگز نہ بخشے انکو اللہ یہ اس پر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور

رَسُولِهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ○ فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ
اس کے رسول سے اور اللہ راہ نہیں دیتا بے حکم لوگوں کو خوش ہوئے پیچھاڑی ڈالے گئے

ع ۱۶

موضح القرآن

ف۱ ایک بار حضرت نے تقید کیا خیرات پر عبدالرحمن ابن عوف چار ہزار درم لائے اور لوگ لانے لگے عاصم چار سیر جو لائے عبدالرحمن نے کہا کہ آٹھ ہزار درم میں رکھتا ہوں نصف اپنے رب کو قرض دیتا ہوں اور نصف حق عیال کا عاصم نے کہا مزدوری کر کر آٹھ سیر جو لایا ہوں نصف خیرات کرتا ہوں اور نصف چھوڑتا ہوں عیال کا پس منافق آپس میں کہنے لگے عبدالرحمن کو منظور ہے نمود اپنی اور عاصم اپنے تئیں ورد آوری سے ملاتا ہے خیرات والوں میں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ

بیٹھ رہ کر جدا رسول اللہ سے اور برا لگا کہ لڑیں اپنے مال سے اور

اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ

جان سے اللہ کی راہ میں اور بولے مت کوچ کرو گرمی میں تو کہہ دوزخ کی آگ

اَشَدُّ حَرًّا لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۝ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا

اور سخت گرم ہے اگر ان کو سمجھ ہوتی سو ہنس لے ویں تھوڑا اور روویں بہت سا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ

بدلا اس کا جو کماتے تھے سو اگر پھیر لے جاوے تجھ کو اللہ کسی فرقے کی طرف ان میں سے

فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

پھر یہ رخصت چاہیں تجھ سے نکلنے کو تو تو کہہ ہرگز نہ نکلو گے میرے ساتھ کبھی اور نہ لڑو گے

مَعِيَ عَدُوًّا اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ

میرے ساتھ کسی دشمن سے تم کو پسند آیا بیٹھ رہنا پہلی بار سو بیٹھے رہو ساتھ

الْخٰلِفِيْنَ ۝ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ

پیچھاڑی والوں کے ف اور نہ نماز پڑھ ان میں کسی پر جو مر جاوے کبھی اور نہ کھڑا ہو

عَلٰى قَبْرِهٖ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ

اس کی قبر پر وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے اور مرے ہیں بے حکم

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ

اور تعجب نہ کر ان کے مال اور اولاد سے اللہ یہی چاہتا ہے کہ عذاب کرے

بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ

ان کو ان چیزوں سے دنیا میں اور نکلے ان کی جان جب تک کافر ہی رہیں اور جب نازل ہوتی ہے

سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا

کوئی سورۃ کہ یقین لاؤ اللہ پر اور لڑائی کرو اس کے رسول کے ساتھ تو رخصت مانگتے ہیں مقدور

الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا

والے ان کے اور کہتے ہیں ہم کو چھوڑ دے رہ جاویں ساتھ بیٹھنے والوں کے خوش آیا کہ رہ جاویں

مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ لٰكِنِ

ساتھ پچھلی عورتوں کے اور مہر ہوئی ان کے دل پر سو ان کو بوجھ نہیں لیکن

الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ

رسول اور جو ایمان لائے ہیں ساتھ اس کے لڑے ہیں اپنے مال اور

ف یہ جو فرمایا کہ اگر پھیر لیجاوے اللہ کسی فرقے کی طرف اس واسطے کہ آیت نازل ہوئی سفر میں وہ منافق تھے مدینہ میں اور فرقے فرمایا اس واسطے کہ بعضے منافق پیچھے مر گئے اور سب بیٹھنے والے منافق نہ تھے بعضے مسلمان بھی تھے کہ ان کی تقصیر معاف ہوئی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَنفُسِهِمْ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الْخَيْرَاتُ ۖ
جان سے اور انہیں کو ہیں خوبیاں

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٨٨﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي
اور وہی پہونچے مراد کو تیار کر رکھے ہیں اللہ نے ان کے واسطے باغ بہتی ہیں

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٨٩﴾
نیچے ان کے نہریں رہا کریں ان میں یہی ہے بڑی مراد ملنی

وَجَاءَ الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ
اور آئے بہانے کرنے گنوار تاکہ رخصت ملے ان کو اور بیٹھ رہے

الَّذِينَ كَذَبُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا
جو جھوٹے ہوئے اللہ سے اور رسول سے اب پہنچے گی ان پر جو منکر ہیں

مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٩٠﴾ لَّيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ
ان میں دکھ کی مار تکلیف نہیں ضعیفوں پر اور نہ مریضوں پر

وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا
اور نہ ان پر جن کو پیدا نہیں جو خرچ کریں جب دل سے صاف ہوں

لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِن سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ
اللہ اور رسول کے ساتھ نہیں نیکی والوں پر الزام کی راہ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيمٌ ﴿٩١﴾ وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ
مہربان ہے اور نہ ان پر کہ جب تیرے پاس آئے تاکہ ان کو سواری دے تو نے کہا

لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوا وَّأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ
مجھ کو پیدا نہیں جو تم کو سواری دوں الٹے پھرے اور ان کی آنکھوں سے بہتے ہیں

الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنفِقُونَ ﴿٩٢﴾ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى
آنسو اس غم سے کہ ان کو پیدا نہیں جو خرچ کریں ف راہ الزام کی ان پر ہے

الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاءُ ۚ رَضُوا بِأَن يَكُونُوا
جو رخصت مانگتے ہیں تجھ سے اور مالدار ہیں خوش ہوئے کہ رہ جاویں

مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ
ساتھ پیچھے رہنے والی عورتوں کے اور مہر کی اللہ نے

قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٩٣﴾
ان کے دل پر سو وہ نہیں جانتے

ربع

ف جب مسلمانوں پر جہاد فرض ہو جائے تو ہر ایسے انسان کو جو احکام شریعت کا مکلف ہو اسکو جہاد سے ہرگز منہ نہ موڑنا چاہیئے۔ اکثر ذی استطاعت لوگ احکام شریعت کے مقابلے میں حیلے حوالے نکال کر اپنے کو بری الذمہ ثابت کرتے ہیں یہ نہایت لغو اور بیجا بات ہے ایسے لوگ اللہ کے نزدیک سخت معتوب ہیں اور یہ سراسر جہالت کی باتیں ہیں۔ اللہ کے نیک بندوں کو اس قسم کے شبہات سے احتراز کرنا چاہیے وعلیہ التوفیق ١٢ منہ رح

يعتذرون اليكم اذا رجعتم اليهم ۚ قل
بہانے لاویں گے تمہارے پاس جب پھر کر جاؤ گے ان کی طرف تو کہہ

لا تعتذروا لن نؤمن لكم قد نبانا الله من اخباركم ۚ وسيرى
بہانے مت بناؤ ہم نہ مانیں گے تمہاری بات ہم کو بتا چکا ہے اللہ تمہارے احوال اور ابھی دیکھے گا

الله عملكم ورسوله ثم تردون الى علم الغيب والشهادة
اللہ تمہارے کام اور اس کا رسول پھر جاؤ گے طرف اس جاننے والے چھپے اور کھلے کے

فينبئكم بما كنتم تعملون ۝ سيحلفون بالله لكم اذا انقلبتم
سو وہ بتا دے گا تم کو جو کر رہے تھے اب قسمیں کھاویں گے اللہ کی تمہارے پاس جب پھر کر جاؤ گے

اليهم لتعرضوا عنهم ۖ فاعرضوا عنهم ۖ انهم رجس ۖ وماوىهم جهنم
ان کی طرف تا ان سے در گذر کرو سو در گذر کرو ان سے وہ لوگ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے

جزاء بما كانوا يكسبون ۝ يحلفون لكم لترضوا عنهم ۚ فان
بدلہ ان کی کمائی کا قسمیں کھاویں گے تمہارے پاس کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر

ترضوا عنهم فان الله لا يرضى عن القوم الفسقين ۝ الاعراب
تم راضی ہو گے ان سے تو اللہ راضی نہیں بے حکم لوگوں سے ف۱ گنوار سخت

اشد كفرا ونفاقا واجدر الا يعلموا حدود ما انزل الله على
منکر ہیں اور منافق اور اسی لائق کہ نہ سیکھیں قاعدے جو نازل کئے اللہ نے اپنے

رسوله ۗ والله عليم حكيم ۝ ومن الاعراب من يتخذ ما ينفق
رسول پر اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ف۲ اور بعضے گنوار وہ ہیں کہ ٹھہراتے ہیں اپنا خرچ کرنا

مغرما ويتربص بكم الدوائر ۚ عليهم دائرة السوء ۗ والله سميع
چٹی اور تاکتے ہیں تم پر زمانہ کی گردشیں انہیں پر آوے گردش بری اور اللہ سب سنتا ہے

عليم ۝ ومن الاعراب من يؤمن بالله واليوم الاخر ويتخذ
جانتا اور بعضے گنوار وہ ہیں کہ ایمان لاتے ہیں اللہ پر اور پچھلے دن پر اور ٹھہراتے ہیں

ما ينفق قربت عند الله وصلوت الرسول ۚ الا انها قربة لهم ۚ
اپنا خرچ کرنا نزدیک ہونا اللہ سے اور دعا لینی رسول کی سنتا ہے وہ ان کے حق میں نزدیکی ہے

ع ١٢

سيدخلهم الله في رحمته ۗ ان الله غفور رحيم ۝ والسبقون
داخل کرے گا ان کو اللہ اپنی مہر میں اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور جو لوگ قدیم ہیں

الاولون من المهجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان
پہلے وطن چھوڑنے والے اور مدد کرنے والے اور جو ان کے پیچھے آئے نیکی سے

ف۱ یعنی جس شخص کا احوال معلوم ہو کہ منافق ہے اس کی طرف سے تغافل روا ہے لیکن دوستی اور محبت اور یگانگی روا نہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی ان کی طبع میں بے حکمی اور غرض ڈھونڈنی اور جاہلی پیدا ہے سو اللہ حکمت والا ہے ان سے وہ کام مشکل بھی نہیں چاہتا اور وہ درجے بلند بھی نہیں دیتا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا
اللہ راضی ان سے اور وہ راضی اس سے اور رکھے ہیں واسطے ان کے باغ نیچے بہتی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ
نہریں رہا کریں ان میں ہمیشہ یہی ہے بڑی مراد ملنی والی اور بعضے تمہارے گرد کے

مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۚ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۣ مَرَدُوْا عَلَى
گنوار منافق ہیں اور بعضے مدینے والے اڑ رہے ہیں

النِّفَاقِ ۣ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ
نفاق پر تو ان کو نہیں جانتا ہم کو معلوم ہیں ان کو ہم عذاب کریں گے دوبار پھر پھیرے جاویں گے

اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا
بڑے عذاب میں اور بعضے ہیں کہ مانے اپنا گناہ ملایا ایک کام نیک

صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
اور دوسرا بد شاید اللہ معاف کرے ان کو بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ
مہربان ہے لے ان کے مال میں سے زکوٰۃ کہ ان کو پاک کرے اس سے اور تربیت دے اور دعا

عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا
ان کو البتہ تیری دعا ان کو آسودگی ہے اور اللہ سب سنتا ہے جانتا کیا جان نہیں چکے

اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَ
کہ اللہ آپ قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندوں سے اور لیتا ہے زکوتیں اور

اَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَ
اللہ وہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اور کہہ کہ عمل کیے جاؤ پھر آگے دیکھے گا اللہ کام تمہارا اور

رَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ
رسول اور مسلمان اور جلد پھیرے جاؤ گے اس چھپے اور کھلے کے واقف پاس پھر وہ جتا دیگا تم کو

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَ
جو کچھ تم کرتے تھے اور بعضے اور لوگ ہیں کہ ان کا کام ڈھیل میں ہے حکم پر اللہ کے یا ان کو عذاب کرے یا

اِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا
ان کو معاف کرے اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا اور جنہوں نے بنائی ہے ایک مسجد ضد پر

ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًۢا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ
اور کفر پر اور پھوٹ ڈالنے کو مسلمانوں میں اور گھات اس شخص کی جو لڑ رہا ہے

ع ٥

ف۱ جنگ بدر تک جو مسلمان ہوئے ہیں وہ قدیم ہیں اور باقی انکے تابع ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی دنیا میں یہی تکلیف پر تکلیف پاویں گے پھر آخرت میں پکڑے جاویں گے وہ منافق کوئی اندھا ہوا کوئی کوڑھی کسی کے بدن میں پیپ پڑی ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی جیسے بعضوں پر عتاب ہوا کہ ہمیشہ کو ان کی زکوٰۃ لینی موقوف ہوئی ان پر عتاب نہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۚ وَاللّٰهُ

اللہ سے اور رسول سے آگے کا — اور اب قسمیں کھاویں گے کہ ہم نے بھلائی ہی چاہی تھی — اور اللہ

يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۚ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى

گواہ ہے کہ وہ جھوٹے ہیں — تو نہ کھڑا ہو اس میں کبھی — البتہ جس مسجد کی بنیاد دھری

التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۚ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ

پرہیزگاری پر پہلے دن سے وہ لائق ہے کہ تو کھڑا ہو اس میں اس میں وہ مرد ہیں جن کو خوشی ہے

يَّتَطَهَّرُوْا ۚ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى

پاک رہنے کی — اور اللہ چاہتا ہے ستھرائی والوں کو — بھلا جس نے بنیاد دھری اپنی عمارت کی پرہیزگاری پر

مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ

اللہ سے اور رضامندی پر وہ بہتر یا جس نے نیو رکھی اپنی عمارت کی کنارہ پر ایک کھائی کے جو ڈھتا ہے

فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ لَا يَزَالُ

پھر اس کو لے کر ڈھے پڑا دوزخ کی آگ میں — اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو — ۱ ہمیشہ رہے گا

بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاللّٰهُ

اس عمارت سے جو بنائی تھی — شبہ ان کے دل میں — مگر جب ٹکڑے ٹکڑے ہو جاویں ان کے دل — اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ

سب جانتا ہے حکمت والا — ۲ اللہ نے خرید لی مسلمانوں سے ان کی جان اور مال اس قیمت پر

بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ

کہ ان کو بہشت ہے — لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں — پھر مارتے ہیں اور مرتے ہیں

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

وعدہ ہو چکا اس کے ذمہ پر سچا — توریت اور انجیل اور قرآن میں — اور کون ہے قول کا پورا

مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اللہ سے زیادہ سو خوشیاں کرو اس معاملت پر جو تم نے کی ہے اس سے اور یہی ہے بڑی مراد ملنی

اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ

توبہ کرنے والے — بندگی کرنے والے — شکر کرنے والے — بے تعلق رہنے والے — رکوع کرنے والے — سجدہ کرنے والے

الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ

حکم کرنے والے نیک بات کا — اور منع کرنے والے بری بات سے — اور تھامنے والے حدیں باندھی

اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا

اللہ کی اور خوشخبری سنا ایمان والوں کو — ۳ لائق نہیں نبی کو اور مسلمانوں کو کہ بخشش مانگیں

ربع القرآن

۱ یعنی بے انصافی کی شامت سے عمل نیک بھی چاہیں تو بن نہیں آتا ۱۲ منہ رح

۲ یعنی اس عمل بد کا اثر یہ ہوا کہ ہمیشہ ان کے دل میں نفاق رہے گا ۱۳ ع ۱۱ نفاق کو فرمایا شبہ ۱۲ منہ رح

۳ بے تعلق رہنا روزہ ہو یا ہجرت ہو یا دل نہ لگانا دنیا کے مزوں میں اور حدیں تھامنی یہ کہ بغیر حکم شرع کوئی کام نہ کریں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوٓا أُولِي قُرْبٰى مِنۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحٰبُ
مشرکوں کی اور اگرچہ وہ ہوں ناتے والے جب کھل چکا ان پر کہ وہ ہیں دوزخ

الْجَحِيمِ ۝ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ
والے اور بخشش مانگنا ابراہیم کا اپنے باپ کے واسطے سو نہ تھا مگر وعدہ کے سبب کہ وعدہ کر چکا تھا

إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُۥٓ أَنَّهُۥ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ لَأَوَّاهٌ
اس سے پھر جب اس پر کھلا کہ وہ دشمن ہے اللہ کا اس سے بیزار ہوا ابراہیم بڑا نرم دل ہے

حَلِيمٌ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُم
تحمل والا اور اللہ ایسا نہیں کہ گمراہ کرے کسی قوم کو جب ان کو راہ پر لا چکا جب تک کھول نہ دے ان پر

مَّا يَتَّقُونَ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ إِنَّ اللّٰهَ لَهُۥ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
جس سے ان کو بچنا اللہ سب چیز سے واقف ہے ف اللہ جو ہے اسی کی سلطنت ہے آسمان و

الْأَرْضِ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللّٰهِ مِن وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيرٍ
زمین میں جلاتا ہے اور مارتا ہے اور تم کو کوئی نہیں اللہ کے سوائے حمایتی نہ مددگار

لَقَد تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِينَ وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ
اللہ مہربان ہوا نبی پر اور مہاجرین اور انصار پر جو ساتھ رہے نبی کے

فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ
مشکل کی گھڑی میں بعد اس کے کہ قریب ہوئے کہ دل پھر جاویں بعضوں کے ان میں سے پھر مہربان ہوا

عَلَيْهِمْ إِنَّهُۥ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتّٰىٓ
ان پر وہ ان پر مہربان ہے رحم کرنے والا ف اور ان تین شخص پر جن کو پیچھے رکھا تھا یہاں تک

إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوٓا
کہ جب تنگ ہوئی ان پر زمین ساتھ ہوئے اس کے کہ کشادہ ہے اور تنگ ہوئی ان پر اپنی جان اور سمجھے

أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّآ إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوٓا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ
کہ کوئی پناہ نہیں اللہ سے مگر اسی کی طرف پھر مہربان ہوا ان پر کہ وہ پھر آویں البتہ اللہ ہی ہے

التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصّٰدِقِينَ ۝
مہربان رحم والا اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور رہو ساتھ سچوں کے

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُوا عَن
نہ چاہئے مدینہ والوں کو اور جو ان کے گرد گنوار ہیں کہ رہ جاویں

رَّسُولِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِۦ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ
رسول اللہ کے ساتھ سے اور نہ یہ کہ اپنی جان کو چاہیں زیادہ اس کی جان سے یہ اس واسطے کہ نہیں پہنچتی ان کو پیاس

موضح القرآن

ف یعنے اس واسطے تم رنج کر دیا ۱۲ منہ

ف مہاجر اور انصار کو معاف کیا دلوں کے خطروں سے اور دوبارہ فرمایا مہربان ہوا پھر مہربان ہوا ۱۲ منہ رح

ف ساتھ مہاجرین اور انصار کے وہ تین شخص بھی داخل ہوئے پچاس دن میں ان پر سخت حالت گذری کہ موت سے بدتر ۱۲ منہ رح

ف یہ تین شخص سچ کہنے سے بخشے گئے نہیں تو منافقوں میں تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۱۴

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ظَمَأٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا
نہ محنت اور نہ بھوکھ اللہ کی راہ میں اور نہ پاؤں پھیرتے ہیں
يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ
جس سے خفا ہوں کافر اور نہ چھینتے ہیں دشمن سے کچھ چیز مگر لکھا جاتا ہے اس پر ان کو نیک عمل
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّ
تحقیق اللہ نہیں کھوتا حق نیکی والوں کا اور نہ خرچ کرتے ہیں کچھ خرچ چھوٹا یا
لَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا
بڑا اور نہ گذرتے ہیں کوئی میدان مگر لکھتے ہیں ان کے واسطے کہ بدلہ دے ان کو اللہ بہتر کام کا جو
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ
کرتے تھے اور ایسے تو نہیں مسلمان کہ سارے کوچ میں نکلیں سو کیوں نہ نکلے
مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ
ہر فرقہ میں سے ان کے ایک حصہ تا سمجھ پیدا کریں دین میں اور تا خبر پہنچاویں اپنی قوم کو
اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ
جب پھر کر آویں ان کی طرف تاکہ وہ بچتے رہیں اے ایمان والو لڑتے جاؤ
يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ
اپنے نزدیک کے کافروں سے اور چاہیئے کہ ان پر معلوم ہو تمہارے بیچ میں سختی اور جانو کہ اللہ ساتھ ہے
الْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ
ڈر والوں کے اور جب نازل ہوتی ہے ایک سورۃ تو بعضے ان میں کہتے ہیں کس کو تم میں زیادہ کیا
هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝
اس سورۃ نے ایمان سو جو لوگ یقین رکھتے ہیں ان کو زیادہ کیا ایمان اور وہ خوش وقتی کرتے ہیں
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا
اور جن کے دل میں آزار ہے سو ان کو بڑھائی گندگی پر گندگی اور وہ مرے
وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ
جب تک کافر رہے یہ نہیں دیکھتے کہ وہ آزمائے جاتے ہیں ہر برس میں ایک بار یا دو بار
ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ
پھر توبہ نہیں کرتے اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں اور جب نازل ہوتی ہے ایک سورت دیکھنے لگے
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ
ایک دوسرے کی طرف کہ کوئی بھی دیکھتا ہے تم کو پھر چلے گئے پھیر دیئے ہیں اللہ نے

موضح القرآن

ف یعنے ہر قوم میں سے چاہیئے بعضے لوگ پیغمبر کی صحبت میں رہیں علم دین سیکھیں اور پچھلوں کو سکھاویں اب پیغمبر موجود نہیں ۱۵ ع ۱۶ ع علم دین موجود ہے طلب علم فرض کفایہ ہے اور جہاد بھی فرض کفایہ ہے ۱۲ منہ

ربع ۲ ف یعنی معلوم کریں یعنی قوت جنگ یا سختی یعنی معاملت میں بیرخی ہیں کافر سے الفت و ملاطفت نہ کریں مگر جب دیکھے کہ دین کا رغب ہے ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلُوبُهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ○ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ
دل ان کے اس واسطے کہ وہ لوگ ہیں کہ سمجھ نہیں رکھتے آیا ہے تم پاس رسول تمہارے میں کا

عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○
بھاری ہوتی ہے اس پر جو تم تکلیف پاؤ تلاش رکھتا ہے تمہاری ایمان والوں پر شفقت رکھتا مہربان ہے

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
پھر اگر وہ پھر جاویں تو تو کہہ بس ہے مجھ کو اللہ کسی کی بندگی نہیں سوائے اس کے اسی پر میں نے بھروسا کیا اور وہی ہے

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ○
صاحب بڑے تخت کا

سورۃ یونس مکیۃ وھی مائۃ و تسع آیات و احدی عشر رکوعا

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان ہے رحم والا

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ ○ أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ
یہ آیتیں ہیں پکی کتاب کی کیا لوگوں کو تعجب ہوا کہ حکم بھیجا ہم نے

رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ
ایک مرد کو ان میں سے کہ ڈر سنا لوگوں کو اور خوشخبری دے جو کوئی یقین لاوے کہ ان کو ہے پایہ سچا

عِندَ رَبِّهِمْ قَالَ الْكَافِرُونَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ مُّبِينٌ ○ إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي
اپنے رب کے ہاں کہنے لگے منکر بیشک یہ جادوگر ہے صریح تمہارا رب اللہ ہے جس نے

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ
بنائے آسمان و زمین چھ دن میں پھر قائم ہوا عرش پر تدبیر کرتا

الْأَمْرَ مَا مِن شَفِيعٍ إِلَّا مِن بَعْدِ إِذْنِهِ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ
کام کی کوئی سفارش نہ کر سکے مگر جو پہلے اس کا حکم ہو وہ اللہ ہے رب تمہارا سو اس کو پوجو

أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ○ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا إِنَّهُ يَبْدَأُ
کیا تم دھیان نہیں کرتے اسی طرف پھر جانا تم سب کو وعدہ ہے اللہ کا سچا وہی بناوے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ
پہلی پھر اس کو دوہرا دے تا بدلہ دے ان کو جو یقین لائے تھے اور کیے تھے کام نیک انصاف سے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ○
اور جو منکر ہوئے ان کو پینا ہے کھولتا پانی اور دکھ کی مار اس پر کہ منکر ہوتے تھے

هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُورًا وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا
وہی ہے جس نے بنایا سورج کو چمک اور چاند کو اجالا اور ٹھہرائیں اس کو منزلیں کہ پہچانو

ربع الحزب ۵

وقف النبی صلعم

الٓر المٓر

عیب آئے منافقوں کے وہ آپس میں دیکھتے ہیں کہ مجلس میں کسی نے ہم کو پرکھا نہ ہو پھر شتاب اٹھ جاتے ہیں ۱۲ منہ رح

ت تلاش رکھتا ہے تمہاری یعنی چاہتا ہے کہ امت میری زیادہ ہو تو بہتر ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

گنتی برسوں کی اور حساب نہیں بنایا اللہ نے یہ سب مگر تدبیر سے کھولتا ہے

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ

ایک لوگوں پر جن کو سمجھ ہے البتہ بدلنے میں رات اور دن کے اور جو بنایا اللہ نے آسمان

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاءَنَا وَرَضُوْا

و زمین میں پتے ہیں ایک لوگوں کو جو ڈر رکھتے ہیں جو امید نہیں رکھتے ہمارے ملنے کی اور راضی ہوئے

بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝

دنیا کی زندگی پر اور اسی پر چین پکڑا اور جو ہماری قدرتوں سے خبر نہیں رکھتے

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ایسوں کا ٹھکانا ہے آگ بدلہ اس کا جو کماتے تھے جو لوگ یقین لائے اور کیے کام

الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ

نیک راہ دے گا ان کو رب ان کا ان کے ایمان سے بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں باغوں میں

النَّعِيْمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ

آرام کے ان کی دعا اس جگہ یہ کہ پاک ذات ہے تیری یا اللہ اور ملاقات ان کی سلام اور تمام ان کی دعا

اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ

اس پر کہ سب خوبی اللہ کو جو صاحب سارے جہان کا اور اگر شتاب دے اللہ لوگوں کو برائی جیسے شتاب مانگتے ہیں

بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ

بھلائی تو پوری کر چکے ان کی عمر سو ہم چھوڑ رکھتے ہیں جن کو امید نہیں ہماری ملاقات کی اپنی شرارت میں

يَعْمَهُوْنَ ۝ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا

بھٹکتے اور جب پہنچے انسان کو تکلیف ہم کو پکارے پڑا ہوا یا بیٹھا یا کھڑا

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ كَذٰلِكَ زُيِّنَ

پھر جب ہم نے کھول دی اس سے وہ تکلیف چلا گیا گویا کبھی نہ پکارا تھا ہم کو کسی تکلیف پہنچنے پر اسی طرح بھلے دکھلائے

لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

بے لحاظ لوگوں کو جو کچھ کر رہے ہیں اور ہم غارت کر چکے ہیں سنگتیں تم سے پہلے

لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا كَذٰلِكَ نَجْزِي

جب ظالم ہوگئے اور لائے تھے ان پاس رسول ان کے کھلی نشانیاں اور ہرگز نہ تھے ایمان لانے والے یوں ہی سزا دیتے ہیں ہم

الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ

قوم گنہگار کو پھر تم کو ہم نے نائب کیا زمین میں ان کے بعد کہ دیکھیں

موضح القرآن

ف اول عجائب نعمتیں دیکھ کر کہیں گے پاک ذات یعنی سبحان اللہ پھر اس کی لذت پاکر کہیں گے الحمد للہ اور جنت میں طور ملاقات بھی ہے السلام علیک جو دنیا میں مسلمان کرتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف یعنے آدمی چاہتا ہے کہ نیکی کا بدلا شتاب ملے یا نیک دعا شتاب لگے سو اگر عقوبت شتاب کرے تو ادنیٰ بدی کے وبال سے مہلت نہ پاوے مگر دونوں میں تحمل ہے تا نیک لوگ تربیت پاویں اور بد لوگ غفلت میں پڑے رہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

كَيْفَ تَعْمَلُونَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ ۙ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ
تم کیا کرتے ہو اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پاس آیتیں ہماری صاف کہتے ہیں جن کو امید نہیں ہم سے

لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ
ملاقات کی لے آ کوئی اور قرآن اس کے سوائے یا اس کو بدل ڈال تو کہہ میرا کام نہیں کہ اس کو بدلوں

تِلْقَاءِ نَفْسِي ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۖ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي
اپنی طرف سے میں تابع ہوں اسی کا جو حکم آوے میری طرف میں ڈرتا ہوں اگر بےحکمی کروں اپنے رب کی

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قُلْ لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُمْ بِهِ ۖ
بڑے دن کی مار سے تو کہہ اگر اللہ چاہتا تو میں نہ پڑھتا یہ تمہارے پاس اور نہ وہ تم کو خبر کرتا اس سے

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ
کیونکہ میں رہ چکا ہوں تم میں ایک عمر اس سے پہلے کیا پھر تم نہیں بوجھتے ف پھر کون ظالم اس سے جو

افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ۝ وَيَعْبُدُونَ
بناوے اللہ پر جھوٹ یا جھٹلاوے اس کی آیتیں بیشک بھلا نہیں ہوتا گنہگاروں کا ف اور پوجتے ہیں

مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا
اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرسکے ان کا اور نہ بھلا اور کہتے ہیں یہ ہمارے سفارشی ہیں

عِنْدَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ
اللہ کے پاس تو کہہ کیا تم اللہ کو جتلاتے ہو جو اس کو معلوم نہیں آسمانوں میں اور نہ زمین میں وہ پاک ہے

وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَ
اور بہت دور ہے اس سے جو شریک کرتے ہیں اور لوگ جو ہیں سو ایک ہی امت ہیں پیچھے جدا جدا ہوئے اور

لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَ
اگر نہ ایک بات آگے ہو چکتی تیرے رب کی تو فیصلہ ہو جاتا ان میں جس بات میں یہ پھوٹ رہے ہیں اور

يَقُولُونَ لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانْتَظِرُوا ۚ
کہتے ہیں کیوں نہ اتری اس پر ایک نشانی اس کے رب سے سو تو کہہ کہ چھپی بات اللہ ہی جانے سو راہ دیکھو

إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ۝ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ
میں تمہارے ساتھ ہوں راہ دیکھتا ف اور جب چکھادیں ہم لوگوں کو مزہ اپنی مہر کا بعد ایک تکلیف کے

مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ
جو ان کو لگی تبھی اسی وقت بنانے لگیں حیلے ہماری قدرتوں میں تو کہہ اللہ سب سے جلد بنا سکتا ہے حیلہ ہمارے بھیجے ہوئے لکھتے ہیں

مَا تَمْكُرُونَ ۝ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ
حیلے بنانے تمہارے وہی تم کو پھراتا ہے جنگل اور دریا میں یہاں تک کہ جب تم ہوتے کشتی میں

موضح القرآن

ف یعنی اپنی طرف سے میں بناتا تو چالیس برس کی عمر میں بناتا یا اس قسم کا خیال رکھتا ۱۲ منہ رح

ف یعنی اگر میں بناتا ہوں تو مجھ سا ظالم نہیں اور جو سچا ہوں تو جھٹلانے والوں پر یہی بات ہے ۱۲ منہ رح

ف یعنی اگر کہیں کہ ہم کس سے جانیں کہ تمہاری بات سچ ہے فرمایا کہ آگے دیکھو حق تعالیٰ اس دین کو روشن کریگا اور مخالف ذلیل ہوں گے برباد ہوجاوینگے سو ویسا ہی ہوا یہ سچ کی نشانی ایکبار کافی ہے اور ہر بار جو لفظ دلیل ہوں تو فیصلہ ہوجاوے فیصلے کا دن دنیا نہیں ۱۲ منہ رح

ع

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَّجَاءَهُمُ الْمَوْجُ
اور لے کر چلیں لوگوں کو اچھی ہوا میں اور خوش ہوئے اس سے آئی ان پر ہوا جھونکے کی اور آئی ان پر لہر

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ
ہر جگہ سے اور اٹکلے کہ وہ گھرے پکارنے لگے اللہ کو نرے ہو کر اس کی بندگی میں

لَئِنْ أَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشّٰكِرِينَ ۝ فَلَمَّا أَنْجٰهُمْ إِذَا هُمْ
اگر تو بچادے ہم کو اس سے تو بیشک ہم رہیں شکرگذار پھر جب بچادیا انکو اللہ نے اسیوقت

يَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ
شرارت کرنے لگے زمین میں ناحق کی سنو لوگو تمہاری شرارت ہے تم ہی پر

مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ
برت لو دنیا کے جیتے پھر ہمارے پاس ہے تم کو پھر آنا پھر ہم جتادینگے جو کچھ کہ تم کرتے تھے

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ
دنیا کا جینا وہی کہاوت ہے جیسے ہم نے پانی اوتارا آسمان سے پھر ایک مل نکلا اس سے سبزہ

الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتّٰى إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا
زمین کا جو کھاویں آدمی اور جانور یہاں تک کہ جب پکڑی زمین نے چمک

وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قٰدِرُونَ عَلَيْهَا أَتٰهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا
اور سنگار پر آئی اور اٹکلے زمین والے کہ یہ ہمارے ہاتھ لگے پہنچا اس پر ہمارا حکم رات کو یا دن کو

فَجَعَلْنٰهَا حَصِيدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيٰتِ لِقَوْمٍ
پھر کر ڈالا اس کو کاٹ کر ڈھیر گویا کل کو یہاں نہ تھی بستی اسی طرح ہم کھولتے ہیں پتے ان لوگوں پاس

يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَاللّٰهُ يَدْعُوا إِلٰى دَارِ السَّلٰمِ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ
جن کو دھیان ہے اور اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر کو اور دکھاتا ہے جس کو چاہے راہ

مُّسْتَقِيمٍ ۝ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَّ
سیدھی جنہوں نے کی بھلائی ان کو ہے بھلائی اور بڑھتی اور نہ چڑھے گی ان کے منہ پر سیاہی اور

لَا ذِلَّةٌ أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ
نہ رسوائی وہ ہیں جنت والے وہ اس میں رہا کریں گے اور جنہوں نے کمائیں برائیاں

جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ كَأَنَّمَا
بدلہ برائی کا اس کے برابر اور ان پر چڑھے گی رسوائی کوئی نہیں ان کو اللہ سے بچانے والا جیسے

أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ
ڈھانک دیئے ان کے منہ پر ایک اندھیری ٹکڑا رات کا وہ ہیں آگ والے وہ

ربع القرآن

ف یعنی روح آسمان سے آئی بدن میں ملکر قوت پکڑی ہر کام کرنے لگی اور حیوانی جب ہر ہنر میں پورا ہوا اور اس کے متعلقوں کو اس پر بھروسا ہوا ناگہاں موت آپہنچی ۱۲ منہ
رہ فائدہ ہمارا حکم پہنچا یعنی یک گرد ہو گئی پھر کوئی یا کوئی فتح آپڑی کہیں کالے ڈالی یعنی موت ناگہاں آتی ہے ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ
اس میں رہا کریں گے اور جس دن جمع کریں گے ہم ان سب کو پھر کہیں گے شریک والوں کو کھڑے ہو اپنی اپنی جگہ

أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ
تم اور تمہارے شریک پھر توڑا دیں گے آپس میں ان کو اور کہیں گے ان کے شریک تم ہم کو بندگی نہ کرتے تھے

فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِينَ
سو اللہ بس ہے شاہد ہمارے تمہارے بیچ میں ہم تمہاری بندگی کی خبر نہیں رکھتے تھے

هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَا أَسْلَفَتْ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ وَ
وہاں جانچ لے گا ہر کوئی جو آگے بھیجا اور رجوع ہوں گے اللہ کی طرف جو سچا صاحب ہے ان کا اور

ضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ
گم ہو جاوے گا ان پاس سے جو جھوٹ باندھتے تھے تو پوچھ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان اور زمین سے

أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ
یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے جیتا مردے سے اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ
مردہ جیتے سے اور کون تدبیر کرتا ہے کام کی سو کہیں گے کہ اللہ تو تو کہہ پھر ڈرتے نہیں

فَذٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلٰلُ فَأَنّٰى تُصْرَفُونَ
سو یہ اللہ ہے رب تمہارا سچا پھر کیا رہا بیچ سچ کے مگر بھٹکنا سو کہاں سے پھرے جاتے ہو

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ قُلْ
اسی طرح ٹھیک آئی بات تیرے رب کی ان بے حکموں پر کہ یقین نہ لاویں گے تو پوچھ

هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ قُلِ اللَّهُ يَبْدَؤُا
کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو پیدا کرے پھر اس کو دوہراوے تو کہہ اللہ پہلے بناتا ہے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ فَأَنّٰى تُؤْفَكُونَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ
پھر اس کو دوہراتا ہے سو کہاں سے اولٹے جاتے ہو تو پوچھ کوئی ہے تمہارے شریکوں میں

يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ قُلِ اللَّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ أَفَمَنْ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ
جو راہ بتاوے صحیح تو کہہ اللہ راہ بتلاتا ہے صحیح اب جو کوئی راہ بتاوے صحیح اس کو چاہیے

أَنْ يُتَّبَعَ أَمَّنْ لَا يَهِدِّي إِلَّا أَنْ يُهْدٰى فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝ وَمَا
ماننا یا جو آپ نہ پاوے راہ مگر جب کوئی بتاوے سو کیا ہوا ہے تم کو کیسا انصاف کرتے ہو اور وہ

يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ
اکثر چلتے ہیں اٹکل پر اٹکل کام نہیں کرتی صحیح بات میں کچھ اللہ کو معلوم ہے

موضح القرآن

ف یعنی شرک ہیں اپنے خیال کو پوجتے ہیں یا شیطان کو اور نام کرتے ہیں نیکوں کا وہ اس کام سے بیزار ہیں آخرت میں معلوم ہوگا ۱۲ منہ رح

ف یعنی حیوان نطفے سے اور نطفہ حیوان سے ۱۲ فتح الرحمن

ف یعنی اللہ تعالیٰ نے ازل سے ان کی قسمت میں یقین نہیں لکھا اور سبب اس کا بے حکمی ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ
جو کام کرتے ہیں اور وہ نہیں یہ قرآن کہ کوئی بنا لے سوائے اللہ کے اور لیکن

تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ
سچا کرتا ہے اگلے کلام کو اور بیان کتاب کا جس میں شبہ نہیں جہان کے

الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ
صاحب سے کیا لوگ کہتے ہیں یہ بنا لایا تو کہہ تم لے آؤ ایک سورت ایسی اور پکارو جس کو

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ
پکار سکو اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو کوئی نہیں پر جھٹلانے لگے ہیں

يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ
جس کے سمجھنے پر قابو نہ پایا اور ابھی آئی نہیں اس کی حقیقت یوں ہی جھٹلاتے رہے ان سے اگلے سو دیکھ لے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ
کیسا ہوا آخر گنہگاروں کا ف۱ اور کوئی ان میں یقین کرے گا اس کو اور کوئی یقین نہ کرے گا

بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ
اور تیرے رب کو خوب معلوم ہیں شرارت والے اور اگر تجھ کو جھٹلاویں تو تو کہہ مجھ کو میرا کام اور تم کو

عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْۗـــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ
تمہارا کام تم پر ذمہ نہیں میرے کام کا اور مجھ پر ذمہ نہیں جو تم کرتے ہو ف۲ اور بعضے ان میں

يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ
کان رکھتے ہیں تیری طرف کیا تو سنا دے گا بہروں کو اگرچہ بوجھ نہ رکھتے ہوں اور بعضے ان میں

يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ
نگاہ کرتے ہیں تیری طرف کیا تو راہ دکھلا دے گا اندھوں کو اگرچہ سوجھ نہ رکھتے ہوں ف۳ اللہ ظلم نہیں کرتا

النَّاسَ شَيْـــًٔـا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ
لوگوں پر کچھ لیکن لوگ اپنے پر آپ ظلم کرتے ہیں ف۴ اور جس دن ان کو جمع کرے گا گویا نہ

يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۭ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
رہے تھے مگر گھڑی دن آپس میں پہچانیں گے بیشک خراب ہوئے جنہوں نے جھٹلایا

بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ
اللہ کا ملنا اور نہ آئے راہ پر اور اگر ہم دکھلا دیں تجھ کو کوئی ان وعدوں میں سے جو دیتے

اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا يَفْعَلُوْنَ ۝ و
یا پوری کر دیں تیری عمر سو ہماری طرف ہے ان کو پھر آنا پھر اللہ شاہد ہے ان کاموں پر جو کرتے ہیں اور

ف۱ اس کی حقیقت نہیں آئی یعنی جو وعدہ ہے اس قرآن میں وہ ابھی ظاہر نہیں ہوا ۱۲ منہ

ع ۱۰ / ۹

ف۲ یعنی اگر جھوٹ پہنچاؤں حکم اللہ کا تو میں گنہگار ہوں تم نہیں اور اگر میں سچ لاؤں پھر نہ کرو تو گناہ تم پر ہے تو ماننے میں تمہارا نقصان نہیں کسی طرح ۱۲ منہ ر

ف۳ یعنی کان لگاتے ہیں یا نگاہ کرتے ہیں اس توقع پر کہ ہمارے دل میں تصرف کر دیں جیسا بعضوں پر ہو سو یہ بات اللہ کے ہاتھ ہے ۱۲ منہ ر

ف۴ یعنی بعضوں کے دل میں اثر نہیں دینا سو ان کی تقصیر ہے کہ دل صاف کر کے نہیں سنتے ۱۲ منہ ر

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا
ہر فرقے کا ایک رسول ہے پھر جب پہنچا ان پر رسول ان کا فیصلہ ہوا ان میں انصاف سے اور ان پر

يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّآ
ظلم نہیں ہوتا اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر تم سچے ہو تو کہہ میں

اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ
مالک نہیں اپنے واسطے برے کا نہ بھلے کا مگر جو چاہے اللہ ہر فرقے کا ایک وعدہ ہے جب پہنچا ان کا

اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ
وعدہ نہ ڈھیل کر سکیں ایک گھڑی نہ جلدی تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر

اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَثُمَّ اِذَا مَا
آ پہنچے عذاب اس کا راتوں رات یا دن کو کیا کریں گے اس سے پہلے گنہگار کیا پھر جب

وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
پڑ چکے گا تب یقین کرو گے اس کو اب قائل ہوئے اور تم اسی کی جلدی کرتے تھے ف پھر کہیں گے گنہگاروں کو

ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ
چکھو عذاب ہمیشہ کا وہی بدلا پاتے ہو جو کماتے تھے اور تجھ سے خبر پوچھتے ہیں

اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ
کیا سچ ہے یہ بات تو کہہ البتہ قسم میرے رب کی یہ سچ ہے اور تم نہ تھکا سکو گے ف اور اگر ہو ہر

نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ
شخص گنہگار کے پاس جتنا کچھ ہے زمین میں البتہ دے ڈالے اپنی چھڑوائی میں اور چھپے چھپے پچھتاویں گے جب دیکھیں گے عذاب

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
اور ان میں فیصلہ ہو گا انصاف سے اور ان پر ظلم نہ ہو گا ف سن رکھو اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور

الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ هُوَ يُحْيٖ وَ
زمین میں سن رکھو وعدہ اللہ کا سچ ہے پر بہت لوگ نہیں جانتے وہی جلاتا ہے اور

يُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ
مارتا ہے اور اسی کی طرف پھر جاؤ گے ف اے لوگو تم کو آئی ہے نصیحت تمہارے

رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ
رب سے اور چنگے کرنے جیوں کے روگ اور راہ سوجھانی اور مہربانی یقین لانے والوں کو تو کہہ

بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝
اللہ کے فضل سے اور اس کی مہر سے سو اسی پر چاہیے خوشی کریں یہ بہتر ہے ان چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں

موضح القرآن

ف یعنی عذاب آنے پر ایمان لانا کب قبول ہو گا اسواسطے پوچھو تو ہی عبث ہے ۱۲ منہ رح

ف یعنی بھاگ کر عاجز نہ کرسکو گے ۱۲ منہ رح

ف ان میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور ان میں یہ مجرم بھی داخل ہیں ان کا فیصلہ بھی بطریق مذکور کر سکتا ہے ۱۲

ف یعنی دوبارہ پیدا کرنا اس کو کیا مشکل ہے ۱۲ منہ رح

وقف النبی صلعم

وقف النبی صلعم

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلْ أَرَءَيْتُم مَّآ أَنزَلَ ٱللَّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَامًا وَحَلَٰلًا
تو کہہ بھلا دیکھو تو اللہ نے جو اتاری تمہارے واسطے روزی پھر تم نے ٹھیرائی اس میں سے کوئی حرام اور کوئی حلال

قُلْ ءَآللَّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى ٱللَّهِ تَفْتَرُونَ ۝ وَمَا ظَنُّ ٱلَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى
کہہ اللہ نے حکم دیا تم کو یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو اور کیا اٹکلتے ہیں جھوٹ باندھنے والے

ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ إِنَّ ٱللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى ٱلنَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ
اللہ پر قیامت کے دن کو اللہ تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر لیکن بہت لوگ

لَا يَشْكُرُونَ ۝ وَمَا تَكُونُ فِى شَأْنٍ وَمَا تَتْلُوا مِنْهُ مِن قُرْءَانٍ وَلَا تَعْمَلُونَ
حق نہیں مانتے اور نہیں ہوتا تو کسی حال میں اور نہ پڑھتا ہے اسمیں سے کچھ قرآن اور نہ کرتے ہو تم لوگ

مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ
کچھ کام کہ ہم نہیں ہوتے حاضر تم پر جب تم لگتے ہو اس میں اور غائب نہیں رہتا تیرے رب سے

مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَا فِى ٱلسَّمَآءِ وَلَآ أَصْغَرَ مِن ذَٰلِكَ وَلَآ أَكْبَرَ
ایک ذرہ بھر زمین میں نہ آسمان میں نہ اس سے چھوٹا نہ اس سے بڑا

إِلَّا فِى كِتَٰبٍ مُّبِينٍ ۝ أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
جو نہیں کھلی کتاب میں سن رکھو جو لوگ اللہ کی طرف ہیں نہ ڈر ہے ان پر نہ وہ غم کھاویں

ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝ لَهُمُ ٱلْبُشْرَىٰ فِى ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا وَفِى
جو لوگ یقین لائے اور رہے پرہیز کرتے ان کو خوشخبری ہے دنیا کے جیتے اور

ٱلْءَاخِرَةِ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَٰتِ ٱللَّهِ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ۝ وَلَا يَحْزُنكَ
آخرت میں بدلتی نہیں اللہ کی باتیں یہی ہے بڑی مراد ملنی اور نہ غم کھا

قَوْلُهُمْ إِنَّ ٱلْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ۝ أَلَآ إِنَّ لِلَّهِ مَن فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
ان کی بات سے اصل سب زور اللہ کو ہے وہی ہے سنتا جانتا سنتا ہے اللہ کا ہے جو کوئی ہے آسمانوں میں

وَمَن فِى ٱلْأَرْضِ وَمَا يَتَّبِعُ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ شُرَكَآءَ إِن
اور جو کوئی ہے زمین میں اور یہ جو پیچھے پڑے ہیں شریک پکارنے والے اللہ کے سوائے کچھ نہیں مگر

يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ۝ هُوَ ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلَّيْلَ
میں نے دیکھے گیارہ تارے اور سورج اور چاند دیکھے میرے تئیں سجدہ کرتے

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰۤى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ

کہا اے بیٹے مت بیان کر خواب اپنا اپنے بھائیوں پاس پھر وہ بنا دیں گے تیرے واسطے کچھ فریب البتہ

الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ

شیطان ہے انسان کا صریح دشمن ف۱ اور اسی طرح نوازے گا تجھ کو تیرا رب اور سکھا دے گا

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰۤى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَاۤ

کل بٹھانی باتوں کی اور پورا کرے گا اپنا انعام تجھ پر اور یعقوب کے گھر پر جیسا پورا کیا ہے

اَتَمَّهَا عَلٰۤى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (ع ١)

تیرے دو باپ دادوں پر پہلے سے ابراہیم اور اسحٰق پر البتہ تیرا رب خبردار ہے حکمتوں والا

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖۤ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۤئِلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ

البتہ ہیں یوسف کے مذکور میں اور بھائیوں کے نشانیاں پوچھنے والوں کو جب کہنے لگے البتہ یوسف اور

بلا عوض قسم

موضح القرآن

ف۱ یعنی اس کی تعبیر ظاہر ہی سنتے ہی سمجھ لیں گے گیارہ بھائی تھے اور ایک باپ ایک ماں ان کی طرف محتاج ہونگے پھر شیطان ان کے دل میں حسد ڈالے گا ۱۲ منہ رح

ع ١ ١١

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝ۚ اقْتُلُوْا

اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے ہمارے باپ کو ہم سے اور ہم قوت کے لوگ ہیں البتہ ہمارا باپ خطا میں ہے صریح ف۱ مار ڈالو

يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝

یوسف کو یا پھینک دو کسی ملک میں کہ اکیلی رہے تم پر توجہ تمہارے باپ کی اور ہو رہیو اس کے پیچھے نیک لوگ

قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ

بولا ایک بولنے والا ان میں مت مار ڈالو یوسف کو اور پھینک دو اس کو گمنام کنوئیں میں کہ اٹھا لے جاوے اس کو

السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰي يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ

کوئی مسافر اگر تم کو کرنا ہے بولے اے باپ کیا ہے کہ تو اعتبار نہیں کرتا ہمارا یوسف پر اور ہم تو اس کے

لَنٰصِحُوْنَ ۝ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ قَالَ اِنِّيْ

خیر خواہ ہیں بھیج اس کو ہمارے ساتھ کل کو کچھ چرے اور کھیلے اور ہم تو اس کے نگہبان ہیں بولا مجھ کو

لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝

غم پکڑتا ہے اس سے کہ لے جاؤ اس کو اور ڈرتا ہوں کہ کھا جاوے اس کو بھیڑیا اور تم اس سے بے خبر رہو

قَالُوْا لَىِٕنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ

بولے اگر کھا گیا اس کو بھیڑیا اور ہم یہ جماعت ہیں قوت ور تو تو ہم نے سب کچھ گنوایا پھر جب لے کر چلے اس کو اور

اَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا

متفق ہوئے کہ ڈالیں اس کو گمنام کنوئیں میں اور ہم نے اشارت کی اس کو کہ تو جتا دیگا ان کو ان کا یہ کام

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَجَاۗءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَاۗءً يَّبْكُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

اور وہ نہ جانیں گے اور آئے اپنے باپ پاس اندھیرا پڑے روتے کہنے لگے اے باپ ہم لگے دوڑنے آگے نکلنے کو

وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا

اور چھوڑا یوسف کو اپنے اسباب پاس پھر اس کو کھا گیا بھیڑیا اور تو نہ باور کرے گا ہمارا کہنا اگرچہ ہم

صٰدِقِيْنَ ۝ وَجَاۗءُوْ عَلٰي قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

سچے ہوں اور لائے اس کے کرتے پر لہو لگا جھوٹ بولا کوئی نہیں بلکہ بنا دی ہے تم کو

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ۝ وَ

تمہارے جیوں نے ایک بات اب صبر ہی بن آوے اور اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بات پر جو بتلاتے ہو ف۲ اور

جَاۗءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا

آیا ایک قافلہ پھر بھیجا اپنا پنیارا اس نے لٹکایا اپنا ڈول بولا کیا خوشی کی بات ہے یہ ہے

غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ

ایک لڑکا اور چھپا لیا اس کو پونجی سمجھ کر اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ف۳ اور بیچ آئے اس کو

ف۱ یعنی ہم قوت ور کام آنے والے ہیں اور یہ لڑکے ہیں چھوٹے ایک بھائی ان کا سگا تھا اور سب سوتیلے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی کرتے پر لہو ہی تھا ان کا جھوٹ بھیڑیا کھاتا تو کرتا ثابت کب چھوڑ جاتا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف۳ کنوئیں میں سے حضرت یوسف علیہ السلام ڈول میں ہو بیٹھے کھینچنے والے نے ان کا حسن دیکھ کر خوشی سے پکارا کہ بڑی قیمت کو بکے گا اور اللہ خوب جانتا ہے جو کرتے

ف۴ بشریٰ ہی شاید یہ مراد ہو کہ یہود اس جگہ یہ قصہ بتلاتے ہیں تو دوست میں بدل ڈالا ہے تا اپنے باپ دادوں پر عیب نہ آوے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِي ع ۱۲

ناقص مول کو گنتی کی کئی پاولیاں اور ہو رہے تھے اس سے بیزار ۔ اور کہا جس شخص نے

اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ

خرید کیا اس کو مصر سے اپنی عورت کو آبرو سے رکھ اس کو شاید ہمارے کام آوے یا ہم کریں اس کو

وَلَدًا ۚ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ

بیٹا اور اسی طرح جگہ دی ہم نے یوسف کو اس ملک میں اور اس واسطے کہ اس کو سکھا دیں کچھ کل

الْاَحَادِيْثِ ۚ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

بٹھانی باتوں کی اور اللہ جیت رہتا ہے اپنا کام اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَ

اور جب پہنچا قوت کو دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور ایسا ہی بدلا دیتے ہیں ہم نیکی والوں کو اور

رَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ

پھسلایا اس کو عورت نے جس کے گھر میں تھا اپنا جی تھامنے سے اور بند کیے دروازے اور بولی شتابی

لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

کر کہا خدا کی پناہ وہ عزیز مالک ہے میرا اچھی طرح رکھا ہے مجھ کو البتہ بھلا نہیں پاتے جو لوگ بے انصاف ہوں

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ

اور البتہ عورت نے فکر کی اس کی اور اس نے فکر کی عورت کی اگر نہ ہوتا یہ کہ دیکھے قدرت اپنے رب کی یوں ہی ہوا اس واسطے کہ ہٹا دیں اس سے

السُّوْۗءَ وَالْفَحْشَاۗءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَ

برائی اور بے حیائی البتہ وہ ہے ہمارے چنے بندوں میں اور دونوں دوڑے دروازے کو اور

قَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا جَزَاۗءُ مَنْ

عورت نے چیر ڈالا اس کا کرتا پیچھے سے اور دونوں مل گئے عورت کے خاوند سے دروازے پاس بولی اور کچھ سزا نہیں

اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ

ایسے شخص کی جو چاہے تیرے گھر میں برائی مگر یہی کہ قید پڑے یا دکھ کی مار یوسف بولا اسی نے خواہش کی مجھ سے کہ

عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ

نہ تھاموں اپنا جی اور گواہی دی ایک گواہ نے عورت کے لوگوں میں سے اگر ہے اس کا کرتا پھٹا آگے سے

قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ

تو عورت سچی ہے اور وہ ہے جھوٹا اور اگر ہے اس کا کرتا پھٹا پیچھے سے

دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ

تو یہ جھوٹی اور وہ ہے سچا پھر جب دیکھا عزیز نے کرتا اس کا پھٹا پیچھے سے

موضح القرآن

ف۱ لڑکے کو بھائی گئے کنوئیں میں نہ پایا قافلے پر دعویٰ کیا جب ثابت ہوا اٹھارہ درہم کو بیچ ڈالا درم قریب ہے پاولی کے تو سب بھائیوں نے دو دو درم بانٹے ایک نے حصہ نہ لیا پھر آگے قافلے والوں نے مصر میں جا کر بیچا حق تعالیٰ نے صریح ایک بیچنا فرمایا یہ دو بیچنا کو لیکن اشارے سے معلوم ہوا کہ سستے مول تو اسی جگہ بیچا ہے ۱۲ منہ

ر

قَالَ إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ ۝ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا
کہا بیشک یہ ایک فریب ہے تم عورتوں کا البتہ تمہارا فریب بڑا ہے یوسف جانے دے یہ مذکور

وَاسْتَغْفِرِي لِذَنْبِكِ إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ ۝ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي
اور عورت تو بخشوا اپنا گناہ یقین ہے کہ تو ہی گنہگار تھی اور کہنے لگیں کئی عورتیں اس

الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَنْ نَفْسِهِ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا إِنَّا
شہر میں عزیز کی عورت خواہش کرتی ہے اپنے غلام سے اپنے جی سے فریفتہ ہوگئی اس کی محبت میں ہم تو

لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَ
دیکھتے ہیں وہ بھٹک گئی ہے صریح پھر جب سنا اس نے ان کا فریب بلا بھیجا ان کو اور

أَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ
تیار کی ان کے واسطے ایک مجلس اور دی ان کو ہر ایک کے ہاتھ میں ایک چھری اور بولی یوسف نکل آ

عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا
ان کے سامنے پھر جب دیکھا اس کو دہشت میں آگئیں اس کی اور کاٹ ڈالے اپنے ہاتھ اور کہنے لگیں حاشا للہ نہیں

هَٰذَا بَشَرًا إِنْ هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ۝ قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ
یہ شخص آدمی یہ تو کوئی فرشتہ ہے بزرگ ف بولی سو یہ وہی ہے کہ طعنہ دیا تم نے مجھ کو اس کے واسطے

وَلَقَدْ رَاوَدْتُهُ عَنْ نَفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِنْ لَمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ
اور میں نے لینا چاہا اس سے اس کا جی پھر اس نے تھام رکھا اور مقرر اگر نہ کرے گا جو میں اس کو کہتی ہوں البتہ قید پڑیگا

وَلَيَكُونًا مِنَ الصَّاغِرِينَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي
اور ہوگا بے عزت ف یوسف بولا اے رب مجھ کو قید پسند ہے اس بات سے جس طرف مجھ کو بلاتیاں ہیں

إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُنْ مِنَ الْجَاهِلِينَ ۝
اور اگر تو نہ دفع کرے مجھ سے ان کا فریب تو مائل ہو جاؤں ان کی طرف اور ہو جاؤں بے عقل

فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ ثُمَّ
سو قبول کرلی اس کی دعا اس کے رب نے پھر دفع کیا اس سے ان کا فریب البتہ وہ ہے سننے والا خبردار ف پھر

بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ۝ وَدَخَلَ مَعَهُ
یوں سوجھا ان لوگوں کو بعد اس کے کہ دیکھ چکے وہ نشانیاں کہ قید رکھیں اس کو ایک مدت اور داخل ہوئے

السِّجْنَ فَتَيَانِ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي
بندی خانہ میں اس کے ساتھ دو جوان کہنے لگا ان میں سے ایک میں دیکھتا ہوں کہ میں نچوڑتا ہوں شراب اور دوسرے نے کہا میں

أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ إِنَّا
دیکھتا ہوں کہ اٹھا رہا ہوں اپنے سر پر روٹی کہ جانور کھاتے ہیں اس میں سے بتا ہم کو اس کی تعبیر ہم

ف یعنی ان کو چھریاں دیں میوے کھانے کو ۳۰ ع ۹ ۱۳ ان کا حسن دیکھ کر بیخود ہوگئیں چھری سے ہاتھ کٹ گئے ۱۲ منہ
ف ان کے روبرو یہ بات کہی تا وہ بھی سمجھا کہیں اور حضرت یوسف ڈر کر قبول کریں ۱۲ منہ
ف ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اپنے لالچ سے قید میں پڑے لیکن اللہ تعالیٰ نے اتنا ہی قبول فرمایا کہ ان کا فریب دفع کیا اور قید ہونا تو قسمت میں تھی دعا کو چاہئے کہ گھبرا کر اپنے حق میں برائی نہ مانگے پوری بھلائی مانگے گو کہ وہی ہوگا جو قسمت میں ہے ۱۲ منہ ر
ف اگرچہ نشان سب دیکھ چکے کہ تقصیر عورت کا ہے تو بھی ان کو قید کیا ع ۴ ۱۴ تا طعن خلق بس عورت سے اتر سے یا اس واسطے کہ اس کی نظر سے دور رہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا
دیکھتے ہیں تجھ کو نیکی والا بولا نہ آنے پاوے گا تم کو کھانا جو ہر روز تم کو ملتا ہے مگر بتا چکوں گا تم کو

بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ
اس کی تعبیر اس کے آنے سے پہلے یہ علم ہے کہ مجھ کو سکھایا میرے رب نے میں نے چھوڑا دین اس قوم کا

قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ
کہ یقین نہیں رکھتے اللہ پر اور آخرت سے وہ منکر ہیں اور پکڑا میں نے دین اپنے باپ دادوں کا

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ
ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کا ہمارا کام نہیں کہ شریک کریں اللہ کا کسی چیز کو یہ

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ
فضل ہے اللہ کا ہم پر اور سب لوگوں پر لیکن بہت لوگ بھلا نہیں مانتے ف

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا
اے رفیقو بندی خانہ کے بھلا کئی معبود جدا جدا بہتر یا اللہ اکیلا زبردست کچھ

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
نہیں پوجتے ہو سوائے اس کے مگر نام ہیں کہ رکھ لیے ہیں تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے نہیں اتاری اللہ نے

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ
ان کی کوئی سند حکومت نہیں ہے کسی کی سوائے اللہ کے اس نے فرمایا کہ نہ پوجو مگر اسی کو یہی ہے

الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ
راہ سیدھی پر بہت لوگ نہیں جانتے اے رفیقو بندی خانہ کے

اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ
ایک جو ہے تم دونوں میں سو پلاوے گا اپنے خاوند کو شراب اور دوسرا جو ہے سو سولی چڑھے گا پھر کھاویں گے جانور اس کے

رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ
سر میں سے فیصل ہوا کام جس کی تحقیق تم چاہتے تھے اور کہدیا اس کو جس کو اٹکلا کہ

نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ
بچے گا ان دونوں میں میرا ذکر کریو اپنے خاوند پاس سو بھلا دیا اس کو شیطان نے ذکر کرنا اپنے خاوند سے پھر رہا

فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّىْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ
قید میں کئی برس اور کہا بادشاہ نے میں خواب دیکھتا ہوں سات گائیں موٹی

يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۭ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ
ان کو کھاتی ہیں سات دبلی اور سات بالیں ہری اور دوسری سوکھی اے دربار والو

موضح القرآن

ف حق تعالیٰ نے قید میں یہ حکمت رکھی کہ ان کا دل کافروں کی محبت سے ٹوٹا تو دل پر اللہ کا علم روشن ہوا چاہا کہ اول انکو دین کی بات سنا دیں پیچھے تعبیر خواب کہیں اس واسطے تسلی کر دی تا نہ گھبراویں کہا کہ کھانے کے وقت وہ بھی بتا دوں گا ۱۲ منہ رح

ف یعنی ہمارا اس دین پر رہنا سب خلق کے حق میں فضل ہے کہ ہم سے راہ سیکھیں ۱۲ منہ رح

ف فرمایا کہ ایک مارا جاوے گا اس کو نہ کہا کہ تو ہی یہ خلق نیک ہے اللہ نے فرمایا کہ اس کو اٹکلا کہ بچے گا معلوم ہوا کہ تعبیر خواب یقین نہیں اٹکل ہے مگر پیغمبر جو اٹکل کرے سو ٹھیک ہے حضرت یوسف نے اسباب کی سعی کی کہ میرا ذکر کریو بادشاہ پاس وہ بھول گیا پیغمبر کا دل اسباب پر نہ ٹھہرا آخر کئی برس قید میں رہے اکثر لوگ کہتے ہیں سات

ع ۵ / ۱۵

أَفْتُونِي فِي رُءْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُونَ ۝ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ
تعبیر کہو مجھ سے میرے خواب کی اگر ہو تم خواب کی تعبیر کرتے بولے یہ اڑتے خواب ہیں

وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ ۝ وَقَالَ الَّذِي نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ
اور ہم کو تعبیر خوابوں کی معلوم نہیں اور بولا وہ جو بچا تھا ان دو میں اور یاد کیا

بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ ۝ يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا
مدت کے بعد میں بتاؤں تم کو اس کی تعبیر سو تم مجھ کو بھیجو جا کر کہا یوسف اے سچے حکم دے ہم کو اس خواب

فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ
میں سات گائیں موٹی ان کو کھاویں سات دبلی اور سات بالیں ہری اور دوسری

يَابِسَاتٍ لَّعَلِّي أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ
سوکھی کہ میں لے جاؤں لوگوں پاس شاید ان کو معلوم ہو ف۱ کہا تم کھیتی کرو گے سات

سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ ۝
برس لگ کر سو جو کاٹو اس کو چھوڑ دو اس کی بال میں مگر تھوڑا جو کھاتے ہو

ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا
پھر آویں گے اس پیچھے سات برس سختی کے کھا جاویں جو رکھا تم نے ان کے واسطے مگر تھوڑا جو روک

تُحْصِنُونَ ۝ ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ
رکھو گے پھر آوے گا اس پیچھے ایک برس اس میں مینہ پاویں گے لوگ اور اس میں

يَعْصِرُونَ ۝ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ
رس نچوڑیں گے ف۲ اور کہا بادشاہ نے لے آؤ اس کو میرے پاس ف۳ پھر جب پہنچا اس پاس بھیجا آدمی کہا پھر جا اپنے

رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ
خاوند پاس اور پوچھ اس سے کیا حقیقت ہے ان عورتوں کی جنہوں نے کاٹے ہاتھ اپنے میرا رب تو ان کا فریب سب

عَلِيمٌ ۝ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ قُلْنَ حَاشَ
جانتا ہے ف۴ کہا بادشاہ نے عورتوں کو کیا حقیقت ہے تمہاری جب تم نے پھسلایا یوسف کو اس کے جی سے بولیاں حاشا

لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ
للہ ہم کو معلوم نہیں اس پر کچھ برائی بولی عورت عزیز کی اب کھل گئی سچی بات

أَنَا رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۝ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ
میں نے پھسلایا تھا اس کو اس کے جی سے اور وہ سچا ہے یوسف نے کہا اتنا اس واسطے کہ

أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ۝
وہ شخص معلوم کرے کہ میں نے چوری نہیں کی اس عزیز کی چھپ کر اور یہ کہ اللہ نہیں چلاتا فریب دغا بازوں کا

موضح القرآن

ف۱ یعنی تیری قدر معلوم ہو ۱۲ منہ رح
ف۲ رس نچوڑنا واسطے شراب سازی کے فرمایا اور سات برس کا ذخیرہ بال میں رکھوایا تا زمین میں گل نہ جاوے سات برس قحط ہوگا جب تک پورا پڑے ۱۲ منہ رح
ف۳ بادشاہ یہ تعبیر سن کر مشتاق ملاقات ہوا حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک مدت توقف کیا تا کہ برارت اپنی معلوم ہو ۱۲
ف۴ وہی قصہ یاد دلایا کہ وہ عورتیں شاہد ہیں بادشاہ پوچھے تو وہ کھول دیں کہ تقصیر کس کی ہے ۱۲ منہ رح

ربع القرآن

وَمَآ أُبَرِّئُ نَفْسِيٓ ۚ إِنَّ ٱلنَّفْسَ لَأَمَّارَةٌۢ بِٱلسُّوٓءِ

اور میں پاک نہیں کہتا اپنے جی کو جی تو سکھاتا ہے برائی

إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيٓ ۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَقَالَ ٱلْمَلِكُ ٱئْتُونِي بِهِۦٓ

مگر جو رحم کیا میرے رب نے بیشک میرا رب ہے بخشنے والا مہربان اور کہا بادشاہ نے لے آؤ اس کو میرے پاس

أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۖ فَلَمَّا كَلَّمَهُۥ قَالَ إِنَّكَ ٱلْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ۝

میں خاص کر رکھوں اس کو اپنے کام میں پھر جب بات چیت کی اس سے کہا سچ تو نے آج ہمارے پاس جگہ پائی معتبر ہو کر

قَالَ ٱجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَآئِنِ ٱلْأَرْضِ ۖ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ۝ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا

کہا یوسف نے مجھ کو مقرر کر ملک کے خزانوں پر میں خوب نگہبان ہوں خبردار ف۲ اور یوں قدرت دی ہم نے

لِيُوسُفَ فِي ٱلْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۚ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَن

یوسف کو اس زمین میں جگہ پکڑتا تھا اس میں جہاں چاہتا پہنچاتے ہیں ہم اپنی مہر جس کو

نَّشَآءُ ۖ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ ٱلْمُحْسِنِينَ ۝ وَلَأَجْرُ ٱلْءَاخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ

چاہیں اور ضائع نہیں کرتے ہم نیک بھلائی والوں کا اور نیگ آخرت کا بہتر ہے ان کو جو

ءَامَنُوا۟ وَكَانُوا۟ يَتَّقُونَ ۝ وَجَآءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا۟ عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ

یقین لائے اور رہے پرہیزگاری میں ف۳ اور آئے بھائی یوسف کے پھر داخل ہوئے اس کے پاس تو اس نے پہچانا انکو

وَهُمْ لَهُۥ مُنكِرُونَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ قَالَ ٱئْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ

اور وہ نہیں پہچانتے اور جب تیار کر دیا ان کو ان کا اسباب کہا لے آؤ میرے پاس ایک بھائی جو تمہارا ہے

أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّيٓ أُوفِي ٱلْكَيْلَ وَأَنَا۠ خَيْرُ ٱلْمُنزِلِينَ ۝ فَإِن لَّمْ

باپ کی طرف سے تم نہیں دیکھتے ہو کہ میں پوری دیتا ہوں بھرتی اور خوب طرح اتارتا ہوں پھر اگر اس کو نہ

تَأْتُونِي بِهِۦ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ۝ قَالُوا۟ سَنُرَٰوِدُ عَنْهُ

لائے میرے پاس تو بھرتی نہیں تم کو میرے نزدیک اور نہ میرے پاس آؤ بولے ہم خواہش کریں گے اس کے

أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَٰعِلُونَ ۝ وَقَالَ لِفِتْيَٰنِهِ ٱجْعَلُوا۟ بِضَٰعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ

باپ سے اور البتہ ہم کو کرنا اور کہہ دیا اپنے خدمتگاروں کو رکھ دو ان کی پونجی ان کے بوجھوں میں

لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَآ إِذَا ٱنقَلَبُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ فَلَمَّا

شاید اس کو پہچانیں جب پھر کر جاویں اپنے گھر شاید وہ پھر آویں پھر جب

رَجَعُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَبِيهِمْ قَالُوا۟ يَٰٓأَبَانَا مُنِعَ مِنَّا ٱلْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَآ أَخَانَا

پھر گئے اپنے باپ پاس بولے اے باپ بند ہوئی ہم سے بھرتی سو بھیج ہمارے ساتھ بھائی ہمارا

نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُۥ لَحَٰفِظُونَ ۝ قَالَ هَلْ ءَامَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَآ أَمِنتُكُمْ

کہ بھرتی لادیں اور ہم اس کے نگہبان ہیں کہا میں اعتبار کروں تمہارا اس پر مگر وہی جیسا اعتبار کیا تھا

ف۱ اب سے عزیز کا علاقہ موقوف کیا اپنی صحبت میں رکھا ۱۲ منہ رح
ف۲ انہوں نے آپ یہ خدمت طلب کی تا صحبت اہل دنیا سے دور رہیں اور خواب کی تعبیر اور کسی سے بن نہ آئی ۱۲ منہ رح
ف۳ یہ جواب ہوا ان کے سوال کا کہ اولاد ابراہیم اس طرح شام سے آئی مصر میں اور بیان ہوا کہ بھائیوں نے حضرت یوسف کو گھر سے دور پھینکا تا ذلیل ہو اللہ نے زیادہ عزت دی اور ملک پر اختیار دیا ویسا ہی ہوا ہمارے حضرت کو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا فَتَحُوْا

اس کے بھائی پر پہلے سو اللہ بہتر ہے نگہبان اور وہ ہے سب مہربانوں سے مہربان اور جب کھولی

مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ

اپنی چیز بست پائی اپنی پونجی پھری آئی ان کی طرف بولے اے باپ ہم اور کیا مانگتے ہیں یہ

بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ

پونجی ہماری پھیر دی ہے ہم کو اور رسد لاویں ہم اپنے گھر کو اور خبرداری کریں اپنے بھائی کی اور زیادہ لیویں بھرتی ایک اونٹ کی

ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ

وہ بھرتی آسان ہے کہا ہرگز نہ بھیجوں گا اس کو ساتھ تمہارے جب تک دو مجھ کو عہد خدا کا

اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا

کہ البتہ پہنچا دو گے میرے پاس اس کو مگر کہ گھیرے جاؤ تم سارے پھر جب دیا اس کو عہد سب نے بولا ذمہ اللہ کا ہے جو

نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ

باتیں ہم کہتے ہیں ف اور کہا اے بیٹو نہ داخل ہونا ایک دروازہ سے اور پیٹھو کئی

اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ

دروازوں سے جدا جدا اور میں نہیں بچا سکتا تم کو اللہ کی کسی چیز سے حکم کسی کا نہیں سوائے اللہ کے

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ

اسی پر مجھ کو بھروسا ہے اور اسی پر بھروسا چاہیے بھروسا کرنے والوں کو ف۲ اور جب داخل ہوئے جہاں سے کہا تھا

اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ

ان کے باپ نے کچھ نہ بچا سکتا تھا ان کو اللہ کی کسی چیز سے مگر ایک خواہش تھی جی میں

يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (ع)

یعقوب کے سو کر چکا اور وہ تو خبردار تھا ہمارے سکھلائے سے لیکن بہت لوگ خبر نہیں رکھتے

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ

اور جب داخل ہوئے پاس یوسف کے اپنے پاس رکھا اپنے بھائی کو کہا میں ہوں تیرا بھائی سو تو غمگین نہ رہ

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ

ان کاموں سے جو کرتے رہے ہیں پھر جب تیار کر دیا ان کو اسباب ان کا رکھ دیا پینے کا باسن بوجھ میں اپنے بھائی کے

ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ

پھر پکارا پکارنے والا اے قافلے والو تم مقرر چور ہو کہنے لگے منہ کر کے ان کی طرف

مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ

تم کیا نہیں پاتے بولے ہم نہیں پاتے بادشاہ کا ماپ اور جو کوئی وہ لاوے اس کو ایک بوجھ

موضح القرآن

ف ظاہر کا اسباب بھی بخستہ کر لیا اور پھر دشتہ اللہ پر رکھا یہی حکم ہے ہر کسی کو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ یہ ٹوک کا بچاؤ بتایا پھر بھروسہ اللہ پر کیا ٹوک لگنی غلط نہیں اور اس کا بچاؤ کرنا روا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۸

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بَعِيرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِى الْاَرْضِ
اونٹ کا بوجھ اور میں ہوں اس کا ضامن وہ کہنے لگے قسم اللہ کی تم کو معلوم ہے ہم شرارت کرنے کو نہیں آئے ملک میں

وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ۝ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ
اور نہ کبھی ہم چور تھے بولے پھر کیا ہے سزا اس کی اگر تم جھوٹے ہو کہنے لگے اس کی سزا یہ کہ

مَنْ وُّجِدَ فِىْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَبَدَاَ
جس کے بوجھ میں پاوے وہی جاوے اس کے بدلے میں ہم یہی سزا دیتے ہیں گنہگاروں کو پھر شروع کیا

بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ
یوسف نے ان کی خورجیاں دیکھنی پہلے اپنے بھائی کی خورجی سے پیچھے وہ باسن نکالا خورجی سے اپنے بھائی کی یوں

كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِىْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ
داؤں بتا دیا ہم نے یوسف کو ہرگز نہ لے سکتا تھا اپنے بھائی کو انصاف میں اس بادشاہ کے مگر جو چاہے اللہ

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۝ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ
ہم درجے بلند کرتے ہیں جس کو چاہیں اور ہر خبردار سے اوپر ہے ایک خبردار کہنے لگے اگر اس نے چرایا

فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِىْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا
تو چوری کی ہے ایک اس کے بھائی نے اس سے پہلے تب آہستہ کہا یوسف نے اپنے جی میں اور ان کو نہ جتایا

لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ
کہ تم اور بدتر ہو درجے میں اور اللہ خوب جانتا ہے جو تم بتاتے ہو کہنے لگے اے عزیز

اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝
اس کا ایک باپ ہے بوڑھا بڑی عمر کا سو رکھ لے ایک ہم میں سے اس کی جگہ ہم دیکھتے ہیں تو ہے احسان کرنے والا

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا
بولا اللہ پناہ دے کہ ہم کسی کو پکڑیں مگر جس پاس پائی اپنی چیز تو تو ہم

لَّظٰلِمُوْنَ ۝ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ
بے انصاف ہوئے پھر جب ناامید ہوئے اس سے اکیلے بیٹھے مصلحت کو بولا ان میں کا بڑا کیا تم نہیں

تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ
جانتے کہ تمہارے باپ نے لیا ہے تم سے عہد اللہ کا اور پہلے جو قصور کر چکے ہو

فِىْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِىْٓ اَبِىْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِىْ ۚ وَ
یوسف کے حق میں سو میں تو نہ سرکوں گا اس ملک سے جب تک کہ حکم دے مجھ کو باپ میرا یا قضیہ چکا دے اللہ میری طرف اور

هُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ
وہ ہے سب سے بہتر چکانے والا پھر جاؤ اپنے باپ پاس اور کہو اے باپ تیرے بیٹے نے چوری کی

ف۱ باسن بادشاہ کے پینے کا چاندی کا اس کی جا پر بہا بتایا اناج ناپنے کا اور کچھ فی اسی میں پانی پیتے حضرت یوسف علیہ السلام نے ان کو چور کہلوایا جھوٹ نہیں حضرت یوسف علیہ السلام کو باپ کی چوری سے بیچ ڈالا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ حضرت یعقوب علیہ السلام کے دین میں لکھا کہ چور غلام ہو رہے ایک برس تک ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۹ ۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي
اور ہم نے وہی کہا تھا جو ہم کو خبر تھی اور ہم کو غیب کی خبر یاد نہ تھی اور پوچھ لے اس بستی سے جس میں

كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ
ہم تھے اور اس قافلہ سے جس میں ہم آئے ہیں اور ہم بیشک سچ کہتے ہیں بولا کوئی نہیں بنالی ہے

لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ
تمہارے جی نے ایک بات اب صبر ہی بہتر ہے شاید اللہ لے آوے میرے پاس ان سب کو وہی ہے

هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ
خبردار حکمتوں والا ف اور الٹا پھرا ان کے پاس سے اور بولا اے افسوس یوسف پر اور سفید ہو گئیں

عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتَّىٰ
آنکھیں اس کی غم سے سو وہ آپ کو گھونٹ رہا تھا کہنے لگے قسم اللہ کی تو نہ چھوڑے گا یاد یوسف کی جب تک

تَكُونَ حَرَضًا أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي
کہ گل جاوے یا ہو جاوے مردہ ف بولا میں تو کھولتا ہوں اپنا احوال اور غم

إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا
اللہ ہی پاس اور جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے ہو ف اے بیٹو جاؤ اور تلاش کرو

مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا مِن رَّوْحِ اللَّهِ ۖ إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ
یوسف کی اور اس کے بھائی کی اور مت ناامید ہو اللہ کے فیض سے بیشک ناامید نہیں ہوتے اللہ کے فیض

اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ
سے مگر وہی لوگ جو منکر ہیں پھر جب داخل ہوئے اس کے پاس بولے اے عزیز

مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَ
پڑی ہے ہم پر اور ہمارے گھر پر سختی اور لائے ہیں ہم پونجی ناقص سو پوری دے ہم کو بھرتی اور

تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللَّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ۝ قَالَ هَلْ عَلِمْتُم
خیرات کر ہم پر اللہ بدلا دیتا ہے خیرات کرنے والوں کو کہا کچھ خبر رکھتے ہو

مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنتُمْ جَاهِلُونَ ۝ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ
کیا کیا تم نے یوسف سے اور اس کے بھائی سے جب تم کو سمجھ نہ تھی بولے کیا سچ تو ہی ہے یوسف

قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهَٰذَا أَخِي ۖ قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ۖ إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَ
کہا میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی اللہ نے احسان کیا ہم پر البتہ جو کوئی پرہیزگار ہو اور

يَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ
ثابت رہے تو اللہ نہیں کھوتا حق نیکی والوں کا بولے قسم اللہ کی البتہ تجھ کو پسند کر لیا اللہ نے

تفسیر القرآن

ف پہلے بار کی بے اعتباری سے اب کہی حضرت یعقوب نے بیٹوں کا اعتبار نہ کیا لیکن نبی کا کلام جھوٹ نہیں بیٹوں کی بنالی بات تھی حضرت یوسف مصر میں بیٹھے تھے ١٢ منہ رح

ف یعنی غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا مگر اس وقت بے اختیار آہ نکلا ایسا اور واقعی مدت دو بار کہنا کہ کام سوائے پیغمبر کے ١٢ منہ

ف اس بیٹے کے جانے سے پھر یوسف کا غم تازہ ہوا ١٢ منہ

ف یعنی تم کیا مجھ کو صبر سکھاتے ہو لیکن بے صبر وہ ہے جو خلق کے آگے شکایت کرے خالق کی میں تو اسی سے کہتا ہوں جس نے درد دیا اور یہ بھی جانتا ہوں کہ مجھ پر آزمائش ہے دیکھوں کس حد پر پہنچا کر بس ہو ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عَلَيْنَا وَإِنْ كُنَّا لَخٰطِئِينَ ۝ قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ

ہم سے اور ہم تھے چوکنے والے کہا کچھ الزام نہیں تم پر آج بخشے اللہ تم کو

وَهُوَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِينَ ۝ اِذْهَبُوا بِقَمِيصِي هٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلٰى وَجْهِ أَبِي

اور وہ ہے سب مہربانوں سے مہربان لے جاؤ یہ کرتا میرا اور ڈالو منہ پر میرے باپ کے

يَأْتِ بَصِيرًا ۚ وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ

کہ چلا آوے آنکھوں سے دیکھتا اور لے آؤ میرے پاس گھر اپنا سارا ف۱ اور جب جدا ہوا قافلہ کہا

أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ لَوْلَا أَنْ تُفَنِّدُونِ ۝ قَالُوا تَاللّٰهِ إِنَّكَ

ان کے باپ نے میں پاتا ہوں بو یوسف کی اگر نہ کہو کہ بوڑھا بہک گیا لوگ بولے قسم اللہ کی تو ہے

لَفِي ضَلٰلِكَ الْقَدِيمِ ۝ فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهِ فَارْتَدَّ

اپنی اسی غلطی میں قدیم کی پھر جب پہنچا خوش خبری والا ڈالا وہ کرتا اس کے منہ پر تو الٹا پھرا

بَصِيرًا ۚ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ ۚ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ قَالُوا يٰأَبَانَا

آنکھوں سے دیکھتا بولا میں نے نہ کہا تھا تم کو میں جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے ف۲ بولے اے باپ

اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خٰطِئِينَ ۝ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي ۚ إِنَّهُ

بخشوا ہمارے گناہوں کو بے شک ہم تھے چوکنے والے کہا سو بخشواؤں گا تم کو اپنے رب سے وہی

هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلٰى يُوسُفَ اٰوٰى إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ

ہے بخشنے والا مہربان پھر جب داخل ہوئے یوسف پاس جگہ دی اپنے پاس اپنے ماں باپ کو اور کہا

ادْخُلُوا مِصْرَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ اٰمِنِينَ ۝ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ

داخل ہو مصر میں اللہ نے چاہا تو خاطر جمع سے ف۳ اور اونچا بٹھایا اپنے ماں باپ کو تخت پر اور سب گرے اس کے آگے

سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰأَبَتِ هٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۖ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي

سجدہ میں اور کہا اے باپ یہ بیان ہے میرے اس پہلے خواب کا اس کو میرے رب نے سچ کیا

حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ

اور مجھ سے اس نے خوبی کی جب مجھ کو نکالا قید سے اور تم کو لے آیا گاؤں سے

مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِمَا

بعد اس کے کہ جھگڑا اٹھا دیا شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں میرا رب تدبیر سے کرتا ہے جو

يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي

چاہے بیشک وہی ہے خبردار حکمتوں والا اے رب تو نے دی مجھ کو کچھ حکومت اور سکھایا مجھ کو

مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا

کچھ پھیر باتوں کا اے پیدا کرنے والے آسمان اور زمین کے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا

ف۱ ہر مرض دفع کی اللہ کے ہاں دوا ہے آنکھیں گئی تھیں ایک شخص کے فراق میں اسی کے بدن کی چیز سے چنگی ہوئیں یہ کرامت تھی حضرت یوسف علیہ السلام کی ۱۲ منہ رح

ف۲ حضرت یوسف نے کرتا اور سواری اور خرچ بھیجا اپنے غلام کے ہاتھ اس نے آ کر کرتا منہ پر ڈالا اور خوش خبری دی اسی وقت آنکھیں کھل گئیں ۱۲ منہ

ف۳ باہر شہر سے استقبال کو نکلے وہاں یہ کہا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

اور آخرت میں موت دے مجھ کو اسلام پر اور ملا مجھ کو نیک بختوں میں یہ خبریں ہیں

الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْۤا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ

غیب کی ہم بھیجتے ہیں تجھ کو اور تو نہ تھا ان کے پاس جب ٹھہرانے لگے اپنا کام اور فریب کرنے لگے

وَمَاۤ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ ○ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ

اور نہیں اکثر لوگ یقین لانے والے اگرچہ تو کتنا ہی چاہے اور تو مانگتا نہیں ان سے اس پر کچھ نیگ

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ وَكَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

یہ تو اور کچھ نہیں مگر نصیحت سارے عالم کو اور بہتیری نشانیاں ہیں آسمان اور زمین میں

یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ○ وَمَا یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

جن پر ہو کر نکلتے ہیں اور ان پر دھیان نہیں کرتے اور یقین نہیں لاتے بہت لوگ اللہ پر مگر ساتھ

مُّشْرِكُوْنَ ○ اَفَاَمِنُوْۤا اَنْ تَاْتِیَهُمْ غَاشِیَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِیَهُمُ

شریک بھی کرتے ہیں ف۳ کیا نڈر ہوئے ہیں کہ آ ڈھانکے انکو ایک آفت اللہ کے عذاب کی یا آ پہنچے

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ○ قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْۤ اَدْعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ ؔ عَلٰی

قیامت اچانک اور ان کو خبر نہ ہو کہہ یہ میری راہ ہے بلاتا ہوں اللہ کی طرف

بَصِیْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ○ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا

سمجھ بوجھ کر میں اور جو میرے ساتھ ہے اور اللہ پاک ہے اور میں نہیں شریک بنانے والا اور جتنے بھیجے ہم نے

مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْۤ اِلَیْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰی ؕ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی

تجھ سے پہلے یہی مرد تھے کہ حکم بھیجتے تھے ہم ان کو بستیوں کے رہنے والے سو کیا یہ لوگ نہیں پھرے

الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

ملک میں کہ دیکھیں کیسا ہوا آخر ان کا جو ان سے پہلے تھے اور پچھلا گھر

خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ حَتّٰۤی اِذَا اسْتَیْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ

تو بہتر ہے پرہیزگاروں کو اب کیا تم نہیں بوجھتے یہاں تک کہ جب ناامید ہونے لگے رسول اور خیال کرنے لگے

قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ

کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا پہنچی ان کو مدد ہماری پھر بچا دیا جن کو ہم نے چاہا اور پھیری نہیں جاتی آفت ہماری قوم

الْمُجْرِمِیْنَ ○ لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِیْثًا

گنہگار سے البتہ ان کے احوال سے اپنا حال قیاس کرنا ہے عقل والوں کو کچھ بات بنائی

یُّفْتَرٰی وَلٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ

ہوئی نہیں لیکن موافق اس کلام کے جو اس سے پہلے ہے اور کھولنا ہر چیز کا اور

موضح القرآن

ف۱ علم کامل پایا وہ کامل پائی اب شوق ہوا چھپ جانے کا حضرت یعقوب کی محنت کی تکمیل ہے دنیا کے کام میں پیچھے پڑنے اختیار سے چھوڑ دی ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی یہ مذکور توریت میں اور پہلی کتابوں میں بھی نہیں جانتے ہو

ف۳ یعنی منہ سے سب کہتے ہیں کہ خالق اللہ سب کا وہی ہے پھر اوروں کو پوجتے ہیں ۱۲ منہ رحمہ نقلا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

سورة الرعد مكية وهي ثلث واربعون اية وستة ركوعات

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ ع

بھجائی اور مہربانی ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ

یہ آیتیں ہیں کتاب کی اور جو کچھ اترا تجھ کو تیرے رب سے سو ٹھیک ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

بہت لوگ نہیں مانتے اللہ وہ ہے جس نے اونچے بنائے آسمان بے ستون دیکھتے ہو

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

پھر قائم ہوا عرش پر اور کام لگایا سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہری مدت تک

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ

تدبیر کرتا ہے کام کی کھولتا ہے نشانیاں شاید تم اپنے رب سے ملنا یقین کرو ف اور وہی ہے جس نے

مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ

پھیلائی زمین اور رکھے اس میں بوجھ اور ندیاں اور ہر میوے کے رکھے

فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اس میں جوڑے دوہرے ڈھانکتا ہے دن پر رات اس میں نشانیاں ہیں ان کو جو

يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّ

دھیان کرتے ہیں ف اور زمین میں کئی کھیت ہیں ملے ہوئے اور باغ ہیں انگور کے اور

زَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۟ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا

کھیتی اور کھجوریں جڑ ملی اور بے ملی پلتے ہیں ایک پانی اور ہم زیادہ کرتے ہیں ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ

ایک سے میوے میں اس میں نشانیاں ہیں ان کو جو بوجھتے ہیں اور اگر تو اچنبے کی

فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

بات چاہے تو اچنبا ہے ان کا کہنا کیا جب ہوگئے ہم مٹی کیا ہم نئے بنیں گے وہی ہیں جو منکر ہوئے

بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

اپنے رب سے اور وہی ہیں کہ طوق ہیں ان کی گردنوں میں اور وہ ہیں دوزخ والے وہ اسی میں

خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ

رہا کریں گے اور شتاب چاہتے ہیں تجھ سے برائی آگے بھلائی سے اور ہو چکی ہیں

موضح القرآن

ف چلتا ہے ٹھیری مدت تک یعنی قیامت تک سورج ایک برس اور چاند ایک مہینے تک پھر نیا دور شروع کرتے ہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف ہر میوے کے جوڑے یعنی ایک قسم کامل ایک قسم ناقص اور رات دن ایک اندھیرا ایک اجالا اور رنگا رنگ چیز زمین بنائی نشان ہے کہ اپنی خوشی سے بنایا اگر ہر چیز خاصیت سے ہوتی تو ایک سی ہوتی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ وَاِنَّ

ان سے پہلے ہوچکی ہیں کہاوتیں اور تیرا رب معاف بھی کرتا ہے لوگوں کو ان کی گنہگاری پر اور تیرے

رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ

رب کی مار بھی سخت ہے اور کہتے ہیں منکر کیوں نہ اتری اس پر کوئی نشانی

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى

اس کے رب سے تو تو ڈر سنانے والا ہے اور ہر قوم کو ہوا ہے راہ بتانے والا اللہ جانتا ہے جو پیٹ میں رکھتی ہے ہر مادہ

وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ

اور جو سکڑتے ہیں پیٹ اور بڑھتے ہیں اور ہر چیز کا ہے اس کے پاس اندازہ جاننے والا

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ

چھپے اور کھلے کا سب سے بڑا برتر برابر ہے تم میں جو چھپے بات کہے اور جو

جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ

پکار کر کہے اور جو چھپ رہا ہے رات میں اور گلیوں میں پھرتا ہے دن کو اس کے پہرے والے ہیں

بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا

بندے کے آگے سے اور پیچھے سے اس کو بچاتے ہیں اللہ کے حکم سے اللہ نہیں بدلتا جو

بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَ

کسی قوم کو جب تک وہ نہ بدلیں جو ان کے جیوں میں ہے اور جب چاہے اللہ کسی قوم پر برائی پھر وہ نہیں پھرتی اور

مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّ

کوئی نہیں ان کا اس کے سوائے مددگار وہی ہے کہ تم کو دکھاتا ہے بجلی ڈر کو اور امید کو اور

يُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

اٹھاتا ہے بدلیاں بھاری اور پڑھتا ہے گرجنے والا خوبیاں اس کی اور سب فرشتے اس کے ڈر سے

وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَ

اور بھیجتا ہے کڑکے پھر ڈالتا ہے جس پر چاہے اور یہ لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں اور

هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا

اس کی آن سخت ہے اسی کو پکارنا سچ ہے اور جن کو پکارتے ہیں اس کے سوا نہیں

يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ

پہنچتے ان کے کام پر کچھ مگر جیسے کوئی پھیلا رہا دونوں ہاتھ پانی کی طرف کہ آ پہنچے اس کے منہ تک اور وہ کبھی نہ

بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

پہنچے گا اور جتنی پکار ہے منکروں کی سب بھٹکتی پھرتی ہے اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو کوئی ہے آسمانوں اور

تفسیر القرآن

والعین یعنی اللہ اپنی مہربانی اور مہربانی سے محروم نہیں کرتا کسی قوم کو جو ہمیشہ اس کی طرف سے رہی ہے جب تک وہ اپنی چال اللہ کے ساتھ نہ بدلیں ١٢ منہ رحمہ

کافر جن کو پکارتے ہیں بعضے خیال ہیں اور بعضے جن ہیں اور بعضی چیزیں ہیں کہ ان میں کچھ خواص ہیں لیکن اپنے خواص کی مالک نہیں پھر کیا حاصل ان کا پکارنا جیسے آگ یا پانی اور شاید ستارے بھی اسی قسم میں ہوں ایسی کی مثال فرمائی ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الارض طوعا وكرها وظللهم بالغدو والاصال ۞ قل من رب السموت
زمین میں خوشی سے اور زور سے اور ان کی پرچھائیاں صبح اور شام پوچھ کون ہے رب آسمان

والارض قل الله قل افاتخذتم من دونه اولياء لا يملكون
اور زمین کا کہہ اللہ کہہ پھر تم نے پکڑے ہیں اس کے سوا حمایتی جو مالک نہیں

لانفسهم نفعا ولا ضرا قل هل يستوي الاعمى والبصير ام هل
اپنے بھلے برے کے کہہ کوئی برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھتا یا کہیں

تستوي الظلمت والنور ام جعلوا لله شركاء خلقوا كخلقه فتشابه
برابر ہے اندھیرا اور اوجالا یا ٹھہرائے ہیں انہوں نے اللہ کے شریک کہ انہوں نے کچھ بنایا ہے جیسے بنایا اللہ نے پھر مشتبہ ہو گئی

الخلق عليهم قل الله خالق كل شيء وهو الواحد القهار ۞ انزل من
پیدائش ان کی نظر میں کہہ اللہ ہے بنانے والا ہر چیز کا اور وہی ہے اکیلا زبردست اتارا

السماء ماء فسالت اودية بقدرها فاحتمل السيل زبدا رابيا ومما
آسمان سے پانی پھر بہے نالے اپنے اپنے موافق پھر اوپر لے آیا وہ نالا جھاگ پھولا ہوا اور جس چیز کو

يوقدون عليه في النار ابتغاء حلية او متاع زبد مثله كذلك
دھونکتے ہیں آگ میں واسطے زیور کے یا اسباب کے اس میں بھی جھاگ ہے ویسا ہی یوں

يضرب الله الحق والباطل فاما الزبد فيذهب جفاء واما ما ينفع
بتلاتا ہے اللہ صحیح اور غلط سو وہ جو جھاگ ہے سو جاتا رہتا ہے سوکھ کر اور وہ جو کام آتا ہے

الناس فيمكث في الارض كذلك يضرب الله الامثال ۞ للذين
لوگوں کے سو رہتا ہے زمین میں یوں بتاتا ہے اللہ کہاوتیں ف جنہوں نے

استجابوا لربهم الحسنى والذين لم يستجيبوا له لو ان لهم ما في
مانا ہے اپنے رب کا حکم ان کو بھلائی ہے اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر ان پاس ہو جتنا کچھ

الارض جميعا ومثله معه لافتدوا به اولئك لهم سوء الحساب ۞
زمین میں ہے سارا اور اس کے برابر ساتھ اس کے سب دیں اپنی چھڑوائی میں ان لوگوں کو ہے برا حساب

وماوىهم جهنم وبئس المهاد ۞ افمن يعلم انما انزل اليك من
اور ٹھکانا ان کا دوزخ ہے اور بری ہے تیاری بھلا جو شخص جانتا ہے کہ جو کچھ اترا تجھ کو تیرے رب سے

ربك الحق كمن هو اعمى انما يتذكر اولوا الالباب ۞ الذين يوفون
تحقیق ہے برابر ہوگا اس کے جو اندھا ہے وہی سمجھتے ہیں جن کو عقل ہے وہ جو پورا کرتے ہیں

بعهد الله ولا ينقضون الميثاق ۞ والذين يصلون ما امر الله به
اقرار اللہ کا اور نہیں توڑتے اقرار اور وہ کہ جوڑتے ہیں جو اللہ نے فرمایا

ف یعنی آسمان سے دین حق اترتا ہے تو ہر ایک اپنی استعداد کے موافق فیض لیتا ہے پھر حق اور باطل ٹھیرتا ہے تو میل ابھرتا ہے جیسے مینہ کا پانی زمین پہ مل کر یا جیسے تانبے کو دھونکا کر میل ابھرتا ہو آخر جھاگ کو بنیاد نہیں اور کام کی چیز کو بنیاد ہے یہ حق اور باطل ٹھیرا دنیا کی لڑائی مراد ہے آخر حق غالب ہو یا ہر ایک کے دل میں حق و باطل ٹھیرتا ہے آخر حق اس باطل کو مٹا کر صاف حق رہتا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۲ / ۱۲

أَن يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا

جوڑنا اور ڈرتے ہیں اپنے رب سے اور اندیشہ رکھتے ہیں برے حساب کا اور وہ جو ثابت رہے

ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً

چاہتے توجہ اپنے رب کی اور کھڑی رکھی نماز اور خرچ کیا ہمارے دیے میں سے چھپے اور کھلے

وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ

کرتے ہیں برائی کے مقابل بھلائی ان لوگوں کو ہے پچھلا گھر باغ ہیں رہنے کے

يَدْخُلُونَهَا وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَالْمَلَائِكَةُ

داخل ہوں گے ان میں اور وہ جو نیک ہوئے ان کے باپ دادوں میں اور جوروؤں میں اور اولادوں میں اور فرشتے

يَدْخُلُونَ عَلَيْهِم مِّن كُلِّ بَابٍ ۝ سَلَامٌ عَلَيْكُم بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

آتے ہیں ان پاس ہر دروازے سے کہتے ہیں سلامتی تم پر بدلے اس کے کہ تم ثابت رہے سو خوب ملا پچھلا گھر

وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ

اور جو لوگ توڑتے ہیں اقرار اللہ کا اس کو پکا کرکے اور کاٹتے ہیں جو چیز کہا اللہ نے اس کو

أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولَٰئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ۝

جوڑنا اور فساد اٹھاتے ہیں ملک میں ایسے لوگ ان کو ہے لعنت اور ان کو ہے برا گھر

اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ وَفَرِحُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا

اللہ کشادہ کرتا ہے روزی جس کو چاہے اور تنگ اور وہ ریجھے ہیں دنیا کی زندگی پر اور

الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ

دنیا کی زندگی کچھ نہیں آخرت کے حساب میں مگر تھوڑا برتنا اور کہتے ہیں منکر کیوں نہ اتری

عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ

اس پر کوئی نشانی اس کے رب سے کہہ اللہ بچلاتا ہے جس کو چاہے اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اس کو جو

أَنَابَ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ

رجوع ہوا وہ جو یقین لائے اور چین پکڑتے ہیں ان کے دل اللہ کی یاد سے سنتا ہے اللہ کی یاد ہی سے چین پاتے ہیں

الْقُلُوبُ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ۝ كَذَٰلِكَ

دل جو یقین لائے اور کیں نیکیاں خوبی ہے ان کو اور اچھا ٹھکانا اسی طرح

أَرْسَلْنَاكَ فِي أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهَا أُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِي أَوْحَيْنَا

تجھ کو بھیجا ہم نے ایک امت میں کہ ہو چکی ہیں اس سے پہلے امتیں تا سناوے ان کو جو حکم بھیجا ہم نے

إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَٰنِ ۚ قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

تیری طرف اور وہ منکر ہوتے ہیں رحمٰن سے تو کہہ وہی رب میرا کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا اسی پر میں نے بھروسا کیا ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی حق تعالیٰ کو ضرور نہیں کہ سب کو راہ پر لاوے نشانیاں بھیجکر ہر طرف ہدایت نہ بلکہ یہی منظور ہے کہ کوئی بھٹکے اور کوئی راہ پاوے سو جس کے دل میں رجوع آئی نشانی ہے کہ اس کو سوجھانا چاہا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۳ / ۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَإِلَيْهِ مَتَابِ ○ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ

اور اسی کی طرف آتا ہوں چھوٹ کر اور اگر کوئی قرآن ہوا ہوتا کہ چلے اس سے پہاڑ یا ٹکڑے ہووے اس سے زمین یا

كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَن لَّوْ يَشَاءُ

بولے اس سے مردے بلکہ اللہ کے ہاتھ ہیں سب کام سو کیا خاطر جمع نہیں ایمان والوں کو اس پر کہ اگر چاہے

اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُم بِمَا صَنَعُوا

اللہ راہ پر لاوے سب لوگ اور پہنچتا رہے گا منکروں کو ان کے کیے پر

قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِّن دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ

کھڑکا یا اترے گا نزدیک ان کے گھر سے جب تک پہنچے وعدہ اللہ کا بیشک اللہ خلاف نہیں کرتا

الْمِيعَادَ ○ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا

وعدہ اور ٹھٹھا کر چکے ہیں کتنے رسولوں سے تجھ سے آگے سو ڈھیل دی میں نے منکروں کو

ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ○ أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا

پھر ان کو پکڑا تو کیسا تھا میرا بدلا بھلا جو شخص لئے کھڑا ہے ہر کسی کے سر پر اس کا

كَسَبَتْ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ قُلْ سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي

کیا اور ٹھہراتے ہیں اللہ کے شریک کہہ ان کا نام لو یا اللہ کو جتاتے ہو جو وہ نہیں جانتا

الْأَرْضِ أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا

زمین میں یا کرتے ہو اوپر اوپر باتیں کوئی نہیں پر بھلے سوجھائے ہیں منکروں کو ان کے فریب اور روکے گئے ہیں

عَنِ السَّبِيلِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ○ لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ

راہ سے اور جس کو بچلاوے اللہ سو کوئی نہیں اس کو بتانے والا ان کو مار پڑتی ہے دنیا کی

الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَقُّ وَمَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ ○ مَثَلُ

زندگی میں اور آخرت کی مار تو بہت سخت ہے اور کوئی نہیں ان کو اللہ سے بچانے والا احوال

الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَائِمٌ

جنت کا جو کہ وعدہ ملا ہے ڈر والوں کو بہتی ہیں اس کے نیچے نہریں میوہ اس کا ہمیشہ ہے

وَظِلُّهَا تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ○ وَالَّذِينَ

اور سایہ یہ بدلا ہے ان کا جو بچتے رہے اور بدلا منکروں کا آگ ہے اور جن کو

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ

ہم نے دی ہے کتاب خوش ہوتے ہیں اس سے جو اترا تیری طرف اور بعضے فرقے نہیں مانتے اس کی

بَعْضَهُ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهِ إِلَيْهِ أَدْعُو وَ

بعضی بات کہہ مجھ کو یہی حکم ہوا کہ بندگی کروں اللہ کی اور شریک نہ کروں اس کے ساتھ اسی کی طرف بلاتا ہوں اور

موضح القرآن

ف۱ مسلمان چاہتے ہونگے کہ ایک نشانی بڑی سی آوے تو کافر مسلمان ہوں سو فرمایا اگر کسی قرآن سے یہ کام ہوتے ہوتے تو اسی سے ہوتے لیکن اختیار اللہ کا ہے اور خاطر جمع اسی پر چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے نہیں چاہا اگر چاہتا تو حکم کرتا لیکن کافر مسلمان یوں ہونگے کہ ان پر آفت پڑتی رہے گی ان پر پڑے یا ہمسائے پر جب تک سارے عرب یہاں میں آجاویں وہ آفت یہی جہاد مسلمانوں کے ہاتھ سے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۵ ۱۰

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۝ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ

اس کے مرے پر جو بتاتا ہے اور آویگا ہم پاس اکیلا اور پکڑا ہے لوگوں نے اللہ کے سوا اور ٹھاکر تا کہ وہ ہوں ان کی

عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّا

مدد یوں نہیں وہ منکر ہوں گے ان کی بندگی سے اور ہو جاویں گے ان کے مخالف تو نے نہیں دیکھا کہ

أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ۝ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّمَا

ہم نے چھوڑ رکھے ہیں شیطان منکروں پر اچھالتے ہیں ان کو ابھار کر سو تو جلدی نہ کر ان پر ہم تو

نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ۝ وَنَسُوقُ

پوری کرتے ہیں ان کی گنتی جس دن ہم اکٹھا کر لاویں گے پرہیزگاروں کو رحمن کے پاس مہمان بلائے اور ہانک لیجاوینگے

الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝ لَّا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ

گناہگاروں کو دوزخ کی طرف پیاسے نہیں اختیار رکھتے لوگ سفارش کا مگر جس نے لیا ہے

الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۝ لَّقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ۝ تَكَادُ

رحمن سے اقرار ف اور لوگ کہتے ہیں رحمن رکھتا ہے اولاد تم آ گئے ہو بھاری چیز میں ف بھی

موضح القرآن

ف یعنی جس کو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کرے گا ۱۲ منہ رحمہ اللہ

ف یعنی بھاری گناہ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۵

وقف لازم ۔ وقف لازم

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۙ اَنْ
آسمان پھٹ پڑیں اس بات سے اور ٹکڑے ہو زمین اور گر پڑیں پہاڑ ڈھے کر اس پر کہ

دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۚ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۭ اِنْ كُلُّ
پکارتے ہیں رحمٰن کے نام پر اولاد اور نہیں بن آتا رحمٰن کو کہ رکھے اولاد کوئی نہیں

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۭ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ
آسمان اور زمین میں جو نہ آوے رحمٰن کا بندہ ہو کر اس پاس ان کا شمار ہے

وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۭ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۙ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور گن رکھی ہے ان کی گنتی اور ہر کوئی ان میں آوے گا اس پاس قیامت کے دن اکیلا البتہ جو یقین لائے ہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۙ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ
اور کیں ہیں انہوں نے نیکیاں ان کو دے گا رحمٰن محبت ف سو ہم نے آسان کیا یہ قرآن

لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۙ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ
تیری زبان میں اسی واسطے کہ خوشی سنا دے تو ڈر والوں کو اور ڈرا دے جھگڑالو لوگوں کو اور کتنی کھپا چکے ہم ان سے پہلے

مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا
سنگتیں آہٹ پاتا ہے ان میں تو کسی کی یا سنتا ہے ان کی بھنک

سورۃ طٰہٰ مکیۃ وھی مائۃ وخمس وثلثون آیۃ وثمان رکوعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

طٰهٰ ۚ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓي ۙ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۙ تَنْزِيْلًا
اس واسطے نہیں اتارا ہم نے تجھ پر قرآن کہ تو محنت میں پڑے مگر نصیحت کے واسطے جس کو ڈر ہے اوتارا ہے

مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۭ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۭ لَهٗ
اس شخص کا جس نے بنائی زمین اور آسمان اونچے وہ بڑی مہر والا تخت کے اوپر قائم ہوا اسی کا ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۭ وَاِنْ تَجْهَرْ
جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور ان دونوں کے بیچ اور نیچے گیلی زمین کے اور اگر تو بات کہے

بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۭ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ
پکار کر تو اس کو خبر ہے چھپے کی اور اس سے چھپے کی ف اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں کسی کی اسی کے ہیں سب نام خاصے

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ
اور پہنچی ہے تجھ کو بات موسیٰ کی جب اس نے دیکھی ایک آگ تو کہا اپنے گھر والوں کو ٹھہرو میں نے

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَي النَّارِ هُدًى ۙ فَلَمَّا
دیکھی ہے ایک آگ شاید لے آؤں تم پاس اس میں سے سلگا کر یا پاؤں اس آگ پر راہ کا پتہ پھر جب

موضح القرآن

ف یعنی ان سے محبت کرے گا یا ان کے دل میں اپنی محبت پیدا کرے گا۔ یا خلق کے دل میں ان کی محبت ڈالے گا۔ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۶

ف چھپا چاہتہ بولے اور اس سے چھپا جو دل میں ہو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ رب اغفر لکاتبہ

وقف لازم

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَلَمَّا أَتٰهَا نُودِيَ يٰمُوسٰى ۝ إِنِّيٓ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ

پھر جب پہنچا اس کے پاس آواز آئی اے موسیٰ میں ہوں تیرا رب سو اتار اپنی پاپوشیں تو ہے پاک میدان

طُوًى ۝ وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحٰى ۝ إِنَّنِيٓ أَنَا اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنَا

طویٰ میں اور میں نے تجھ کو پسند کیا سو تو سنتا رہ جو حکم ہو میں جو ہوں میں اللہ ہوں کسی کی بندگی نہیں سوا میرے

فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيٓ ۝ إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا

سو میری بندگی کر اور نماز کھڑی رکھ میری یاد کو قیامت مقرر آنی ہے میں چھپا رکھتا ہوں

لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ

تاکہ بدلا ملے ہر جی کو جو وہ کماتا ہے ف سو کہیں تجھ کو نہ روک دے اس سے وہ جو یقین نہیں رکھتا اسکا اور پیچھے ہو لیا

هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا

اپنی خواہش کے پھر تو ٹھکانا جاوے ف اور یہ کیا ہے تیرے داہنے ہاتھ میں اے موسیٰ بولا یہ میری لاٹھی ہے اس پر ٹیکتا ہوں

وَأَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرٰى ۝ قَالَ أَلْقِهَا يٰمُوسٰى ۝ فَأَلْقٰهَا

اور پتے جھاڑتا ہوں اس سے اپنی بکریوں پر اور میرے اس میں کتنے کام ہیں اور فرمایا ڈال دے اس کو اے موسیٰ تو اسکو ڈال دیا

فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى ۝

پھر تبھی وہ سانپ ہے دوڑتا فرمایا پکڑ لے اس کو اور نہ ڈر ہم پھیر دیں گے اس کو پہلی حال پر

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوٓءٍ آيَةً أُخْرٰى ۝

اور لگا لینا ہاتھ اپنے بازو سے کہ نکلے چٹا ہو کر نہ کچھ بری طرح ایک نشانی اور

لِنُرِيَكَ مِنْ آيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۝ اِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى ۝ قَالَ رَبِّ

کہ دکھاتے جاویں ہم تجھ کو اپنی نشانیاں بڑی جا طرف فرعون کے کہ اس نے سر اٹھایا بولا اے رب

اشْرَحْ لِي صَدْرِي ۝ وَيَسِّرْ لِيٓ أَمْرِي ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِي ۝

کشادہ کر میرا سینہ اور آسان کر میرا کام اور کھول گرہ میری زبان سے

يَفْقَهُوا قَوْلِي ۝ وَاجْعَلْ لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي ۝ هٰرُونَ أَخِي ۝ اشْدُدْ بِهٖٓ

کہ بوجھیں میری بات اور دے مجھ کو ایک کام بٹانے والا میرے گھر کا ہارون میرا بھائی اس سے مضبوط کر

أَزْرِي ۝ وَأَشْرِكْهُ فِيٓ أَمْرِي ۝ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ۝ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ۝

میری کمر اور شریک کر اس کو میرے کام کا کہ تیری پاک ذات کا بیان کریں ہم بہت سا اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت سا

إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيرًا ۝ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يٰمُوسٰى ۝ وَلَقَدْ مَنَنَّا

تو تو ہے ہم کو خوب دیکھتا فرمایا ملا تجھ کو تیرا سوال اے موسیٰ اور احسان کیا ہم نے

عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرٰىٓ ۝ إِذْ أَوْحَيْنَآ إِلٰىٓ أُمِّكَ مَا يُوحٰىٓ ۝ أَنِ اقْذِفِيهِ فِي

تجھ پر ایک بار اور جب حکم بھیجا ہم نے تیری ماں کو جو آگے سناتے ہیں کہ ڈال اس کو

موضح القرآن

ف حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی پہلے وحی میں نماز کا حکم ہے اور ہمارے پیغمبر کو بھی ف ربک فکبر اور قیامت کو چھپاتا ہوں یعنی وقت کسی کو نہیں بتاتا ۱۲ منہ

ف۲ نہ روک دے اس سے یعنی قیامت سے یقین لانے سے ۱۲ منہ

ف۳ ہے جب اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو بری کی صحبت سے منع کیا تو اور کون کیا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَ
صندوق میں پھر اس کو ڈالدے پانی میں پھر پانی اس کو ڈالے کنارے پر اٹھالے اس کو ایک دشمن میرا اور

عَدُوٌّ لَّهٗ ۚ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝ اِذْ تَمْشِيْ
اس کا اور ڈالدی میں نے تجھ پر محبت اپنی طرف سے اور تا تیار ہو میری آنکھ کے سامنے جب چلنے لگی

اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۚ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ
تیری بہن اور کہنے لگی میں بتاؤں تم کو ایک شخص کہ اس کو پالے پھر پہنچا دیا ہم نے تجھ کو تیری ماں پاس کہ ٹھنڈی رہے

عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ
اس کی آنکھ اور غم نہ کھاوے اور تونے مار ڈالی ایک جان پھر بچا نکالا ہم نے تجھ کو اس غم سے اور جانچا تجھ کو ایک جانچنا پھر ٹھیرا تو

سِنِيْنَ فِيْ اَهْلِ مَدْيَنَ ۚ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ۝ وَاصْطَنَعْتُكَ
کئی برس مدین والوں میں پھر آیا تو تقدیر سے اے موسیٰ اور بنایا میں نے تجھ کو خاص

لِنَفْسِيْ ۝ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ۝ اِذْهَبَآ اِلٰى
اپنے واسطے جا تو اور تیرا بھائی لے کر میری نشانیاں اور سستی نہ کرو میری یاد میں جاؤ طرف

فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ۝ قَالَا رَبَّنَآ
فرعون کے اس نے سر اٹھایا سو کہو اس سے بات نرم شاید وہ سوچ کرے یا ڈرے بولے اے رب

اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ
ہمارے ہم ڈرتے ہیں کہ بھبکے ہم پر یا جوش میں آوے فرمایا نہ ڈرو میں ساتھ ہوں تمہارے سنتا ہوں

وَاَرٰى ۝ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَلَا
اور دیکھتا سو جاؤ اس پاس اور کہو ہم دونوں بھیجے ہیں تیرے رب کے سو بھیج دے ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو اور نہ

تُعَذِّبْهُمْ ۚ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۝ اِنَّا
ستا ان کو ہم آئے ہیں تیرے پاس نشانی لے کر تیرے رب کی اور سلامتی ہو اس کی جو مانے راہ کی بات ہم کو

قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى
حکم ہوا ہے کہ عذاب اس پر ہے جو جھٹلاوے اور منہ پھیرے بولا پھر کون ہے صاحب تم دونوں کا اے موسیٰ

قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ
کہا صاحب ہمارا وہ ہے جس نے دی ہر چیز کو اس کی صورت پھر راہ سوجھائی بولا پھر کیا حقیقت ہے ان پہلی

الْاُوْلٰى ۝ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ۝ الَّذِيْ
سنگتوں کی کہا ان کی خبر میرے رب کے پاس لکھی ہے نہ بھٹکتا ہے میرا رب نہ بھولتا ہے وہ

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
جس نے بنا دی تم کو زمین بچھونا اور چلا دیں تم کو اس میں راہیں اور اتارا آسمان سے پانی

وقف لازم موضح القرآن

ف فرعون شاید وہ بڑی مزاج تھا آدمی کی پیدائش سمجھتا تھا جیسے برسات کا سبزہ نہ اول کسی نے پیدا کیا آپ ہی پیدا ہو گیا نہ آخر باقی رہا گل کر مٹی ہو گیا جب سنا کہ سب کے سر پر ایک رب ہے تب پوچھا کہ اگلی خلق کہاں گئی بتایا کہ ان کا حساب لکھا ہوا موجود ہے ایک ایک آدمی پھر حاضر ہوگا ١٢ منہ رح

فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ۝ كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

پھر نکالا ہم نے اس سے بھانت بھانت سبزہ کھاؤ اور چراؤ اپنے چوپایوں کو البتہ اس میں بہت سی

لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ۝٤ مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً

نشانیاں ہیں عقل رکھنے والوں کو اسی زمین سے ہم نے تم کو بنایا اور اسی میں تم کو پھر ڈالتے ہیں اور اسی سے نکالیں گے تم کو

أُخْرَىٰ ۝ وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ۝ قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ

دوسری بار اور ہم نے اس کو دکھادیں اپنی سب نشانیاں پھر جھٹلایا اور نہ مانا بولا کیا تو آیا ہے ہم کو نکالنے کو ہمارے

أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ۝ فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا

ملک سے اپنے جادو سے اے موسیٰ سو ہم بھی لاویں گے تجھ پر ایک ایسا ہی جادو سو ٹھیرا ہمارے اور اپنے بیچ ایک وعدہ

لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنتَ مَكَانًا سُوًى ۝ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن

نہ تفاوت کریں اس سے ہم اور نہ تو ایک میدان صاف میں کہا وعدہ تمہارا ہے جشن کا دن اور یہ کہ

يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝ فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ۝ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ

جمع ہوں لوگ دن چڑھے پھر الٹا پھرا فرعون پھر اکٹھے کیے اپنے سارے داؤ پھر آیا کہا ان کو موسیٰ نے

وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُم بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ۝

کم بختی تمہاری جھوٹ نہ بولو اللہ پر پھر کھپا دے تم کو کسی آفت سے اور مراد کو نہیں پہنچا جس نے جھوٹ باندھا ف

فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ۝ قَالُوا إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ

پھر جھگڑے اپنے کام پر آپس میں اور چھپ کر کی مشورت بولے یہ دونوں مقرر جادوگر ہیں چاہتے ہیں

أَن يُخْرِجَاكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ۝ فَأَجْمِعُوا

کہ نکال دیں تم کو تمہارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے اور اٹھادیں تمہاری راہ خاصی سو مقرر کرو

كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَن

اپنی تدبیر پھر آؤ قطار باندھ کر اور جیت گیا آج جو اوپر رہا بولے اے موسیٰ یا تو

تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ ۝ قَالَ بَلْ أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ

تو ڈال اور یا ہم ہوں پہلے ڈالنے والے کہا نہیں تم ڈالو پھر تب ہی ان کی رسیاں اور لاٹھیاں اُن کی

يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ۝ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ۝

خیال میں آئیں ان کے جادو سے کہ دوڑتی ہیں پھر پانے لگا اپنے جی میں ڈر موسیٰ

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ۝ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا

ہم نے کہا تو نہ ڈر مقرر تو ہی رہے گا اوپر اور ڈال جو تیرے داہنے ہاتھ میں ہے کہ نگل جاوے جو انہوں نے بنایا ان کا

صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ۝ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا

بنایا تو فریب ہے جادوگر کا اور جادوگر نہیں کام کا نکلتا جہاں آیا پھر گر پڑے جادوگر سجدے میں بولے

ع

نصف القرآن

ف جب فرعون نے ساحر جمع کئے اور سب امیروں کو اسی بات پر اٹھایا تب حضرت موسیٰ نے ہر شخص کو نصیحت کردی جدا جدا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ

ہم یقین لائے رب پر ہارون اور موسیٰ کے — بولا فرعون تم نے اس کو مان لیا ابھی میں نے حکم نہ دیا تھا — وہی تمہارا بڑا ہے

الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ

جس نے سکھایا تم کو جادو — سو اب کٹواؤں گا میں تمہارے ہاتھ اور دوسرے پاؤں اور

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ؗ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ۝

سولی دوں گا تم کو کھجور کے ٹھنڈ پر — اور جان لوگے ہم میں کس کی مار سخت ہے اور دیر تک رہتی ہے

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ

وہ بولے ہم تجھ کو زیادہ نہ سمجھیں گے اس چیز سے جو پہنچی ہم کو صاف دلیل اور اس سے جس نے ہم کو بنایا سو تو کر چک

اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا

جو کرتا ہے — تو یہی کرے گا اس دنیا کی زندگی میں — ہم یقین لائے ہیں اپنے رب پر تاکہ بخشے ہم کو ہماری

خَطٰيٰنَا وَمَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ

تقصیریں اور جو تو نے کروایا ہم سے زور آوری یہ جادو — اور اللہ بہتر ہے اور دیر رہنے والا [1] مقرر ہے جو کوئی آیا ہے

رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ

اپنے رب پاس گنہگار ہو کر سو اس کے واسطے دوزخ ہے نہ مرے اس میں نہ جیوے — اور جو آیا اس پاس ایمان سے کر کے

عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ

نیکیاں سو ان لوگوں کے ہیں درجے بلند — باغ ہیں بسنے کے بہتی ان کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى

نیچے سے نہریں رہا کریں گے ان میں اور یہ بدلا ہے اس کا جو پاک ہوا — اور ہم نے حکم بھیجا

مُوْسٰۤى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا

موسیٰ کو کہ لے نکل میرے بندوں کو رات سے پھر ڈال دے ان کو سمندر کی راہ میں سوکھی نہ خطرہ تجھ کو آپکڑنے کا

وَّلَا تَخْشٰى ۝ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ؕ

اور نہ ڈر — پھر پیچھے لگا ان کے فرعون اپنے لشکر لے کر پھر گھیر لیا ان کو پانی نے جیسا گھیر لیا

وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ

اور بہکایا فرعون نے اپنی قوم کو اور نہ سوجھایا — اے اولاد اسرائیل چھڑا دیا ہم نے تم کو تمہارے دشمن سے

وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝ كُلُوْا

اور وعدہ رکھا تم سے داہنی طرف پہاڑ کے اور اتارا تم پر من اور سلوی — کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ

ستھری چیزیں جو روزی دی ہم نے تم کو اور نہ کرو اس میں زیادتی پھر اترے تم پر میرا غصہ اور جس پر

فوائد القرآن

[1] ف تمہارا بڑا جس نے جادو سکھایا یعنی شاید موسیٰ سب کو سکھا گیا — کہنے لگا ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

[2] ف زور آوری سے کروایا یعنی جادوگر حضرت موسیٰ ع کے نشان دیکھ کر سمجھ گئے تھے کہ یہ جادو نہیں مقابلہ نہ کرتے پھر فرعون کی خاطر کیا — شاید فرعون جو ڈراتا تھا سو نہ کر سکا ویسے ڈر گیا موسیٰ ع کی نشانی سے ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِىْ فَقَدْ هَوٰى ۝ وَاِنِّىْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

اترا میرا غصہ وہ بٹکا گیا ف اور میری بڑی بخشش ہے اس پر جو توبہ کرے اور یقین لاوے اور کرے

صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۝ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ۝ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى

بھلا کام پھر راہ پر رہے اور کیوں جلدی کی تو نے اپنی قوم سے اے موسیٰ ؑ بولا وہ یہ ہیں میرے پیچھے

اَثَرِىْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ۝ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ

اور میں جلدی آیا تیری طرف اے رب میرے کہ تو راضی ہو فرمایا ہم نے تو جانچا دیا تیری قوم کو تیرے پیچھے

وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِىُّ ۝ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ

اور بہکایا ان کو سامری نے پھر الٹا پھرا موسیٰ ؑ اپنی قوم پاس غصے بھرا پچھتاتا ہوا کہا

يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ

اے قوم تم کو وعدہ نہ دیا تھا تمہارے رب نے اچھا وعدہ ف کیا لمبی ہو گئی تم پر مدت یا چاہا تم نے

اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِىْ ۝ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا

کہ نازل ہو تم پر غضب تمہارے رب کا اس سے خلاف کیا تم نے میرا وعدہ بولے ہم نے خلاف نہیں کیا

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ

تیرا وعدہ اپنے اختیار سے ولیکن اٹھائے ہمنے بوجھ گہنے سے اس قوم کے سو ہم نے وہ پھینکدیئے پھر یہ نقشہ

اَلْقَى السَّامِرِىُّ ۝ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ

ڈالا سامری نے پھر بنا نکالا ان کے واسطے ایک بچھڑا ایک دھڑ جسمیں چلانا گائے کا پھر کہنے لگے یہ صاحب تمہارا

وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۬ فَنَسِىَ ۝ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۬ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ

اور صاحب موسیٰ ؑ کا سو وہ بھول گیا بھلا یہ نہیں دیکھتے کہ وہ جواب نہیں دیتا ان کو کسی بات کا اور اختیار نہیں رکھتا ان کے

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۝ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَ

برے کا نہ بھلے کا اور کہا تھا ان کو ہارون نے پہلے سے اے قوم اور کچھ نہیں تم کو بہکا دیا ہے اس سے اور

اِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِىْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِىْ ۝ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ

تمہارا رب رحمٰن ہے سو میری راہ چلو اور مانو بات میری بولے ہم رہیں گے اسی پر لگے بیٹھے

حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ۝ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ۝ اَلَّا

جب تک پھر آوے ہم پاس موسیٰ کہا موسیٰ نے اے ہارون تجھ کو کیا اٹکاؤ تھا جب دیکھا تو نے کہ وہ بہکے تو میرے

تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِىْ ۝ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِىْ وَلَا بِرَاْسِىْ ۚ اِنِّىْ

پیچھے نہ آیا کیا تو نے رد کیا میرا حکم وہ بولا اے میری ماں کے جنے نہ پکڑ میری ڈاڑھی نہ سر میں

خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِىْ ۝ قَالَ

ڈرا کہ تو کہے گا پھوٹ ڈالدی تو نے بنی اسرائیل میں اور یاد نہ رکھی میری بات کہا

موضح القرآن

ف زیادتی نہ کرو یعنی رکھ نہ چھوڑو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف وعدہ توریت دینے کا حضرت موسیٰ قوم سے تیس ۳۰ دن کا وعدہ کر گئے تھے پہاڑ پر وہاں چالیس دن لگ گئے پیچھے بچھڑا بنا کر پوجنے لگے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۴ ۱۳/۱۴

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ۝ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً
موسیٰ نے اب تیری کیا حقیقت ہے اے سامری بولا میں نے دیکھ لیا جو سب نے نہ دیکھا پھر بھر لی میں نے ایک مٹھی

مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ۝ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ
پاؤں کے نیچے سے اس بھیجے ہوئے کے پھر میں نے وہی ڈال دی اور یہی مصلحت دی مجھ کو میرے جی نے کہا موسیٰ نے چل تجھ کو

لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۠ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ
زندگی میں اتنا ہے کہ کہا کرے نہ چھیڑو اور تجھ کو ایک وعدہ ہے وہ تجھ سے خلاف نہ ہوگا اور دیکھ

اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ
اپنے معبود کو جس پر سارے دن لگا بیٹھا تھا ہم اس کو جلا دیں گے پھر بکھیر دیں گے دریا میں

نَسْفًا ۝ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ كَذٰلِكَ
اڑا کر تمہارا صاحب وہی اللہ ہے جس کے سوائے بندگی نہیں کسی کی سب چیز سما گئی ہے اس کے علم میں یوں سناتے

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ښ مَنْ
ہیں ہم تجھ کو احوال ان کے جو پہلے گذرے اور ہم نے دیا تجھ کو اپنے پاس سے ایک پڑھنا جو کوئی

اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ
منہ پھیرے اس سے سو اٹھاوے گا دن قیامت کے ایک بوجھ پڑے رہیں گے اس میں اور برا ہے ان پر قیامت

الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۝ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ۝
میں وہ بوجھ اٹھانے کا جس دن پھونکیں گے صور میں اور گھیر لاویں گے ہم گنہگاروں کو اس دن نیلی آنکھیں

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ
چپکے چپکے کہتے ہیں آپس میں دیر نہیں لگائی تم نے مگر دس دن ہم کو خوب معلوم ہے جو کہتے ہیں جب بولے گا

اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ۝ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ
ان میں اچھی راہ والا تم کو دیر نہیں لگی مگر ایک دن اور تجھ سے پوچھتے ہیں پہاڑوں کا حال سو تو کہہ

يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ
کہ ان کو بکھیر دے گا میرا رب اڑا کر پھر کر چھوڑے گا زمین کو چٹیل میدان نہ دیکھے تو اس میں موڑ

اَمْتًا ۝ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ
نہ ٹیلا اس دن پیچھے دوڑیں گے پکارنے والے کے ٹیڑھی نہیں جس کی بات اور دب جائیں آوازیں رحمن کے ڈر سے

فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝ يَوْمَىِٕذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ
پھر تو نہ سنے مگر کھسکھساتی آواز اس دن کام نہ آوے گی سفارش مگر جس کو حکم دیا رحمن نے

وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۝
اور پسند کی اس کی بات وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور پیچھے اور یہ قابو میں نہیں لاتے اس کو دریافت کر کر

موضح القرآن

ف١ یعنی اندھیر اور شاید یونہی نیلی ہوں گی نمائی کے واسطے ١٢ منہ رح

ف٢ یعنی دنیا میں رہنا اتنا نظر آوے گا یا قبر میں رہنا ١٢ منہ رح

ف٣ ہم کو خوب معلوم ہے یعنی چپکے کہنا ہم سے نہیں چھپا ١٢ منہ رح

ف٤ یعنی اس کی سفارش چلیگی ٥ ع ١٥ ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ○ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ
اور گرتے ہیں منہ آگے اس جیتے ہمیشہ رہتے کے اور خراب ہوا جس نے بوجھ اٹھایا ظلم کا اور جو کوئی کرے کچھ

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ○ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا
بھلائیاں اور وہ یقین رکھتا ہو سو اس کو ڈر نہیں بے انصافی کا اور نہ دبانے کا اور اسی طرح اتارا ہم نے قرآن

عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ○
عربی زبان کا اور پھیر پھیر سنایا اس میں ڈر کا شاید وہ بچ چلیں یا ڈالے ان کے دل میں سوچ

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ
سو بلند درجہ اللہ کا اس سچے بادشاہ کا اور تو جلدی نہ کر قرآن لینے میں جب تک نہ پورا ہو چکے اس کا

وَحْيُهٗ ؗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ
اترنا اور کہہ اے رب زیادہ کر میری بوجھ لے اور ہم نے تقید کردیا آدم کو اس سے پہلے پھر بھول گیا

وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ○ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ
اور نہ پائی ہم نے اس میں کچھ ہمت اور جب کہا ہم نے فرشتوں کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدے میں گر پڑے مگر نہ مانا ابلیس

اَبٰى ○ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ
نے پھر کہدیا ہم نے اے آدم یہ دشمن تیرا ہے اور تیرے جوڑے کا سو نکلوا نہ دے تم کو بہشت سے

فَتَشْقٰى ○ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ۙ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ○
پھر تو تکلیف میں پڑیگا تجھ کو یہ ملا ہے کہ نہ بھوکا ہو تو اس میں نہ ننگا اور یہ کہ نہ پیاس کھینچے تو اس میں نہ دھوپ

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا
پھر جی میں ڈالا اس کے شیطان نے کہا اے آدم میں بتاؤں تجھ کو درخت سدا جینے کا اور بادشاہی جو

يَبْلٰى ○ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ
پرانی نہ ہو پھر دونوں کھا گئے اس میں سے پھر کھل گئیں ان پر ان کی بری چیزیں اور لگے گانٹھنے اپنے اوپر پتے

الْجَنَّةِ ؗ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ۝ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ○ قَالَ
بہشت کے اور حکم ٹالا آدم نے اپنے رب کا پھر راہ سے بہکا پھر نوازا اس کو اس کے رب نے پھر متوجہ ہوا اور راہ پر لایا فرمایا

اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ
اترو یہاں سے دونوں اکٹھے رہو ایک دوسرے کے دشمن پھر کبھی پہنچے تم کو میری طرف سے راہ کی خبر پھر جو چلا

اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ○ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ
میری بتائی راہ پر نہ وہ بہکیگا اور نہ وہ تکلیف میں پڑے گا اور جس نے منہ پھیرا میری یاد سے تو اس کو ملنی ہے

مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ○ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَ
گزران تنگی کی اور لادیں گے ہم اس کو قیامت کے دن اندھا وہ کہے گا اے رب میرے کیوں اٹھایا تو نے مجھ کو اندھا اور

موضح القرآن

ف حضرت جبریل علیہ السلام جب قرآن مجید لاتے حضرت ان کے پڑھنے کیساتھ آپ بھی پڑھنے لگتے کہ بھول نہ جاؤں اسکو پہلے منع فرمایا تھا سورۂ قیامۃ میں اور تسلی کردی تھی کہ اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں تک پہنچوانا ذمہ ہمارا ہے لیکن بندہ بشر ہے شاید بھول گئے ہوں پھر تقید کیا اور بھولنے پر مشل فرمائی آدم کی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۶ ۱۱ ۱۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قد كنت بصيرا ۝ قال كذلك اتتك ءايتنا فنسيتها وكذلك اليوم تنسى ۝

میں تو تھا دیکھتا فرمایا یوں ہی پہنچی تھیں تجھ کو ہماری آیتیں پھر تو نے ان کو بھلا دیا اور اسی طرح آج تجھ کو بھلا دینگے

وكذلك نجزي من أسرف ولم يؤمن بـايت ربه ولعذاب الآخرة أشد

اور اسی طرح بدلا دیں گے ہم اس کو جن نے ہاتھ چھوڑا اور یقین نہ لایا اپنے رب کی باتوں پر اور پچھلے گھیر کا عذاب سخت ہے

وأبقى ۝ أفلم يهد لهم كم أهلكنا قبلهم من القرون يمشون في

اور بہت دیر رہنے والا سو کیا ان کو سوجھ نہ آئی اس سے کہ کتنی کھپا دیں ہم نے پہلے ان سے سنگتیں یہ پھرتے ہیں

مسكنهم إن في ذلك لآيت لأولي النهى ۝ ولولا كلمة سبقت من

ان کے گھروں میں اس میں خوب پتے ہیں عقل رکھنے والوں کو اور کبھی نہ ہوتی ایک بات نکل گئی

ربك لكان لزاما وأجل مسمى ۝ فاصبر على ما يقولون وسبح بحمد

تیرے رب سے تو مقرر ہوتا بھینٹا اور جو نہ ہوتا وعدہ ٹھیرایا سو تو سہتا رہ جو کہیں اور پڑھتا رہ خوبیاں

ربك قبل طلوع الشمس وقبل غروبها ومن ءاناي الليل فسبح و

اپنے رب کی سورج نکلنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے اور کچھ گھڑیوں میں رات کے پڑھا کر اور

أطراف النهار لعلك ترضى ۝ ولا تمدن عينيك إلى ما متعنا به

دن کی حدوں پر شاید تو راضی ہوگا اور نہ پسار اپنی آنکھیں اس چیز پر جو برتنے کو دی ہم نے

أزواجا منهم زهرة الحيوة الدنيا لنفتنهم فيه ورزق ربك

ان بہانت بہانت لوگوں کو رونق دنیا کے جینے کی ان کے جانچنے کو اور تیرے رب کی دی روزی

خير وأبقى ۝ وأمر أهلك بالصلوة واصطبر عليها لا نسئلك رزقا

بہتر ہے اور دیر رہنے والی اور حکم کر اپنے گھر والوں کو نماز کا اور آپ قائم رہ اس پر ہم نہیں مانگتے تجھ سے روزی

نحن نرزقك والعاقبة للتقوى ۝ وقالوا لولا يأتينا بـاية من ربه

ہم روزی دیتے ہیں تجھ کو اور آخر بھلا ہے پرہیزگاری کا اور لوگ کہتے ہیں یہ کیوں نہیں لے آتا کوئی نشانی اپنے رب سے

أولم تأتهم بينة ما في الصحف الأولى ۝ ولو أنا أهلكنهم بعذاب

کیا پہنچ نہیں چکی ان کو نشانی اگلی کتابوں میں کی اور اگر ہم کھپا دیتے ان کو کسی آفت میں

من قبله لقالوا ربنا لولا أرسلت إلينا رسولا فنتبع ءايتك من

اس سے پہلے تو کہتے اے رب کیوں نہ بھیجا ہم تک کسی کو پیغام لے کر کہ ہم چلتے تیرے کلام پر

قبل أن نذل ونخزى ۝ قل كل متربص فتربصوا فستعلمون

ذلیل اور رسوا ہونے سے پہلے تو کہہ ہر کوئی راہ دیکھتا ہے سو تم راہ دیکھو آگے جان لوگے

من أصحب الصرط السوي ومن اهتدى ۝

کون ہیں سیدھی راہ والے اور کس نے راہ پائی

ع ۷ / ۱۷

موضح القرآن

ف۱ یعنی پہر پہر پڑھ تسبیح ۱۲ ع میں نمازوں کے سوائے پہلے پہر کے اور تو راضی ہو گا یعنی امت کو مدد ہو گی دنیا میں اور بخشش گناہ کی آخرت میں تیری سفارش سے ۱۲ منہ

ف۲ اور خاوند غلام سے روزی کمواتے ہیں وہ خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

سُورَةُ الْأَنْبِيَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَاثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً وَسَبْعُ رُكُوعَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ۝ مَا يَأْتِيهِم مِّن
نزدیک آ لگا لوگوں کو ان کے حساب کا وقت اور وہ بے خبر ٹلاتے ہیں کوئی نصیحت

ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ۝ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ
نہیں پہنچتی ان کو ان کے رب سے نئی مگر اس کو سنتے ہیں کھیل میں لگے ہوئے کھیل میں پڑے ہیں دل ان کے

وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ أَفَتَأْتُونَ
اور چھپکے مصلحت کی بے انصافوں نے یہ شخص کون ہے ایک آدمی ہے تم ہی سا پھر کیوں پڑتے ہو

السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ۝ قَالَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ
جادو میں آنکھوں دیکھتے اس نے کہا میرے رب کو خبر ہے بات کی آسمان میں ہو یا زمین میں

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ
اور وہ ہے سنتا جانتا یہ چھوڑ کر کہتے ہیں اڑتے خواب ہیں نہیں جھوٹ باندھ لیا ہے نہیں

شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ۝ مَا آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ
شعر کہتا ہے پھر چاہیئے لے آوے ہم پاس کوئی نشانی جیسے پیغام دئے ہیں پہلے نہیں مانا ان سے پہلے کسی بستی نے

أَهْلَكْنَاهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ
جو کھپائی ہم نے اب کوئی یہ مانیں گے اور پیغام نہیں بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے مگر یہی مردوں کے ہاتھ حکم بھیجتے تھے ہم ان کو

فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا
سو پوچھو یاد رکھنے والوں سے اگر تم نہیں جانتے اور نہ بنائے تھے ہم نے ایسے بدن

لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنَاهُمُ الْوَعْدَ فَأَنجَيْنَاهُمْ
کہ وہ کھانا نہ کھاویں اور نہ تھے وہ رہ جانے والے ف۱ پھر سچ کیا ہم نے ان سے وعدہ پھر بچا دیا ہم نے ان کو

وَمَن نَّشَاءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ۝ لَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيهِ
اور جس کو ہم نے چاہا اور کھپا دیئے ہاتھ چھوڑنے والے ہم نے اتاری ہے تم کو کتاب کہ اس میں

ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَ
تمہارا نام ہے کیا تم کو بوجھ نہیں اور کتنی توڑ ماریں ہم نے بستیاں جو تھیں گنہگار اور

أَنشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا آخَرِينَ ۝ فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ
اٹھا کھڑے کئے پیچھے اور لوگ پھر جب آہٹ پائی ہماری آفت کی تب لگے وہاں سے ایڑ کرنے ف۲

لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ ۝
ایڑ مت کرو اور پھر جاؤ جہاں تم کو عیش ملا تھا اور اپنے گھروں میں شاید کوئی تم کو پوچھے

ترجمہ القرآن

ف۱ یعنی موت بھی آئی ان کو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ لا ترکضوا الخ سے ارشاد ہوا ہے کہ یہ نیلوں کا فر اپنے جاہ وحشم پر مغرور تھے اس لئے اللہ تعالیٰ بطور استہزا کے فرمائیگا کہ اگر تم سے ہو سکے تو دنیا اور دنیا کی سی عیش و عشرت میں اپ ہو جاؤ شاید تمہارے مال و عزت کی وجہ سے کوئی غمخوار کے طور پر تمہاری احوال پرسی کرے ۱۲ منہ

ع ۱

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ

کہنے لگے اے خرابی ہماری ہم تھے بیشک گنہگار پھر یہی رہی ان کی پکار جب تک ڈھیر کر دیئے کاٹ کر

حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝

بجھے پڑے اور ہم نے نہیں بنایا آسمان اور زمین اور جو ان کے بیچ ہے کھیلتے

لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ بَلْ

اگر ہم چاہتے کہ بنالیں کچھ کھلونا تو بنا لیتے ہم اپنے پاس سے اگر ہم کو کرنا ہوتا یوں

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ

نہیں پر ہم پھینک مارتے ہیں سچ کو جھوٹ پر پھر وہ اس کا سر پھوڑ ڈالتا ہے پھر تب وہ سٹک جاتا ہے اور تم کو خرابی ہے ان باتوں سے

مِمَّا تَصِفُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا

جو بتلاتے ہو اور اسی کا ہے جو کوئی ہے آسمان و زمین میں اور جو اس کے نزدیک رہتے ہیں

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۝ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

بڑائی نہیں کرتے اس کی عبادت سے اور نہیں کرتے کاہلی یاد کرتے ہیں رات اور دن

لَا يَفْتُرُوْنَ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ

نہیں تھکتے کیا ٹھیرائے ہیں انہوں نے اور صاحب زمین میں کے وہ اٹھا کھڑا کریں گے ف اگر ہوتے

فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

ان دونوں میں اور حاکم سوا اللہ کے تو دونوں خراب ہوتے سو پاک ہے اللہ تخت کا صاحب ان باتوں سے جو بتاتے ہیں

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً

اس سے پوچھا نہ جاوے جو وہ کرے اور ان سے پوچھا جاوے کیا پکڑے ہیں انہوں نے اس سے ورے اور صاحب

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

تو کہہ لاؤ اپنی سند یہی بات ہے میرے ساتھ والوں کی اور مجھ سے پہلوں کی کوئی نہیں پر وہ بہت لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ

نہیں سمجھتے سچی بات پھر ٹلاتے ہیں ع۳ اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے کوئی

رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ

رسول مگر اس کو یہی حکم بھیجا کہ بات یوں ہے کہ کسی کی بندگی نہیں سوائے میرے سو میری بندگی کرو اور کہتے ہیں

الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۝ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ

رحمن نے کر لیا کوئی بیٹا وہ اس لائق نہیں لیکن وہ بندے ہیں جن کو عزت دی اس سے بڑھ کر نہیں بول سکتے

وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ

اور وہ اسی کے حکم پر کام کرتے ہیں اس کو معلوم ہے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے اور سفارش نہیں کرتے

موضح القرآن

ف یعنی اللہ تعالیٰ غیب سے ایک قدرت کا نمونہ بھیجتا ہے جھوٹ کی مٹانے کو ان کا طول کو تم کہتے ہو خدا کا بیٹا ۱۲ منہ رح ف۲ پہلے ان معبودوں کا ذکر فرمایا جو برابر خدا کے کوئی سمجھے اگر دو حکم ہوتے تو جہان خراب ہوتا اب ان کا فرمایا جو خدا کے نائب ٹھیراتے ہیں اس کو مالک کی سند چاہیے اس بغیر کیونکر نائب ہوتے ۱۲ منہ رح

رب اغفر لکاتبہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ○ وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ
مگر اس کی جس سے وہ راضی ہوا اور وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے ہیں اور جو کوئی ان میں کہے

ع ۲ إِنِّي إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿٤﴾
کہ میری بندگی ہے اس سے ورے سو اس کو ہم بدلا دیں دوزخ یہی ہم بدلا دیتے ہیں بے انصافوں کو

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا
اور کیا نہیں دیکھا ان منکروں نے کہ آسمان و زمین منہ بند تھے پھر ہم نے ان کو کھولا

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ○ وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ
اور بنائی ہم نے پانی سے جس چیز میں جی ہے پھر کیا یقین نہیں کرتے اور رکھے ہم نے زمین میں

رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ
بوجھ کبھی ان کو لے کر جھک پڑے اور رکھیں اس میں کشادہ راہیں شاید وہ راہ پاویں ف۱

وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا ۖ وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ ○ وَهُوَ
اور بنایا ہم نے آسمان کو چھت بچاؤ کی اور وہ اس کے نمونے دھیان میں نہیں لاتے ف۲ اور وہی ہے

الَّذِي خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ○
جس نے بنائے رات اور دن اور سورج اور چاند سب ایک ایک گھیر میں پھرتے ہیں

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ
اور نہیں دیا ہم نے تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ جینا پھر کیا اگر تو مر گیا تو وہ رہ جاویں گے

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا
ہر جی کو چکھنی ہے موت اور ہم تم کو جانچتے ہیں برائی سے اور بھلائی سے آزمانے کو اور ہماری طرف

تُرْجَعُونَ ○ وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا
پھر آ جاؤ گے اور جہاں تجھ کو دیکھا منکروں نے اور کام نہیں تجھ سے مگر ٹھٹھے میں پکڑنا کیا یہی

الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ○ خُلِقَ الْإِنسَانُ
شخص ہے کہ نام لیتا ہے تمہارے ٹھاکروں کا اور وہی رحمٰن کے نام سے منکر ہیں بنا ہے آدمی

مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ○ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا
شتابی کا اب دکھاتا ہوں تم کو اپنے نمونے سو مجھ سے جلدی مت کرو اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ

الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا
وعدہ اگر تم سچے ہو کبھی جانیں یہ منکر اس وقت کو

يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ
نہ روک سکیں گے اپنے منہ سے آگ اور نہ اپنی پیٹھ سے اور نہ ان کو مدد پہنچے گی

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو نہ بنتی بات کہاں تھی ۱۲ منہ رح

ف۲ بچاؤ کی چھت یعنے کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے تارے اور چاند اور رات اور دن ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بَلْ تَأْتِيهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ○
کوئی نہیں وہ آوے گی ان پر بے خبر پھر ان کے ہوش کھو دے گی پھر نہ سکیں گے کہ اس کو پھیر دیں نہ ان کو فرصت ملے گی

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا
اور ٹھٹھے ہو چکے ہیں کتنے رسولوں سے تجھ سے پہلے پھر الٹ پڑی ٹھٹھا کرنے والوں پر ان میں سے جس چیز کا

بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ○ ع قُلْ مَنْ يَكْلَؤُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ بَلْ هُمْ ع ۳
ٹھٹھا کرتے تھے تو کہہ کون چوکی دیتا ہے تمہاری رات میں اور دن میں رحمٰن سے کوئی نہیں وہ

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُعْرِضُونَ ○ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِنْ دُونِنَا لَا
اپنے رب کے ذکر سے ٹلا کرتے ہیں یا ان کے کوئی ٹھاکر ہیں کہ ان کو بچاتے ہیں ہمارے سوائے

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِنَّا يُصْحَبُونَ ○ بَلْ مَتَّعْنَا هٰؤُلَاءِ
اپنی مدد نہیں کر سکتے اور نہ ان کو ہماری طرف سے رفاقت کوئی نہیں پر ہم نے برتوایا ان کو

وَآبَاءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا
اور ان کے باپ دادوں کو یہاں تک کہ بڑھ پڑا ان پر جینا پھر کیا نہیں دیکھتے کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو گھٹاتے

مِنْ أَطْرَافِهَا أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ○ قُلْ إِنَّمَا أُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ
اس کے کناروں سے اب کیا یہ جیتنے والے ہیں ف تو کہہ میں جو تم کو ڈر سناتا ہوں سو حکم کے موافق اور سنتے نہیں

الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنْذَرُونَ ○ وَلَئِنْ مَسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِنْ عَذَابِ
بہرے پکار کو جب کوئی ان کو ڈر سناوے اور کبھی پہنچے ان کو ایک بھاپ تیرے رب کی آفت کی

رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ○ وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ
تو مقرر کہنے لگیں گے اے خرابی ہماری بیشک ہم تھے گنہگار اور رکھیں گے ہم ترازوئیں انصاف کی

لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ
قیامت کے دن پھر ظلم نہ ہوگا کسی جی پر ایک ذرہ اور اگر ہوگا برابر رائی کے

خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِينَ ○ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسٰى وَهَارُونَ
دانے کے وہ ہم لے آویں گے اور ہم بس ہیں حساب کرنے کو اور ہم نے دی تھی موسیٰ اور ہارون کو

الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً وَذِكْرًا لِلْمُتَّقِينَ ○ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ
چکوتی اور روشنی اور نصیحت ڈر والوں کو جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے

وَهُمْ مِنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ○ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ أَنْزَلْنَاهُ أَفَأَنْتُمْ
اور وہ قیامت کا خطرہ رکھتے ہیں اور یہ ایک نصیحت ہے برکت کی جو ہم نے اتاری سو کیا تم

لَهُ مُنْكِرُونَ ○ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ربع ع ۴
اس کو نہیں مانتے اور آگے دی تھی ہم نے ابراہیم کو اس کی نیک راہ اور ہم رکھتے ہیں اس کی خبر

موضح القرآن

ف ہم چلے آتے ہیں گھٹاتے یعنی عرب کے ملک میں مسلمانی پھیلنے لگی ہے کفر گھٹنے لگا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ○
جب کہا اس نے اپنے باپ کو اور اپنی قوم کو یہ کیا مورتیں ہیں جن پر تم لگے بیٹھے ہو

قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ○ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ
بولے ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو انہی کو پوجتے بولا مقرر رہے ہو تم اور تمہارے باپ دادے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ○ قَالَ بَلْ
غلطی میں صریح بولے تو ہم پاس لایا ہے سچی بات یا تو کھلاڑیاں کرتا ہے بولا نہیں

رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ
پر رب تمہارا وہی ہے رب آسمان و زمین کا جس نے ان کو بنایا اور میں اسی بات کا

الشّٰهِدِيْنَ ○ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ○ فَجَعَلَهُمْ
قائل ہوں اور قسم اللہ کی میں علاج کروں گا تمہارے بتوں کا جب تم جا چکو گے پیٹھ پھیر کر پھر کر ڈالا ان کو

جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ○ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا
ٹکڑے مگر ایک بڑا ان کا کہ شاید اس پاس پھر آویں ف۱ کہنے لگے کس نے کیا یہ کام

بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ
ہمارے ٹھاکروں سے وہ کوئی ہے بے انصاف وہ بولے ہم نے سنا ہے ایک جوان ان کو کہتا تھا اس کو پکارتے ہیں

اِبْرٰهِيْمُ ○ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ○ قَالُوْٓا
ابراہیم وہ بولے اس کو لے آؤ لوگوں کے سامنے شاید وہ دیکھیں بولے

ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ○ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا
کیا تو نے کیا ہے یہ ہمارے ٹھاکروں پر اے ابراہیم بولا نہیں پر یہ کیا ان کے اس بڑے نے

فَسْئَلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ○ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ
سو ان سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں پھر سوچے اپنے جی میں پھر بولے لوگو

اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ
تم ہی بے انصاف ہو پھر اوندھے ہوئے سر ڈال کر تو تو جانتا ہے جیسا یہ بولتے ہیں

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ○
بولا کیا پھر تم پوجتے ہو اللہ سے ورے ایسے کو کہ تمہارا کچھ بھلا کرے نہ برا

اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ
بیزار ہوں میں تم سے اور جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا کیا تم کو بوجھ نہیں بولے اس کو جلاؤ

وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ○ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا
اور مدد کرو اپنے ٹھاکروں کی اگر کچھ کرتے ہو ہم نے کہا اے آگ ٹھنڈک ہو جا اور آرام

موضح القرآن

ف۱ یہ علاج کرنا انہوں نے چپکے کہا پھر جب وہ شہر سے باہر گئے ایک میلے میں تب بت خانے میں جاکر سب بتوں کو توڑا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

على ابراهيم ۝ واردوا به كيدا فجعلنهم الاخسرين ۝ ونجينه و
ابراہیم پر اور چاہنے لگے اس کا برا پھر ان ہی کو ہم نے ڈالا نقصان میں اور بچا نکالا ہم نے اسکو اور

لوطا الى الارض التي بركنا فيها للعلمين ۝ ووهبنا له اسحق و
لوط کو اس زمین کی طرف جس میں برکت رکھی ہم نے جہان کے واسطے اور بخشا ہم نے اس کو اسحاق اور

يعقوب نافلة ط وكلا جعلنا صلحين ۝ وجعلنهم ائمة يهدون
یعقوب دیا انعام میں اور سب کو کیا نیک بخت اور ان کو کیا ہم نے پیشوا راہ بتاتے

بامرنا واوحينا اليهم فعل الخيرت واقام الصلوة وايتاء الزكوة
ہمارے حکم سے اور کہہ بھیجا ان کو کرنا نیکیوں کا اور کھڑی رکھنی نماز اور دینی زکوٰۃ

وكانوا لنا عبدين ۝ ولوطا اتينه حكما وعلما ونجينه من القرية
اور وہ تھے ہماری بندگی میں لگے اور لوط کو دیا ہم نے حکم اور سمجھ اور بچا نکالا اس کو اس شہر سے

التي كانت تعمل الخبئث انهم كانوا قوم سوء فسقين ۝ وادخلنه
جو کرتے تھے گندے کام وہ تھے لوگ برے بے حکم اور اس کو لے لیا ہم نے

في رحمتنا انه من الصلحين ۝ع ونوحا اذ نادى من قبل فاستجبنا
اپنی مہر میں وہ ہے نیکوں میں اور نوح کو جب اس نے پکارا اس سے پہلے پھر سن لی ہم نے اس کی پکار

له فنجينه واهله من الكرب العظيم ۝ ونصرنه من القوم الذين
اور بچا دیا اس کو اور اس کے گھر کو بڑی گھبراہٹ سے اور مدد کی اس کی ان لوگوں پر جو

كذبوا بايتنا انهم كانوا قوم سوء فاغرقنهم اجمعين ۝ وداود و
جھٹلاتے تھے ہماری باتیں وہ تھے برے لوگ پھر ڈبا دیا ہم نے ان سب کو اور داؤد اور

سليمن اذ يحكمن في الحرث اذ نفشت فيه غنم القوم وكنا لحكمهم
سلیمان کو جب لگے فیصلہ کرنے کھیتی کا جھگڑا[1] جب روند گئیں اس کو رات میں بکریاں ایک لوگوں کی اور رو برو تھا ہمارے

شهدين ۝ ففهمنها سليمن وكلا اتينا حكما وعلما وسخرنا
ان کا فیصلہ پھر سمجھا دیا ہم نے وہ فیصلہ سلیمان کو اور دونوں کو دیا تھا ہم نے حکم اور سمجھ اور تابع کئے ہم نے

مع داود الجبال يسبحن والطير وكنا فعلين ۝ وعلمنه صنعة
ساتھ داؤد کے پہاڑ پڑھا کرتے تھے اور اڑتے جانور اور ہم نے یہ کیا تھا اور اس کو سکھایا ہم نے بنانا

لبوس لكم لتحصنكم من باسكم فهل انتم شكرون ۝ ولسليمن
ایک تمہارا پہناوا کہ بچاؤ ہو تم کو تمہاری لڑائی سے سو کچھ تم شکر کرتے ہو اور سلیمان کے تابع کی

الريح عاصفة تجري بامره الى الارض التي بركنا فيها وكنا بكل شيء
ہوا جھپٹے کی چلتی اس کے حکم سے زمین کی طرف جہاں برکت دی ہم نے اور ہم کو سب چیز کی

نصف القرآن

ف[1] حضرت داؤد علیہ السلام نے بکریاں کھیتی والوں کو دلا دیں ان کے نقصان کا ان کے دین میں چور کو غلام کر دیتے تھے اسی موافق یہ حکم کیا اور حضرت سلیمان لڑکے تھے انہوں نے بھی یہ جھگڑا اپنے پاس منگوایا اور کہا کہ بکریاں رکھو اور ان کا دودھ پیو اور کھیتی کو پانی دیا کریں بکری والے جب کھیتی جیسی تھی ویسی ہو جاوے تب بکریاں پھیر دیں اور کھیتی لے لیں اس میں دونوں کا نقصان نہ ہو ۱۲ منہ رح

ع ۵ ۲۵ ۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

خبر رکھنے والے اور تابع کئے کتنے شیطان جو غوطہ لگاتے اس کے واسطے اور کچھ کام بناتے

ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ

اس کے سوا اور ہم تھے ان کو تھام رہے اور ایوب کو جس وقت پکارا اپنے رب کو کہ مجھ کو پڑی ہے تکلیف اور

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ

تو ہے سب رحم والوں سے رحم والا پھر ہم نے سن لی اس کی پکار اور اٹھادی جو اس پر تھی تکلیف اور دیئے اس کو اس کے گھر والے

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ

اور ان کے برابر ساتھ ان کے اپنے پاس کی مہر سے اور نصیحت بندگی والوں کو اور اسمٰعیل اور

اِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ

ادریس اور ذوالکفل کو یہ سب ہیں سہارنے والے ف۲ اور لے لیا ہم نے ان کو اپنی مہر میں

اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ

وہ ہیں نیک بختوں میں اور مچھلی والے کو جب چلا گیا غصہ سے لڑ کر پھر سمجھا کہ ہم

نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّيْ كُنْتُ

نہ پکڑ سکیں گے پھر پکارا ان اندھیروں میں کہ کوئی حاکم نہیں سوائے تیرے تو بے عیب ہے میں تھا

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْجِي

گنہگاروں سے پھر سن لی ہم نے اس کی پکار اور بچا دیا اس گھٹنے سے اور یوں ہی ہم بچا دیتے ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ

ایمان والوں کو اور زکریا کو جب پکارا اپنے رب کو اے رب نہ چھوڑ مجھ کو اکیلا اور تو ہے سب سے

الْوٰرِثِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ

بہتر وارث پھر ہم نے سن لی اس کی پکار اور بخشا اس کو یحییٰ اور چنگی کردی اس کی عورت وہ لوگ

كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا

دوڑتے تھے بھلائیوں پر اور پکارتے تھے ہم کو توقع سے اور ڈر سے اور تھے ہمارے

خٰشِعِيْنَ ۝ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا

آگے دبے اور وہ عورت جس نے قید میں رکھی اپنی شہوت پھر پھونک دی ہم نے اس عورت میں اپنی روح اور کیا اس کو

وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا رَبُّكُمْ

اور اس کے بیٹے کو نمونہ جہان والوں کو یہ لوگ ہیں تمہارے دین کے سب ایک دین پر اور میں ہوں رب تمہارا

فَاعْبُدُوْنِ ۝ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝ فَمَنْ

سو میری بندگی کرو اور ٹکڑے ٹکڑے بانٹ لیا لوگوں نے آپس میں اپنا کام سب ہمارے پاس پھر آویں گے سو جو کوئی

موضح القرآن

ف۱ ایک تخت بنایا تھا بہت بڑا اپنے سارے کارخانوں سے اور لوگوں سے اس پر بیٹھتے پھر باؤ آتی زور سے اس کو زمین سے اٹھاتی اور نرم باؤ چلتی یمن سے شام کو اور شام سے یمن کو مہینے کی راہ دوپہر میں پہنچاتی ۱۲ منہ رح

ف۲ کہتے ہیں ذوالکفل تھے ایوب کے بیٹے ایک شخص کے ضامن ہوکر کئی برس قید رہے اور اللہ یہ محنت سہی ۱۲ منہ رح

ع ۶

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يَعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ○
کرے نیک کام اور وہ یقین رکھتا ہو سو اکارت نہ کریں گے اس کی دوڑ اور ہم اس کو لکھتے ہیں

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ
اور مقرر ہو رہا ہے ہر بستی پر جس کو ہم نے کھپا دیا کہ وہ نہیں پھرتے ف۱ یہاں تک کہ جب کھولدیویں یاجوج

وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ○ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ
و ماجوج کو اور وہ ہر اونچان سے پھیلتے آویں اور نزدیک پہنچے سچا وعدہ

فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ
پھر تب ہی اوپر لگ رہیں منکروں کی آنکھیں اے خرابی ہماری ہم بے خبر رہے

مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ○ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ
اس سے نہیں پر ہم تھے گنہگار ف۲ تم اور جو کچھ پوجتے ہو اللہ کے سوا جھونکنا ہے

جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ○ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ
دوزخ میں تم کو اس پر پہونچنا ہے اگر ہوتے یہ لوگ ٹھاکر نہ پہنچتے اس پر اور سارے

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ
اس میں پڑے رہیں گے ان کو وہاں چلانا ہے اور اس میں بات نہیں سنتے ف۳ جن کو

سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ
آگے ٹھہر چکی ہماری طرف سے نیکی وہ اس سے دور رہیں گے ف۴ نہیں سنتے اس کی آہٹ

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ○ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ
اور وہ اپنے جی کے مزوں میں سدا رہیں نہ غم ہوگا ان کو اس بڑی گھبراہٹ میں اور

تَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○ يَوْمَ
لینے آویں گے ان کو فرشتے آج دن تمہارا ہے جس کا تم سے وعدہ تھا جس دن ہم

نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا
لپیٹ لیں آسمان کو جیسے لپیٹتے ہیں طومار میں کاغذ جیسا سرے سے بنایا پہلی بار پھر اس کو دوہرادیں گے وعدہ

عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ○ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ
ضرور ہو چکا ہے ہم پر ہم کو کرنا اور ہم نے لکھدیا ہے زبور میں نصیحت کے پیچھے کہ آخر

الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ○ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ○
زمین پر مالک ہوں گے میرے نیک بندے البتہ اس میں مطلب کو پہنچتے ہیں ایک لوگ بندگی والے

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ
اور تجھ کو جو ہم نے بھیجا سو مہر کرکے جہان کے لوگوں پر تو کہہ مجھ کو تو حکم یہی آتا ہے کہ صاحب تمہارا ایک

موضح القرآن

ف۱ یعنی کفر نہیں چھوڑتے تبھی کھپتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنے خبر پہنچی تھی جان کر بلادی ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنے اپنے چلانے کے شور سے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۴ یعنی ایک بار گذر کر ہمیشہ دور رہیں گے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَّاحِدٌ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ

صاحب ہے پھر ہو تم حکم برداری کرتے پھر اگر منہ موڑیں تو تو کہہ میں نے خبر کر دی تم کو دونوں طرف برابر

وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ

اور میں نہیں جانتا نزدیک ہے یا دور ہے جو تم کو وعدہ ملتا ہے ف وہ رب جانتا ہے پکار کی بات

وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝

اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور میں نہیں جانتا شاید اس میں تم کو جانچنا ہے اور برتوانا ایک وقت تک

قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

رسول نے کہا اے رب فیصلہ کر انصاف کا اور رب ہمارا رحمٰن ہے اسی سے مدد مانگتے ہیں ان باتوں پر جو تم بناتے ہو

ع ۱۹ نصف

سورۃ الحج مدنیۃ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — وسبعون آیۃ وعشر رکوعات

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ

اے لوگو ڈرو اپنے رب سے بیشک بھونچال قیامت کا ایک بڑی چیز ہے جس دن

تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ

اس کو دیکھو گے بھول جاوے گی ہر دودھ پلانے والی اپنے پلائے کو اور ڈالدے گی ہر پیٹ والی اپنا پیٹ

حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ

اور تو دیکھے لوگوں پر نشہ اور ان پر نشہ نہیں پر آفت اللہ کی

شَدِيْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ

سخت ہے اور بعضا شخص ہے جو جھگڑتا ہے اللہ کی بات میں بے خبر اور ساتھ پکڑتا ہے ہر

شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ

شیطان بے حکم کا جس کی قسمت میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس کا رفیق ہو سو وہ اس کو بہکادے اور لے جاوے

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ

دوزخ کے عذاب میں لوگو اگر تم کو دھوکا ہے جی اٹھنے میں

فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ

تو ہم نے تم کو بنایا مٹی سے پھر بوند سے پھر جمے لہو سے پھر

مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۗ وَنُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ

بوٹی سے نقشہ بنی اور بن نقشہ بنی اس واسطے کہ تم کو کھول سنادیں اور ٹھیرا رکھتے ہیں ہم پیٹ میں جو کچھ چاہیں

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ

ایک ٹھہرے ہوئے وعدہ تک پھر تم کو نکالتے ہیں لڑکا پھر جب تک کہ پہنچو اپنی جوانی کے زور کو اور کوئی تم میں

ف دونوں طرف برابر یعنے ابھی تم دو بات کر سکتے ہو ایک طرف کا زور نہیں آیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

رب اغفر لکاتبہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَّن يُتَوَفّٰى وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلٰىٓ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنۢ بَعْدِ

پورا بھر لیا اور کوئی تم میں پھر چلایا جاتا ہے نکمی عمر تک تا سمجھے پیچھے

عِلْمٍ شَيْـًٔا ۚ وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَآ أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَ

کچھ نہ سمجھنے لگے اور تو دیکھتا ہے زمین دبی پڑی پھر جہاں ہم نے اتارا اس پر پانی تازی ہوگئی اور

رَبَتْ وَأَنۢبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيجٍ ۝ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهٗ

ابھری اور اوگائیں ہر بھانت بھانت رونق کی چیزیں یہ اس واسطے کہ اللہ وہی ہے تحقیق اور وہ

يُحْيِ الْمَوْتٰى وَأَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَأَنَّ السَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

جلاتا ہے مردے اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے اور یہ کہ قیامت آنی ہے اس میں دھوکا نہیں

فِيهَا وَأَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي

اور یہ کہ اللہ اٹھاوے گا قبروں میں پڑوں کو اور بعض شخص ہے جو جھگڑتا ہے اللہ کی بات میں

اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ مُّنِيرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَن

بے خبر اور بے سوجھ اور بے کتاب چمکتی اپنی کروٹ موڑ کر کہ بہکاوے اللہ کی

سَبِيلِ اللّٰهِ ۖ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَنُذِيقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ

راہ سے اس کو دنیا میں رسوائی ہے اور چکھاویں گے ہم اس کو قیامت کے دن جلن کی مار

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝ وَمِنَ

یہ اس سے جو آگے بھیج چکے تیرے دو ہاتھ اور یہ کہ اللہ ظلم نہیں کرتا بندوں پر اور بعض

النَّاسِ مَن يَعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۖ فَإِنْ أَصَابَهٗ خَيْرٌ اطْمَأَنَّ بِهٖ ۖ وَإِنْ

شخص ہے کہ بندگی کرتا ہے اللہ کی کنارے پر پھر اگر مل گئی اس کو بھلائی چین پکڑا اس پر اور اگر

أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ انقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۚ ذٰلِكَ

مل گئی اس کو جانچ پھر گیا اپنے منہ پر اولٹا گنوائی دنیا اور آخرت یہی ہے

هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ ۝ يَدْعُوا مِن دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنفَعُهٗ

ٹوٹا صریح وہ پکارتا ہے اللہ کے سوائے ایسی چیز کہ اس کا برا نہیں کرتی اور ایسی کہ اس کا بھلا نہیں کرتی

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيدُ ۝ يَدْعُوا لَمَن ضَرُّهٗٓ أَقْرَبُ مِن نَّفْعِهٖ

یہی ہے دور پڑنا بھول کر پکارے جاتا ہے البتہ جس کا ضرر پہلے پہنچے نفع سے

لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيرُ ۝ إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ ءَامَنُوا

بیشک برا دوست ہے اور برا رفیق اللہ داخل کرے گا ان کو جو یقین لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ

اور کیں بھلائیاں باغوں میں بہتی ان کے نیچے نہریں اللہ کرتا ہے

موضح القرآن

ف یعنی دنیا کی بھلی پاوے تو بندگی پر قائم ہے اور تکلیف پاوے تو چھوڑ دے اور ادھر دنیا گئی ادھر دین گیا کنارے پر کھڑا ہے یعنے دل ابھی نہیں طرف ہے ایک طرف جیسا کوئی مکان کے کنارے کھڑا ہے جب چاہے نکل جاوے ١٢ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَا يُرِيدُ ۝ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ

جو چاہے — جس کو یہ خیال ہو کہ ہرگز مدد نہ کرے گا اس کو — اللہ دنیا میں — اور آخرت میں تو تانے

بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَاۤءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝

ایک رسی — آسمان کو — پھر کاٹ ڈالے — اب دیکھے کچھ — گیا اس کی تدبیر سے — اس کے جی کا غصہ

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝ اِنَّ

اور یوں اتارا ہم نے — یہ قرآن کھلی باتیں — اور یہ ہے کہ اللہ سوجھ دیتا ہے — جس کو چاہے — جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَ

لوگ — مسلمان ہیں اور جو — یہود ہیں — اور صابئین — اور نصاریٰ — اور مجوس — اور

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

جو شرک کرتے ہیں — اللہ — فیصلہ کرے گا — ان میں — قیامت کے دن — اللہ کے سامنے ہے

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي

ہر چیز — ف۱ تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کو — سجدہ کرتے ہیں — جو کوئی آسمان میں ہے — اور جو کوئی

الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۤبُّ

زمین میں ہے — اور سورج — اور چاند — اور تارے — اور پہاڑ — اور درخت — اور جانور

وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا

اور بہت — آدمی — اور بہت ہیں کہ ان پر ٹھہر چکا — عذاب — اور جس کو اللہ ذلیل کرے اسے کوئی نہیں

لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ۝ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا

عزت دینے والا — اللہ کرتا ہے — جو چاہے — ف۲ یہ دو مدعی ہیں — جھگڑے ہیں

فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ

اپنے رب پر — سو جو — منکر ہوئے — ان کے واسطے بیونتے ہیں کپڑے — آگ کے — ڈالتے ہیں ان کے

فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ

سر پر — جلتا پانی — نچڑ جاتا ہے اس سے جو ان کے پیٹ میں ہے اور کھال بھی — اور ان کے

مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا

واسطے موگریاں ہیں لوہے کی — جس بار چاہیں کہ نکل پڑیں — اس سے — گھٹنے کے مارے

فِيْهَا ۤ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

پھر ڈال دیئے اندر اور چکھتے رہو جلن کی — مار — اللہ — داخل کرے گا ان کو — جو — یقین لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

کیں — بھلائیاں — باغوں میں بہتی — ان کے نیچے — نہریں — گہنا پہنا دیں گے — ان کو وہاں

ربع القرآن

ف۱ مجوس آگ کو پوجتے ہیں اور ایک نبی کا نام بھی لیتے ہیں معلوم نہیں کچھ حقیقت ہے یا سرے سے غلط ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ ایک سجدہ ہے کہ سب اس میں شامل ہیں آسمان زمین میں جو کوئی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ کی قدرت میں بے بس ہیں اور ایک سجدہ ہر ایک کا جدا ہے کہ اس کو جس کام کا بنایا اس کام میں لگے یہ بہت آدمی کرتے ہیں بہت نہیں کرتے اور خلق ساری کرتی ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۲ / ۱۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ۝ وَهُدُوا إِلَى
کنگن سونے کے اور موتی اور ان کی پوشاک ہے وہاں ریشم کی ف اور راہ پائی انہوں نے

الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوا إِلَىٰ صِرَاطِ الْحَمِيدِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا
ستھری بات کی اور راہ پائی اس خوبیوں سراہے کی راہ جو لوگ منکر ہوئے

وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ
اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور ادب والی مسجد سے جو ہم نے بنائی سب لوگوں کے واسطے

سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ
برابر ہے اس میں لگا رہنے والا اور باہر کا اور جو اس میں چاہے ٹیڑھی راہ شرارت سے اسکو ہم چکھادینگے

مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ لَا تُشْرِكْ
ایک دکھ کی مار اور جب ٹھیک کردیا ہم نے ابراہیم کو ٹھکانا اس گھر کا کہ شریک نہ کر

بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ وَ
میرے ساتھ کسی کو اور پاک رکھ میرا گھر طواف کرنے والوں کے واسطے اور کھڑے رہنے والوں کے اور رکوع اور سجدہ والوں کے ف

أَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ
پکار دے لوگوں میں حج کے واسطے کہ آویں تیری طرف پاؤں چلتے اور سوار ہو کر دبلے دبلے اونٹوں پر چلے آتے

كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي
راہوں دور سے کہ پہونچیں اپنے بھلے کی جگہوں پر اور پڑھیں اللہ کا نام

أَيَّامٍ مَعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَ
کئی دن جو معلوم ہیں ذبح پر چوپایوں مواشی کے جو اس نے دیئے ہیں ان کو سو کھاؤ اس میں سے اور

أَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ ۝ ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ
کھلاؤ برے حال کے محتاج کو پھر چاہیے نبیڑ دیں اپنا میل کچیل اور پوری کریں اپنی منتیں

وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۝ ذَٰلِكَ ۖ وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ
اور طواف کریں اس قدیم گھر کا یہ سن چکے اور جو کوئی بڑائی رکھے اللہ کے ادب کی سو وہ

خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ ۗ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ ۖ فَاجْتَنِبُوا
بہتر ہے اس کو اپنے رب کے پاس اور حلال ہیں تم کو چوپائے مگر جو تم کو سناتے ہیں سو بچتے رہو

الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ ۝ حُنَفَاءَ لِلَّهِ غَيْرَ
بتوں کی گندگی سے اور بچتے رہو جھوٹی بات سے ایک اللہ کی طرف کے ہو کر نہ اسکے

مُشْرِكِينَ بِهِ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ
ساتھ ساجھی بناکر اور جس نے شریک بتایا اللہ کا سو جیسے گر پڑا آسمان سے پھر اچکتے ہیں اس کو

موضح القرآن

ف یہ جو فرمایا کہ وہاں گہنا اور وہاں پوشاک معلوم ہوا یہ دونوں یہاں نہیں یعنی مردوں کو اور گہنوں میں سے کنگن ۳ ع ۳ / ۱۰ اس واسطے کہ غلام کی خدمت پسند آتی ہے تو کڑے ڈالتے ہیں ہاتھوں میں ۱۲ منہ رح

ف کہتے ہیں کعبے شریف کی جگہ آگے سے بزرگ تھی بعد مدتوں کے نشان نہ رہا تھا حضرت ابراہیم کو حکم ہوا پھر عمارت بنائی اور تازہ کیا ایک بادل غیب سے آکر ٹھہرا ہوا اس کی چھاؤں پر لکیر ڈالی اور بنیاد رکھی اور امتوں میں رکوع نہ تھا یہ خاص اسی امت میں ہے تو خبر دی کہ آگے لوگ ہوں گے اس کو آباد کرنے والے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الطیر او تھوی بہ الریح فی مکان سحیق ○ ذلک و من یعظم

اڑتے جانور یا اسکو ہوا نے ڈالا کسی دور مکان میں ف یہ سن چکے اور جو کوئی ادب رکھے

شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب ○ لکم فیہا منافع الی اجل

اللہ کے نام لگی چیزوں کا سو وہ دل کی پرہیزگاری سے ہے تم کو چوپایوں میں فائدے ہیں ایک ٹھہرے

مسمی ثم محلہا الی البیت العتیق ○ ولکل امۃ جعلنا منسکا

وعدے تک پھر ان کو پہنچنا اس قدیم گھر تک اور ہر فرقہ کو ہم نے ٹھہرا دی ہے قربانی

لیذکروا اسم اللہ علی ما رزقہم من بہیمۃ الانعام فالٰہکم

کہ یاد کریں نام اللہ کا ذبح پر چوپایوں کے جو ان کو دیئے سو اللہ تمہارا

الٰہ واحد فلہ اسلموا و بشر المخبتین ○ الذین اذا ذکر

ایک اللہ ہے سو اسی کے حکم میں رہو اور خوشی سنا عاجزی کرنے والوں کو وہ کہ جب نام لیجئے

اللہ وجلت قلوبہم والصبرین علی ما اصابہم والمقیمی

اللہ کا ڈر جاویں ان کے دل اور سہنے والے جو ان پر پڑے اور کھڑی رکھنے والے

الصلوۃ و مما رزقنہم ینفقون ○ والبدن جعلنہا لکم من

نماز کے اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں اور کعبہ کے چڑھانے کے اونٹ ٹھہرائے ہیں ہم نے تمہارے واسطے

شعائر اللہ لکم فیہا خیر فاذکروا اسم اللہ علیہا صواف

نشانی اللہ کے نام کی تمہارا اس میں بھلا ہے سو پڑھو ان پر نام اللہ کا قطار باندھ کر

فاذا وجبت جنوبہا فکلوا منہا و اطعموا القانع والمعتر کذلک

پھر جب گر پڑے ان کی کروٹ تو کھاؤ اس میں سے اور کھلاؤ صبر سے بیٹھے کو اور بے قراری کرتے کو اسی طرح

سخرنہا لکم لعلکم تشکرون ○ لن ینال اللہ لحومہا ولا دماؤہا

تمہارے بس میں دیئے وہ جانور شاید تم احسان مانو اللہ کو نہیں پہنچتے ان کے گوشت نہ لہو

ولکن ینالہ التقوی منکم کذلک سخرہا لکم لتکبروا اللہ علی

لیکن اس کو پہنچتا ہے تمہارے دل کا ادب اسی طرح ان کو بس میں دیا تمہارے کہ اللہ کی بڑائی پڑھو اس پر

ما ہدکم و بشر المحسنین ○ ان اللہ یدفع عن الذین امنوا

کہ تم کو راہ سوجھائی اور خوشی سنا نیکی والوں کو اللہ دشمنوں کو ہٹا دے گا ایمان والوں سے

ان اللہ لا یحب کل خوان کفور ○ اذن للذین یقتلون بانہم

اللہ کو خوش نہیں آتا کوئی دغاباز ناشکر حکم ہوا ان کو جن سے لوگ لڑتے ہیں اس واسطے کہ ان پر

ظلموا و ان اللہ علی نصرہم لقدیر ○ الذین اخرجوا من دیارہم

ظلم ہوا اور اللہ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے وہ جن کو نکالا ان کے گھروں سے

موضح القرآن

ع ۴ / ۱۱ ف ۱ یعنی کرے اللہ کے ادب کی یعنی قربانی کے جانور آتے ہوئے نہ لوٹے اور قیمتی جانور لاوے اور اس پر جھول اچھی ڈال کر پھر وہ بھی خیرات کرے اور چوپائے تم کو حلال ہیں یعنی جو کھانے میں رواج ہے اور بہتیرے چوپائے حرام بھی ہیں اور بچو بتوں کی گندگی سے جو کسی تھان پر ذبح کیا وہ مردار ہوا اور جھوٹی بات سے یعنی جو کسی کے نام کا کر کر ذبح کیا وہ بھی حرام ہے اور جو کوئی شریک کرے اس کی مثال فرمائی اس واسطے کہ جس کی نیت ایک اللہ پر ہو وہ قائم ہے اور جہاں نیت بہت طرف گئی

ع ۵ / ۱۲ وہ سب اس کو راہ میں سے اوچک لیگئے یا سٹ پٹ کر ہو کر دور پڑا

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّآ أَنْ يَّقُولُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

اور کچھ قصور نہیں سوائے اس کے کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے اور اگر نہ ہٹایا کرتا اللہ لوگوں کو ایک کو

بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا

ایک سے تو ڈھائے جاتے تکیے اور مدرسے اور عبادت خانے اور مسجدیں جن میں

اسْمُ اللّٰهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ

نام پڑھا جاتا ہے اللہ کا بہت اور اللہ مقرر مدد کرے گا اس کی جو مدد کریگا اس کی بیشک اللہ زبردست ہے زور والا

الَّذِينَ إِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ

وہ کہ اگر ہم ان کو مقدور دیں ملک میں کھڑی کریں نماز اور دیں زکوٰۃ اور

أَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۝ وَ

حکم کریں بھلے کام کا اور منع کریں برے سے اور اللہ کے اختیار ہے آخر ہر کام کا اور

إِنْ يُّكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُودُ ۝ وَقَوْمُ

اگر تجھ کو جھٹلادیں تو ان سے پہلے جھٹلا چکے ہیں نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور

إِبْرٰهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ۝ وَّأَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوسٰى فَأَمْلَيْتُ

ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم اور مدین کے لوگ اور جھٹلایا موسیٰ کو پھر میں نے ڈھیل دی

لِلْكٰفِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝ فَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

منکروں کو پھر ان کو پکڑا تو کیسا ہوا میرا انکار سو کتنی بستیاں ہم نے

أَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

کھپادیں اور وہ گنہگار تھیں اب وہ ڈھے پڑی ہیں اپنی چھتوں پر اور کتنے کنوئیں نکمے پڑے

وَّقَصْرٍ مَّشِيدٍ ۝ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ

اور کتنے محل گچ کے کیا پھرے نہیں ملک میں جو ان کو دل ہوتے

يَّعْقِلُونَ بِهَآ أَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُونَ بِهَا ۚ فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ

جن سے بوجھتے یا کان ہوتے جن سے سنتے سو کچھ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں

وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ ۝ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ

پر اندھے ہوتے ہیں دل جو سینوں میں ہیں اور تجھ سے جلدی مانگتے ہیں عذاب

وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۚ وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا

اور ہرگز نہ ٹالے گا اللہ اپنا وعدہ اور ایک دن تیرے رب کے ہاں ہزار برس کے برابر ہے جو تم

تَعُدُّونَ ۝ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ

گنتے ہو ع اور کتنی بستیاں ہیں کہ میں نے ان کو ڈھیل دی اور وہ گنہگار تھیں

وقف منزل

ف۱ جو اس کی مدد کرے یعنی اس کے دین کی اور اس کے رسول کی اللہ قادر ہے جو چاہے ایک دم میں کرے انسان سے یہی معاملہ ہر پہلے برے آپس میں سزا پاویں ۱۲ منہ رح ف۲ یعنی ہزار برس کا کام ایک دن میں کر سکتا ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ع ۱۴

ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَیَّ الْمَصِیْرُ ۝ قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ

پھر ان کو پکڑا اور میری طرف پھر آنا ہے تو کہہ لوگو میں تو ڈر سنا دینے والا ہوں

نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

تم کو کھول کر سو جو یقین لائے اور کیں بھلائیاں ان کے گناہ بخشتے ہیں

وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝ وَالَّذِیْنَ سَعَوْا فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓىِٕكَ

اور روزی عزت کی اور جو دوڑے ہماری آیتوں کے ہرانے کو وہی ہیں

اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا

لوگ دوزخ کے اور جو رسول بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے یا

نَبِیٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّیْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِهٖ ۚ فَیَنْسَخُ اللّٰهُ

نبی سو جب لگا خیال باندھنے شیطان نے ملا دیا اس کے خیال میں پھر اللہ مٹاتا ہے

مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ ثُمَّ یُحْكِمُ اللّٰهُ اٰیٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝

شیطان کا ملایا پھر پکی کرتا ہے اللہ اپنی باتیں اور اللہ سب خبر رکھتا ہے حکمتوں والا

لِّیَجْعَلَ مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

اور اس واسطے کہ اس شیطان کے ملانے سے جانچے ان کو جن کے دل میں روگ ہیں

وَّالْقَاسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَفِیْ شِقَاقٍۭ بَعِیْدٍ ۝

اور جن کے دل سخت ہیں اور گنہگار تو ہیں مخالفت میں دور پڑے

وَّلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَیُؤْمِنُوْا

اس واسطے کہ معلوم کریں جن کو سمجھ ملی ہے کہ یہ تحقیق ہے تیرے رب کی طرف سے پھر اس پر یقین

بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِلٰى

لاویں اور ڈھیں اس کے آگے ان کے دل اور اللہ سوجھانے والا ہے یقین لانے والوں کو

صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ مِرْیَةٍ

راہ سیدھی ف اور منکروں کو ہمیشہ رہے گا اس میں دھوکا

مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِیَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ یَاْتِیَهُمْ عَذَابُ یَوْمٍ

جب تک آ پہنچے ان پر قیامت بے خبر یا آ پہنچے ان کو آفت ایک دن کی جس میں راہ نہیں

عَقِیْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ یَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ؕ یَحْكُمُ بَیْنَهُمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

خلاصی کی راج اس دن اللہ کا ہے ان میں چکوتی کرے گا سو جو یقین لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

اور کیں بھلائیاں نعمت کے باغوں میں ہیں اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں

ف یعنی اس میں گمراہ اور بہکتے ہیں سو ان کا کام ہو بہکنا اور ایمان والے اور مضبوط ہوتے ہیں کہ اس کلام میں بندے کا دخل نہیں اگر ہوتا تو یہ بھی بندے کے خیال کی طرح کبھی صحیح کبھی غلط ہوتا اور جس کی نیت اعتقاد پر ہو اسکو اللہ سیدھی بات سوجھاتا ہے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا ع ۹ ۱۴
ہماری باتیں سو ان کو ہے ذلت کی مار اور جو لوگ گھر چھوڑ آئے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا
اللہ کی راہ میں پھر مارے گئے یا مر گئے البتہ ان کو دے گا اللہ روزی

حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا
خاصی اور اللہ ہے سب سے بہتر روزی دینا البتہ پہنچاوے گا ان کو ایک جگہ جس کو

يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ
پسند کریں گے اور اللہ سب جانتا ہے تحمل والا یہ سن چکے اور جس نے بدلا دیا

بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
جیسا اس سے کیا تھا پھر اس پر کوئی زیادتی کرے تو البتہ اس کی مدد کرے گا اللہ بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ
درگزر کرتا ہے بخشتا ف یہ اس واسطے کہ اللہ بیٹھاتا ہے رات کو دن میں اور

يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ
دن کو رات میں اور اللہ سنتا ہے دیکھتا ف۲ یہ اس واسطے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ
اللہ وہی ہے صحیح اور جس کو پکارتے ہیں اس کے سوا وہی ہے غلط اور

اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ
اللہ وہی ہے اوپر بڑا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے اتارا آسمان سے

مَاۗءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ لَهٗ مَا
پانی پھر صبح کو زمین ہو جاتی ہے سبز بیشک اللہ چھپی تدبیر جانتا ہے خبردار اسی کا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ ع ۱۵
آسمان اور زمین میں ہے اور اللہ وہی ہے بے پرواہ سب خوبیوں سراہا

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي
تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے بس میں دیا تمہارے جو کچھ ہے زمین میں اور کشتی چلتی دریا میں

الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ السَّمَاۗءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا
اس کے حکم سے اور تھام رکھتا ہے آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر

بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ
اس کے حکم سے مقرر اللہ لوگوں پر نرمی کرتا ہے مہربان اور اسی نے تم کو جلایا

موضح القرآن

ف یعنی بدلا واجبی لینے والے کو عذاب نہیں کرتا اگرچہ بدلا نہ لینا بہتر تھا بعد کی لڑائی میں مسلمانوں نے بدلا لیا کافروں کی ایذا کا پھر کافر آئے زیادتی کرنے کو احد میں اور احزاب میں پھر اللہ نے پوری مدد کی ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اسی طرح کفر میں سے اسلام غالب کریگا ۱۲ منہ ر۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ۝ لِّكُلِّ أُمَّةٍ
پھر مارتا ہے پھر جلاوے گا بے شک انسان ناشکر ہے ہر فرقے کو ہم نے ٹھیرا دی ہے

جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ ۚ
ایک راہ بندگی کی کہ وہ اسی طرح کرتے ہیں بندگی سو چاہیے تجھ سے جھگڑا نہ کریں اس کام میں

وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِن
اور تو بلائے جا اپنے رب کی طرف بیشک تو ہے سیدھی راہ پر سوجھا ف۱ اور اگر

جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ
تجھ سے جھگڑنے لگیں تو تو کہہ اللہ بہتر جانتا ہے جو تم کرتے ہو اللہ چکوتی کرے گا تم میں

يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ
قیامت کے دن جس چیز میں تم کئی راہ تھے کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ اللہ

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ
جانتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں یہ سب لکھا کتاب میں یہ

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ
اللہ پر آسان ہے ف۲ اور پوجتے ہیں اللہ کے سوا جس کی

يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ
سند نہیں اتاری اس نے اور جس کی خبر نہیں ان کو اور بے انصافوں کا کوئی نہیں

مِن نَّصِيرٍ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ
مددگار اور جب سنایئے ان کو ہماری آیتیں صاف تو پہچانے

فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ
منکروں کے منہ پر بری شکل نزدیک ہوتے ہیں کہ دوڑ پڑیں ان پر جو

يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ
پڑھتے ہیں ان کے پاس ہماری آیتیں تو کہہ میں تم کو بتاؤں ایک چیز اس سے بری وہ

ع ۹ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝
آگ ہے اس کا وعدہ دیا ہے اللہ نے منکروں کو اور بہت بری ہے پھر جانے کی جگہ

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ
لوگو ایک کہاوت ہے اس کو کان رکھو جن کو

تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ
پوجتے ہو اللہ کے سوا ہرگز نہ بنا سکیں ایک مکھی اگرچہ سارے جمع ہوں

موضح القرآن

ف۱ یعنی اصل دین ہمیشہ سے ایک ہے اور احکام ہر دین میں جدا آتے ہیں ہر حکم کا واسطہ کیوں پرچتے ہیں ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بندوں کے عمل یہی ایک کتاب میں لکھے ہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ

اور اگر کچھ چھین لے ان سے مکھی

شَيْئًا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ

چھڑا نہ سکیں وہ اس سے بودا ہے چاہنے والا

وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

اور جن کو چاہتا ہے اللہ کی قدر نہیں سمجھی جیسی اس کی قدر ہے بیشک اللہ زور آور ہے

عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ

زبردست اللہ چھانٹ لیتا ہے فرشتوں میں پیغام پہنچانے والے اور آدمیوں میں

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ

اللہ سنتا ہے دیکھتا جانتا ہے جو ان کے آگے اور جو ان کے پیچھے

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَ

اور اللہ تک پہنچ ہے ہر کام کی اے ایمان والو رکوع کرو اور

اسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

سجدہ کرو اور بندگی کرو اپنے رب کی اور بھلائی کرو شاید تم بھلا پاؤ

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ

اور محنت کرو اللہ کے واسطے جو چاہیئے اس کی محنت اس نے تم کو پسند کیا اور نہیں رکھی

عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ

تم پر دین میں کچھ مشکل دین تمہارے باپ ابراہیم کا اس نے نام رکھا تمہارا

الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا

مسلمان حکم بردار پہلے سے اور اس قرآن میں تا رسول ہو بتانے والا

عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ ۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

تم پر اور تم ہو بتانے والے لوگوں پر سو کھڑی رکھو نماز

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ

اور دیتے رہو زکوٰۃ اور مضبوط پکڑو اللہ کو وہ تمہارا

مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى

صاحب ہے سو خوب صاحب ہے

وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

اور خوب مددگار

موضح القرآن

ف اس نے تمہارا نام رکھا مسلمان یعنی اللہ نے یا ابراہیم نے پہلے دعا میں کہا کہ امت مسلمان پیدا کر اور اس قرآن میں تمہارا نہیں [illegible] الحکیم کے ملنے سے یہ نام پڑا ہو اور تا رسول بتلانے والا ہو یعنی پسند کیا تمکو اسواسطے کہ تم اور امتوں کو سکھاؤ اور رسول تمکو سکھائے اور یہ امت جو سب کے پیچھے آئی سب کی غلطی اس پر معلوم ہوئی سبکو راہ صحیح بتاتی ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالےٰ

ع ۱۰ ۶ ۱۷

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

سورة المؤمنون مكية وهي مائة وثماني عشرة آية وستة ركوعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

کام نکال گئے ایمان والے جو اپنی نماز میں نوے ہیں اور جو

هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

نکمی بات پر دھیان نہیں کرتے اور جو زکوٰۃ دیا کرتے ہیں اور جو

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

اپنی شہوت کی جگہ تھامتے ہیں مگر اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال پر

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ

سو ان پر نہیں اولاہنا پھر جو کوئی ڈھونڈے اس کے سوائے سو وہی ہیں حد سے بڑھنے والے

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

اور جو اپنی امانتوں سے اور اپنے اقرار سے خبردار ہیں اور جو اپنی نمازوں سے

يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ

خبردار ہیں وہی ہیں میراث لینے والے وہ جو میراث پاویں گے باغ ٹھنڈی چھاؤں کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝

وہ اسی میں رہ پڑے اور ہم نے بنایا ہے آدمی چن لی مٹی سے

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

پھر رکھا اس کو بوند کر ایک جمے ٹھیراؤ میں پھر بنائی اس بوند سے پھٹکی پھر بنائی اس

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ

پھٹکی سے بوٹی پھر بنائی اس بوٹی سے ہڈیاں پھر پہنایا ان ہڈیوں پر گوشت پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ

اٹھا کھڑا کیا اس کو ایک نئی صورت میں سو بڑی برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا پھر تم اس کے پیچھے

ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

مروگے پھر تم قیامت کے دن کھڑے کیے جاؤگے اور ہم نے بنائی ہیں

فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَا مِنَ

تمہارے اوپر سات راہیں اور ہم نہیں ہیں خلق سے بے خبر اور اوتارا ہم نے

السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝

آسمان سے پانی ناپ کر پھر اس کو ٹھیرا دیا زمین میں اور ہم اس کو لے جاویں تو سکتے ہیں

ف حق تعالیٰ نے فلاح پانے والوں کے احوال بیان فرمانے کے بعد اب ان کی انتہائی کامیابی کو ظاہر فرمایا ہے ارشاد ہوتا ہے انہی کے واسطے جنت الفردوس ہے معلوم ہوا کہ قد افلح سے دنیاوی کامیابی مراد نہیں بلکہ اخروی کامرانی مقصود ہے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَأَنْشَأْنَا لَكُمْ بِهِ جَنّٰتٍ مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ لَكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ

پھر اگا دیئے تم کو اس سے باغ کھجور اور انگور کے تم کو ان سے میوے ہیں بہت

وقف لازم

وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ

اور انہیں میں سے کھاتے ہو اور وہ درخت جو نکلتا ہے سینا پہاڑ سے لے اگتا ہے تیل

وَصِبْغٍ لِلْآكِلِينَ ۝ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي

اور روٹی ڈبونا کھانے والوں کو اور تم کو چوپایوں میں دھیان کرنا ہے پلاتے ہیں ہم تم کو

بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَعَلَيْهَا وَعَلَى

ان کے پیٹ کی چیز سے اور تم کو ان میں بہت فائدے ہیں اور بعضوں کو کھاتے ہو اور ان پر اور کشتی پر

الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا

لدے پھرتے ہو اور ہم نے بھیجا نوح کو اس کی قوم پاس تو اس نے کہا اے قوم بندگی کرو

اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا

اللہ کی تمہارا کوئی حاکم نہیں سوائے اس کے کیا تم کو ڈر نہیں تب بولے سردار جو منکر تھے

مِنْ قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُرِيدُ أَنْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ شَاءَ

اس کی قوم کے یہ کیا ہے ایک آدمی ہے جیسے تم چاہتا ہے کہ بڑائی کرے تم پر اور اگر اللہ چاہتا

اللَّهُ لَأَنْزَلَ مَلَائِكَةً مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ۝ إِنْ هُوَ

تو اتارتا فرشتے ہم نے یہ نہیں سنا اپنے اگلے باپ دادوں میں اور کچھ نہیں یہ

إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ

ایک مرد ہے کہ اس کو سودا ہے سو راہ دیکھو اس کی ایک وقت تک بولا اے رب تو مدد کر میری کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا

فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا

پھر ہم نے حکم بھیجا اس کو کہ بنا کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہمارے حکم سے پھر جب پہنچے ہمارا حکم

وَفَارَ التَّنُّورُ فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا

اور ابلے تنور تو تو ڈال لے اس میں ہر چیز کا جوڑا دوہرا اور اپنے گھر کے لوگ مگر

مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا إِنَّهُمْ

جس کی قسمت میں آگے پڑ چکی بات اور نہ کہہ مجھ سے ان ظالموں کے واسطے

مُغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

ان کو ڈوبنا ہے پھر جب چڑھ چکے تو اور جو تیرے ساتھ ہیں کشتی پر تو کہہ

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا

شکر اللہ کا جس نے چھڑوایا ہم کو گنہگار لوگوں سے اور کہہ اے رب اتار مجھ کو برکت کا

اعمال قرآنی ع ۲۲

ملے جب کسی شہر میں داخل ہو تو اس آیت کو پڑھے رب انزلنی منزلا مبارکا و انت خیر المنزلین جب تک اس شہر میں رہے گا نہایت آرام سے زندگی بسر کرے گا کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی ۱۲

CC-0: In Public Domain. Digitized by eGangotri

مُبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝

اوتارنا اور تو ہے بہتر اوتارنے والا البتہ اس میں نشانیاں ہیں اور ہم جانچنے والے ہیں

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

پھر اٹھائی ہم نے ان سے پیچھے ایک سنگت اور پھر بھیجا ہم نے ان میں ایک رسول ان میں کا

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ ع ۴ وَقَالَ الْمَلَاُ

کہ بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا حاکم اس کے سوا پھر کیا تم کو ڈر نہیں اور بولے سردار

مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي

اس کی قوم کے جو منکر تھے اور جھٹلاتے تھے ملاقات کو آخرت کی اور آرام دیا تھا ہم نے انکو

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَ

دنیا کے جینے میں اور کچھ نہیں یہ ایک آدمی ہے جیسے تم کھاتا ہے جس قسم سے تم کھاتے ہو اور

يَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝

پیتا ہے جس قسم سے تم پیتے ہو اور کہیں تم چلنے لگے کہے پر ایک آدمی کے اپنے برابر کے تو تم بیشک خراب ہوئے

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝

کیا تم کو وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں کہ تم کو نکلنا ہے

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَ

کہاں ہو سکتا ہے کہاں ہو سکتا ہے جو تم کو وعدہ ملتا ہے اور کچھ نہیں یہی جینا ہے ہمارا دنیا کا مرتے ہیں اور

نَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

جیتے ہیں اور ہم کو پھر اٹھنا نہیں اور کچھ نہیں یہ ایک مرد ہے باندھ لایا اللہ پر جھوٹ

وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝ قَالَ عَمَّا

اور ہم اس کو نہیں ماننے والے بولا اے رب میری مدد کر کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا فرمایا اب

قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

تھوڑے دنوں میں صبح کو رہ جاویں گے پچھتاتے پھر پکڑا ان کو چنگھاڑ نے تحقیق پھر کر دیا ہم نے انکو

غُثَاۗءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ۝

کوڑا سو دور ہو جاویں گنہگار لوگ ف پھر اٹھائیں ہم نے ان سے پیچھے سنگتیں اور

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ

نہ پہلے جاوے کوئی قوم اپنے وعدے سے نہ پیچھے رہیں پھر بھیجتے رہے ہم اپنے رسول لگاتار

كُلَّمَا جَاۗءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ

جہاں پہنچا کسی امت کے پاس ان کا رسول اس کو جھٹلا دیا پھر چلاتے گئے ہم ایک کے پیچھے دوسرا اور کر ڈالا ان کو

ع ۲

موضح القرآن

ف یہ قوم ثمود کا ذکر ہے کیونکہ آواز سخت سے وہی ہلاک کئے گئے ہیں اور اس مقام پر اس قوم کی ہلاکت بھی اللہ پاک نے آواز سخت سے بیان فرمائی ہے یا حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا حال ہے کیونکہ وہ بھی آواز سخت سے ہلاک کئے گئے تھے ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اَحَادِيْثَ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ

کہانیاں سو دور ہو جاویں جو لوگ نہیں مانتے پھر بھیجا ہم نے موسٰے کو اور اس کا بھائی ہارون

بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

اپنی نشانیاں دیکر اور سند کھلی فرعون اور اس کے سرداروں پاس پھر بڑائی کرنے لگے اور تھے وہ لوگ

عَالِيْنَ ۝ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝

چڑھ رہے سو بولے کیا ہم مانیں گے ایک دو آدمیوں کو ہماری برابر کے اور ان کی قوم کرتے ہیں ہماری بندگی

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ

پھر جھٹلایا ان دونوں کو پھر ہوئے کھپنے والوں میں اور ہم نے دی موسٰے کو کتاب شاید وہ

يَهْتَدُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ

راہ پاویں اور بنایا ہم نے مریم کا بیٹا اور اس کی ماں ایک نشانی اور ان کو ٹھکانا دیا ایک ٹیلے پر جہاں

قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ

ٹھہراؤ تھا اور پانی نتھرا ف اے رسولو کھاؤ ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا

اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ

جو کرتے ہو میں جانتا ہوں اور یہ لوگ ہیں تمہارے دین کے سب ایک دین پر اور میں ہوں تمہارا رب

فَاتَّقُوْنِ ۝ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝

سو مجھ سے ڈرتے رہو پھر پھوٹ کر کے کیا اپنا کام آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ہر فرقہ جو ان کے پاس ہے اس پر ریجھ رہے ہیں

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ

سو چھوڑ دے ان کو اپنی بیہوشی میں ڈوبے ایک وقت تک کیا خیال رکھتے ہیں کہ یہ جو ہم ان کو دیئے جاتے ہیں مال اور

بَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ

اولاد دوڑ دوڑ ملاتے ہیں ان کو بھلائیاں کوئی نہیں ان کو بوجھ نہیں البتہ جو لوگ

مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَ

اپنے رب کے خوف سے اندیشہ رکھتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی باتیں یقین کرتے ہیں اور

الَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ

جو لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے اور جو لوگ دیتے ہیں جو دیتے ہیں اور ان کے دلوں میں ڈر ہے

اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا

کہ ان کو اپنے رب کی طرف پھر جانا وہ دوڑ دوڑ لیتے ہیں بھلائیاں اور وہ ان پر پہنچے

سٰبِقُوْنَ ۝ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ

سب سے آگے اور ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر جو اس کی سمائی ہے اور ہمارے پاس لکھا ہے جو بولتا ہے سچ

موضح القرآن

ف حضرت عیسے علیہ السلام جب ماں سے پیدا ہوئے اس وقت کے بادشاہ نے نجومیوں کو سنا کہ بنی اسرائیل کا بادشاہ پیدا ہوا وہ دشمن ہوا انکی تلاش میں پڑا ع ۳ ان کو بشارت ہوئی کہ اسکے ملک سے نکل جاؤ نکلکر مصر کے ملک میں گئو ایک گاؤں کے زمیندار نے حضرت مریم کو اپنی بیٹی کر رکھا جب حضرت عیسے جوان ہوئے اس وقت آپ کے وطن کا بادشاہ مر چکا تھا تب پھر آئے اپنے وطن کو وہ گاؤں تھا ٹیلے پر اور پانی وہاں کا خوب تھا ۱۲ منہ رحمہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ مِّنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِّنْ

اور ان پر ظلم نہ ہوگا کوئی نہیں ان کے دل بے ہوش ہیں اس طرف سے اور ان کو اور کام لگے ہیں اسکے

دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ

سوا کہ وہ ان کو کر رہے ہیں یہاں تک کہ جب پکڑیں گے ہم ان کے آسودہ لوگوں کو آفت میں تبھی وہ

يَجْأَرُونَ ۝ لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُم مِّنَّا لَا تُنصَرُونَ ۝ قَدْ كَانَتْ آيَاتِي

لگیں گے چلانے مت چلاؤ آج کے دن تم ہم سے چھوٹ نہ جاؤ گے تم کو سنائی جاتیں میری

تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ تَنكِصُونَ ۝ مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ

آیتیں تو تم ایڑیوں پر الٹے بھاگتے تھے اس سے بڑائی کر کے ایک

سَامِرًا تَهْجُرُونَ ۝ أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَاءَهُم مَّا لَمْ يَأْتِ آبَاءَهُمُ

کہانی والے کو چھوڑ کر چلے گئے سو کیا دھیان نہیں کی یہ بات یا آیا ہے ان پاس جو نہ آیا تھا ان کے پہلے

الْأَوَّلِينَ ۝ أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ۝ أَمْ يَقُولُونَ

باپ دادوں پاس ف یا پہچانا نہیں انہوں نے اپنا پیغام لانے والا سو اس کو اوپری سمجھتے ہیں یا کہتے ہیں

بِهِ جِنَّةٌ ۚ بَلْ جَاءَهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ

اس کو سودا ہے کوئی نہیں وہ لایا ہے ان کے پاس سچی بات اور ان بہتوں کو سچی بات بری لگتی ہے اور اگر سچا رب چلے

أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ ۚ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ

ان کی خوشی پر تو خراب ہوں آسمان اور زمین اور جو کوئی ان کے بیچ ہے کوئی نہیں ہم نے پہنچائی ہے ان کو ان کی نصیحت

فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ ۝ أَمْ تَسْأَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَ

سو وہ اپنی نصیحت کو دھیان نہیں کرتے یا تو ان سے مانگتا ہے کچھ حاصل سو حاصل تیرے رب کا بہتر ہے اور

هُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِنَّ

وہ ہے بہتر روزی دینے والا اور تو تو بلاتا ہے ان کو سیدھی راہ پر اور جو

الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنَاهُمْ

لوگ نہیں مانتے پچھلا گھر راہ سے ٹیڑھے ہوئے ہیں اور اگر ہم ان کو رحم کریں

وَكَشَفْنَا مَا بِهِم مِّن ضُرٍّ لَّلَجُّوا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُم

اور کھول دیں جو تکلیف ہے ان پر مقرر لگے جاویں اپنی شرارت میں بہکے ف اور ہم نے پکڑا تھا ان کو

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا فَتَحْنَا

آفت میں پھر نہ دبے اپنے رب کے آگے اور نہیں گڑگڑاتے یہاں تک کہ جب کھولیں گے ہم

عَلَيْهِم بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ إِذَا هُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي

ان پر دروازہ ایک سخت آفت کا تب اس میں ان کی آس ٹوٹے گی اور اسی نے

نصف القرآن

ف دھیان نہیں کیا یعنے قرآن میں فکر نہیں کرتے اور نصیحت کرنے والے ہمیشہ ہوتے رہے ہیں پیغمبر ہوئے یا پیغمبر کے تابع ہوئے ۱۲ منہ رح

ف حضرت کی دعا سے ایکبار کے لوگوں پر قحط پڑا تھا پھر حضرت ہی کی دعا سے دفع ہوا یہ اسی کو فرمایا ہے ۱۲ منہ رح

ربع ع ٤

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَنْشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ○ وَهُوَ
بنا دیئے تم کو کان اور آنکھیں اور دل تم بہت تھوڑا حق مانتے ہو اور اسی نے

الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ○ وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي
تم کو بکھیر رکھا ہے زمین میں اور اسی کی طرف جمع ہو کر جاؤ گے اور وہی ہے جلاتا

وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ بَلْ قَالُوا
اور مارتا اور اسی کا کام ہے بدلنا رات کا اور دن کا سو کیا تم کو بوجھ نہیں کوئی نہیں یہ وہی کہتے ہیں

مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ○ قَالُوا أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا
جیسا کہہ چکے ہیں پہلے کہتے ہیں کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو

لَمَبْعُوثُونَ ○ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا هَٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هَٰذَا إِلَّا
جلا اٹھانا ہے وعدہ مل چکا ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو یہی پہلے سے اور کچھ نہیں یہ

أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ○ قُلْ لِّمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ
نقلیں ہیں پہلوں کی تو کہہ کس کی ہے زمین اور جو کوئی اس کے بیچ ہے بتاؤ اگر تم جانتے ہو

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ○ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ
اب کہیں گے اللہ کو تو کہہ پھر تم سوچ نہیں کرتے تو کہہ کون ہے مالک سات آسمانوں کا

وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ○ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ○ قُلْ مَنْ
اور مالک اس بڑے تخت کا اب بتا دیں گے اللہ کو تو کہہ پھر تم ڈرتے نہیں رہتے تو کہہ کس کے

بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ
ہاتھ ہے حکومت ہر چیز کی اور وہ بچا لیتا ہے اور اس سے کوئی بچا نہیں سکتا بتاؤ اگر تم جانتے ہو

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ فَأَنَّىٰ تُسْحَرُونَ ○ بَلْ أَتَيْنَاهُمْ بِالْحَقِّ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ
اب بتا دیں گے اللہ کو تو کہہ پھر کہاں سے تم پر جادو پڑ جاتا ہے کوئی نہیں ہم نے انکو پہنچایا سچ اور وہ البتہ جھوٹے ہیں

مَا اتَّخَذَ اللَّهُ مِنْ وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلَٰهٍ إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَٰهٍ بِمَا
اللہ نے کوئی بیٹا نہیں کیا اور نہ اس کے ساتھ کسی کا حکم چلے یوں ہوتا تو لے جاتا ہر حکم والا اپنے

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ○ عَالِمِ الْغَيْبِ
بنائے کو اور چڑھ جاتا ایک پر ایک اللہ نرالا ہے ان کے بتانے سے جاننے والا چھپے

وَالشَّهَادَةِ فَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ ع قُلْ رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي مَا يُوعَدُونَ ○
اور کھلے کا وہ بہت اوپر ہے اس سے جو یہ شریک بتاتے ہیں ف تو کہہ اے رب اگر تو دکھا دے مجھ کو جو ان کو وعدہ ملتا ہے

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ وَإِنَّا عَلَىٰ أَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ
اے رب تو مجھ کو نہ کریو ان گنہگار لوگوں میں اور ہم کو قدرت ہے کہ تجھ کو دکھا دیں جو ان کو وعدہ

ع ۵ ۵

موضح القرآن

ف کافروں کو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عذاب الٰہی کا خوف دلاتے تو وہ تمسخر کرتے جو اس آیت میں مذکور ہے اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا ہے کہ آپ یہ دعا کیا کیجئے کہ اے اللہ اگر وہ عذاب میری موجودگی میں نازل ہو تو مجھے اس سے بچا لینا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَقٰدِرُوْنَ ۝ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ۝
دیتے ہیں بری بات کے جواب میں وہ کہہ جو بہتر ہے ہم خوب جانتے ہیں جو یہ بتاتے ہیں

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ
اور کہہ اے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطانوں کی چھیڑ سے اور پناہ تیری چاہتا ہوں اے رب اس سے کہ میری

يَّحْضُرُوْنِ ۝ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝ لَعَلِّيْۤ
پاس آویں یہاں تک کہ جب پہنچے ان میں کسی کو موت کہنے لگا اے رب مجھ کو پھر بھیجو شاید کچھ میں

اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ
بھلا کروں کام اس میں جو پیچھے چھوڑ آیا کوئی نہیں یہ بات ہے کہ وہ کہتا ہے اور ان کے پیچھے اٹکاؤ ہے

بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ
جس دن تک اٹھائے جاویں پھر جب وقت پھونک مارے صور میں تو نہ ذاتیں ہیں ان میں اس دن

وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَ
اور نہ آپس میں پوچھنا سو جس کی بھاری ہوئیں تولیں وہی لوگ کام کے نکلے اور

مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝
جس کی ہلکی ہوئیں تولیں سو وہی ہیں جو ہار بیٹھے اپنی جان دوزخ میں رہا کریں گے

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ
مارتی ہے ان کے منہ پر آگ اور وہ اس میں بدشکل ہو رہے ہیں کیا تم کو سناتے نہ تھے ہماری آیتیں پھر تم

بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَاۤ
ان کو جھٹلاتے تھے بولے اے رب زور کیا ہم پر ہماری کم بختی نے اور رہے ہم لوگ بہکے اے رب

اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝
نکال لے ہم کو اس میں سے اگر پھر کریں تو ہم گنہگار فرمایا پڑے رہو پھٹکارے اس میں اور مجھ سے نہ بولو

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
ایک فرقہ تھا میرے بندوں میں جو کہتے تھے اے رب ہمارے ہم یقین لائے سو معاف کر ہم کو اور رحم کر ہم پر

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰۤى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ
اور تو سب مہر والوں سے بہتر پھر تم نے ان کو ٹھٹھوں میں پکڑا یہاں تک کہ بھولے ان کے پیچھے میری یاد اور تم

مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْۤا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝
ان سے ہنستے رہے میں نے آج دیا ان کو بدلا ان کے سہنے کا کہ وہی ہیں مراد کو پہنچے

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ
فرمایا تم کتنی دیر رہے زمین میں برسوں کی گنتی سے بولے ہم رہے ایک دن یا کچھ

ف حق تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والے جب اس کے غصہ اور عتاب کو دیکھیں گے تو نہایت پشیمان ہو کر عرض کریں گے کہ اے رب العزت اب کی مرتبہ تو کرم فرما کر ہم کو اس عذاب سے نکال دیجئے اگر آئندہ ہم ایسا کریں تو بیشک قصوروار ہوں گے جواب ملے گا خاموش ہو جاؤ آج تمہاری کوئی درخواست قابل سماعت نہ ہوگی اور ذلت کا مزہ چکھو ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

يوم فسئل العادين ○ قل ان لبثتم الا قليلا لو انكم كنتم تعلمون ○

دن سے کم تو پوچھ لے گنتی والوں سے فرمایا تم اس میں بہت نہیں رہے تھوڑا ہی رہے ہو اگر تم جانتے ہوتے

افحسبتم انما خلقنكم عبثا وانكم الينا لا ترجعون ○ فتعلى الله

سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہم نے تم کو بنایا کھیلنے کو اور تم ہمارے پاس پھر نہ آؤ گے سو بہت اوپر ہے اللہ

الملك الحق لا اله الا هو رب العرش الكريم ○ ومن يدع مع

وہ بادشاہ سچا کوئی حاکم نہیں اس کے سوا مالک اس عزت کے تخت کا اور جو کوئی پکارے اللہ کے

الله الها اخر لا برهان له به فانما حسابه عند ربه انه لا يفلح

ساتھ دوسرا حاکم جس کی سند نہیں اس کے پاس سو اس کا حساب ہے اس کے رب کے نزدیک بیشک بھلا نہ پاویں گے

الكفرون ○ وقل رب اغفر وارحم وانت خير الرحمين ○ ٤

منکر اور تو کہہ اے رب معاف کر اور مہر کر اور تو ہے بہتر سب مہر والوں سے

سورة النور مدنية وهي اربع وستون اية وتسع ركوعات	بسم الله الرحمن الرحيم	

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

سورة انزلنها وفرضنها وانزلنا فيها ايت بينت لعلكم تذكرون ○

ایک سورت ہے کہ ہم نے اتاری اور ذمہ پر لازم کی اور اتاریں اس میں باتیں صاف شاید تم یاد رکھو

الزانية والزاني فاجلدوا كل واحد منهما مائة جلدة ولا

بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ہر ایک کو دونوں میں سے سو سو چوٹ کی اور نہ

تاخذكم بهما رافة في دين الله ان كنتم تؤمنون بالله واليوم

ف بنی اسرائیل کا وطن تھا ملک شام حضرت ابراہیم کے وقت سے حضرت یوسف علیہ السلام کے سبب مصر میں آ رہے کتنی مدت گذری اب حق تعالیٰ نے ان کو ملک شام دینا چاہا فرعون ان کو نہ چھوڑتا تھا کہ ان سے کام لیتا بیگار میں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

حٰشِرِيْنَ ۙ يَأْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۝ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ
نقیب ۔ کہ آئیں تیرے پاس جو ہو بڑا جادوگر پڑھا ہوا ۔ پھر اکٹھے کیے جادوگر وعدے پر ایک مقرر دن کے

وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۙ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ
اور کہہ دیا لوگوں کو تم بھی اکٹھے ہوتے ہو ۔ شاید ہم راہ پکڑیں جادوگروں کی اگر ہوں وہی

الْغٰلِبِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ
زبر ۔ پھر جب آئے جادوگر کہنے لگے فرعون سے بھلا کچھ ہمارا نیگ بھی ہے اگر ہو جاویں ہم

الْغٰلِبِيْنَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى
زبر ۔ بولا البتہ اور تم اسی وقت نزدیک والوں میں ہو گے ف۱ ۔ کہا ان کو موسیٰ نے

اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ
ڈالو جو تم ڈالتے ہو ۔ پھر ڈالیں انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں اور بولے فرعون کے اقبال سے

اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝
ہم ہی زبر رہے ۔ پھر ڈالا موسیٰ نے اپنا عصا پھر تب ہی وہ نگلنے لگا جو سوانگ انہوں نے بنایا تھا

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَ
پھر اوندھے گرے جادوگر سجدہ میں ۔ بولے ہم نے مانا جہان کے رب کو ۔ جو رب موسیٰ اور

هٰرُوْنَ ۝ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ
ہارون کا ۔ بولا تم نے اس کو مان لیا ابھی میں نے حکم نہیں دیا تم کو مقرر وہ تمہارا بڑا ہے جس نے تم کو

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۚ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ
سکھلایا جادو ف۲ سو اب معلوم کرو گے ۔ البتہ کاٹوں گا تمہارے ہاتھ اور دوسرے پاؤں ج

خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قَالُوْا لَا ضَيْرَ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝
اور سولی چڑھاؤں گا تم سب کو ۔ بولے کچھ ڈر نہیں ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَوْحَيْنَآ
ہم غرض رکھتے ہیں کہ بخشے ہم کو رب ہمارا تقصیریں ہماری اس واسطے کہ ہم ہوئے پہلے قبول کرنے والے ۔ اور حکم بھیجا

اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي
ہم نے موسیٰ کو کہ رات کو لے نکل میرے بندوں کو البتہ تمہارے پیچھے لگیں گے ۔ پھر بھیجے فرعون نے

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ۝ وَاِنَّهُمْ لَنَا
شہروں میں نقیب ۔ یہ لوگ جو ہیں سو ایک جماعت ہیں تھوڑی سی ۔ اور وہ مقرر ہم سے

لَغَآئِظُوْنَ ۝ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ۝ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّ
جی جلتے ہیں ۔ اور ہم سارے خطرہ رکھتے ہیں ۔ پھر نکال لایا ہم نے ان کو باغ چھوڑ کر اور

ف۱ یعنی میرے مصاحب ہو جاؤ گے ۱۲ منہ ترجمہ شد تعالیٰ
ف۲ تمہارا بڑا کیا رب کو پہنچنے موسیٰ ؑ اور تم ایک استاد کے شاگرد ہو ۱۲ منہ ترجمہ شد تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عُيُوْنٍ ۙ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۙ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
چشمے اور خزانے اور گھر خاصے اس طرح اور ہاتھ لگا دیں یہ چیزیں بنی اسرائیل کو

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا تَرَاۗءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ
پھر پیچھے پڑے ان کے سورج نکلتے ف۱ پھر مقابل ہوئیں دو فوجیں کہنے لگے موسیٰ کے لوگ ہم تو پکڑے گئے

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ
کہا کوئی نہیں میرے ساتھ ہے میرا رب مجھ کو راہ بتادے گا پھر حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو کہ مار

بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ
اپنے عصا سے دریا کو پھر پھٹ گیا تو ہو گئی ہر پھانک جیسے بڑا پہاڑ اور پاس پہنچا دیے اس جگہ

الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ
دوسروں کو اور بچا دیا ہم نے موسیٰ کو اور جو لوگ تھے اس کے ساتھ سارے پھر ڈبو دیا ان دوسروں کو

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ
اس چیز میں ایک نشانی ہے اور نہیں وہ بہت لوگ ماننے والے اور تیرا رب وہی ہے

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ
زبردست رحم والا ف۲ اور سنا ان کو خبر ابراہیم کی جب کہا اپنے باپ کو اور اس کی قوم کو

مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝ قَالَ هَلْ
تم کیا پوجتے ہو وہ بولے ہم پوجتے ہیں مورتوں کو پھر سارے دن اس پاس لگے بیٹھے رہیں کہا کچھ

يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۝ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ
سنتے ہیں تمہارا جب پکارتے ہو یا بھلا کرتے ہیں تمہارا یا برا بولے نہیں پر ہم نے پایا

اٰبَاۗءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝ اَنْتُمْ وَ
اپنے باپ دادوں کو یہی کرتے کہا بھلا دیکھتے ہو جن کو پوجتے رہے ہو تم اور

اٰبَاۗؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۝ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ
تمہارے باپ دادے اگلے سو وہ میرے غنیم ہیں مگر جہان کا صاحب جس نے مجھ کو بنایا

فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ
سو وہی مجھ کو سوجھ دیتا ہے اور وہ جو مجھ کو کھلاتا ہے اور پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوں

فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۝ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ
تو وہی شفا کرتا ہے اور وہ جو مجھ کو مارے گا پھر جلادے گا اور وہ جو مجھ کو توقع ہے کہ بخشے میری

خَطِيْۗـــــَٔــتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَ
تقصیر دن انصاف کے اے رب دے مجھ کو حکم اور ملا مجھ کو نیکوں میں اور

موضح القرآن

ف۱ ایک رات اللہ کے حکم سے شہر مصر میں وبا پڑی ہر گھر میں بڑا بیٹا مر گیا اور بنی اسرائیل کو آگے سے حکم تھا کہ تیار رہیں اس رات میں نکل کھڑے ہوئے سویرے کی دن لگے ان کو ماتم میں آخر فرعون ان کے پیچھے سے سب لشکر لے کر چلا قلزم پر جا لگے ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ سنا دیا ہمارے حضرت صلعم کو کہ مکے کے فرعون بھی مسلمانوں کے پیچھے نکلیں گے لڑائی کو پھر وطن سے باہر تباہ ہوں گے بعد کے دن جیسے فرعون تباہ ہوا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اجْعَلْ لِّي لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ ۙ وَاجْعَلْنِي مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ۙ
رکھ میرا بول سچا پچھلوں میں اور کر مجھ کو وارثوں میں نعمت کے باغ کا

وَاغْفِرْ لِأَبِي إِنَّهُ كَانَ مِنَ الضَّالِّينَ ۙ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۙ يَوْمَ
اور معاف کر میرے باپ کو وہ تھا راہ بھولوں میں اور رسوا مت کر مجھ کو جس دن جی کر اٹھیں جس دن

لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ۙ إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۙ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ
نہ کام آوے کوئی مال نہ بیٹے مگر جو کوئی آیا اللہ پاس لے کر دل چنگا اور پاس لائے بہشت

لِلْمُتَّقِينَ ۙ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ ۙ وَقِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ۙ
واسطے ڈر والوں کے اور نکالی دوزخ سامنے بے راہوں کے اور کہیے ان کو کہاں ہیں جن کو پوجتے تھے

مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ أَوْ يَنتَصِرُونَ ۙ فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ
اللہ کے سوا کچھ مدد کرتے ہیں تمہاری یا بدلا لے سکتے پھر اوندھے ڈالے اس میں

وَالْغَاوُونَ ۙ وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ۙ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ۙ
اور سب بے راہ اور لشکر ابلیس کے سارے کہیں گے جب وہ وہاں جھگڑنے لگیں

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۙ إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۙ وَمَا أَضَلَّنَا
قسم اللہ کی ہم تھے صریح غلطی میں جب تم کو برابر کرتے تھے جہان کے صاحب کے اور ہم کو راہ سے بہکایا

إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ۙ فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ ۙ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ۙ فَلَوْ أَنَّ
سو ان گنہگاروں نے پھر کوئی نہیں ہمارا سفارش کرنے والے اور نہ کوئی دوست محبت کرنے والا سو کسی طرح

لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۙ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم
ہم کو پھر جانا ہو تو ہم ہوں ایمان والوں میں اس بات میں نشانی ہے اور وہ بہت لوگ نہیں

مُّؤْمِنِينَ ۙ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۙ ع كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ۙ
ماننے والے اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا قوم نوح نے پیغام لانے والوں کو

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۙ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۙ فَاتَّقُوا
جب کہا ان کو ان کے بھائی نوح نے کیا تم کو ڈر نہیں میں تمہارے واسطے پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو

اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۙ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ
اللہ سے اور میرا کہا مانو اور نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کچھ بدلہ میرا بدلہ ہے اسی جہان کے

الْعَالَمِينَ ۙ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۙ قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ
صاحب پر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بولے کیا ہم تجھ کو مانیں اور تیرے ساتھ

الْأَرْذَلُونَ ۙ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۙ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ
ہو رہے ہیں کمینے کہا مجھ کو کیا خبر ہے جو کام وہ کرتے ہیں ف ان کا حساب پوچھنا میرے رب ہی کا

ف کمینے کہا مفلس لوگوں کو ہر پیغمبر علیہ السلام کے ساتھ اول غریب لوگ ہوئے ہیں سو فرمایا کہ مجھ کو ان کا صدق قبول ہے ان کے کام سے کیا غرض کہ ان کا پیشہ کیا ہے۔ منہ رحمہ اللہ تعالے

ع ٥ ٣٦ ٩

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ۝ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ

کام ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو اور میں ہانکنے والا نہیں ایمان والوں کو میں تو یہی ڈر سنا دینے والا ہوں کھول کر

قَالُوا لَئِن لَّمْ تَنتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنَّ

بولے اگر نہ چھوڑے گا اے نوح تو سنگسار ہو گا کہا اے رب میری

قَوْمِي كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَن مَّعِيَ مِنَ

قوم نے مجھ کو جھٹلایا سو فیصلہ کر میرے اور ان کے بیچ کسی طرح کا فیصلہ اور بچا لے مجھ کو اور جو میرے ساتھ ہیں

الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝ ثُمَّ أَغْرَقْنَا

ایمان والے پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے اس لدی ہوئی کشتی میں پھر ڈبو دیا

بَعْدُ الْبَاقِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ

پیچھے ان رہے ہوؤں کو البتہ اس بات میں نشانی ہے اور وہ بہت لوگ نہیں ماننے والے اور تیرا

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ

رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا عاد نے پیغام لانے والوں کو جب کہا ان کو ان کے بھائی

هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ

ہود نے کیا تم کو ڈر نہیں میں تمہارے پاس پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَتَبْنُونَ

اور نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کچھ نیگ میرا نیگ ہے اسی جہان کے صاحب پر کیا بناتے ہو

بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ۝ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ۝ وَ

ہر اونچی جگہ پر ایک نشان کھیلنے کو اور بناتے ہو کاریگریاں شاید تم ہمیشہ رہو گے اور

إِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِي

جب ہاتھ ڈالتے ہو تو پنجہ مارتے ہو ظالم بن کر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو اور ڈرو اس سے جس نے

أَمَدَّكُم بِمَا تَعْلَمُونَ ۝ أَمَدَّكُم بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ۝ وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ إِنِّي

تم کو پہنچایا جو کچھ جانتے ہو پہنچائے تم کو چوپائے اور بیٹے اور باغ اور چشمے میں

أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُن

ڈرتا ہوں تم پر ایک بڑے دن کی آفت سے بولے ہم کو برابر ہے تو نصیحت کرے یا نہ کرے

مِّنَ الْوَاعِظِينَ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ

نصیحت کرنے والا یہ اور کچھ نہیں عادت ہے اگلے لوگوں کی اور ہم کو آفت نہیں آنے والی

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ

پھر اس کو جھٹلانے لگے تو ہم نے ان کو غارت کر دیا اس بات میں البتہ نشانی ہے اور وہ بہت لوگ نہیں ماننے والے

نصف القرآن

ف۱ ان لوگوں کو بڑا شوق تھا اونچے مضبوط منارے بنانے کا جس سے کچھ کام نہ نکلے محض نام اور مدرسے کی عمارتیں بھی بڑے تکلف سے مال خرچ کرنے کو باغ ارم بھی انہی کا مشہور ہے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

ع ٨ ١١ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ

اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا ثمود نے پیغام لانے والوں کو جھٹلایا جب کہا ان کو

أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝

ان کے بھائی صالح نے کیا تم کو ڈر نہیں میں تم پاس پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَتُتْرَكُونَ

اور میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کچھ نیگ میرا نیگ ہے اسی جہان کے صاحب پر کیا چھوڑ دیئے

فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ۝ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا

یہاں کی چیزوں میں نڈر باغوں میں اور چشموں میں اور کھیتوں میں اور کھجوروں میں جن کا گابھا

هَضِيمٌ ۝ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝

ملائم اور تراشتے ہو پہاڑوں کے گھر تکلف سے سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ۝ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ۝

اور نہ مانو حکم بے باک لوگوں کا جو بگاڑ کرتے ہیں ملک میں اور سنوار نہیں کرتے

قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ۝ مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ

بولے تجھ پر کسی نے جادو کیا ہے تو بھی ایک آدمی ہے جیسے ہم سو لے آ کچھ نشانی اگر

كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ

تو سچا ہے کہا یہ اونٹنی ہے اس کو پانی پینے کی ایک باری اور تم کو باری ایک دن کی

مَعْلُومٍ ۝ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ فَعَقَرُوهَا

مقرر کی اور نہ چھیڑو اس کو بری طرح پھر پکڑے تم کو آفت ایک بڑے دن کی پھر کاٹ ڈالی وہ اونٹنی

فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ ۝ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ

پھر کل کو رہ گئے پچھتاتے پھر پکڑا ان کو عذاب نے البتہ اس بات میں نشانی ہے اور بہت

ع ٩ ١٢ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ

لوگ نہیں ماننے والے اور تیرا رب ہے زبردست رحم کرنے والا جھٹلایا لوط کی قوم نے

الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ

پیغام لانے والوں کو جب کہا ان کو ان کے بھائی لوط نے کیا تم کو ڈر نہیں میں تم کو پیغام لانے والا ہوں

أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ

معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو اور مانگتا نہیں میں تم سے اس پر کچھ نیگ میرا نیگ ہے

إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعَالَمِينَ ۝ وَتَذَرُونَ مَا

اسی جہان کے صاحب پر کیا دوڑتے ہو جہان کے مردوں پر اور چھوڑتے ہو جو

ل اونٹنی پیدا ہوئی پتھر میں سے اللہ تعالے کی قدرت سے حضرت صالح کی دعا سے وہ چھوٹی پھرتی جس جنگل میں چرنے جاتی سب مویشی بھاگ کر کنارے ہو جاتے جس تالاب پر پانی کو جاتی سب مویشی وہاں سے بھاگتے تب یوں ٹھہرایا کہ ایک دن پانی پیوے وہ جانور ایک دن اور دوسرے مویشی جاویں ١٢ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

خلق لکم ربکم من ازواجکم بل انتم قوم عدون ۝ قالوا لئن لم تنته

تم کو بنا دیں تمہارے رب نے تمہاری جوروئیں بلکہ تم لوگ ہو حد سے بڑھنے والے بولے اگر نہ چھوڑیگا تو

یلوط لتکونن من المخرجین ۝ قال انی لعملکم من القالین ۝ رب

اے لوط تو تو نکالا جاویگا کہا میں تمہارے کام سے البتہ بیزار ہوں اے رب

نجنی واھلی مما یعملون ۝ فنجینہ واھلہ اجمعین ۝ الا عجوزا فی

خلاص کر مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو یہ کرتے ہیں پھر بچا دیا ہم نے اسکو اور اسکے گھر والوں کو سارے مگر ایک بوڑھیا رہی

الغبرین ۝ ثم دمرنا الاخرین ۝ وامطرنا علیھم مطرا فساء مطر

رہنے والوں میں پھر اوکھاڑ مارا ہم نے ان دوسروں کو اور برسایا ان پر ایک برساؤ سو کیا برا برساؤ تھا

المنذرین ۝ ان فی ذلک لایۃ وما کان اکثرھم مؤمنین ۝ وان ربک

ان ڈرائے ہوؤں کا البتہ اس بات میں نشانی ہے اور وہ بہت لوگ نہیں ماننے والے اور تیرا رب

لھو العزیز الرحیم ۝ کذب اصحب لئیکۃ المرسلین ۝ اذ قال لھم شعیب

وہی ہے زبردست رحم والا ف۱ جھٹلایا بن کے رہنے والوں نے پیغام لانے والوں کو جب کہا ان کو شعیب نے

الا تتقون ۝ انی لکم رسول امین ۝ فاتقوا اللہ واطیعون ۝ وما اسئلکم

کیا تم کو ڈر نہیں میں تم کو پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو اور نہیں مانگتا میں تم سے

علیہ من اجر ان اجری الا علی رب العلمین ۝ اوفوا الکیل ولا تکونوا

اس پر کچھ نیگ میرا نیگ ہے اسی جہان کے صاحب پر پورا بھر دو ماپ اور نہ ہو نقصان

من المخسرین ۝ وزنوا بالقسطاس المستقیم ۝ ولا تبخسوا الناس

دینے والے اور تولو سیدھی ترازو سے اور مت گھٹا دو لوگوں کو

اشیاءھم ولا تعثوا فی الارض مفسدین ۝ واتقوا الذی خلقکم و

ان کی چیزیں اور مت دوڑو ملک میں خرابی ڈالتے اور ڈرو اس سے جس نے بنایا تم کو اور

الجبلۃ الاولین ۝ قالوا انما انت من المسحرین ۝ وما انت الا بشر مثلنا و

اگلی خلقت کو بولے تجھ کو تو کسی نے جادو کیا ہے اور تو بھی ایک آدمی ہے جیسے ہم اور

ان نظنک لمن الکذبین ۝ فاسقط علینا کسفا من السماء ان کنت

ہمارے خیال میں تو تو جھوٹا ہے سو گرا دے ہم پر کوئی ٹکڑا آسمان کا اگر تو

من الصدقین ۝ قال ربی اعلم بما تعملون ۝ فکذبوہ فاخذھم عذاب

سچا ہے کہا میرا رب خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو پھر اسکو جھٹلایا پھر پکڑا ان کو آفت نے

یوم الظلۃ انہ کان عذاب یوم عظیم ۝ ان فی ذلک لایۃ وما کان

سائبان والے دن کی بیشک وہ تھا عذاب بڑے دن کا ع البتہ اس بات میں نشانی ہے اور وہ

موضح القرآن

ف۱ الایکہ ایک درختوں کے جنگل کو کہتے ہیں مدین کے قریب چونکہ باغات بہت تھے اسلئے اس لقب سے انہیں فرمایا یہ حضرت شعیب علیہ السلام کا تذکرہ ہے ان کی قوم کے لوگ ناپ تول میں بہت کمی کیا کرتے تھے حضرت شعیب نے بہت سمجھایا لیکن انہوں نے نہ مانا آخر ہلاک کر دیے گئے اس زمانہ میں بھی جو لوگ کم ناپتے اور کم تولتے ہیں انہیں حضرت شعیب کے قصہ سے عبرت پکڑنی چاہیئے ۱۲ منہ رہ (بقیہ آیندہ)

ع ۱۶ ۹ ۱۳

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ
بہت لوگ نہیں ماننے والے اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا اور یہ قرآن ہے اوتارا

رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ۝ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ
جہان کے صاحب کا لے اوترا ہے اس کو فرشتہ معتبر تیرے دل پر کہ تو ہو

الْمُنذِرِينَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ۝ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ۝ أَوَلَمْ يَكُن
ڈر سنانے والا عربی زبان سے کھلی اور یہ لکھا ہے پہلوں کی کتابوں میں ف کیا ان کو

لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ
نشانی نہیں ہو چکی یہ کہ اس کی خبر رکھتے ہیں پڑھے لوگ بنی اسرائیل کے اور اگر اوتارتے ہم یہ کتاب کسی اوپری زبان والے پر

فَقَرَأَهُ عَلَيْهِم مَّا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ ۝ كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ
اور وہ اس کو پڑھتا تو بھی اس کو یقین نہ لاتے اسی طرح پیٹھا دیا ہم نے اس کو

الْمُجْرِمِينَ ۝ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝ فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً
گنہگاروں کے دل میں وہ نہ مانیں گے جب تک نہ دیکھیں گے دکھ کی مار پھر آوے ان پر اچانک

وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ۝ أَفَبِعَذَابِنَا
اور ان کو خبر نہ ہو پھر کہنے لگیں کچھ بھی ہم کو فرصت ملے کیا ہماری مار

يَسْتَعْجِلُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ۝ ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ
جلد مانگتے ہیں بھلا دیکھ تو اگر برتنے دیا ہم نے انکو کتنی برس پھر پہنچا ان پر جس کا ان سے وعدہ تھا

مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ۝ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا
کیا کام آوے گا ان کے جتنا برتتے رہے اور کوئی بستی نہیں کھپائی ہم نے جس کو نہ تھے

مُنذِرُونَ ۝ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ۝ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ۝
ڈر سنانے والے یاد دلانے کو اور ہمارا کام نہیں ہے ظلم کرنا اور اس کو نہیں لے اوترے شیطان

وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ۝ فَلَا تَدْعُ
اور ان سے بن نہ آوے اور وہ کر نہ سکیں ان کو تو سننے کی جگہ سے کنارے کر دیا ہے سو تو مت پکار

مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ ۝ وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ
اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم پھر تو پڑے عذاب میں اور ڈر سنا دے اپنے نزدیک ناتے والوں کو

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَإِنْ عَصَوْكَ
اور اپنے بازو نیچے رکھ ان کے واسطے جو تیرے ساتھ ہوں ایمان والے پھر اگر تیری بے حکمی کریں

فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ۝ الَّذِي يَرَاكَ
تو کہہ دے میں الگ ہوں تمہارے کام سے اور بھروسا کر اس زبردست رحم والے پر جو دیکھتا ہے تجھ کو

موضح القرآن
بقیہ صفحہ ۳۳
ف سائبان کی طرح ابر آیا اس میں سے آگ برسی سب قوم جل گئی ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا)
ف یعنے اس قرآن کی خبر لکھی ہے اگلی کتابوں میں اس کا مدعا یہی ہے اکثر ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

مع
عند المتقدمین ۱۲

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

حِينَ تَقُومُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ۝ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ هَلْ
جب تو اُٹھتا ہے اور تیرا پھرنا نمازیوں میں وہ جو ہے وہی ہے سنتا جانتا میں

أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ۝ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ۝ يُلْقُونَ
بتاؤں تم کو کس پر اترتے ہیں شیطان اترتے ہیں ہر جھوٹے گنہگار پر لا ڈالتے ہیں

السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ ۝ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ
سنی بات اور بہت ان میں جھوٹے ہیں اور شاعروں کی بات پر چلیں وہی جو بے راہ ہیں ف تو نے نہیں دیکھا کہ وہ

فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ۝ وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ
ہر میدان میں سر مارتے پھرتے ہیں ف۲ اور یہ کہ وہ کہتے ہیں جو نہیں کرتے مگر جو

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانْتَصَرُوا مِنْ بَعْدِ
یقین لائے اور کیں نیکیاں اور یاد کی اللہ کی بہت اور بدلا لیا اس پیچھے کہ ان پر ظلم ہوا

مَا ظُلِمُوا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ ۝
اور اب معلوم کریں گے ظلم کرنے والے کس کروٹ الٹتے ہیں

سورة النمل مكية وهي ثلث | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | تسعون آية وسبع ركوعات
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

طس ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُبِينٍ ۝ هُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝
یہ آیتیں ہیں قرآن کی اور کھلی کتاب کی سوجھ اور خوشخبری ایمان والوں کو

الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝
جو کھڑی رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ پچھلا گھر یقین جانتے ہیں

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ أَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُونَ ۝ أُولَٰئِكَ
جو لوگ نہیں مانتے آخرت کو ان کو بھلے دکھائے ہیں ہم نے ان کے کام سو وہ بہکے پھرتے ہیں وہی ہیں

الَّذِينَ لَهُمْ سُوءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ۝ وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى
جن کو بری طرح کی مار ہے اور وہ آخرت میں وہی ہیں خراب اور تجھ کو تو قرآن

الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ ۝ إِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِأَهْلِهِ إِنِّي آنَسْتُ نَارًا
ملتا ہے ایک حکمت والے خبردار سے جب کہا موسیٰ نے اپنے گھر والوں کو میں نے دیکھی ہے ایک آگ

سَآتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ آتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ۝ فَلَمَّا
اب لاتا ہوں تمہارے پاس وہاں سے کچھ خبر یا لاتا ہوں انگارہ سلگا کر شاید تم تاپو پھر جب پہنچا

جَاءَهَا نُودِيَ أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ
اس پاس آواز ہوئی کہ برکت ہے جو کوئی آگ میں ہے اور جو اس کے آس پاس ہے اور پاک ذات ہے اللہ کی جو صاحب

ف کافر پیغمبر کو کبھی کاہن بتاتے کبھی شاعر سو فرمایا کہ شاعر کی بات سے کسی کو ہدایت نہیں ہوتی اس کی صحبت میں ہزاروں خلق نیکی پر آتے ہیں ۱۲ منہ
ع ١١ / ٣٦ / ١٥
ف۲ یعنے جو مضمون پکڑ لیا اسی کو بڑھاتے چلے گئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ثلث

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَاَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَلَمَّا
سارے جہان کا وہ اے موسیٰ میں اللہ ہوں زبردست حکمتوں والا اور ڈال دے لاٹھی اپنی پھر جب
رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ
دیکھا اس کو پھنپھناتے جیسے سانپ کی سٹک پھر ابیٹھ دے کر اور پیچھے نہ دیکھا اے موسیٰ ڈر نہ کہا میں جو ہوں
لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ
میرے پاس نہیں ڈرتے رسول ف۲ مگر جس نے زیادتی کی پھر بدل کر نیکی کی برائی کے پیچھے
فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِىْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ
تو میں بخشنے والا مہربان ہوں اور ڈال ہاتھ اپنا اپنے گریبان میں کہ نکلے چٹا نہ کچھ
غَيْرِ سُوْٓءٍ ۣ فِىْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝
برائی سے یہ ملکر نو نشانیاں فرعون اور اس کی قوم کی طرف بیشک وہ تھے لوگ بے حکم ف۳
فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَجَحَدُوْا بِهَا
پھر جب پہنچیں ان پاس ہماری نشانیاں سوجھانے کو بولے یہ جادو ہے صریح اور ان سے منکر ہو گئے
وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
اور ان کو یقین جان چکے تھے اپنے جی میں بے انصافی اور غرور سے سو دیکھ کیسا ہوا آخر
الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
بگاڑنے والوں کا اور ہم نے دیا داؤد اور سلیمان کو ایک علم اور بولے شکر اللہ کا جس نے ہم کو
فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ
بڑھایا اپنے بہت بندوں ایمان والوں پر اور وارث ہوا سلیمان داؤد کا اور بولا
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَىْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ
لوگو ہم کو سکھائی ہے بولی اڑتے جانوروں کی اور دیا ہم کو ہر چیز میں سے بیشک یہی ہے
الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ
بڑائی صریح اور جمع کئے گئے سلیمان کے پاس اس کے لشکر جن اور انسان اور اڑنے جانور
فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا
پھر ان کی مثلیں بنتیں یہاں تک کہ جب پہنچے چیونٹیوں کے میدان پر کہا ایک چیونٹی نے اے چیونٹیو گھس جاؤ
مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ
اپنے گھروں میں نہ پیس ڈالے تم کو سلیمان اور اس کے لشکر اور ان کو خبر نہ ہو پھر مسکرا کر
ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِىْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتَ
ہنس پڑا اس کی بات سے اور بولا اے رب میری قسمت میں دے کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر

موضح القرآن

ف۱ آگ کے اندر اور آس پاس فرشتے مقرب تھے آگ نہ تھی نکا نور تھا اور آواز دی غیب سے اللہ تعالیٰ نے ۱۲ منہ رح

ف۲ اول شکل سی بن گئی تھی پتلی جب فرعون کے آگے ڈالی تو ناگ ہو گئی بڑا ۱۲ منہ رح

ع ۱۴ ۱۶

ف۳ سورہ اعراف میں وہ نو نشانیاں ہو چکیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ

اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور ملا لے مجھ کو اپنی مہر سے

عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ

اپنے نیک بندوں میں اور خبر لی اڑتے جانوروں کی تو کہا کیا ہے جو میں نہیں دیکھتا ہدہد کو یا

كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ۝ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ

ہو رہا وہ غائب اس کو مار دوں گا زور کی یا ذبح کر ڈالوں گا یا لاوے میرے پاس

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ

کوئی سند صریح پھر بہت دیر نہ کی کہ آ کر کہا میں لے آیا خبر ایک چیز کی کہ تجھ کو اس کی خبر نہیں اور آیا ہوں تیرے پاس

مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ۝ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

سبا سے ایک خبر تحقیق میں نے پائی ایک عورت ان کے راج پر اور اس کو ملی ہے سب چیز اور

لَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ

اس کا ایک تخت ہے بڑا میں نے پایا کہ وہ اور اس کی قوم سجدہ کرتے ہیں سورج کو اللہ کے سوا

اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝

اور بھلے دکھائے ہیں ان کو شیطان نے ان کے کام پھر روکا ہے ان کو راہ سے سو وہ راہ نہیں پاتے

اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا

کیوں نہ سجدہ کریں اللہ کو جو نکالتا ہے چھپی چیز آسمانوں میں اور زمین میں اور جانتا ہے جو

تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ قَالَ

چھپاتے ہو اور جو کھولتے ہو اللہ ہے کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا صاحب تخت بڑے کا کہا

سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ

ہم دیکھیں گے تو نے سچ کہا یا تو جھوٹا ہے لے جا میرا یہ خط اور ڈال دے

اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ۝ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ

ان کی طرف پھر ان کے پاس سے ہٹ آ پھر دیکھ وہ کیا جواب دیتے ہیں کہنے لگی اے دربار والو میرے پاس ڈال دیا ہے

اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا

خط عزت کا وہ خط ہے سلیمان کی طرف سے اور وہ ہے شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا کہ زور نہ کرو

عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ مَا كُنْتُ

میرے مقابل اور چلے آؤ میرے پاس حکمبردار ہو کر کہنے لگی اے دربار والو مشورہ دو مجھ کو میرے کام میں میں مقرر نہیں

قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۝

کرتی کوئی کام جب تک تم حاضر نہ ہو وہ بولے ہم لوگ زور آور ہیں اور سخت لڑائی والے

موضح القرآن

ف ان کے باپ پر تو ہزاروں احسان تھے اور ماں بڑی کچھ ہوں گے ایک تو مشہور ہے کہ بڑی پارسا تھی کہتے ہیں کہ وہی تھی جس کا ذکر سورہ نمل میں ہے اس چیونٹی کی بات سمجھ کر اس کو شکر آیا اللہ کا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ۝ قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً
اور کام تیرے اختیار ہے سو تو دیکھ لے جو حکم کرے کہنے لگی بادشاہ جب پیٹھیں کسی بستی میں

أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ۝ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ
اس کو خراب کریں اور کر ڈالیں وہاں کے سرداروں کو بے عزت اور یہی کچھ کریں گے اور میں بھیجتی ہوں ان کی طرف

بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ۝ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ
کچھ تحفہ پھر دیکھتی ہوں کیا جواب لے کر پھرتے ہیں بھیجے ہوئے پھر جب پہونچا سلیمان پاس بولا کیا تم میری اعانت کرتے ہو مال سے

فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِمَّا آتَاكُمْ بَلْ أَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ۝ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ
سو جو اللہ نے مجھ کو دیا ہے بہتر ہے اس سے جو تم کو دیا بلکہ تم اپنے تحفہ سے خوش رہو پھر جا انکے پاس اب ہم پہنچتے ہیں ان پر

بِجُنُودٍ لَا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ صَاغِرُونَ ۝ قَالَ
ساتھ لشکروں کے جن کا سامنا نہ ہو سکے ان سے اور نکالدیں گے انکو وہاں سے بے عزت کر کے اور وہ خوار ہوں گے ف بولا

يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۝ قَالَ عِفْرِيتٌ مِنَ
اے دربار والو تم میں کوئی ہے کہ لے آوے میرے پاس اس کا تخت پہلے اس سے کہ وہ آویں میرے پاس حکمبردار ہو کر بولا ایک دیو

الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ تَقُومَ مِنْ مَقَامِكَ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ۝ قَالَ
جنوں میں سے میں لا دیتا ہوں وہ تجھ کو پہلے اس سے کہ تو اٹھے اپنی جگہ سے اور میں اس کے زور کا ہوں معتبر بولا

الَّذِي عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَآهُ
وہ شخص جس کے پاس تھا ایک علم کتاب کا میں لا دیتا ہوں تجھ کو وہ پہلے اس سے کہ پھر آوے تیری طرف تیری آنکھ پھر جب دیکھا وہ

مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هَٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ وَمَنْ
دھرا اپنے پاس کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہے میرے جانچنے کو کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری اور جو کوئی

شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا
شکر کرے سو شکر کرے اپنے واسطے اور جو کوئی ناشکری کرے سو میرا رب بے پرواہ ہے نیکذات کہا روپ بدل دکھاؤ اس عورت کے آگے اسکے

نَنْظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ أَهَٰكَذَا
ہم دیکھیں سوجھ پاتی ہے یا ان لوگوں میں ہوتی ہے جن کو سوجھ نہیں پھر جب وہ آ پہنچی کسی نے کہا کیا ایسا ہی ہے

عَرْشُكِ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ۝ وَصَدَّهَا
تیرا تخت بولی گویا یہ وہی ہے اور ہم کو معلوم ہو چکا آگے سے اور ہم ہو چکے حکم بردار اور بند کیا اس کو

مَا كَانَتْ تَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كَافِرِينَ ۝ قِيلَ لَهَا ادْخُلِي
ان چیزوں نے جو پوجتی تھی اللہ کے سوا البتہ وہ تھی منکر لوگوں میں کسی نے کہا اس عورت کو

الصَّرْحَ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُمَرَّدٌ
اندر چل محل میں پھر جب دیکھا اس کو خیال کیا کہ وہ پانی ہے گہرا اور کھولیں اپنی پنڈلیاں کہا یہ تو ایک محل ہے جڑے ہوئے اس میں

[illegible] القرآن

ف۱ اور کسی پیغمبر نے اس طرح کی بات نہیں فرمائی ان کو حق تعالیٰ کی سلطنت کا زور تھا جو یہ فرمایا ۱۲ منہ رہ
ف۲ کافر جب اپنے امان میں نہیں اس کا مال زبردستی سے حلال ہو جب وہ مسلمان ہو پھر حلال نہیں ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

۳ع ۱۸

قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝
شیشے | بولی اے رب میں نے برا کیا ہے اپنی جان کا اور حکمبردار ہوئی ساتھ سلیمان کے اللہ کے آگے جو رب سارے جہان کا

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ۝
اور ہم نے بھیجا تھا ثمود کی طرف انکا بھائی صالح کہ بندگی کرو اللہ کی پھر تو وہ دو جتھے ہو کر لگے جھگڑنے

قَالَ يَا قَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۖ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ لَعَلَّكُمْ
کہا اے قوم کیوں شتاب مانگتے ہو برائی پہلے بھلائی سے کیوں نہیں گناہ بخشواتے اللہ سے شاید تم پر

تُرْحَمُونَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَن مَّعَكَ ۚ قَالَ طَائِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ ۖ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ
رحم ہو | بولے ہم نے بد قدم دیکھا تجھ کو اور تیرے ساتھ والوں کو کہا تمہاری بری قسمت اللہ کے پاس ہے کوئی نہیں تم لوگ

تُفْتَنُونَ ۝ وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ۝
جانچے جاتے ہو ف۱ اور تھے اس شہر میں نو شخص خرابی کرتے ملک میں اور نہ سنوارتے

قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ
بولے آپس میں قسم کھاؤ اللہ کی مقرر رات کو پڑیں ہم اس پر اور اس کے گھر پر پھر کہدیں گے اس کا دعویٰ کرنیوالے کو ہم نے نہیں دیکھا جب تباہ

أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ فَانظُرْ كَيْفَ
اس کا گھر اور ہم بے شک سچ کہتے ہیں اور انہوں نے بنایا ایک فریب اور ہم نے بنایا ایک فریب اور انکو خبر نہ ہوئی ف۲ پھر دیکھ کیسا ہوا

كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا
آخر ان کے فریب کا کہ ہم نے اکھاڑ مارا ان کو اور انکی قوم کو سارے سو یہ پڑے ہیں انکے گھر ڈہئے ہوئے ان کے

ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَأَنجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝
انکار سے البتہ اس میں نشانی ہے ایک لوگوں کو جو جانتے ہیں ف۳ اور بچا دیا ہم نے انکو جو یقین لائے تھے اور بچتے رہتے تھے

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ۝ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ
اور لوط کو جب کہا اپنی قوم کو کیا تم کرتے ہو بے حیائی اور تم دیکھتے ہو ف۴ کیا تم دوڑتے ہو مردوں پر

شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاءِ ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن
للچا کر عورتیں چھوڑ کر کوئی نہیں تم لوگ بے سمجھ ہو پھر اور جواب نہ تھا اس کی قوم کا مگر یہی کہ

قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ
بولے نکالو لوط کے گھر کو اپنے شہر سے یہ لوگ ہیں ستھرے رہا چاہتے پھر بچا دیا ہمنے اسکو اور اسکے گھر کو

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنذَرِينَ ۝
مگر اس کی عورت ٹھہرا دیا تھا ہمنے اس کو رہ جانے والوں میں اور برسایا ہم نے ان پر برساؤ پھر کیا برا برساؤ تھا ان ڈرائے ہوؤں کا

۴ع ۱۹

قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَىٰ عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَىٰ ۗ آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ۝
تو کہہ تعریف ہے اللہ کو اور سلام ہے اسکے بندوں پر جن کو اس نے پسند کیا بھلا اللہ بہتر یا جن کو وہ شریک کرتے ہیں

موضح القرآن

ف۱ یعنی کفر کی شامت سے تم پر سختی پڑی ہے کہ دیکھیں سمجھتے ہو یا نہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی انکے ہلاک ہونیکے اسباب پوری ہوتے تھے جب تک شرارت حد کو نہ پہنچے تب تک ہلاک نہیں آتا ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی یہی حال ہے ان کافروں کا ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی دیکھتے ہو کہ کیسا برا کام ہے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ

بھلا کس نے بنائے آسمان اور زمین اور اوتار دیا تم کو آسمان

السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا

سے پانی پھر اوگائے ہم نے اس سے باغ رونق کے تمہارا کام نہ تھا کہ اوگاتے ان کے درخت

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ

اب کوئی اور حاکم ہے اللہ کے ساتھ کوئی نہیں وہ لوگ راہ سے مڑتے ہیں بھلا کس نے بنایا زمین کو ٹھہراؤ اور بنائیں

خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ءَاِلٰهٌ

اس کے بیچ ندیاں اور رکھے اس پر بوجھ اور رکھا دو دریا میں اوٹ اب کوئی حاکم ہے

مَّعَ اللّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ

اللہ کے ساتھ کوئی نہیں ان بہتوں کو سمجھ نہیں بھلا کون پہنچتا ہے بیکسے کی پکار کو جب اس کو پکارتا ہے اور

يَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا

اوٹھا دیتا ہے برائی اور کرتا ہے تم کو نائب زمین اب کوئی حاکم ہے اللہ کے ساتھ تم سوچ کم

تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

کرتے ہو بھلا کون راہ بتاتا ہے تم کو اندھیروں میں جنگل کے اور دریا کے اور کون چلاتا ہے ہوائیں

بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَمَّنْ

خوش خبری لانیاں اس کی مہر سے آگے اب کوئی حاکم ہے اللہ کے ساتھ اللہ بہت اوپر ہے اس سے جو شریک بتاتے ہیں بھلا کون

يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ

سرے سے بناتا ہے پھر اس کو دوہراتا ہے اور کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے اب کوئی حاکم ہے

مَّعَ اللّٰهِ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ

اللہ کے ساتھ تو کہہ کہ لاؤ اپنی سند اگر تم سچے ہو تو کہہ خبر نہیں رکھتا جو کوئی

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝

آسمان اور زمین میں چھپی چیز کی مگر اللہ اور ان کو خبر نہیں کب جلائے جاویں گے

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُمْ مِّنْهَا

بلکہ ہار گری ان کی دریافت آخرت میں بلکہ ان کو دھوکا ہے اس میں بلکہ وہ اس سے

ع ۵ عَمُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ

اندھے ہیں اور بولے وہ جو منکر ہیں کیا جب ہو گئے ہم مٹی اور ہمارے باپ دادے کیا ہم کو زمین سے نکالنا ہے

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ

وعدہ مل چکا ہے اس کا ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو آگے سے اور کچھ نہیں یہ نقلیں ہیں اگلوں کی

ربع القرآن

ف ۱ یعنی عقل دوڑا کر تھک گئے آخرت کی حقیقت نہ پائی کبھی شک کرتے ہیں اور کبھی منکر ہوتے ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ○ وَلَا
تو کہہ پھرو ملک میں تو دیکھو کیسا ہوا آخر گنہگاروں کا اور نہ

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى
غم کھا ان پر اور نہ رہ تنگی میں ان کے داؤں بنانے سے اور کہتے ہیں کب ہے

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ
یہ وعدہ اگر تم سچے ہو تو کہہ شاید تمہاری پیٹھ پر پہنچی ہو بعضی

بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ
جس چیز کی شتابی کرتے ہو اور تیرا رب تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر پر ان میں

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○
بہت شکر نہیں کرتے اور تیرا رب جانتا ہے جو چھپ رہا ہے ان کے سینوں میں اور جو کچھ دکھاتے ہیں

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ اِنَّ هٰذَا
اور کوئی چیز نہیں جو غائب ہو آسمان اور زمین میں مگر ہے کھلی کتاب میں یہ

الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○
قرآن سناتا ہے بنی اسرائیل کو اکثر چیز جس میں وہ پھوٹ رہے ہیں

وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ
اور یہ سوجھ ہے اور مہر ہے ایمان والوں کو تیرا رب ان میں فیصلہ کرے اپنی حکومت سے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ○ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ○ اِنَّكَ لَا
اور وہی ہے زبردست سب جانتا سو تو بھروسا کر اللہ پر بے شک تو ہے صحیح کھلی راہ پر تو نہیں

تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ○ وَمَآ اَنْتَ
سنا سکتا مردوں کو اور نہیں سنا سکتا بہروں کو پکار جب پھریں پیٹھ دے کر اور نہ تو

بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○
دکھا سکے اندھوں کو جب راہ سے چوکیں تو تو سناتا ہے اس کو جو یقین رکھتا ہو ہماری باتوں پر سو وہ حکم بردار ہیں

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ
اور جب پڑ چکے گی ان پر بات نکالیں گے ہم ان کے آگے ایک جانور زمین سے ان سے باتیں کریگا اس واسطے کہ

ع ۲ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا
لوگ ہماری نشانیاں یقین نہ کرتے تھے اور جس دن گھیر بلاویں گے ہم ہر فرقے میں سے ایک غول

مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ○ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ
جو جھٹلاتے تھے ہماری باتیں پھر ان کی مثل بندی ہوگی یہاں تک کہ جب آپہنچے فرمایا کیوں تم نے جھٹلائیں میری باتیں

موضح القرآن

ف قیامت سے پہلے صفا پہاڑ پھٹے گا اس میں سے ایک جانور نکلے گا لوگوں سے باتیں کرے گا کہ اب قیامت نزدیک ہے اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو جدا جدا کر دے گا نشان دے کر ۱۲ منہ

(بقیہ بر صفحہ آئندہ)

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ
اور نہ آچکی تھیں تمہاری سمجھ میں یا کیا کرتے تھے اور پڑ چکی ان پر بات

بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيهِ
اس واسطے کہ انہوں نے شرارت کی سو وہ کچھ نہیں بولتے کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے بنائی رات کہ اس میں چین پکڑیں

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي
اور دن بنایا دیکھنے کا البتہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کو جو یقین کرتے ہیں اور جس دن پھونکا جاویگا

الصُّورِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ۚ وَ
نرسنگا تو گھبرا جاوے جو کوئی ہیں آسمان میں اور زمین میں مگر جس کو اللہ چاہے اور

كُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ ۝ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۚ
سب چلے آویں اس کے آگے عاجزی سے ف۱ اور تو دیکھتا ہے پہاڑ جانتا ہے وہ جم رہے ہیں اور وہ چلیں گے جیسے چلے بدلی

صُنْعَ اللَّهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ إِنَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَفْعَلُونَ ۝ مَنْ جَاءَ
کاریگری اللہ کی جس نے سادھی ہے ہر چیز اس کو خبر ہے جو تم کرتے ہو جو کوئی لایا

بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِنْهَا وَهُمْ مِنْ فَزَعٍ يَوْمَئِذٍ آمِنُونَ ۝ وَمَنْ جَاءَ
بھلائی تو اس کو ملنا ہے اس سے بہتر اور انکو گھبراہٹ سے اس دن چین ہے اور جو کوئی لایا

بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝
برائی سو اوندھے ڈالے ہیں ان کے منہ آگ میں وہی بدلا پاؤ گے جو کچھ کرتے تھے

إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ ۖ
مجھ کو یہی حکم ہے کہ بندگی کروں اس شہر کے مالک کی جس نے اس کو دیا ادب کا اور اسی کی ہے ہر چیز

وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا
اور حکم ہے کہ رہوں حکم برداروں میں اور یہ کہ سنا دوں قرآن پھر جو کوئی راہ پر آیا سو راہ پر

يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنْذِرِينَ ۝ وَقُلِ
آوے گا اپنے بھلے کو اور جو کوئی بہکا رہا تو کہدے میں یہی ہوں ڈر سنانے والا اور کہہ

الْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ ﴿۴﴾
تعریف ہے سب اللہ کو آگے دکھاویگا تم کو اپنے نمونے تو ان کو پہچان لوگے اور تیرا رب بے خبر نہیں ان کاموں سے جو کرتے ہو

سُورَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَثَمَانُونَ آيَةً وَتِسْعُ رُكُوعَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

طسم ۝ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ ۝ نَتْلُو عَلَيْكَ مِنْ نَبَإِ مُوسَىٰ وَ
یہ آیتیں ہیں کھلی کتاب کی ہم سناتے ہیں تجھ کو کچھ احوال موسیٰ کا اور

(بقیہ صفحہ ۳۴۶) ف۱ یعنی ہر گناہ والے ایک جتھا ہوں گے۔ متعلقہ صفحہ ہذا ف۱ ایک بار صور پھونکے گا جس سے خلق مرجاویگی دوسرا پھونکے گا تو جی اٹھیں گے اس کے بعد جو پھونکے گا تو گھبرا جاویں گے اور پھونکے گا تو بیہوش ہو جاویں گے اور پھونکے گا تو ہوشیار ہو جاویں گے۔ صور پھونکنا بہت بار ہے ۱۲۰ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ
فرعون کا تحقیق ایک لوگوں کے واسطے جو یقین کرتے ہیں ۝ ف فرعون چڑھ رہا تھا ملک میں اور کر رکھے تھے

اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ
وہاں کے لوگ کئی جتھے کمزور کر رکھا ایک فرقے کو ان میں ذبح کرتا ان کے بیٹے اور جیتی رکھتا ان کی عورتیں

اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا
وہ تھا خرابی ڈالنے والا ۝ ف۲ اور ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں ان پر جو کمزور پڑے تھے

فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ
ملک میں اور کریں ان کو سردار اور کریں ان کو قائم مقام اور جما دیں ان کو ملک میں

وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ وَاَوْحَيْنَآ
اور دکھا دیں فرعون اور ہامان کو اور ان کے لشکروں کو ان کے ہاتھ سے جس چیز کا خطرہ رکھتے تھے اور ہم نے حکم بھیجا

اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ
موسیٰ کی ماں کو کہ اس کو دودھ پلا پھر جب تجھ کو ڈر ہو اس کا تو ڈال دے اس کو پانی میں اور نہ خطرہ کر

وَلَا تَحْزَنِيْ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَالْتَقَطَهٗٓ
اور نہ غم کھا ہم پھر پہنچا دیں گے اس کو تیری طرف اور کریں گے اس کو رسولوں سے پھر اٹھا لیا اس کو

اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا
فرعون کے گھر والوں نے کہ ہو ان کا دشمن اور رلانے والا بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے

كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ لَا تَقْتُلُوْهُ
لشکر چوکنے والے تھے ۝ اور بولی فرعون کی عورت آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میری اور تیری اس کو نہ مارو

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ
شاید ہمارے کام آوے یا ہم اس کو کر لیں بیٹا اور ان کو خبر نہیں اور صبح کو موسیٰ کی ماں کے دل میں

مُوْسٰى فٰرِغًا اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ
قرار نہ رہا نزدیک ہوتی کہ ظاہر کر دے بے قراری کو اگر نہ ہم نے گرہ دی ہوتی اس کے دل پر اس واسطے کہ رہے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ
ایمان والوں میں اور کہہ دیا اس کی بہن کو اس کے پیچھے چلی جا پھر دیکھتی رہی اس کو اجنبی ہو کر

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ
اور ان کو خبر نہ ہوئی اور روک رکھی تھیں ہم نے اس سے دائیاں پہلے سے پھر بولی میں بتاؤں

اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝ فَرَدَدْنٰهُ
تم کو ایک گھر والے کہ اس کو پال دیں تم کو اور وہ اس کے بھلا چاہنے والے ہیں پھر پہنچا دیا اس کو

موضح القرآن

ف یعنی مسلمان لوگ اپنا حال قیاس کریں ظالموں کے مقابلے میں ۱۲ منہ رح

ف۲ بیٹے ذبح کرتا کہ یہ قوم بڑھ نہ جاوے کہ زور پکڑیں یعنی بنی اسرائیل ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِلَىٰ أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ
اس کی ماں کی طرف کہ ٹھنڈی رہے اس کی آنکھ اور غم نہ کھاوے اور جانے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے پر بہت

أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا ع ۲ ربع
لوگ نہیں جانتے ف۱ اور جب پہنچا اپنے زور پر اور سنبھلا دیا ہم نے اس کو حکم اور سمجھ

وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ
اور اس طرح ہم بدلا دیتے ہیں نیکی والوں کو اور آیا شہر کے اندر جس وقت بے خبر ہوتے تھے وہاں کے

أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا مِن شِيعَتِهِ وَهَٰذَا مِنْ
لوگ پھر پائے اس میں دو مرد لڑتے یہ اس کے رفیقوں میں اور یہ اس کے

عَدُوِّهِ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِن شِيعَتِهِ عَلَى الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ
دشمنوں میں پھر فریاد کی اس پاس اس نے جو تھا اس کے رفیقوں میں اس کی جو تھا اس کے دشمنوں میں پھر مکا مارا اس کو

مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ
موسیٰ نے پھر اس کو تمام کیا بولا یہ ہوا شیطان کے کام سے بیشک وہ دشمن ہے بہکانے والا

مُّبِينٌ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ إِنَّهُ هُوَ
صریح بولا اے رب میں نے برا کیا اپنی جان کا سو بخش مجھ کو پھر اس کو بخش دیا بیشک وہی ہے

الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيرًا
بخشنے والا مہربان بولا اے رب جیسا تو نے فضل کیا مجھ پر پھر میں کبھی نہ ہوں گا مددگار

لِّلْمُجْرِمِينَ ۝ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ
گنہگاروں کا ف۲ پھر صبح کو اٹھا اس شہر میں ڈرتا راہ دیکھتا پھر تب ہی جس نے کل مدد مانگی تھی

بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِينٌ ۝ فَلَمَّا أَنْ
اس سے فریاد کرتا ہے اس کو کہا موسیٰ نے مقرر تو بے راہ ہے صریح پھر جب چاہا کہ

أَرَادَ أَن يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ يَا مُوسَىٰ أَتُرِيدُ أَن تَقْتُلَنِي
ہاتھ ڈالے اس پر جو دشمن تھا ان دونوں کا بول اٹھا اے موسیٰ کیا چاہتا ہے کہ خون کرے میرا

كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ إِن تُرِيدُ إِلَّا أَن تَكُونَ جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ
جیسے خون کر چکا ایک جی کا کل کو تو یہی چاہتا ہے کہ زبردستی کرتا پھرے ملک میں

وَمَا تُرِيدُ أَن تَكُونَ مِنَ الْمُصْلِحِينَ ۝ وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ
اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ فَسَبِّحْ
یا ہم ہیں اوٹھانے والے ف۱ ہم نے وہ بنائی یاد دلانے کو اور برتنے کو جنگل والوں کے ف۲ سو بول پاکی

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ع فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ
اپنے رب کے نام کی جو سب سے بڑا سو میں قسم کھاتا ہوں تارے ڈوبنے کی اور یہ قسم ہے اگر سمجھو تو

عَظِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝
بڑی قسم بیشک یہ قرآن ہے عزت والا لکھا ہوا کتاب میں اس کو وہی چھوتے ہیں جو پاک بنے ہیں ف۳

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ
اوتارا ہے جہان کے صاحب سے اب کیا اس بات میں تم سستی کرتے ہو اور اپنا حصہ یہی

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَىِٕذٍ
لیتے ہو کہ تم جھٹلاتے ہو پھر کیوں نہ جس وقت جان پہنچے حلق کو اور تم اس وقت

تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ
دیکھتے ہو اور ہم اس کے پاس ہیں تم سے زیادہ پر تم نہیں دیکھتے پھر کیوں

اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاَمَّآ
اگر تم نہیں کسی کے حکم میں کیوں نہیں پھیر لیتے اس کو اگر ہو تم سچے سو جو

اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۝ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝ وَاَمَّآ
اگر وہ ہوا پاس والوں میں تو راحت ہے اور روزی ہے اور باغ نعمت کا اور جو

اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ وَاَمَّآ
اگر وہ ہوا داہنے والوں میں تو سلامتی پہنچے تجھ کو داہنے والوں سے اور جو

موضح القرآن

ف۱ کئی درخت ہیں سبز ان کو رگڑنے سے آگ نکلتی ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی کہ اس آگ سے دوزخ کی آگ یاد آوے اور جنگل والوں کے آگ سے بہت کام ہیں جاڑے میں اور کام

ثلث ع ۲۶ / ۱۵

سبھی کا چلتا ہے اس سے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی فرشتے اس کتاب کو ہاتھ لگاتے ہیں یعنی اس کتاب میں قرآن لکھا ہوا ہے فرشتوں کے ہاتھ میں یا لوح محفوظ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

إِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ ۝ وَتَصْلِيَةُ
اگر وہ ہوا جھٹلانے والوں بہکوں میں تو مہمانی ہے جلتا پانی اور پیٹھنا

جَحِيمٍ ۝ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝
آگ میں بیشک یہ بات یہی ہے لایق یقین کے تو بول پاکی اپنے رب کے نام سے جو سب سے بڑا

سورۃ الحدید مدنیۃ وھی تسع وعشرون آیۃ واربع رکوعات
بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا اسی کو راج ہے آسمانوں کا

وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ
اور زمین کا جلاتا ہے اور مارتا اور وہ سب چیز کر سکتا ہے وہی ہے پہلا اور پچھلا اور

وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ
باہر اور اندر اور وہ سب چیز جانتا ہے وہی ہے جس نے بنائے آسمان اور زمین

فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا
چھ دن میں پھر بیٹھا تخت پر جانتا ہے جو پیٹھتا ہے زمین میں اور جو اس سے نکلتا ہے

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۖ وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا
اور جو اترتا ہے آسمان سے اور جو اس میں چڑھتا ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو اور اللہ جو تم

تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝
کرتے ہو دیکھتا ہے اسی کو ہے راج آسمانوں کا اور زمین کا اور اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ آمِنُوا
داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اس کو خبر ہے جیوں کی بات کی یقین لاؤ

بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنْفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ فِيهِ ۖ فَالَّذِينَ آمَنُوا
اللہ پر اور اس کے رسول پر اور خرچ کرو جو کچھ تمہارے ہاتھ میں دیا ہے اپنا نائب کر کے سو جو لوگ تم میں سے یقین لائے ہیں

مِنْكُمْ وَأَنْفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۙ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ
اور خرچ کرتے ہیں ان کو نیک بڑا ہے اور تم کو کیا ہوا کہ یقین نہ لاؤ گے اللہ پر اور رسول بلاتا ہے تم کو

لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ
کہ یقین لاؤ اپنے رب پر اور لے چکا ہے تم سے تمہارا اقرار اگر ہو تم ماننے والے وہی ہے جو اتارتا ہے

عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ
اپنے بندے پر آیتیں صاف کہ نکال لاوے تم کو اندھیروں سے اجالے میں اور اللہ تم پر

ف حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب کوئی بندہ ایک مرتبہ سبحان ربی العظیم وبحمدہ کہتا ہے تو ایک درخت جنت میں لگتا ہے اور جب سبح اسم ربک الاعلیٰ نازل ہوئی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کو تم اپنے سجدہ میں داخل کرو ١٢ منہ ح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَ

نرمی رکھتا ہے مہربان ۔ اور تم کو کیا ہوا ہے کہ خرچ نہ کرو اللہ کی راہ میں اور اللہ ہی کو بچ رہتا ہے ہر کچھ آسمانوں اور

الْأَرْضِ ۚ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ

زمین میں ۔ برابر نہیں تم میں جس نے خرچ کیا فتح سے پہلے اور لڑا ان لوگوں کا درجہ بڑا ہے

دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ

ان سے جو خرچ کریں اس سے پیچھے اور لڑیں اور سب کو وعدہ دیا ہے اللہ نے خوبی کا اور اللہ کو

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ

خبر ہے جو تم کرتے ہو ۔ کون ہے ایسا کہ قرض دے اللہ کو اچھی طرح قرض پھر وہ اس کو دونا کر دے اس کے واسطے

وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ ۝ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

اور اس کو ملے نیگ عزت کا ۔ جس دن تو دیکھے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو دوڑتی چلتی ہے ان کی روشنی ان کے آگے

وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ

اور ان کے داہنے خوشخبری ہے تم کو آج کے دن باغ ہیں نیچے بہتی جن کے نہریں سدا رہیں ان میں یہ جو ہے

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا

یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔ جس دن کہیں گے دغاباز مرد اور عورتیں ایمان والوں کو

انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا فَضُرِبَ

ہماری راہ دیکھو ہم بھی سلگا لیں تمہاری روشنی سے کسی نے کہا الٹے جاؤ پیچھے پھر ڈھونڈ لو روشنی پھر کھڑی کر دی

بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِن قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝

ان کے بیچ میں ایک دیوار جس کو ایک دروازہ اس کے اندر میں مہر ہے اور باہر کی طرف عذاب

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ

یہ ان کو پکارتے ہیں کیا ہم نہ تھے تمہارے ساتھ وہ بولے کیوں نہیں لیکن تم نے بچلا دیا آپ کو اور راہ دیکھتے رہے

وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝

اور دھوکے میں پڑے اور بہکے خیالوں پر جب تک آ پہنچا حکم اللہ کا اور تم کو بہکایا اللہ کے نام سے اس دغاباز نے

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ

سو آج تم سے نہیں قبول چھڑوائی دینی اور نہ منکروں سے تم سب کا گھر دوزخ ہے

هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ

وہی ہے رفیق تمہاری اور بری جگہ جا پہنچے ۔ کیا وقت نہیں پہنچا ایمان والوں کو کہ گڑگڑا دیں ان کے دل

لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ

اللہ کی یاد سے اور جو اترا سچا دین اور نہ ہوں جیسے جن کو کتاب ملی اس سے پہلے

موضح القرآن

ف ہر کچھ بچ رہتا ہے یعنے مالک فنا ہوتا ہے اور ملک اللہ کو بچ رہتی ہر اور ہمیشہ اسی کا مال تھا
فتح سے پہلے یعنی فتح مکہ سے پہلے جنہوں نے خرچ کیا ہے اور جہاد وہ بڑے بڑے درجے لے گئے ۱۲ منہ رح
ف قرض کے معنے یہ کہ اس وقت خرچ کرو جہاد میں پھر تم ہی دولتیں برتو گے اور یہی معنے دونے کے مالک میں اور غلام میں یہاں نہیں جو دیا سو اس کا اجر جو دیا سو اس کا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

پھر لمبی گذری ان پر مدت پھر سخت ہو گئے ان کے دل اور بہت ان میں بے حکم ہیں ف۱ جان رکھو کہ اللہ

يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ إِنَّ

جلاتا ہے زمین کو اس کے مرے پیچھے ہم نے کھول سنائے تم کو پتے اگر تم کو بوجھ ہے ف۲ تحقیق جو لوگ

الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ

خیرات کرنے والے ہیں مرد اور عورتیں اور قرض دیتے ہیں اللہ کو اچھی طرح قرض ان کو ملتی ہے دونی اور ان کو

أَجْرٌ كَرِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ

نیگ ہے عزت کا اور جو لوگ یقین لائے اللہ پر اور سب اس کے رسولوں پر وہی ہیں سچے ایمان والے اور احوال بتانے والے

عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ

اپنے رب کے پاس ان کو ہے ان کا نیگ اور ان کی روشنی اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری باتیں وہ ہیں

أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝ اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ

دوزخ کے لوگ جان رکھو کہ دنیا کا جینا یہی ہے کھیل اور تماشہ اور بناؤ اور بڑائیاں کرنی آپس میں

وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ

اور بہتایت ڈھونڈھنی مال کی اور اولاد کی جیسے کہاوت ایک مینہ کی جو خوش لگا کسانوں کو اس کا سبزہ اوگنا پھر زور پر آتا ہے

فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ۖ وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ

پھر تو دیکھے زرد ہو گیا پھر ہو جاتا ہے روندن اور پچھلے گھر میں سخت عذاب ہے اور معافی بھی ہے

مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ ۚ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ ۝ سَابِقُوا إِلَىٰ

اللہ سے اور رضامندی اور دنیا کا جینا تو یہی ہے جنس دغا کی دوڑو

مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ

معافی کو اپنے رب کی اور بہشت کو جس کا پھیلاؤ ہے جیسے پھیلاؤ آسمان اور زمین کا رکھی ہے واسطے انکے

لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ

جو یقین لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر یہ بڑائی اللہ کی ہے دیوے جس کو چاہے اور اللہ کا

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ

فضل بڑا ہے کوئی آفت نہیں پڑتی ملک میں نہ آپ تم میں

إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا

جو نہیں لکھی ایک کتاب میں پہلے اس سے کہ پیدا کریں ہم اس کو دنیا میں بیشک یہ اللہ پر آسان ہے تا تم غم نہ کھایا کرو

عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ۝ (۱۱)

اس پر جو ہاتھ نہ آیا اور نہ ریجھا کرو اس پر جو تم کو اس نے دیا اور اللہ نہیں چاہتا ہے کسی اترانے بڑائی مارنے کو

موضح القرآن

ع ۳/۱۸

ف۱ یعنی ایمان وہی ہے کہ دل نرم ہو پیغمبر کی صحبت میں یہ پاتے تھے مدت کے بعد سخت ہو گئے اور اب یہ صفت مسلمانوں کو چاہیئے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی عرب کے لوگ جاہل تھے جیسے مردہ زمین اب ان کو جلایا ان میں سب کمال پیدا کر دیئے ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ

وہ جو آپ نہ دیں اور لوگوں کو نہ دینا سکھادیں اور جو کوئی منہ موڑے تو اللہ آپ ہے

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَ

بے پروا سب خوبیوں سراہا ہم نے بھیجے ہیں اپنے رسول نشانیاں دے کر اور اوتاری ان کے ساتھ کتاب اور

الْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ

ترازو کہ لوگ سیدھے رہیں انصاف پر اور ہم نے اوتارا لوہا اس میں سخت لڑائی ہے

وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ

اور لوگوں کے کام چلتے ہیں اور تا معلوم کرے اللہ کون مدد کرتا ہے اس کی اور اس کے رسولوں کی بے دیکھے بے شک اللہ

قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّإِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ

زور آور ہے زبردست اور ہم نے بھیجے نوح اور ابراہیم اور رکھی دونوں کی اولاد میں پیغمبری

وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

اور کتاب پھر کوئی ان میں راہ پر ہے اور بہت ان میں بے حکم ہیں پھر پیچھے بھیجے ان کے پچھاڑی پر

بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْإِنْجِيْلَ ۵ وَجَعَلْنَا فِيْ

اپنے رسول اور پیچھے بھیجا عیسے مریم کا بیٹا اور اس کو دی انجیل اور رکھی اس کے ساتھ

قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَأْفَةً وَّرَحْمَةً ۗ وَرَهْبَانِيَّةَ ۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا

چلنے والوں کے دل میں نرمی اور مہر اور ایک دنیا چھوڑنا انہوں نے نیا نکالا ہم نے ان پر نہ لکھا تھا

عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ

مگر چاہنے کو رضامندی اللہ کی پھر نہ نباہا اس کو جیسا چاہیے نباہنا پھر دیا ہم نے انکو جو ان میں

اٰمَنُوْا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

ایماندار تھے ان کا نیگ اور بہت ان میں بے حکم ہیں اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے

وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا

اور یقین لاؤ اس کے رسول پر دیوے تم کو دو بوجھے اپنی مہر سے اور رکھ دے تم میں روشنی

تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ

جس کو لیئے پھرو اور تم کو معاف کرے اور اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان ف تا نہ جانیں

الْكِتٰبِ أَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ

کتاب والے کہ پا نہیں سکتے کچھ اللہ کا فضل اور یہ کہ بزرگی اللہ کے ہاتھ ہے

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ ع

دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ کا فضل بڑا ہے ف

موضح القرآن

ف یعنی اس رسول کے تابع ہو کر یہ نعمتیں پاؤ اور ان سے دونا ثواب ہر عمل کا اور روشنی لیئے پھرو یعنی تمہارا وجود نورانی ہو جاوے ۱۲ منہ ر ۲

ف یعنی اہل کتاب پیغمبروں کا احوال سنکر پچھتاتے کہ ہم ان سے دور پڑے ہم کو وہ درجے ملنے محال ہیں سو یہ رسول اللہ نے کھرا کیا اس کی صحبت میں مل سکتا ہے اگلے سے دونا کمال اور اللہ کا فضل بند نہیں ہو گیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۲ ۶ ۱۹

ع ۳ ۲۰

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ فِیْ زَوْجِہَا وَتَشْتَکِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ٭ وَاللّٰہُ

سن لی اللہ نے بات اس عورت کی جو جھگڑتی ہے تجھ سے اپنے خاوند پر اور جھینکتی ہے اللہ کے آگے اور اللہ

یَسْمَعُ تَحَاوُرَکُمَا ٭ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝ اَلَّذِیْنَ یُظٰہِرُوْنَ مِنْکُمْ مِّنْ

سنتا ہے سوال جواب تم دونوں کا بیشک اللہ سنتا ہے دیکھتا جو لوگ ماں کہہ بیٹھیں تم میں اپنی

نِّسَآئِہِمْ مَّا ہُنَّ اُمَّہٰتِہِمْ ٭ اِنْ اُمَّہٰتُہُمْ اِلَّا الّٰٓئِیْ وَلَدْنَہُمْ ٭ وَاِنَّہُمْ لَیَقُوْلُوْنَ

عورتوں کو وہ نہیں ان کی مائیں ان کی مائیں وہی جنہوں نے ان کو جنا اور وہ بولتے ہیں

مُنْکَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ٭ وَاِنَّ اللّٰہَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِیْنَ یُظٰہِرُوْنَ

ایک ناپسند بات اور جھوٹ اور اللہ معاف کرتا ہے بخشنے والا اور جو ماں کہہ بیٹھیں

مِنْ نِّسَآئِہِمْ ثُمَّ یَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ٭

اپنی عورتوں کو پھر وہی کام چاہیں جس کو کہا ہے تو آزاد کرنا ایک بردہ پہلے اس سے کہ آپس میں ہاتھ لگادیں

ذٰلِکُمْ تُوْعَظُوْنَ بِہٖ ٭ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَہْرَیْنِ

اس سے تم کو نصیحت ہوگی اور اللہ خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو پھر جو کوئی نہ پاوے تو روزے دو مہینے کے

مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ٭ فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا ٭

لگاتار پہلے اس سے کہ آپس میں چھوویں پھر جو کوئی نہ کر سکے تو کھانا دینا ہے ساٹھ محتاج کا

ذٰلِکَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ٭ وَتِلْکَ حُدُوْدُ اللّٰہِ ٭ وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝

یہ اس واسطے کہ حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا اور یہ حدیں باندھی ہیں اللہ کی اور منکروں کو دکھ کی مار ہے

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ

جو لوگ مخالف ہوتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے وہ رد ہوئے جیسے کہ رد ہوئے ہیں ان سے پہلے

وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ٭ وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّہِیْنٌ ۝ یَوْمَ یَبْعَثُہُمُ اللّٰہُ

اور ہم نے اوتاری ہیں آیتیں صاف اور منکروں کو ذلت کی مار ہے جس دن اٹھاوے گا اللہ

جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُہُمْ بِمَا عَمِلُوْا ٭ اَحْصٰہُ اللّٰہُ وَنَسُوْہُ ٭ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَہِیْدٌ ۝ ۴

ان سب کو پھر جتاوے گا ان کو ان کے کیے اللہ نے وہ گن رکھے ہیں اور وہ بھول گئے اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ٭ مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی

تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں کہیں نہیں ہوتا مشورہ

ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ہُوَ رَابِعُہُمْ وَلَا خَمْسَۃٍ اِلَّا ہُوَ سَادِسُہُمْ وَلَآ اَدْنٰی مِنْ ذٰلِکَ

تین کا جہاں وہ نہیں ان میں چوتھا اور نہ پانچ کا جہاں وہ نہیں ان میں چھٹا اور نہ اس سے کم

موضح القرآن

ف۱ اسلام سے پہلے مرد اگر عورت کو کہتا تو میری ماں ہے تو ساری عمر وہ اس پر حرام گنتے حضرت کے وقت میں ایک مسلمان کہہ بیٹھا اپنی عورت کو پھر دونوں پچھتائے عورت آئی حضرت کے پاس حضرت نے فرمایا اب کیونکر تم مل سکتے ہو وہ لگی شکوہ کرنے کہ گھر ویران ہوتا ہے اولاد پریشان ہوتی ہے اس پر یہ حکم اترا فرمایا کہ جس نے جنا نہیں وہ ماں کیونکر ہو مگر اپنی گنہگاری کا بدلا کفارہ دے تو اس عورت کے پاس جا سکتا ہے نہیں تو نہ جاوے پر عورت اسی کی رہی اپنی ماں کے ساتھ تشبیہ کو ظہار کہتے ہیں

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ

نہ زیادہ جہاں وہ نہیں ان کیساتھ جہاں کہیں ہوں پھر جتادے گا ان کو جو انہوں نے کیا قیامت کے دن بیشک

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا

اللہ کو معلوم ہے ہر چیز تو نے نہ دیکھے جن کو منع ہوئی کانا پھوسی پھر وہی کرتے ہیں جو

نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَاِذَا

منع ہو چکا ہے اور کان میں باتیں کرتے ہیں گناہ کی اور زیادتی کی اور رسول کی بے حکمی کی اور جب

جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا

آویں تیرے پاس تجھ کو دعا دیں جو دعا نہیں دی تجھ کو اللہ نے اور کہتے ہیں اپنے دل میں کیوں نہیں عذاب کرتا ہم کو

اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ اس پر جو ہم کہتے ہیں بس ہے انکو دوزخ پیٹھیں گے اس میں سو بری جگہ پہونچے اے ایمان

اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ

والو جب کان میں بات کرو تو مت کرو بات گناہ کی اور زیادتی کی اور رسول کی بے حکمی کی

وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ اِنَّمَا النَّجْوٰى

اور بات کرو احسان کی اور ادب کی اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے پاس جمع ہو گے ف۲ یہ جو ہے کانا پھوسی

مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

سو شیطان کا کام ہے کہ دلگیر کرے ایمان والوں کو اور وہ ان کا کچھ نہ بگاڑیگا بے حکم اللہ کے

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ

اور اللہ پر چاہیے بھروسا کریں ایمان والے ف۳ اے ایمان والو جب تم کو کہیے

تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ

کھل بیٹھو مجلسوں میں تو کھل جاؤ اللہ کشادگی دے تم کو اور جب کہیے اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہو اونچے کرے اللہ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

ان کے جو ایمان رکھتے ہیں تم میں اور علم بڑے درجے اور اللہ خبر رکھتا ہے جو کرتے ہو

خَبِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ

اے ایمان والو جب تم کان میں بات کہو رسول سے تو آگے دھرو بات کہنے سے

نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پہلے خیرات یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اور بہت ستھرا پھر اگر نہ پاؤ تو اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ فَاِذْ لَمْ

مہربان ہے کیا تم ڈر گئے کہ آگے رکھا کرو کان کی بات سے پہلے خیراتیں سو جب تم نے

موضح القرآن

ف سورۂ نسا میں ہو چکا کہ کان میں بات کہنی کون سی چاہیے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ ف۲ مجلس میں دو شخص کان میں بات کریں تو تیسرے والے کو غم ہو کہ مجھ سے کیا حرکت ہوئی جو یہ چپ کرتے ہیں ۱۲ منہ رح

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

نہ کیا اور اللہ نے معاف کیا تم کو تو قائم رکھو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ اور حکم پر چلو اللہ کے اور

رَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ ع ۲

اس کے رسول کے اور اللہ کو خبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو کیا تو نے نہ دیکھے وہ جو رفیق ہوئے ہیں ایک لوگوں کے جن پر غصہ

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

ہوا ہے اللہ کا نہ وہ تم میں ہیں اور نہ ان میں اور قسمیں کھاتے ہیں جھوٹ بات پر اور وہ خبر رکھتے ہیں

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا

رکھی ہے اللہ نے ان کو سخت مار بیشک وہ برے کام ہیں جو کرتے رہے ہیں بنا لیا ہے

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ لَنْ

اپنی قسموں کو ڈھال پھر روکتے ہیں اللہ کی راہ سے تو ان کو ذلت کی مار ہے کام

تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ

نہ آویں گے ان کو مال ان کے نہ ان کی اولاد اللہ کے ہاتھ سے کچھ وہ لوگ ہیں دوزخ کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ

وہ اسی میں رہ پڑے جس دن جمع کرے گا ان کو اللہ سارے پھر قسمیں کھاویں گے اس کے آگے جیسے کھاتے ہیں

لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰي شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ

تمہارے آگے اور خیال رکھتے ہیں کہ وہ کچھ بھلی راہ پر ہیں سنتا ہے وہی ہیں اصل جھوٹے قابو میں کر لیا ہے ان کو

الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ

شیطان نے پھر بھلا دی ان کو اللہ کی یاد وہ لوگ ہیں جتھا شیطان کا سنتا ہے جو جتھا ہے شیطان کا

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ۝

وہی خراب ہونے والے ہیں جو لوگ مخالف ہوتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے وہ لوگ ہیں سب سے بے قدر لوگوں میں

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ لَا تَجِدُ قَوْمًا

اللہ لکھ چکا کہ میں زبر رہوں گا اور میرے رسول بیشک اللہ زور آور ہے زبردست تو نہ دیکھے گا کوئی لوگ

يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا

جو یقین رکھتے ہوں اللہ پر اور پچھلے دن پر دوستی کریں ایسوں سے جو مخالف ہوئے اللہ کے اور اس کے رسول کے اور چاہے وہ

اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

اپنے باپ ہوں یا اپنے بیٹے ہوں یا اپنے بھائی یا اپنے گھرانے کے ان کے دلوں میں لکھ دیا ہے

الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ایمان اور ان کی مدد کی ہے اپنے غیب کے فیض سے اور داخل کرے گا ان کو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں

ف۱ یعنی یہ حکم جو ہرگز موقوف نہیں انہیں پر لگے رہو معلوم ہو کہ کسی نے یہ حکم نہیں کیا کہ توفیق ہو ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

ف۲ اللہ غصے ہوا کافروں پر خصوصاً یہود پر اور ان کے رفیق منافق ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

اَلْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ

نہریں سدا رہیں ان میں اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی وہ ہیں جتھا

سورة الحشر مدنية اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ع ۳ وهي اربع وعشرون آية

اللہ کا سنتا ہے جو جتھا ہے اللہ کا وہی مراد کو پہنچے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا وہی ہے جس نے

اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ڼ مَا ظَنَنْتُمْ

نکال دیئے جو منکر ہیں کتاب والوں میں سے ان کے گھروں سے پہلے ہی بھیڑ ہوتے تم نہ اٹکلتے تھے

اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ

کہ وہ نکلیں گے اور وہ خیال رکھتے تھے کہ ان کا بچاؤ ہے ان کے قلعے اللہ کے ہاتھ سے پھر پہنچا ان پر اللہ جہاں سے

حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۤ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ

ان کو خیال نہ تھا اور ڈالی ان کے دل میں دھاک اجاڑنے لگے اپنے گھر اپنے ہاتھوں

وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۤ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ

اور مسلمانوں کے ہاتھوں سو عبرت مانو اے آنکھ والو اور اگر نہ ہوتا کہ لکھا تھا اللہ نے

عَلَيْهِمُ الْجَلَاۗءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝ ذٰلِكَ

ان پر اجڑنا تو ان کو مار دیتا دنیا میں اور آخرت میں ہے ان کو آگ کی مار یہ اس پر

بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

کہ وہ مخالف ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے اور جو کوئی مخالف ہوا اللہ سے تو اللہ کی مار سخت ہے

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۗىِٕمَةً عَلٰٓي اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ

جو کاٹ ڈالا تم نے کھجور کا پیڑ یا رہنے دیا کھڑا اپنی جڑ پر سو اللہ کے حکم سے

وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَمَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلٰي رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ

اور تا رسوا کرے بے حکموں کو اور جو ہاتھ لگایا اللہ نے اپنے رسول کو ان سے سو تم نے نہیں دوڑائے

عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

اس پر گھوڑے نہ اونٹ لیکن اللہ جتا دیتا ہے اپنے رسولوں کو جس پر چاہے

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ مَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلٰي رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى

اور اللہ سب چیز کر سکتا ہے جو ہاتھ لگا دے اللہ اپنے رسول کو بستیوں والوں سے

موضح القرآن

وقف النبی علیہ السلام

ف ا یعنی جو دوستی نہیں رکھتے اللہ کے مخالف سے اگرچہ باپ بیٹا ہو وہی سچے ایمان والے ہیں جن کو یہ خوبی ہیں ۱۲ منہ ف ۲ اپنے گھر اجاڑنے لگے گویا تختے کواڑ لے کر اونکو لے جانے کو اور مسلمانوں نے بھی ڈھایا اللہ پہنچا جہاں سے خیال نہ تھا یعنی دل کے اندر رعب ڈال دیا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ
سو اللہ کے واسطے اور رسول کے اور ناتے والے کے اور بن باپ کے لڑکوں کے اور محتاجوں کے اور مسافر کے
كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَاۗءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ
تا نہ آوے لینے دینے میں دولت مندوں کے تم میں سے اور جو دے تم کو رسول سو لے لو
وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝
اور جس سے منع کرے سو چھوڑ دو اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ کی مار سخت ہے
لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا
واسطے ان مفلسوں وطن چھوڑنے والوں کے جو نکالے آئے ہیں اپنے گھروں سے اور مالوں سے ڈھونڈتے آئے ہیں اللہ کا فضل
مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝
اور اس کی رضامندی اور مدد کرنے کو اللہ کی اور اس کے رسول کی وہ لوگ وہی ہیں سچے
وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ
اور جو لوگ جگہ پکڑ رہے ہیں اس گھر میں اور ایمان میں ان سے پہلے محبت کرتے ہیں اس سے جو وطن چھوڑ کر آوے ان کے پاس
وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓي
اور نہیں پاتے اپنے دل میں غرض اس چیز سے جو ان کو ملا اور مقدم رکھتے ہیں ان کو اپنی
اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ڵ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ
جان سے اور اگرچہ ہو اپنے اوپر بھوک اور جو بچایا گیا اپنے جی کے لالچ سے تو وہی لوگ ہیں
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَاۗءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا
مراد پانے والے اور واسطے ان کے جو آئے ان سے پیچھے کہتے ہوئے اے رب بخش ہم کو
وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا
اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں اور نہ رکھ ہمارے دل میں بیر
لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا
ایمان والوں کا اے رب تو ہی ہے نرمی والا مہربان تو نے نہ دیکھے وہ جو دغا باز ہیں
يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَىِٕنْ اُخْرِجْتُمْ
کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو جو منکر ہیں کتاب والوں میں سے اگر تم کو کوئی نکالے گا
لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ
تو ہم بھی نکلیں گے تمہارے ساتھ اور کہا نہ مانیں گے کسی کا تمہارے حق میں کبھی اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ہم تمہاری مدد کریں گے
وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَىِٕنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَىِٕنْ
اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں اگر وہ نکالے جاویں گے یہ نہ نکلیں گے ان کے ساتھ اور اگر ان سے

ف۱ یعنی فے پر قبضہ رسول کا اور رسول صلعم کے پیچھے سردار کا کہ سردار پر یہ خرچ پڑتے ہیں اللہ سبھی کا مالک ہے مگر کعبے کا خرچ اور مسجدوں کا بھی اس میں آگیا اور ناتے والے حضرت صلعم کے روبرو ان کے ناتے والے اور پیچھے یہی وہی لوگ ان پر ہو چکا ہے خرچ کرنا دولتمند کو اگر سردار دے تو دے منع نہیں ۱۲ منہ رح

قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ
لڑائی ہوئی یہ نہ مدد کریں گے ان کی اور اگر مدد کریں گے تو بھاگیں گے پیٹھ دے کر پھر کہیں مدد نہ پاویں گے

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
البتہ تمہارا ڈر زیادہ ہے ان کے دل میں اللہ سے یہ اس سے کہ وہ لوگ بوجھ

يَفْقَهُوْنَ ۝ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ
نہیں رکھتے لڑ نہ سکیں گے تم سے سب مل کر مگر بستیوں کے کوٹ میں یا

وَّرَاۗءِ جُدُرٍ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى
دیواروں کی اوٹ میں ان کی لڑائی آپس میں سخت ہے تو جانے وہ اکٹھے ہیں اور ان کے دل پھوٹ رہے ہیں

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا
یہ اس سے کہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے جیسے کہاوت ان کی جو ہو چکے ہیں ان سے پہلے پاس ہی

ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ
چکھی سزا اپنے کام کی اور ان کو دکھ کی مار ہے ف۱ جیسے کہاوت شیطان کی جب کہے

لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ
انسان کو تو منکر ہو پھر جب وہ منکر ہوا کہے میں الگ ہوں تجھ سے میں ڈرتا ہوں اللہ سے جو رب

الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا وَذٰلِكَ
سارے جہان کا ف۲ پھر آخر ان دونوں کا یہی کہ وہ دونوں ہیں آگ میں سدا رہیں اس میں اور یہی ہے

جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا
سزا گنہگاروں کی اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور چاہیے دیکھ لے کوئی جی کیا

قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا
بھیجا ہے کل کے واسطے اور ڈرتے رہو اللہ سے بے شک اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو اور مت ہو ویسے

كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ لَا يَسْتَوِيْٓ
جنہوں نے بھلا دیا اللہ کو پھر اس نے بھلا دیے انکو ان کے جی وہ لوگ وہی ہیں بے حکم برابر نہیں لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا
دوزخ کے اور لوگ بہشت کے بہشت کے لوگ وہی ہیں مراد کو پہنچے اگر ہم اتارتے یہ

الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ
قرآن ایک پہاڑ پر تو تو دیکھتا وہ دب جاتا پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے اور یہ

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
کہاوتیں ہم سناتے ہیں لوگوں کو شاید وہ دھیان کریں وہ اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں کسی کی

موضح القرآن

ف۱ یعنی نزدیک ہیں مکے والے بدر کے دن سزا پا چکے ہیں یہی ڈول ان کا بھی ہوگا ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ شیطان آخرت میں یہ کہے گا اور بدر کے دن بھی ایک کافر کی صورت میں لوگوں کو ڈراتا تھا جب فرشتے نظر آئے توبھاگا سورۂ انفال میں ہو چکا یہ کہاوت ہے منافقوں کی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۲ ۵

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

جانتا ہے چھپا اور کھلا وہ ہے بڑا مہربان رحم والا وہ اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں

هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ

کسی کی وہ بادشاہ پاک ذات چنگا امان دیتا پناہ میں لیتا زبردست دباؤ والا صاحب بڑائی کا

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

پاک ہے اللہ اس سے جو شریک بتاتے ہیں وہ اللہ ہے بنانے والا نکال کھڑا کرتا صورت کھینچتا اسی کے ہیں سب نام

الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

خاصے اس کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا

سورۃ الممتحنۃ مدنیۃ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — آیاتہا ۱۳ رکوعاتہا ۲

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ

اے ایمان والو نہ پکڑو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست ان کو پیغام بھیجو

بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ

دوستی سے اور وہ منکر ہوئے ہیں اس سے جو تم کو آیا سچا دین نکالتے ہیں رسول کو اور تم کو

اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ

اس پر کہ تم مانو اللہ کو اپنے رب کو اگر تم نکلے ہو لڑائی کو میری راہ میں اور چاہ کر

مَرْضَاتِيْ ڰ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ڰ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ

میری رضامندی تم ان کو چھپے پیغام بھیجتے دوستی کے اور مجھ کو خوب معلوم ہے جو چھپایا تم نے اور جو کھولا تم نے

وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا

اور جو کوئی تم میں یہ کام کرے وہ بھولا سیدھی راہ اگر تم کو وہ پاویں دشمن ہوں

لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ

تمہارے اور چلاویں تم پر اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں برائی کو اور چاہیں کسی طرح

تَكْفُرُوْنَ ۝ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ

تم منکر ہو جاؤ ہرگز کام نہ آویں گے تم کو تمہارے ناتے اور نہ تمہاری اولاد دن قیامت کے وہ فیصلہ کرے گا

بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

تم میں اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے تم کو تھی چال چلنی اچھی

فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا

ابراہیم کی اور جو اس کے ساتھ تھے جب کہا اپنی قوم کو ہم الگ ہیں تم سے اور جن کو تم

فوائد القرآن

ف کفار کی دوستی مسلمانوں کیلئے کسی وقت میں بھی کارآمد ثابت نہیں ہوتی ہے حضرت ابراہیم کی پیاری مثال تھی (ع ۳) اور لوگوں کو سمجھایا جاتا ہے کہ تم اپنے آپ کو اولاد ابراہیم بتاتے ہو دیکھو جب کفار نے حضرت ابراہیم کے کہنے کو نہ مانا تو آپ نے اپنے عزیزوں سے ترک تعلق کیا اور فرمایا کہ اے لوگو جبکہ تم خدا کو وحدہ لاشریک پر ایمان نہیں لاتے تو یاد رکھو کہ میں تم سے بری ہوں اللہ ہمارے تمہارے درمیان میں جو رشتہ داری کا سلسلہ تھا وہ آج سے منقطع ہو گیا۔ مسلمانو تم کو بھی ایسا ہی کرنا چاہئے جو لوگ کہ خداوند (ع ۱۶) کریم کے نافرمان ہیں ان سے قطعی رشتہ داری اور برادرانہ تعلقات کو ترک کردو ایک کافر کبھی ایک موحد کا ہمسر اور دوست نہیں ہو سکتا ۱۲ منہ

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

تعبدون من دون الله كفرنا بكم وبدا بيننا وبينكم العداوة

پوجتے ہو اللہ کے سوا ان سے ہم منکر ہوئے تم سے اور کھل پڑی ہم میں اور تم میں دشمنی

والبغضاء ابدا حتى تؤمنوا بالله وحده الا قول ابراهيم لابيه

اور بیر ہمیشہ کو جب تک تم یقین نہ لاؤ اللہ اکیلے پر مگر ایک کہنا ابراہیم کا اپنے باپ کو

لاستغفرن لك وما املك لك من الله من شيء ربنا عليك توكلنا

میں مانگوں گا معافی تیری اور مالک نہیں میں تیرے بھلے کو اللہ کے ہاتھ سے کسی چیز کا اے رب ہمارے ہم نے تجھ پر بھروسا کیا

واليك انبنا واليك المصير ○ ربنا لا تجعلنا فتنة للذين كفروا

اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری طرف پھر آنا اے رب ہمارے نہ جانچ ہم پر کافروں کو اور

اغفر لنا ربنا انك انت العزيز الحكيم ○ لقد كان لكم فيهم اسوة

ہم کو معاف کر اے رب ہمارے تو ہی ہے زبردست حکمت والا البتہ تم کو بھلی چال چلنی ہے

حسنة لمن كان يرجوا الله واليوم الاخر ومن يتول فان الله هو

ان کی جو کوئی امید رکھتا ہو اللہ کی اور پچھلے دن کی اور جو کوئی منہ پھیرے تو اللہ وہی ہے

الغني الحميد ○ عسى الله ان يجعل بينكم وبين الذين عاديتم

بے پروا خوبیوں سراہا امید ہے کہ کردے اللہ تم میں اور جو دشمن ہیں تمہارے

منهم مودة والله قدير والله غفور رحيم ○ لا ينهكم الله عن

ان میں دوستی اور اللہ سب کر سکتا ہے اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ف اللہ تم کو منع نہیں کرتا ان سے

الذين لم يقاتلوكم في الدين ولم يخرجوكم من دياركم ان تبروهم

جو لڑے نہیں تم سے دین پر اور نکالا نہیں تم کو تمہارے گھروں سے کہ ان سے کرو بھلائی

وتقسطوا اليهم ان الله يحب المقسطين ○ انما ينهكم الله عن

اور انصاف کا سلوک اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو ف اللہ تو منع کرتا ہے تم کو ان سے

الذين قاتلوكم في الدين واخرجوكم من دياركم وظاهروا على

جو لڑے تم سے دین پر اور نکالا تم کو تمہارے گھروں سے اور میل باندھا تمہارے

اخراجكم ان تولوهم ومن يتولهم فاولئك هم الظلمون ○ يايها

نکالنے پر کہ ان سے کرو دوستی اور جو کوئی ان سے دوستی کرے سو وہ لوگ وہی ہیں گنہگار اے

الذين امنوا اذا جاءكم المؤمنت مهجرت فامتحنوهن الله اعلم

ایمان والو جب آویں تم پاس ایمان والی عورتیں وطن چھوڑ کر تو ان کو جانچ لو اللہ بہتر جانتا ہے

بايمانهن فان علمتموهن مؤمنت فلا ترجعوهن الى الكفار

ان کے ایمان پھر اگر جانو کہ وہ ایمان پر ہیں تو نہ پھیرو ان کو کافروں کی طرف

موضح القرآن

ف یعنی ان کو مسلمان کردے پھر تمہاری دوستی بجا ہے ایسا ہی ہوا اس سفر میں مکے کے لوگ سارے مسلمان ہوئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالٰی

ع ٦

ف مکے کے لوگوں میں بعضے ایسے بھی تھے کہ آپ مسلمان نہ ہوئے اور ہونیوالوں سے ضد بھی نہ کی ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالے

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا ۚ وَلَا جُنَاحَ

نہ یہ عورتیں حلال ان مردوں کو اور نہ وہ مرد حلال ان عورتوں کو اور دے دو ان مردوں کو جو ان کا خرچ ہوا اور گناہ نہیں

عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ

تم کو کہ نکاح کر لو ان عورتوں سے جب ان کو دو ان کے مہر اور نہ رکھو قبضہ میں ناموس

الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ۚ ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ ۖ يَحْكُمُ

کافر عورتوں کے اور مانگ لو جو تم نے خرچ کیا اور وہ کافر مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا یہ اللہ کا فیصلہ ہے فیصلہ کرتا ہے

بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَإِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى

تم میں اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا اور اگر جاتی رہیں تمہارے ہاتھ سے کوئی تمہاری عورتیں کافروں

الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا ۚ وَاتَّقُوا

کی طرف پھر تم نے مارا تو دو ان کو جن کی عورتیں جاتی رہیں جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور ڈرتے رہو

اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ

اللہ سے جس پر تم کو یقین ہے اے نبی جب آویں تیرے پاس مسلمان عورتیں اقرار کرنے کو

عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ

اس پر کہ شریک نہ ٹھیراویں اللہ کا کسی کو اور چوری نہ کریں اور بدکاری نہ کریں اور اپنی اولاد نہ ماریں

أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ

اور نہ لاویں طوفان باندھ کر اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں

وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ ۙ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ

اور نہ کریں بے حکمی تیری کسی بھلے کام میں تو ان سے اقرار کر اور معافی مانگ ان کے واسطے اللہ سے بے شک اللہ

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ

بخشنے والا مہربان ہے اے ایمان والو مت دوستی کرو ان لوگوں سے کہ غصہ ہوا اللہ ان پر

ع قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ ۝

وہ آس توڑ چکے ہیں پچھلے گھر سے جیسے آس توڑی منکروں نے قبر والوں سے

سورۃ الصف مدنیۃ وهی اربع عشرۃ آیۃ وفیہا رکوعان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا اے ایمان

آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِندَ اللَّهِ أَن تَقُولُوا

والو کیوں کہتے ہو منہ سے جو نہیں کرتے ف۱ بڑی بیزاری ہے اللہ کے ہاں کہ کہو وہ چیز

شانِ نزول

ف۱ ایک دفعہ بعض مسلمانوں نے باہم تذکرہ کیا کہ اگر ہم کو کوئی ایسا عمل معلوم ہو جو حق تعالیٰ کے نزدیک نہایت محبوب ہو تو ہم اس پر عمل کریں اور اسکے قبل جنگِ احد میں بعضے جہاد سے بھاگ چلے تھے جس کا قصہ سورۂ آل عمران میں ہے اور نیز وقت نزولِ حکم جہاد کے بعض کو وہ حکم گراں گذرا تھا اس پر ارشاد ہے کہ اے ایمان والو ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو اللہ تعالے اس بات سے ناراض ہو جاتا ہے ایسی بات کیوں کہو جو نہ کر سکو ۱۲

ع ۲ ظ ۸

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ

جو نہ کرو | اللہ چاہتا ہے ان کو | جو لڑتے ہیں | اس کی راہ میں | قطار باندھ کر جیسے وہ

بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ○ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ

دیوار ہیں سیسہ پلائی | اور جب کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو | اے قوم | میری کیوں ستاتے ہو مجھ کو اور

تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ

جانتے ہو | کہ میں اللہ کا بھیجا آیا ہوں | تمہارے پاس | پھر جب وہ پھر گئے | پھیر دیئے اللہ نے ان کے دل | اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

راہ نہیں دیتا | بے حکم | لوگوں کو | ف۱ اور جب کہا | عیسیٰ | مریم کے بیٹے نے | اے بنی اسرائیل

اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا

میں بھیجا آیا ہوں | اللہ کا | تمہاری طرف | سچا کرتا ہوں اس کو جو مجھ سے آگے ہے | توریت | اور خوشخبری سناتا

بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا

ایک رسول کی جو آوے گا مجھ سے پیچھے | اس کا نام ہے | احمد ف۲ | پھر جب آیا ان کے پاس | کھلے نشان لے کر | بولے یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى

جادو ہے صریح ف۳ | اور اس سے بے انصاف کون جو باندھے | اللہ پر | جھوٹ | اور اس کو بلاتے ہیں

الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ○ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــُٔـوْا نُوْرَ اللّٰهِ

مسلمان ہونے کو | اور اللہ راہ نہیں دیتا | بے انصاف | لوگوں کو | ف۴ چاہتے ہیں | کہ بجھادیں | اللہ کی روشنی

بِاَفْوَاهِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

اپنے منہ سے | اور اللہ کو پوری کرنی اپنی روشنی | اور پڑے برا مانیں منکر | وہی ہے جس نے بھیجا اپنا | رسول | راہ کی

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ○

سوجھ دے کر | اور سچا دین | کہ اس کو | اوپر کرے | دینوں سے سب سے | اور پڑے برا مانیں شریک والے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○

اے | ایمان والو | میں بتاؤں تم کو | ایک سوداگری کہ بچادے تم کو | ایک دکھ کی مار سے

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۭ

ایمان لاؤ | اللہ پر اور اس کے رسول پر اور لڑو | اللہ کی راہ میں | اپنے مال سے | اور جان سے

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ

یہ بہتر ہے تمہارے حق میں | اگر تم سمجھ رکھتے ہو | بخشے تمہارے گناہ | اور داخل کرے تم کو باغوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ

جن کے نیچے | بہتی ہیں | نہریں | اور ستھرے | گھروں میں | بسنے کے باغوں میں | یہ ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی بنی اسرائیل ہر بات میں ضد کرتے اپنے رسول سے آخر مردود ہو گئے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۲ حضرت کا نام مبارک دنیا میں محمد کہا گیا اور فرشتوں میں احمد ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ف۳ یہ فرمایا احوال کتاب والوں کا جو حضرت کی خبر چھپاتے تھے ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ع ۹ | ۱ | ۹

CC-0. In Public Domain. Digitized by eGangotri

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۙ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ

بڑی مراد ملنی اور ایک اور چیز دے جس کو تم چاہتے ہو مدد اللہ کی طرف سے اور فتح شتاب اور خوشی سنا

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ

ایمان والوں کو اے ایمان والو تم ہو مددگار اللہ کے جیسے کہا عیسے مریم کے بیٹے

مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ

نے یاروں کو کون ہے کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ میں بولے یار ہم ہیں مددگار

اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا

اللہ کے پھر ایمان لایا ایک فرقہ بنی اسرائیل میں سے اور منکر ہوا ایک فرقہ پھر زور دیا ہم نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝

ان کو جو یقین لائے تھے ان کے دشمنوں پر پھر ہو رہے غالب ف۱

سورۃ الجمعۃ مدنیۃ وھی احدی عشرۃ ایۃ وفیھا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں وہ بادشاہ پاک ذات زبردست حکمت والا

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَ

وہی ہے جس نے اٹھایا ان پڑھوں میں ایک رسول ان ہی میں کا پڑھتا ان پاس اس کی آیتیں اور انکو سنوارتا اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۤ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّ

سکھاتا کتاب اور عقلمندی اور اس سے پہلے پڑے تھے صریح بھلاوے میں ف۲ اور

اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ

ایک اور ان کے واسطے ان ہی میں سے جو ابھی نہیں ملے ان میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا یہ بڑائی اللہ کی ہے دیتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ

جس کو چاہے اور اللہ کا فضل بڑا ہے کہاوت ان کی جن پر لادی توریت پھر

يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

نہ اٹھائی انہوں نے جیسے کہاوت گدھے کی پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابیں بری کہاوت ہے ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلائیں

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ

اللہ کی باتیں اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو تو کہہ اے یہود ہونے والو اگر تم

